


جاری شدہ ۱۹۳۰ء

بانی علامہ سیماب اکبرآبادی مرحوم

اردو کا پینتیس سالہ علمی ادبی اور تہذیبی ماہنامہ

سالنامہ

۱۹۶۶ء

شاعر

بمبئی

ادارہ


اعجاز صدیقی

مہندر ناتھ

قیمت سالنامہ	ممالکِ غیر سے	زرِ ششماہی	سالانہ
ایک روپیہ	۲۱ شلنگ	چار روپے	… ت روپے

مکتبہ قصر الادب

پوسٹ بکس ۴۰۲۲ بمبئی ۸


لد جوان ہے تو آپ جوان ہیں.......
اپنی جلد کی جوانی بھری تازگی اور چمک کے لئے
فغان کولڈ کریم کی مدد لیجئے
اپنی جلد کو جوان اور چمکدار رکھئے، اس کو
داغ، بھدے پن اور جھریوں سے بچائیے
افغا
سنو
اور کولڈ کریم
خوبصورتی
تیار کردہ
ای ۔ ایس ۔ پاٹن والا
بمبئی نمبر ۲

[illegible]ست

سالنامہ ۱۹۶۶

ادارہ شاہراہ فخر و مسرت کے ساتھ
اردو کے شہرۂ آفاق افسانہ نگار

کرشن چندر

پر نہایت ضخیم، شاندار اور مثالی نمبر پیش کر رہا ہے
کرشن چندر کی منفرد شخصیت اور اس کے ہمہ گیر فن پر نہ صرف ہندوستان کی
کئی زبانوں کے مشہور نقادوں بلکہ دنیا کے کئی بڑے مصنفین و مفکرین
کے مضامین و تاثرات

کرشن چندر نمبر

میں

پیش کیے جائیں گے

کرشن چندر

کی

ادبی زندگی کی لافانی تاریخ
اس کی عظمت کی کہانی، اس کی تصانیف کا جائزہ،
اس کے منفرد اسلوب، فکر اور شاہکار افسانوں، ناولوں اور ڈراموں پر
تنقیدی نظر
درجنوں تصاویر

تفصیلات اور تاریخ کا انتظار کیجیے

کرشن چندر نمبر میں
خود

کرشن چندر

کے اپنے قلم سے
ایک تازہ اور غیر مطبوعہ شاہکار

ناول

کے علاوہ

تین تازہ کہانیاں
ایک ڈرامہ
ایک مزاحیہ
میرے ادبی نظریات
میرے تنقید نگار
میری ادبی زندگی کا آغاز و انجام!

کرشن چندر کے شب و روز
(تصاویر کے ذریعہ)
اور

عکس تحریر

کرشن چندر کے
اہم خطوط

ارباب قلم اپنے مضامین کرشن چندر جلد از جلد ارسال فرمائیں

اُردو ادب کی تعلیم کا مسئلہ

[illegible] ادب کی اہمیت [illegible] [illegible]

[illegible] زندگی کے مسائل [illegible]

[illegible] ڈاکٹر خواجہ غلام السیدین [illegible] مسلم یونیورسٹی [illegible]

[illegible] اردو زبان و ادب کی تعلیم [illegible]

[illegible] اس سلسلے کی بہت سی مثالیں دی گئیں [illegible] دلچسپ بھی تھیں اور عبرت انگیز بھی [illegible]

[illegible] طلبہ کو بتایا کہ غالب نے صرف دو مسدس لکھے ہیں [illegible]

[illegible] لیکن ڈاکٹر خواجہ غلام السیدین نے اپنے [illegible]

[illegible] زیادہ وثوق سے نہیں کہہ سکتا لیکن بمبئی کے متعلق میں جانتا ہوں کہ وہاں کے بعض کالجوں میں اُردو زبان و ادب کی بہت [illegible]

[illegible] جاتی ہے تو بمبئی سے ایک [illegible] کی بنا پر راقم الحروف کو [illegible]

[illegible] نہیں کیا جا سکتا [illegible] کی بات یہ بھی تھی کہ [illegible] کالجوں [illegible]

[illegible] یہ بات جانتا تھا کہ بمبئی کے بعض کالجوں میں اُردو کی تعلیم نہیں دی جاتی۔ تعلیم کا سوال [illegible] زبان و ادب [illegible]

[illegible] اردو پڑھاتے ہیں۔ ایک خاتون لیکچرر [illegible]

[illegible] (م۔ س۔ ن۔ س۔ ن) کو مصنف (م۔ س۔ ن۔ ف) کہتی ہیں [illegible]

[illegible] کالجوں [illegible] تعلیم [illegible] طلبہ [illegible]

[illegible] سیدین صاحب اور وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی دونوں نے یہ بات [illegible]

[illegible]

[illegible] اُردو زبان و ادب کی تعلیم [illegible] اساتذہ [illegible]

[illegible] ضرورت ہے [illegible] زبان و ادب [illegible]

[illegible] دوسری زبانوں کے تقاضوں کو پیش نظر رکھ کر اپنے طلبہ کو تعلیم دینی چاہیے۔

[illegible] مسلم یونیورسٹی نے [illegible] ہندوستان کے مختلف شہروں میں [illegible] سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔ اُردو زبان و ادب کی صحیح تعلیم کے سلسلے [illegible]

[illegible] صرف تعلیم [illegible] مسئلہ نہیں۔

[illegible]

اعجاز صدیقی

مژدۂ غم رُبا

(تاشقند کانفرنس کا طرحی مشاعرہ)

مژدہ اہلِ چمن رُک گئی وہ بادِ سموم
جس نے چاہا تھا کہ شاخوں کو مفلس کر رکھ دے
جس نے سوچا تھا کہ غنچوں کی قبا جل جائے
زیرِ گُل آتشِ سیال بنے، گُل جل جائے

دل میں پیوست جو خنجر تھے، وہ باہر نکلے
کم ہوئی زرد جبیں پہ چبھتے ہوئے کانٹوں کی خلش
چھوڑ دی سینہ فگاری کی ادا تیروں نے
پائے غم چھوڑ دیا کاٹتی زنجیروں نے

رک گئیں خون کی بہتی ہوئی پاگل ندیاں
داغ اب کھا نہ سکے گا کوئی مظلومی کے
خندقیں اب نہ بھری جائیں گی پھر لاشوں سے
زخم اب بو نہ سکیں گے ٹینک پاشوں سے

ہاں چھلکاؤ کہ تازہ ہو گیا میخانے کا دَور
بھول بیٹھے تھے جو آئینِ وفا، رسمِ خلوص
جام ٹکراؤ، کہ رُوٹھے ہوئے میخوار ملے
لے کے نذرانۂ دل، پھر وہی دلدار ملے

شبِ دیجور کے ہاتھ کی لاشیں صبح کے رہیں
جو بڑھا رہا ہو تدبر میں، وہ پہلا ہی قدم
اتصالِ مہ و خورشید ہوا، رقص کرو
امن اور صلح کی تمہید ہوا، رقص کرو

کسے معلوم تھا، اس رقص کی جھنکاروں کو
جن کو ہاتھوں نے اٹھایا تھا بصد بیتابی
ڈوبنا ہوگا غمِ مرگ کی آوازوں میں
تندر کی چیخ ابھر آئے گی اُن سازوں میں

کسے معلوم تھا، پردیس میں دینے کے لئے
کسے معلوم تھا، بے ساختہ رُک کر اک سانس
قیمتِ صلح و صفا قیمتِ جاں ٹھہرے گی
ساری دُنیا کے لئے ایک فغاں ٹھہرے گی

منزلِ شوق جب آئی تو ہوا رہبر گم
ہائے، تھا زندگی و امن کا سودا بھی عجیب
دے کے جادوں کو لہو قافلہ سالار گیا!
ایک نے جیت لی اور دوسری [illegible] گیا!

ایک شب کی بھی تو پروانے کو مہلت نہ ملی
کم سے کم، اتنی ہی مل جاتی اُسے فرصتِ مرگ
کہ ذرا شمع سے تشریحِ وفا کر لیتا
سینہ چاکانِ حوادث کی دوا کر لیتا

عبرت انگیز ہے انساں پہ نگاہیں ــــ لوگو!
چند سانسیں جو ملی ہیں وہ سکوں سے کٹ جائیں
زیست پر غور کرو، زیست حباب آسا ہے
امن کی قدر کرو، جنگ میں رکھا کیا ہے

ڈاکٹر سلام سندیلوی۔ گورکھپور یونیورسٹی

مقالہ

منظر نگاری کا مفہوم

جس طرح کسی چیز کی تعریف کرنا اس کو الفاظ کے حدود میں لانا مشکل ہے، اسی طرح منظر نگاری کی تعریف الفاظ میں کرنا ایک [illegible] مشکل ہے۔ ادیبوں اور نقادوں نے منظر نگاری کی تعریف اپنے نقطۂ نظر سے کی ہے اور اس کے مفہوم کو ایک ہی [illegible] کے یکساں نہیں ہیں بلکہ ان میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ یوں تو منظر نگاری اس شاعری کو کہہ سکتے ہیں جس میں کسی بھی منظر کی عکاسی کی [illegible] خاص طور سے منظر نگاری کا اطلاق اس شاعری پر ہوتا ہے جس میں مناظرِ قدرت کا بیان ہو۔

انگریزی ادیبوں اور نقادوں نے بھی منظر نگاری کے مفہوم کو ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہڈسن منظر نگاری کے لئے TREATMENT OF [illegible] کے الفاظ استعمال کرتا ہے۔[1] ہڈسن کے علاوہ ای البرٹ بھی اس قسم کی شاعری کو TREATMENT OF NATURE سے تعبیر کرتا ہے۔[2] وہ نیچر کا اطلاق ان مناظر پر کرتا ہے جو زمین، ہوا اور سمندر میں بکھرے ہوئے ہیں۔ اس لئے وہ شاعری جو ارضی، فضائی، اور بحری مناظر سے تعلق رکھتی ہے، نیچرل شاعری کہی جا سکتی ہے۔ اسی بنا پر ہم منظر نگاری کو نیچرل شاعری کہہ سکتے ہیں۔

اردو میں نیچرل کا مفہوم دورِ حاضر میں زیادہ واضح ہو گیا ہے۔ مگر سرسید کے دور میں نیچرل شاعری کا یہ مفہوم نہ تھا۔ سرسید شاعری کا ایک جداگانہ مفہوم رکھتے تھے۔ انھوں نے ۶ اکتوبر ۱۸۷۴ء کو مولوی محمد حسین آزاد کو ایک خط لکھا۔ اس میں انھوں نے [illegible] کی مجلسِ مشاعرہ کا بھی ذکر کیا۔ اس خط سے نیچرل شاعری کے بارے میں ان کے نظریات پر روشنی پڑتی ہے۔

"میری مدت سے آرزو تھی کہ اس مجلس مشاعرہ [illegible] ہوتی ہے۔ میں مدت سے چاہتا تھا کہ ہمارے شعراء نیچر کے حالات کے بیان پر متوجہ ہوں۔ آپ کی مثنوی "خواب امن" پہنچی۔ بہت دل خوش ہوا۔ درحقیقت شاعری اور زورِ طبع کی داد دی ہے۔ ابھی [illegible] خیالی باتیں بہت ہیں۔ اپنے کلام کو اور زیادہ نیچر کی طرف مائل کرو۔ جس قدر کلام نیچر کی طرف مائل ہوگا اتنا ہی مزہ دے گا۔ [illegible] ضرور ہے کہ انگریزی شاعروں کے خیالات سے کہ اردو زبان میں ادا کئے جائیں۔ یہ کام بھلا ایسا ہے کہ کوئی کر [illegible] ہم میں خیالات [illegible] ہم بیان کیا کر سکتے ہیں۔"[3]

یہاں سرسید نے نیچرل شاعری کا مطلب [illegible] لیا ہے کہ وہ شاعری جو خیالی نہ ہو۔ بلکہ فطری ہو اور جو [illegible] سے پاک ہو۔ اسی سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ وہ انگریزی شاعری کو نیچرل سمجھتے ہیں۔

---

1. An Introduction to the study of literature by Hudson. P. 4
2. A History of English Literature by Albert. P. 290

۳۔ خطوط سرسید [illegible]

[illegible]

سرسید نے ۱۸۷۴ء میں نیچر کے متعلق ایک مضمون بعنوان "اُردو نظم" لکھا۔ اس مضمون میں انہوں نے نیچرل شاعری کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ۱۸۷۴ء میں لاہور میں جس مشاعرے کی بنیاد ڈالی گئی تھی، انجمن پنجاب کے تحت نیچرل شاعری کا نمونہ و مشاعرہ سمجھتے ہیں۔ وہ مولانا آزاد اور مولانا حالی کی مثنویوں کو نیچرل شاعری کے زمرے میں رکھتے ہیں۔ مولانا آزاد کی مثنوی "خوابِ امن" اور مولانا حالی کی مثنویاں "حُبِّ وطن" اور "مناظرۂ رحم و انصاف" کو نیچرل شاعری کا نمونہ سمجھتے ہیں۔ اور موضوع کے اعتبار سے نیچرل شاعری میں فطری مضامین کا ذکر ضروری قرار دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی سرسید نے اسلوب کے اعتبار سے بھی نیچرل شاعری پر روشنی ڈالی ہے۔ ان کے قول کے مطابق، یہ دونوں مثنویاں "بیان میں، زبان میں، ادا میں، الفاظ کی ترکیب میں، سادگی و صفائی میں کیسی عمدہ ہیں کہ دل میں چبھی جاتی ہیں۔"[1]

غرض کہ سرسید کے ذہن میں نیچرل شاعری کا مفہوم یہی تھا کہ جو شاعری موضوع اور اسلوب کے اعتبار سے فطرت کے مطابق ہو اُسی کو نیچرل شاعری کہا جاتا ہے۔

چونکہ مولانا حالی کی ذہنی تربیت بڑی حد تک سرسید کی رہینِ منّت ہے اور بقول ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں "اُن کی نظم و نثر کا بیشتر حصہ سرسید کی طریقت کی پیروی کی غمازی کرتا ہے۔"[2] اسی لئے مولانا حالی نے بھی نیچرل شاعری کا وہی مفہوم لیا ہے جو سرسید کے ذہن میں تھا۔ چنانچہ مولانا حالی فرماتے ہیں۔

"اس مقام پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آج کل جو نیچرل شاعری کا لفظ اکثر لوگوں کی زبان پر جاری ہے۔ اُس کی کسی قدر تشریح کی جائے۔ بعض حضرات تو نیچرل شاعری اُس شاعری کو کہتے ہیں جو نیچریوں سے منسوب ہو جیسے نیچریوں کے مذہبی خیالات کا بیان ہے۔ بعض یہ خیال کرتے ہیں کہ نیچرل شاعری وہ ہے جس میں خاص مسلمانوں کی یا مطلقاً کسی قوم کی ترقی یا تنزل کا ذکر کیا جائے۔ مگر نیچرل شاعری سے یہ دونوں معنی کچھ علاقہ نہیں رکھتے ہیں۔ نیچرل شاعری سے وہ شاعری مراد ہے جو لفظاً اور معناً دونوں حیثیتوں سے نیچر یعنی فطرت یا عادت کے مطابق ہو۔"[3]

مولانا حالی نے نیچرل شاعری کا جو مفہوم بتایا ہے وہ منظر نگاری کی شاعری پر منطبق نہیں ہوتا ہے۔ اسی لئے مولانا عبدالسلام ندوی لکھتے ہیں۔

"اس بنا پر مثنوی، غزل اور قصیدہ، غرض قسم کی شاعری کے تمام اصناف جن پر یہ تعریف صادق آ سکے نیچرل شاعری میں داخل ہو سکتے ہیں۔"

اس کے بعد انہوں نے نیچرل شاعری کی تعریف یوں کی ہے

"لیکن اس دور میں، اس لفظ کا اطلاق صرف مناظرِ قدرت اور وصف نگاری پر محدود ہو گیا اور اس کا مطلب یہی سمجھا جاتا ہے تو اس سے یہی دونوں اصناف مراد ہوتی ہیں۔"[4]

مولانا عبدالسلام ندوی مناظرِ قدرت اور وصف نگاری میں بھی فرق قائم کرتے ہیں۔ اُن کی نظر میں مناظرِ قدرت اور وصف نگاری مترادف الفاظ نہیں ہیں۔ مولانا عبدالسلام ندوی وصف نگاری کی تعریف مندرجہ ذیل الفاظ میں کرتے ہیں۔

"اگرچہ غلطی سے اس کو مناظرِ قدرت میں داخل کر لیا گیا ہے۔ لیکن بہ حقیقت وہ شاعری کی ایک مستقل صنف ہے۔ مناظرِ قدرت انسان کے دل میں مسرت، خوشی، انبساط، خوف اور حیرت کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ اس لئے اس میں صرف جذبہ انگیز چیزیں مثلاً چاندنی، برسات، بہار، کوہ و صحرا اور قبرستان وغیرہ داخل ہو سکتے ہیں۔ لیکن وصف نگاری کو تحریکِ جذبات سے کوئی تعلق

---

[1] مقالاتِ سرسید حصہ نہم۔ مرتبہ مولانا محمد اسماعیل پانی پتی مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاہور۔ ص ۱۴۱

[2] حالی کا ذہنی ارتقاء غلام مصطفیٰ خاں ص ۲۶۵

[3] مقدمہ شعر و شاعری مولانا حالی ص ۱۰۴، ۱۰۵

[4] شعر الہند حصہ دوم، مولانا عبدالسلام ندوی ص ۳۰۳ [5] شعر الہند حصہ دوم مولانا عبدالسلام ندوی ص ۳۵۲

تا نہیں ہے بلکہ اس میں صرف جذبات عالم کی خصوصیت بیان کرنے کے لئے مختلف صنعات لائی جاتی ہیں۔ اسی طرح کلاسیکی صنعتوں میں اشکبوں، صنائع بدائع وغیرہ کی اسی میں شامل ہو جاتا ہے [illegible] سے زیادہ واسطہ ہے۔ اسی طرح منیاکو جز جیسے عطر سے میں آجاتی ہے۔ چنانچہ منظر سے منسوب سلسلہ میں عام اصناف وغیرہ نظمیں بھی ہیں سے کچھ چیزیں یا مناظر قدرت میں داخل نہیں ہیں۔

مولانا عبد السلام ندوی نے نہایت صاف اور واضح الفاظ میں بتا دیا ہے کہ وصف نگاری میں مادی و غیر مادی دونوں اشیاء کا بیان کیا جا سکتا ہے۔ مگر مناظر قدرت میں صرف منظری مناظر کا ذکر کیا جاتا ہے۔ لیکن مادی و غیر مادی بیانات میں فرق قائم کرنے کے سبب معلوم ہوتا ہے کہ ہم مادی اشیاء کے بیان کے لئے وصف نگاری کا لفظ استعمال کریں اور غیر مادی یا نظری مناظر کی تصویر کو مناظر قدرت سے متعلق رکھیں۔ اسی طرح وصف نگاری اور مناظر قدرت کے درمیان حد فاصل قائم کیا جا سکتا ہے۔ مولوی عبد الرحمن نے "مرآة الشعر" میں وصف کے سلسلے میں ابن رشیق کے خیالات پیش کئے ہیں۔ ابن رشیق کے نقطۂ نظر سے بھی وصف کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ ابن رشیق کا قول ہے۔

«الشعر الا اقله راجع الی باب الوصف ولا سبیل الی حصره واستقصائه وهو مناسب للتشبیه ومشتمل علیه ولیس به لانه کثیرا ما یاتی فی اضعافه والفرق بین الوصف والتشبیه ان هذا اخبار عن حقیقة الشیء وان ذاک مجاز وتمثیل» -

(ترجمہ: شعر بجز تھوڑے سے، قریب قریب کے سب وصف میں داخل ہے اور حصر و احاطہ اس کی اصناف کا ناممکن ہے۔ وہ تشبیہ سے مناسبت رکھتا ہے۔ لیکن تشبیہ نہیں اس لئے کہ تشبیہ اکثر وصف میں آتی ہے۔ فرق دونوں میں یہ ہے کہ وصف خبر ہوتی ہے کسی حقیقت کی اور تشبیہ مجاز و تخیل۔)

مولوی عبد الرحمن کی رائے ہے کہ فی الحقیقت تمثیلات، استفہام وغیرہ چند چیزیں ایسی ہیں جن کو ابن رشیق وصف کے دائرے سے خارج بتاتے ہیں۔ باقی کو چھوڑ کر وہ ساری شاعری کو وصف میں داخل کرتے ہیں۔ مگر لطف بات یہ ہے کہ انہوں نے جو وصف کی مثالیں دی ہیں ان کا تعلق مناظر و جزئیات سے ہے۔ اسی بنا پر مولوی عبد الرحمن نے مرآة الشعر میں وصف کی تعریف مندرجہ ذیل لکھی ہے۔

"وصف عالم یعنی مناظر قدرت و جزئیات کی تصویر کو کہتے ہیں۔"[ب]

بہر حال وصف نگاری کے دائرے میں مناظر قدرت اور دیگر مرئی اشیاء بھی شامل ہیں۔ مگر منظر نگاری کا تعلق خاص طور سے مناظر قدرت ہی سے ہے۔ اسی لئے منظر نگاری کی شاعری کو نیچرل شاعری بھی کہا جا سکتا ہے۔

منظر نگاری کے مفہوم کو مولوی سید امداد امام صاحب نے بھی واضح کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔

شاعری [illegible] جو بہ سبب شاعری متعلق بہ مناظر قدرت ہے جو بزبان انگریزی [illegible]

ا۔ شعر الہند حصہ دوم، مولانا عبد السلام ندوی صفحہ ۲۲۰

نوٹ ا۔ مولانا عبد السلام ندوی کے خیال سے ظاہر ہوتا ہے کہ [illegible] متاثر ہوئے ہیں چنانچہ انہوں نے "حضرت اکبر کی شاعری" میں وصف نگاری کے متعلق وصف نگاری اور مناظر قدرت کا ایک ہی مفہوم بتایا ہے اور دونوں میں فرق ہے۔ مناظر قدرت سے انسانی جذبات متاثر ہوتے ہیں [illegible] اور انگیز چیزیں منظر ہو سکیں۔ شام، چاندنی رات، بارش، موسم بہار کی کیفیت، آبشار، پہاڑ، جنگل وغیرہ۔ اور وصف نگاری میں ان کو داخل کیا جاتا ہے [illegible] جو بلکہ قدرت کے مرئیات کی حقیقت و صداقت پائی جاتی ہے اور صاف بیان کئے جاتے ہیں۔ [illegible] گئے معلوم ہوتی ہے۔ اس لئے اس سے الگ بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

[illegible] (دہلی) مرآة الشعر، مولوی عبد الرحمن صفحہ ۲۵۵)

جسے زبانِ انگریزی میں سبجیکٹیو Subjective کہتے ہیں۔ اوّل قسم کی شاعری جس کا نام ......
برائے خارجی رکھا ہے، ایسے بیانات پر مشتمل ہے جو متعلقاتِ انسانی سے علاقہ رکھتے ہیں، حالات پیش نظر ہوجاتے ہیں۔ اس قسم کی شاعری میں
مخبریاتِ عالم، بزمِ عیش و جلسہ، تزک و احتشام، سلاطین، باغ، قصور، چمن، گلزار، سبزہ زار، دریا، چشمے، پہاڑ، صحرا، بیابان،
سیر، صبح، شفق، دوپہر، شام اور وقتِ شب، شمس و قمر، ستارے، فراست، قلب، رعب و دبدبہ وغیرہ سبھی اشیاء کے متعلق بیان ہوتا ہے۔

مولانا سید ... کے بیان سے یہ پتا چلتا ہے کہ خارجی شاعری میں مادی اور فطری مناظر دونوں آجاتے ہیں۔ یہاں خارجی شاعری میں
باطنی جذبات، مثلاً بزم کو بھی منظر نگاری کہا جا سکتا ہے اور باغ، چمن، شفق اور چاند وغیرہ کی بھی تصویر کھینچی جا سکتی ہے۔ اس طرح خارجی
شاعری کا دائرہ بہت وسیع ہے جس میں منظر نگاری بھی شامل ہے۔ مگر سہولت اور وضاحت کے لئے ہم خارجی شاعری کو دو حصّوں میں تقسیم کر سکتے
ہیں۔ ایک مادی چیزوں کا بیان جس کا نام وصف نگاری رکھا جا سکتا ہے اور دوسرے غیر مادی یا فطری اشیاء کا بیان جس کو منظر نگاری
کہا جا سکتا ہے۔

یہاں اس حقیقت کا اعتراف ضروری ہے کہ انگریزی ادب کے مطالعے سے منظر نگاری یا نیچرل شاعری کے مفہوم کو زیادہ واضح کر دیا ہے
اردو کے نئے نقادوں نے نیچرل شاعری کی اصطلاح کو گرفت میں لینے اور اس کے صحیح مفہوم کو سمجھنے کی کوشش کی۔ چنانچہ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی نے
اقبال کے کلام کے سلسلے میں نیچرل شاعری کے مفہوم پر روشنی ڈالی ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔

"اس صنف میں اقبال کا کلام کم ہوا ہے۔ اور ان کی وہ نظمیں جو نیچرل کہی جاتی ہیں وہ قدرتی مناظر پر ہیں، اپنی نظیر نہیں رکھتیں۔ مثلاً
جگنو، صبح کا ستارہ، ایک پرندہ اور جگنو، ابر، وغیرہ۔ اصل نظمیں صحتِ بیان اور شیرینی زبان کے واسطے بھی لاجواب ہیں۔"[1]

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی نے اقبال کی نیچرل نظموں میں جگنو، صبح کا ستارہ، ایک پرندہ اور جگنو اور ابر وغیرہ کو شامل کیا ہے۔ یہ تمام
موضوعات نیچر یا فطرت سے متعلق ہیں اس لئے ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ان موضوعات کا تعلق نیچرل شاعری سے ہے۔ جس کا نام ہم منظر نگاری
بھی دے سکتے ہیں۔

شیخ محمد اکرام بھی نیچرل شاعری کا اطلاق مناظرِ قدرت کی شاعری پر کرتے ہیں۔ چنانچہ وہ غالب کی شاعری کے سلسلے میں فرماتے ہیں۔

"مرزا کی شاعری پر ایک عام اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ وہ نیچرل نہیں۔ جب حالی نے نیچرل شاعری کی اصطلاح شروع کی تو اس میں
پہلے پہلے استعمال کی تو اس نے اس سے وہ شاعری مراد لی تھی جو خیالی نہ ہو بلکہ نیچر یا فطرت کے مطابق ہو۔ مرزا غالب کے
کلام کو اس نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو یہ اعتراض بجا نہیں معلوم ہوتا ...... مگر بعض معترضین نیچرل شاعری سے بالعموم
مناظرِ قدرت کی شاعری مراد لیتے ہیں۔"[2]

اس بحث و مباحثہ سے ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ مرئیات کے بیان کو خارجی شاعری کہا جا سکتا ہے۔ اور خارجی شاعری کے
دو حصے ہو سکتے ہیں۔ ایک مادی اشیاء کا بیان جس کو وصف نگاری سے موسوم کیا جا سکتا ہے۔ دوسرا غیر مادی یا فطری اشیاء کا بیان
جس کو منظر نگاری کہا جا سکتا ہے۔

یہاں اس امر کی بھی وضاحت ضروری ہے کہ منظر نگاری کا مفہوم بہت وسیع ہے۔ منظر نگاری کا اطلاق صرف اسی شاعری پر نہیں
کیا جا سکتا ہے جس میں مناظرِ قدرت کا بیان ہو۔ یعنی ہم منظر نگاری صرف DESCRIPTION OF NATURE کو نہیں کہیں گے بلکہ منظر نگاری
سے ہماری شاعری کو کہیں گے جس میں فطرت کا ذکر کسی نہ کسی شکل میں کیا گیا ہو۔ یعنی منظر نگاری کا مطلب TREATMENT OF
NATURE ہے۔ چنانچہ مناظرِ قدرت کے بیان کے علاوہ فطرت کے ان اسرار جیسے کا انکشاف، فطرت کی انسان سے ہمدردی، فطرت کی انسان سے
بے تعلقی، فطرت کی انسان کی خوشی میں شرکت، فطرت میں انسان کے لئے جذبۂ احترام، فطرت کی انسان کی موجودگی سے دوری، فطرت کی

---

[1] داستانِ تنقید، ... صدیقی ... [2] تاریخِ ادبِ اردو ... صفحہ ...

[3] غالب نامہ ... شیخ محمد اکرام صفحہ ...

فراق گورکھپوری

غزل

کچھ غریبوں کا بھلا کیجیے گا
یا فقط جور و جفا کیجیے گا

آپ اپنے تو ہیں اے حضرتِ دل
لیکن اک روز دغا کیجیے گا

اک زمانے سے ہوں مایوسِ کرم
کچھ مرے حق میں دعا کیجیے گا

میں تو بس اب ہی رہا ہوں کب تک
مجھ سے ناراض رہا کیجیے گا

دلِ بیتاب کو ممکن ہو تو آپ
اپنی اک برقِ ادا کیجیے گا

اپنے وعدے کی طرح مجھ کو بھی
کیا یونہی ٹال دیا کیجیے گا

میں خود اپنی ہی قسم ہو جاؤں
مجھ کو اس طرح فنا کیجیے گا

رو لیے حضرتِ دل اس کے حضور
پھر تو تا عمر ہنسا کیجیے گا

بعد میرے مرا افسانۂ غم
کم تو اک آپ سنا کیجیے گا

دل کو گلزارِ رخِ رنگیں کا
دامنِ موجِ صبا کیجیے گا

بے تعلق کوئی اتنا بھی نہ ہو
مجھ کو کیا اپنی بلا کیجیے گا

نگہِ روشن پہ یہ گیسو کی لٹک
کفر کو قبلہ نما کیجیے گا

دل کو سرشارِ مئے غفلت ہے
اس کو ہشیار ذرا کیجیے گا

انتہا جور و ستم کی مجھ پر
کیجیے گا بخدا کیجیے گا

چھوٹ کر اس سے جو ملیے آپ
تب تو آپ اور برا کیجیے گا

حضرتِ عشق مجھے ہے معلوم
آپ ہر بت کو خدا کیجیے گا

عشق کو موردِ ہر جرم و قصور
کیجیے گا تو بجا کیجیے گا

دوستوں سے بھی نہیں ملتی آنکھ
کیا مجھے اپنی حیا کیجیے گا

حضرتِ عشق فنا بھی ہو کر
ذرّہ ذرّہ بن کے اٹھا کیجیے گا

دوستو حال مرا میرے بعد
اک کہانی سی کہا کیجیے گا

مائلِ لطف و کرم ہے کوئی
نہ خطا کر کے خطا کیجیے گا

خود سری عشق کی فطرت ہی سہی
کبھی میرا بھی کہا کیجیے گا

وسعتِ دوست پہ یہ بے چینی
روز آئے گا تو کیا کیجیے گا

ہے پہنچنا جو وہاں تک خود کو
اک فقیرانہ صدا کیجیے گا

کون اپنا ہے زمانے میں فراق
یہ تو سنسار ہے کیا کیجیے گا

میکش اکبرآبادی

غزل

زمین و آسماں کوئی نہیں ہے
چلے آؤ یہاں کوئی نہیں ہے

سنا کرتے ہیں ہم یوں سب کی جیسے
ہماری داستاں کوئی نہیں ہے

جہاں میں ہوں وہاں تو بھی ہے کہ دوست
جہاں تو ہے وہاں کوئی نہیں ہے

ہے میرِ کارواں ہر اک یہاں پر
کہ میرِ کارواں کوئی نہیں ہے

کہیں بیٹھے تو دل برداشتہ ہے
فقیروں کا مکاں کوئی نہیں ہے

وہ آئیں گے۔ وہ آتے ہیں۔ وہ آئے
نہیں ہے کوئی۔ ہاں کوئی نہیں ہے

جبینِ شوق ہے کعبہ ہو یا دیر
تمہارا آستاں کوئی نہیں ہے

بدل جاتا ہے ہر لمحے وہ میکش
مقامِ عاشقاں کوئی نہیں ہے

افسانہ:- قرۃ العین حیدر

ایک رات

میں، فیروزہ اور نشیب گھر سے نکل کر سب سٹاپ کی طرف جا رہے تھے کہ بازار کے موڑ پر ایک ریسٹوران کے سامنے پہنچ کر مجھے شدید [illegible] کا احساس ہوا۔ فیروزہ اور نشیب نے اصرار کیا کہ مجھے انقلابی کوششوں کی زندگی میں آج تک ایسا نہ ہوا تھا۔ سخت کوفت کی کہ ساتھ میں چند سکنڈ کے بعد اٹھ کھڑی ہوئی۔ دریچے میں بھی جوش کہنے کی چہروں کو بڑی کار روکے دیکھا اور ساتھ کھڑی ہو لی۔ نشیب جلدی سے ریسٹوران کے اندر چلے گئے۔

پچھلے دو روز سے میں اپنے کمرے میں دروازے بند کئے پوسٹر کلرز کا ڈبہ اور برشوں کے انبار میں گھری ہندوستانی طلبا کی طرف کے میلے کے لئے پانچ تصویریں بنانے میں مصروف رہی تھی۔ چونکہ آرٹ کی چھوٹی موٹی آرٹسٹ میں ہوں اس لئے نمائش سے چار دن قبل یہ کام بڑی دھوم دھام سے مجھے سونپا گیا تھا۔ جسے میں نے حسب معمول بڑی خود اعتمادی سے فوراً قبول کر لیا تھا۔ "ابھی میں پانچ تصویریں کیوں، سارا بھارت، سموچی الف لیلہ الشرٹیڈ ILLUSTRATED ملک کے ایک طرف ڈال دوں" یہ کہہ کر میں خوش خوشی کے ساتھ فوراً کام میں جٹ گئی۔ میلے کی نمائش میں دو فوٹو، منظر، آرٹ، ابراہام اور شدید فیوچرز، موزائک کا نقشہ دیوار پر رکھا ہے کہ ضرورت مند طلبا کے امدادی فنڈ کے لئے کام کرنے کا جوش کچھ ایسی تھی کہ سب جا بیٹھے کو کام بنانے میں مصروف تھے۔ اس لئے بھی احساس نہ ہوا تھا جب میری تصاویر پر تو دو منظر اور آرٹ کے شاہکاروں کے پہلو بہ پہلو رکھی جائیں گی تو کس قدر دھوبی پن کام ہوگا۔ مگر ایک عمر ایسی ہوتی ہے جب اس قسم کی حقیقت پسندی آدمی کے پاس نہیں پھٹکتی۔ اور اگر کسی نے ہمارے اخلاق کے معیار کی تعریف کر دی تو کسر نفسی سے سر جھکا کے کہا: "جی اپنا تو بس یہی ہے۔"

لیکن پھر ہمارے سرور یت کے مرقع چار دن تک پر بگڑا کر کے لگاتار کام کرتے رہنے کے بعد جب فیروزہ اور نشیب کے ساتھ باہر نکلی جہاں سے گذرا ان دنوں کی طرف قصبہ دار کی پہلی ٹنگ سے بار بار چند قسم کی دور لوں سے [illegible] کے لئے آئے تھے تو چند قدم چل کر یا جلد کی وجہ سے میری آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا پھیل گیا۔

پگ بن کی سوئیاں تیزی سے آگے سرک رہی تھیں۔ میں کچھ دیر چائے پی کر تازہ دم ہو گئی کہ نشیب سیٹ پر [illegible] اٹھے۔ ریسٹوران سے نکلے اور ہم لوگ ہاگم ہائی [illegible] کے گھر پہنچے۔

[illegible] اور ہوسٹل میں رہتے تھے اور یہ مجلس کے ایک سرگرم رکن تھے اور حالانکہ ہندوستان اور پاکستان کے [illegible] ہیں مگر پاکستان کے ترقی پسند طلبا بھی اس مجلس کی سرگرمیوں میں شامل رہتے تھے اور مجلس کا کوئی کلچرل پروگرام یا [illegible] مشرقی پاکستان کے لڑکوں اور لڑکیوں کی شرکت کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی تھی۔ [illegible] نہیں رہا مگر [illegible]۔ اس وقت [illegible] کے فلیٹ میں بہت سے ساتھی جمع ہو چکے تھے اور [illegible] کے آس پاس اور [illegible] روز کی سرخیاں [illegible] کی ٹیبل ہی [illegible] کر رہی تھی [illegible]

بے انتہا [illegible] نے پنڈت نہرو، چرچل اور مسٹر [illegible] کی [illegible]
بعد کہا کہ چاہے [illegible] کی جنگ [illegible] جیل [illegible] اب [illegible]
لندن کے شہریوں کے جلوس کے ساتھ ڈاؤننگ سٹریٹ جانے کے لیے تیار تھیں۔ [illegible] سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ [illegible]
اور [illegible] شروع کر دیں۔ جب ہم [illegible] کے کمرے میں داخل ہوئے تو پاکستان کا ایک جوشیلا [illegible]
لکھا تھا۔ [illegible] ہم آج دنیا کو دکھا دیں گے کہ [illegible] کے باوجود پاکستان اور ہندوستان متحد ہو کر اپنے مشترکہ دشمن پر
ثابت کر سکتے ہیں کہ [illegible] دوسری طرف [illegible] اور کلکتہ کے چند [illegible] نے [illegible] کا ایک جوشیلا [illegible] شروع کر دیا اور [illegible] قدم
رکھتے [illegible] روانہ ہو گئے جہاں انگریز مردوں اور عورتوں کا ایک زبردست [illegible] جلوس [illegible] ڈاؤننگ سٹریٹ جانے کے لیے
کھڑا تھا۔ جلوس خاموشی کے ساتھ ویسٹ منسٹر کی طرف بڑھنے لگا۔ لندن پولیس کا بڑا بھاری جتھہ جلوس کے ہمراہ چل رہا تھا۔ ہم لوگ راستے پر
ذرا آگے بڑھے تھے جب [illegible] اپنے گھروں کو واپس چلے گئے ہیں۔ اب جلوس نے آکسفورڈ سرکس کا رخ کیا۔ انگریز [illegible]
کے چاروں طرف کھڑے ہو گئے مگر ہندوستانیوں اور پاکستانیوں نے [illegible] کے وسط میں [illegible] پولیس نے ہمیں
ہٹانے کی ناکام کوشش کی [illegible] کیونکہ گھوڑوں کی ٹاپوں سے ہم لوگ [illegible] کچلے جا سکتے تھے۔ مگر ان لوگوں کے سینے [illegible] انھوں نے
[illegible] کے ساتھ [illegible] شروع کر دیا۔ "یہ گاندھی کے دیس والے ہیں۔ [illegible] کون [illegible] سکتا ہے۔" کسی [illegible] انگریز نے [illegible] ایک کانسٹیبل
سے کہا۔ آکسفورڈ سرکس میں [illegible] گھنٹے تک [illegible] کے بعد ہم لوگ ہائیڈ پارک روانہ ہو گئے۔ جلوس جب پکاڈلی سرکس پہنچا تو [illegible]
ہوئے تماشائیوں میں سے چند نے چلا کر کہا "[illegible]" [illegible] کے موقع پر [illegible] انگریزی [illegible] کا مفہوم تقریباً
یہ تھا۔ "اس وقت [illegible] کیوں نہیں کیا؟" [illegible] جلوس میں [illegible] بہت کم تھے۔ ہزاروں [illegible] لندن کے
عام شہریوں پر مشتمل تھا۔ اچانک پولیس کی سرچ لائٹ سے آنکھیں چکا چوند ہو گئیں۔ [illegible] فلیش تصویریں لینی شروع کیں۔ ایک فلیش جب
عین میرے چہرے پر آ رہا تھا۔

[illegible] ایک [illegible] نے کہا [illegible] (Tory [illegible]) اخبار [illegible] کام کر رہی تھی۔ یہ
[illegible] سال [illegible] تھے اور [illegible] تھے۔ وہ بہت سنجیدہ اور [illegible] انسان تھے۔

"[illegible] کیوں چھپ جاؤں۔ واہ۔ واہ۔" میں نے غصے سے جواب دیا۔

"[illegible]" انھوں نے [illegible] اور آگے بڑھ گئے۔

ہم پکاڈلی سرکس سے نکلے ہی تھے کہ [illegible] نے مائیکروفون [illegible] کہ [illegible] بھی [illegible] کر دی گئی۔ [illegible] پانچ
بجے [illegible] جلوس پر [illegible] ہوگی جس میں چند [illegible] اور [illegible] ہوں گی۔ [illegible] دیکھا۔ مجھ سے ذرا
دور ایک بوڑھا انگریز جھک کر اپنی بیوی کو دلاسا دے رہا تھا۔ اور وہ رو رو کر [illegible] رہی تھی: "مگر [illegible]" ان کے دو بچے ہیں۔ چھوٹے
چھوٹے [illegible] سے۔

اتنے میں ایک انگریز نے مائیکروفون پر کہا "آئیے، ہم سب ہائیڈ پارک میں [illegible] کریں۔"
جلوس [illegible] خاموشی کے ساتھ ہائیڈ پارک کی سمت بڑھنے لگا۔

میرے ہمراہ چلتا ہوا ایک بوڑھا انگریز پروفیسر [illegible] آہستہ آہستہ انجیل مقدس کے عہد نامہ قدیم کا تیئسواں [illegible] پڑھ
رہا تھا: "خداوند خدا میرا گڈریا ہے۔ مجھے کمی نہ ہوگی۔ وہ مجھے ہری ہری چراگاہوں میں [illegible] کراتا ہے۔ وہ مجھے [illegible]
لے جاتا ہے۔ اور گو میں موت کے سائے کی وادی میں سے گزروں [illegible] کا خوف نہیں"۔
راستے میں [illegible] انگریز مرد اور عورتیں [illegible] قدم [illegible] کھڑے
اور [illegible] ایک انگریز عورت [illegible]

[illegible] بجے [illegible] کے۔
[illegible] پنڈت جی [illegible] سب بات کے [illegible] چلے تھے
[illegible] ایک ساتھی نے میرے قریب آ کر کہا۔
[illegible] جواب دیا۔
[illegible] پنڈت جی [illegible] جاتے گا۔
[illegible] سے [illegible] لی۔

پنڈت جی آ [illegible] کے بعد [illegible] ہو چکے تھے۔ [illegible] انہوں نے [illegible] ایک [illegible] سے ایک [illegible]
[illegible] شگفتہ [illegible] سے [illegible] ہوئی تھی۔ [illegible] پھول ہی پھول تھے۔
[illegible] پنڈت جی خود بھی [illegible] اور [illegible] رہے تھے۔
[illegible] سے [illegible] کے [illegible] پنڈت جی [illegible] انہوں نے [illegible]
[illegible] ایک [illegible] لگے۔
[illegible] لمبی [illegible] ہیں پنڈت۔"
[illegible] پنڈت [illegible] جاتے: [illegible] سنتے ہیں۔"
[illegible] پنڈت جی [illegible] ہم سب کے [illegible] رہے تھے۔ [illegible] نے

تم سلامت رہو ہزار برس   ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

[illegible] بھی [illegible] انہوں نے [illegible] دیا۔
انہوں نے [illegible] سے [illegible] ہم لوگوں کے [illegible] سے [illegible] شروع کی تو انہوں نے
[illegible] آپ [illegible] بہت [illegible] ہیں۔"
پنڈت جی [illegible] جاتے: "ایک لڑکے نے [illegible] سے [illegible] کہا۔ پنڈت جی نے [illegible] شفقت سے [illegible]
[illegible] انہوں نے کہا۔
[illegible] کہنے لگے [illegible]۔"
[illegible] ایک لڑکے نے [illegible] کہا: "پنڈت جی [illegible] ہیں۔ [illegible]
[illegible] زبان؟"
[illegible] پنڈت جی [illegible] ایک لڑکے نے [illegible] آہستہ سے کہا ہم [illegible]
[illegible] باپ [illegible] ہے۔ دنیا کے [illegible] باپ کا سایہ [illegible] پر تھا۔
[illegible] ایک [illegible] بھی [illegible] نہیں؟
[illegible] پنڈت جی [illegible] کی طرف [illegible] گئے تھے جیسے
[illegible] پنڈت جی نے [illegible] میں کہا
ہندوستان [illegible] گیا۔
[illegible] گیا۔
[illegible] سے [illegible] ہو گئے

میرے عقب میں کھڑے ہوئے ایک لڑکے نے چپکے سے کہا۔ پنڈت جی کس قدر دلچسپ طریقے سے مخاطب ہیں
پنڈت جی کی تقریر جاری ہے۔

ہو بہو ۔ وہی کمسن بچوں جیسی باتیں ... ایسے خاصے بور اور دو از کار مباحث ہیں۔ میرے پیچھے سے ایک لڑکی نے آہستہ سے اظہار خیال کیا۔ یہ لڑکا کارڈ سے بہر تھا۔ چیاؤ لیہ چیانگ کائی ... وہیں جا کر ... کے دور سے تعلق رکھتا تھا۔ اظہار خیال کرنے کے بعد وہ ... اس بحث کی تقریر کو ... سنتا رہا۔

جلسہ ختم ہونے کے بعد جب پنڈت جی ... کے زینے سے نکلے تو سب ... ہم لوگوں نے انہیں گھیر لیا اور ... ان کو ... پڑھنے نہ دیا۔ اسے بھی ... وہ ہنس ہنس کر کہتے رہے۔ مجھے جانے دو دیر ہو جائے گی۔ حالانکہ صاف ظاہر تھا کہ ان کا خود دل چاہ رہا تھا ہم لوگوں کے ساتھ چند منٹ اور ٹھہریں۔ لیکن ساری دنیا اس وقت بین الاقوامی سیاست کے کسی اہم فیصلے کے متعلق ان کے مشورے اور رائے کی منتظر تھی اور انہیں فوراً ہی اس اہم کانفرنس کے لئے جانا تھا۔

دوسرے روز وہ لندن سے جا چکے تھے۔

دنیا بھر اسپیس سے بچنے والے کا نام شنگری اس وقت مجھے نا طلبیان نامہ ... روزن برگ بھی بچا جا سکیں گے۔ منظر عام میں حروف ... لکھے گئے ہیں۔ مگر یقیناً بچ جائیں گے۔

• چلو جلدی کو فون کر کے پوچھیں کہ پنڈت جی کو یورپ میں کہاں ملاقات کیجئے؟ میں نے ریحان صاحب، حمیدہ ریش اور فیروز فوراً ایک عمارت میں پہنچے اور ... کے پبلک ریلیشنز آفیسر کو فون کیا۔ معلوم ہوا جواہر لال جی ... میں ہیں اور پنڈت جی کا ہوائی جہاز بمبئی سے روانہ ہو چکا۔

ہم لوگ چپ چاپ ہائیڈ پارک واپس چلے گئے۔

بھیگی سی ... کر دھوپ ... رات بھیگ چکی تھی ... سکون کے ساتھ سو نے والی تھی۔ میں لکھنؤ سے آئی ہوئی صحافت کی طالب علم سعیدہ، فیروز، جو لندن میں یونیورسٹی میں رتن ناتھ سرشار پر ریسرچ کر رہی تھی اور ایک انگریز لڑکی، بیٹی جو سعیدہ کو ہم جماعت تھی، ایک پہلے کے پاس گھاس پر بیٹھ گئے۔ سعیدہ کہہ کر اٹھ رہے آئے ہوئے نرگس اسکالر بھی ہمارے پاس آ بیٹھے۔ سب خاموش تھے۔ یک لخت جلس والوں کے گروہ نے گانا شروع کر دیا۔

دنیا بھر کے ایک ہیں نوجوان۔ ایک ہیں ... خطرہ ہر طیارہ کا پھر بھی ہم لائیں گے شگفتہ چمن

حسب معمول ... کالے اور گلے کی ... اور ... ایک ... کو ... رہے تھے۔

• جب مجھے ... تو لیں ہوگا؟ ایلن نے آہستہ سے جیسا پتہ آپ سے پوچھا۔

• ہم ہر جگہ میں ... ہم جاپانی ہیں ہم ہندوستانی ہیں اور پاکستانی ہیں ہم موت پر ہنسنے والے سب ایک ہیں۔ ایک ہیں۔"
جلس والے گا رہے تھے۔

پھر بھی ہم لائیں گے شگفتہ چمن!" نرگس اسکالر نے دہرایا۔ "شگوفہ چمن! ———— سب الفاظ کی چکر پھیریاں ہیں۔ سیاست کے اٹل حقائق پر شاعروں کے تخیلات کا کوئی اثر نہیں پڑتا۔" نرگس اسکالر نے آہستہ سے کہا۔

پھر وہ اداسی سے سعیدہ کی طرف مڑے۔ "آپ نہیں گاتیں؟ آپ سعیدہ بیگم؟" انہوں نے دریافت کیا۔
جی نہیں، سعیدہ نے گھٹنوں میں سر دے کے جواب دیا۔

میں، فیروز اور سعیدہ دیر تک ایک عجیب عادت تھی کہ اکثر لندن کی سڑکوں پر چلتے چلتے ... میں ... بسوں اور ... پر بیٹھ کر ہم لوگ خوب گاتے تھے۔ "سعیدہ، مست ہوئی ہے اور ..." منزل کی طرف دو گام بڑھیں اور سامنے منزل آ جائے ... شگفتہ و سبزہ ... کلی غنچہ و گل ... ہے۔ ... فصل بہار پر شاد ... "

جب جب پاس میں بیٹھے ہوئے سعیدہ انگریزی میں [illegible] دیکھتے تو سعیدہ [illegible] سالانہ [illegible]
قوالی شروع کر دیتی۔ ویسے میں اور سعیدہ خود کو [illegible] کے [illegible] گیتوں کا ہمسر مانتے تھے۔ [illegible]
بس میں ایسی قسم کا باہمی زندگی کا حاصل معلوم ہوتا ہے۔

تو اس وقت وہ ایک درخت کے نیچے گزر رہے تھے جب [illegible] باہر [illegible]
[illegible] لرزہ خیز خاموشی کی طرف [illegible] کر [illegible] صاحب نے
[illegible] مسکرا رہے کہا۔

"آپ کبھی سعیدہ سے سڑک پر چلتے ہوئے گانا سنیے۔"

"سڑک پر؟ یعنی آپ لوگ سڑکوں پر گاتی ہیں؟" انہوں نے بہت [illegible] ہو کر پوچھا۔

"جی ہاں"

"سیٹی بھی بجاتی ہوں گی؟"

"جی نہیں۔ مگر سنیے تو۔ ایک مرتبہ کیا ہوا کہ یہ سعیدہ جو ہے یہ [illegible] ہمارے پیارے مرحوم [illegible]
[illegible] اتنے میں [illegible] تو سعیدہ نے [illegible] گانا ختم کیا۔ [illegible]
[illegible] رہیں

ہا ہا ہا۔ واٹ نان سنس۔ آئی ایم ٹاکنگ۔ میں نے [illegible] اور سر جھکا کر [illegible] ایک [illegible]

خوش شکل [illegible] منظر [illegible] زندگی کے سہانے [illegible] گیتوں [illegible] ایک جلوس [illegible] رہا ہے۔ [illegible]
مسرت کی تکمیل۔ ذہنی عذاب۔ دکھ۔ بے انصافیاں۔

مری مری سے قطرہ قطرہ نئے حوادث ٹپک رہے ہیں   میں اپنی تسبیح پہ [illegible] شمار کرتا ہوں [illegible]
[illegible] ابھی اس میں حرکت نہیں آئی۔ چاند کے نیچے [illegible] بیٹھا ہے۔ [illegible]
[illegible] سعیدہ اب آہستہ آہستہ گنگنا رہی ہے۔ دو لمحے جانے [illegible]
[illegible] سو چکی ہیں۔ [illegible] ہے۔ [illegible]
[illegible] کوئی اطلاع نہیں آئی۔ میں [illegible] رہی ہوں۔

"صبح تک یہیں بیٹھیں تو [illegible] گی۔ [illegible] جاؤ۔" [illegible] نے کہا۔

"اچھا۔" میں نے جواب دیا اور اٹھ کھڑی ہوئی۔ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کھول کر پلنگ پر جا لیٹی۔

[illegible] میں نے [illegible] آہستہ آہستہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] پر نظر ڈالی۔

"کیا ہوا امین؟" میں نے پوچھا حالانکہ مجھے معلوم تھا [illegible]

"[illegible] ہے [illegible]
[illegible]

خلیل الرحمن اعظمی

بیداریٔ ہند

اِس گنبدِ نیلگوں کے نیچے
ہر روز خلا کی وسعتوں میں
رتھ پر اپنے سوار ہو کر
سورج آتا ہے اور زمیں کے
چہرے کے نقوش ہیں اُبھرتے

کرنوں میں نہا کے ہیں نکھرتے
اصنامِ حسیں، جنھیں اجنتا
صدیوں سے ہے گود میں چھپائے
پڑتی ہے یہی شعاعِ رنگیں
سانچی کے عظیم معبدوں پر
رُکتی ہے کنارک کے اوپر
لیتے ہیں جہاں پہ سانس اب بھی
بن بن کے بُتانِ ماہ پیکر
ریتیلی زمیں پہ سرد پتھر
ہے دیکھتی چشمِ مرمریں سے
گرتے ہوئے اشکِ شبنمیں کو
ٹکراتی ہیں گاہ یہ ضیائیں
میناروں سے اس ستاکشی کے
اُڑتی ہوئی بلبلیں جہاں پر
پھیلائے ہوئے پروں کو اپنے
ڈوبی ہوئی فکر میں پڑی ہیں

مٹنے کی نہیں یہ شان و شوکت
بے مثل یہ پاک سرزمیں ہے
اس سازِ سکوت میں فسوں ہے
بیداریٔ زیست کا شگوں ہے
اُڑتا ہے ہوا میں آج دیکھو
آزادیٔ ہند کا پھریرا
پھر ابرِ کرم اُٹھا ہے ہر سُو
بھر جائیں گے کوہ و دشت و صحرا
پیاسا نہ رہے گا آج کوئی
جی بھر کے پئے گی آج جنتا
منزل کی طرف چلو رفیقو!
ہر ذرہ ہے یہ پیام دیتا

ہاں آگے بڑھے چلو عزیزو!
جس سمت نوائے زندگی ہو
جس سمت کہ امن و شانتی ہو
یکجہتی و آشتی ہو جس جا
ہر اک کو نصیب سرخوشی ہو
جنت کا رہے نہ ہم کو ارماں
دھرتی اتنی بدل گئی ہو
قصہ نہ ہو رام راج کوئی
آنکھ اپنی اب اس کو دیکھتی ہو
ہنسا کے کھلے ہوں پھول ہر سو
ہر سمت بسنت آ گئی ہو
ہر رنج کو ہم بھلا چکے ہوں
دکھ کی تصویر مٹ چلی ہو

آؤ سنو گیت اب خوشی کے
دامودر اور ہیراکڈ کے
رقصاں ہے صدائے برق و فولاد
ویرانے بھی ہو رہے ہیں آباد
پنجاب ہو یا کہ آندھرا ہو
درگاپور ہو کہ ہو بھلائی
ہر سمت مشین گا رہی ہے
آیا اب عہدِ آہنی ہے
دوشیزۂ کوہسار بھی اب
دلہن کی طرح سے سج رہی ہے

ماتھے پہ چمک رہا ہے جھومر
سیمیں پٹی کی کوئی یہ کہکشی ہے
لب پر نہیں کوئی آہ و فریاد
اب غم کی بساط اٹھ رہی ہے

قدموں میں ہے اپنے فتح و نصرت
ہر لحظہ ہے جشنِ عہدِ نو کا
لہراتی ہیں خسروی کی تانیں
آنکھوں میں بسا ہے پھر کنہیا
اغیار کا حال اب زبوں ہے
جو اپنا عدو ہے سرنگوں ہے
جاگو، جاگو، مرے رفیقو!
سورج نکلا ہے اس کی کرنیں
اپنی رگوں میں آج بھر لو
ہاتھوں میں اب اپنے جام اٹھاؤ
اس جام میں حریت کی مے ہے
جی بھر کے اچھالو اور پی لو
یہ کیسی ہوائیں چل رہی ہیں
اب دور نہیں وہ لمحۂ عیش
ویرانوں کے بھاگ پھر کھلیں گے
چپ چپ ٹپکیں گی رس کی بوندیں
برکھا امرت کی خوب ہوگی

(ایک اڑیا نظم کا ترجمہ)

زرینہ ثانی

سیماب کے ہیئتی تجربے

ہیئت اور اسالیب کے تجربوں کی روایت بھی اردو نظم کی روایتوں کے ساتھ ہی شروع ہوتی ہے۔ ابتدا میں حالی، آزاد اور اسمٰعیل میرٹھی کے یہاں اردو شاعری میں ہیئت کی تبدیلی کی ایک غیر شعوری کوشش ملتی ہے۔ اسی سلسلہ کی کوششیں باقاعدہ رومان زیر بحث کی جگہ نظم نگاری کا موجب ہیں۔ ردیف اور قافیہ کی پابندی، رسمی بندشیں کے مروجہ اصول، رسمی کہنہ اور روایتی طرز ادا، جنھیں ہم سے پہلے کے شعرا ورثہ سمجھ کر سینے سے لگا رکھا تھا خوش آہنگ اور بھلے معلوم ہوتے رہے۔ لیکن تا کجا، انسانی ذہن کسی ایک ہی ڈگر پر مطمئن نہیں رہ سکتا۔ زمانے میں تغیر ہی کو ثبات ہے۔ رفتہ رفتہ روایت کے بت ٹوٹنے لگے اور بہت سے نئے مغربی رجحانات کو قبول کرنے کے قابل ہوتے گئے۔ اسالیب اور ہیئت میں بھی مغربی ہیئت کا نفوذ سا قرار نہ ہو گیا اور آہستہ آہستہ اسالیب بدلے گئے۔ کہیں سانیٹ SONET کی شکل میں، کبھی مروجہ ارکان کی ترتیب بدل کر، کبھی مصرعوں کی شکلیں مختلف بنا کر پیش کر کے۔ ہیئت کی تبدیلی کے لئے بحروں میں نت نئے تجربے کئے گئے جو کافی حد تک کامیاب بھی ہوئے۔ اس قسم کے تجربے چکبست، سیماب، اختر شیرانی، عظمت اللہ خاں، حفیظ جالندھری، ساغر نظامی وغیرہ کے یہاں ملتے ہیں۔ یہ تجربے اکثر و بیشتر کامیاب رہے ہیں۔ تجربات کا یہ دائرہ محدود نہیں تھا۔ بلکہ جدید دور میں بھی ن۔م۔ راشد، فیض، میراجی، سلام مچھلی شہری وغیرہ کے تجربات سے اردو نظم کی نئی نئی ہیئتوں میں اضافہ ہوتا رہا۔

سیماب کی شاعری کا مطالعہ کرتے وقت ہمیں یہ احساس شدت سے ہوتا ہے کہ سیماب نے ہیئتی تجربے بہ نسبت دوسرے شعراء کے بہت زیادہ کئے۔ اور اردو شاعری میں تجربے کی روایت کو کافی آگے بڑھا کر اس میں گراں قدر اضافے کئے۔

جہاں تک دور سوری کے شعری اسالیب کے اختراع اور تنوع کی مثالیں جو جدید دور کے حصے میں جیسی سیماب کے پاس نظر آتی ہیں وہ دوسرے شعراء کے یہاں کم نظر آئیں گی۔ سیماب نے نہ صرف نئی روایتوں کو ڈھونڈا بلکہ پرانی روایتوں میں بھی کہیں تغیر اور تشکیل اور کہیں تجزیہ روش اختیار کی۔ واسطے میں دیگر اساتذہ کی کئی جو اردو شاعری کی روایت میں پہلے سے بس گئی تھیں۔ مگر مصرعوں میں بہت زیادہ تبدیلی نظر آتی ہے۔ ان کے ہیئتی تجربوں میں ایک خاص بات یہ ہے کہ مواد MATTER اور ہیئت FORM میں ہم آہنگی ملتی ہے۔ جہاں شدت اور جوش کی کیفیت کا اظہار ہے، وہاں بحروں کے ارکان اور بندش سے جو ہیئت اختیار کی گئی ہے وہ بے حد رواں دواں ہے۔

زندہ دلانِ وطن ہیں دل و جانِ وطن
لاکھ پہ بھاری ہے آج ایک جوانِ وطن

ؔ جدید اردو شاعری۔

اہلِ وطن سے بڑھی — عظمت و شانِ وطن
یہ ہیں وطن کا دماغ — یہ ہیں زبانِ وطن
زندہ باد
اضطراب زندہ باد — انقلاب زندہ باد!

اِس چھوٹی سی بحر کی نظم میں خیالات و جذبات کی جو شدت دکھائی گئی ہے اُس سے قاری کا ذہن بے ساختہ متاثر ہوتا ہے۔ مصرعوں کے بعد "زندہ باد" کا ٹکڑا مفہوم کی وضاحت میں مدد دیتا ہے۔ اس کے بعد "اضطراب زندہ باد۔ انقلاب زندہ باد" ایک نئی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ اِس طرح ہیئت کے نئے تجربے نے مفہوم کو واضح تر بنا دیا ہے۔ اِس سلسلے میں ان کے تجربے قابلِ ... ہیں۔ "جنگی ترانہ" میں اسالیب کے تجربے میں دوسری انوکھی جدت ہے۔

دلاورانِ تیز دم — بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادرانِ محترم — بڑھے چلو، بڑھے چلو
تم افتخارِ قوم ہو — امینِ کارِ قوم ہو
نگاہ دارِ قوم ہو — تمہیں وقارِ قوم ہو
وقارِ قوم کی قسم
بڑھے چلو بڑھے چلو — دلاوران...!

پہلے مصرعے کے "دلاورانِ تیز دم" کو آخر میں بطور خطاب لا کر بڑی جدت پیدا کی گئی ہے۔
"ہم ہندوستانی ہیں" میں قافیے سے روانی پیدا کی گئی ہے۔ بحر میں تصرف احساس کے ارکان میں جو تبدیلی نظر آتی ہے۔ وہ یہ کہ مکمل بحر کی بجائے اُس کے پہلے ارکان کو آخر میں استعمال کیا گیا ہے۔

نہ ترکی ہیں نہ ایرانی، نہ رومی و کیانی ہیں — کہ ہم ہندوستانی ہیں
ہمالہ جس پہ ہے ہند اور ہم اُس کی نشانی ہیں — کہ ہم ہندوستانی ہیں

"کہ ہم ہندوستانی ہیں" ٹیپ کے مصرعے کی طرح ہر دوسرے شعر میں بار بار آتا ہے۔ احساس کی گونج کافی دیر تک فضا میں محسوس ہوتی ہے۔

کہیں مکمل بحر کو لے کر کچھ تصرف کے ذریعے نئے نئے پیکر تراشے ہیں۔ جیسے "جرسِ کارواں" میں۔
"یومِ آزادی" مخمس ہے۔ لیکن اِس میں تھوڑا سا اضافہ ہے۔ یعنی آخر میں ایک مصرعہ "کہاں ہے یومِ آزادی" مبہم سا چھوڑ دیا گیا ہے جس سے موسیقی ترنم میں اضافہ ہو کر یہ ادھورا ... بن گیا ہے۔ اِس قسم کی تخلیق ہے "جانانِ وطن" "اے اسیرانِ وطن"۔ "جاگ اے ہندوستان"... "کارواں کی پکار" "منزل قریب ہے" وغیرہ ہیں۔
"کوسِ رحیل" میں بھی بحروں کے ساتھ مصرعوں کی ترکیبوں میں تبدیلی ہے اور ترنم کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایک نیا تجربہ کیا گیا ہے۔ پہلے دونوں مصرعوں کا وزن یکساں ہے اور اِس میں ایک چھوٹے سے حصے کا اضافہ ہے۔ نظم بطور مستزاد شروع کی گئی ہے۔

رہبر کی ضرورت نہیں سامانِ سفر باندھ — اٹھ اور کمر باندھ
اب منزلِ اپنا نہ اِدھر اور اُدھر باندھ — اٹھ اور کمر باندھ

اِس کے بعد یہ جدت ہے کہ چھوٹی بحر کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے چار مصرعے ہم قافیہ ہیں۔ اس کے بعد ایک مصرعہ بڑی بحر میں آتا ہے اور پہلے کا ہم قافیہ ہے۔

کمزور ہے رفتار — ہیں راستہ پُرخار

سب سے پہلے فارمولی کے تمام امکانات کے مقابلہ میں اسے زیر کیا۔ وہ حفیظ جالندھری تھا۔ یہ حقیقت پر مبنی نہیں — کیونکہ سیماب کے یہاں ہیئتی تجربے دوسرے شعراء سے کہیں زیادہ ملتے ہیں۔ اس رجحان کو آگے بڑھانے میں سیماب کا اہم مقام ہے اور اس سلسلے میں اولیت کا قرآن انہی کو حاصل ہے۔ سیماب جس وقت ہیئتی تجربوں میں مصروف تھے وہ حفیظ جالندھری کے بچپن کا دور تھا اور جو زمانہ حفیظ جالندھری کے ہیئتی تجربوں کا شباب ہے اس زمانے میں سیماب کے شاگرد رشید ساغر نظامی اُردو نظم کی ہیئت میں ایسی جدتیں کر رہے تھے جس نے لوگوں کو حیرت میں ڈال دیا تھا۔ اس کے ثبوت میں ساغر نظامی کا مجموعۂ کلام "بادۂ مشرق" پیش کیا جا سکتا ہے۔ "بادۂ مشرق" کی یہ نظمیں اس دور کی ہیں جب ساغر اپنے استادِ محترم کے زیر تربیت تھے اور اُن کی ادارت میں آگرہ سے ماہنامہ "پیمانہ" نکالا کرتا تھا جو ساغر نظامی کی صلاحیتوں اور جدتوں کا بہترین مظہر تھا۔ اس زمانہ ([illegible] ۱۹۲۳ء) میں کوئی دوسرا رسالہ اتنا ترقی پسند نہ تھا۔ ساغر نے اس وقت ایسی ایسی نظمیں کہی تھیں جو اچھے اچھے ماہرینِ موسیقی اس ترنم سے نہیں پڑھ سکتے تھے جس میں ساغر نظامی پڑھا کرتے تھے۔ مشاعروں میں سوائے حفیظ جالندھری اور ساغر نظامی کے کوئی شاعر اس طرح کی نظمیں اس آہنگ اور ترنم کے ساتھ نہیں پڑھا کرتا تھا۔ یہ دونوں جوان تھے دونوں کی آوازوں میں بلا کی کشش تھی۔ دونوں کے پاس نظم اور میں جدید ہیئتی تجربے تھے۔ محفلوں میں یوں معلوم ہوتا تھا کہ نغموں کا آبشار بہہ رہا ہے۔ اختر شیرانی بھی کافی بعد میں آئے۔ جوش اور عظمت اللہ خاں بھی سیماب سے عمر میں کافی چھوٹے تھے۔ اگر ہم سنین سے ان تاریخی کڑیوں کو ملائیں اور سنی سنائی باتوں کا اعتبار نہ کریں تو سوائے سیماب کے اس پچھلے دور میں کوئی دوسرا شاعر ایسا نظر نہیں آتا جس نے اتنے زیادہ ہیئتی تجربے کیے ہوں۔ اور پچھلے دور میں آنے والے اپنے جدید ذہن تلامذہ جیسے ساغر نظامی، اعجاز چاند پوری، مخمور جالندھری، ضیا فتح آبادی، منظر صدیقی، سیّد فیضی، عمار صدیقی، الطاف مشہدی وغیرہ سے کرائے تھے۔

میں نے اوپر پچھلے دور کا ذکر کیا ہے اور یہ پچھلا دور میں ۱۹۱۰ء تا ۱۹۲۰ء سے لیتا ہوں۔ اس دور میں کہیں بھی ہمیں جوش یا عظمت اللہ خاں کے نام نہیں ملتے۔ ہم نظم نگاروں میں چکبست کا نام ضرور لے سکتے ہیں۔ ایک اعلیٰ درجے کے قومی شاعر کی حیثیت سے چکبست کے یہاں بہت کچھ مل جاتا ہے۔ مگر اُن کے یہاں بھی نئے موضوعات کے باوجود اسالیب پرانے ہی نظر آتے ہیں۔ لے دے کر صرف اقبال اور سیماب رہ جاتے ہیں۔ علامہ اقبال کی چند نظموں سے بھی ہیئتی تبدیلی کا احساس ہوتا ہے۔ لیکن شعوری طور پر اسالیب کے سلسلے میں جو بات سیماب کے یہاں نظر آتی ہے وہ اس دور کے کسی دوسرے نظم نگار شاعر کے یہاں نظر نہیں آتی۔ اُس دور میں سیماب جدید، ترقی اور مذہبی موضوعات پر نظمیں کہا کرتے تھے۔ اُن کی زیادہ نظمیں "نظام المشائخ"، "صوفی"، "ارشاد" وغیرہ میں شائع ہوا کرتی تھیں۔ مجھے باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا کہ اب سے تقریباً پچاس سال پہلے یہ رسائل کثیر معاوضہ دے کر سیماب سے نظمیں حاصل کیا کرتے تھے۔ سیماب کے سب سے پہلے مجموعۂ نظم "نیستاں" جو ۱۹۲۳ء میں شائع ہوا تھا، جس میں کچھ فلسفیانہ، کچھ متصوفانہ اور کچھ قومی اور مذہبی قسم کی نظمیں ہیں۔ اس کی دو نظمیں بطور نمونہ پیش کرنا چاہتی ہوں۔ جب میں نے ان نظموں کو پڑھا تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی اور جیسے جیسے میں نے اُن کی نظموں کا مطالعہ کیا مجھے اُن کے تجربات کی رنگا رنگی کا علم و احساس ہوتا گیا۔ سیماب کے ان تجربات پر ایک مکمل کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ اُن کے سلاموں اور غزلوں نظموں کے مجموعوں میں بھی کئی ایسی نظمیں مل جاتی ہیں۔ بچوں کے لئے انھوں نے جو نظمیں کہی ہیں اُن میں سے بھی اکثر میں نہایت خوشگوار ہیئتی تجربے ملتے ہیں۔

"نیستاں" میں شائع شدہ ایک نظم "عید قربان" ملاحظہ فرمائیے۔ یہ نظم ۱۹۱۳ء کی ہے اور رسالہ "نظام المشائخ" دہلی میں شائع ہوئی تھی۔ اب سے پچاس سال پہلے ؎

مری یہ حسرت نہیں، ہلالِ عید دیکھی کر
کہ میں شکستہ دل ہوں، اپنی امیدوں کے بیابانی سے
خدا رکھے تجھے روشن
نگاہیں تجھ پہ ہوں قرباں

مرا فخر اور گردن اس میں
کہ پورا پورا اس ان
مجھے [illegible] کے لئے اپنی خوش قسمتی کرنے کے سامان ہے۔

جدید اردو شاعری میں بلینک ورس BLANK VERSE اور فری ورس FREE VERSE کی تحریک زیادہ نہیں ہے۔ [illegible] مخدوم محی الدین اور دوسرے ترقی پسند شعراء نے ان اصناف نظم کو کافی ترقی دی۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ ۱۹۱۲ء میں جبکہ اردو کے کسی دوسرے شاعر کا ذہن اس طرف نہیں گیا تھا اور مغرب کے ان اسالیب نظم کو کسی نے چھوا تک نہ تھا سیتاب نے [illegible] مغرب کو اردو میں منتقل کر لیا۔ نظم "[illegible]" خاص طور پر ہے۔ آپ اس کا فنی تجزیہ کریں گے تو یقیناً آپ کو حیرت ہوگی کہ [illegible] یہ نظم ایک شاعر نے اب سے پچاس سال پہلے کہی تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ سیتاب کے ایسی نظموں [illegible] پیدا کر دی ہیں۔
اس دور کی ایک دوسری نظم "دعوت روح" کا ذکر اور کیا جا رہا ہے [illegible] نظم بھی نظام الملک [illegible] میں موجود ہے اور اس پر خود سیتاب کا نوٹ ہے۔ نظم کے دو بند مع نوٹ کے یہاں نقل کر رہا ہوں یہ بھی ایک طویل نظم ہے۔

دعوت روح
(کچھلے پہر کے سناٹے میں)

سوتی ہے دنیا ہر سو — سوتی ہے پھولوں کی بو
ہر کنفس ہے بے حس بو — کب تک بدلے گا پہلو
اے دل بول اللہ ہو!
سب ہیں ساکت مردہ کہ — ساکن ہے چڑیوں کا زور
جگنو بجھ گئی ہے منور — گم ہیں آنکھوں میں آنسو
اے دل بول اللہ ہو!

نوٹ سیتاب:- "اس نظم کی تقطیع" فعلن فعلن فعلن فع" سے ہوتی ہے اور اس میں [illegible] کے لئے [illegible] کیا گیا ہے لیکن جو حضرات اس نظم کو زیادہ وسیع پیمانہ پر [illegible] جبکہ ہر طرف سناٹا چھا جاتا ہے [illegible] پیدا کرنے کے آرزو مند ہوں [illegible] اور اس کی ترکیب یہ ہے کہ "بول" [illegible] کو [illegible] کے ساتھ [illegible] اور "اے دل بول اللہ ہو" کی ترکیب موسیقی میں [illegible] مطلب یہ ہے کہ [illegible] اس طرح جھوم جھوم کر گا سکتا ہوں

اے دل بول اللہ ہو

تمام نظم میں [illegible] دو باتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ موسیقی میں [illegible] اور اپنے عالم [illegible] میں اپنی خلوت میں اپنے سوز و ساز کی دنیا کو جگانے کے لئے خود گا گا کر پڑھا کرتے ہوں گے۔ دوسری بات فنی تجربہ سے تعلق رکھتی ہے جس میں [illegible] تجربہ کے واضح نشانات مل جاتے ہیں۔ اس میں فنی پابندیوں کو توڑنے کا احساس بھی تھا اور [illegible] کی جرأت بھی اور ان کے تجربات نے [illegible] نظم آزاد، معرّیٰ، اور [illegible] وغیرہ کو آگے بڑھنے کا حوصلہ بخشا۔

متین سروش

سازِ آہنگ

عشرتِ غم کی جو رہِ غم [illegible] نہ بنا جائے
سخت مشکل میں بھی شوخی کی بحالی جائے
گرچہ دنیا میں کوئی عشرتِ جاوید نہیں
لذتِ سعیِ مسلسل سے نہ خالی جائے
جتنے شعلے ہیں غمِ عشق کے پی جائیں
پیاس سہمے ہوئے ارماں کی نہ ٹالی جائے
بات تو جب ہے کہ یہ نظمِ تمنا بدلے
وصل و ہجراں کی ہر اک رسم اٹھا لی جائے
آج ذرّہ کا رہیں بجلی کے شرارے بن کر
اب کہیں اور غمِ دل کا سوالی جائے
حسرتِ تابِ سخن دل میں نہ رہنے پائے
بات جو کہنے کی ہے سب کو سنا لی جائے
سازِ آہنگ بھی محفل میں ضروری ہیں مگر
نغمہ و شعر میں ہر بات نہ ڈھالی جائے
جورِ ایام کے افسانے بہت عام سہی
صورتِ کیف و سکوں بھی تو نکالی جائے

ایک سی قید میں ہیں شام و سحر کے جلوے
اک نئی بزمِ تصور کی سجا لی جائے
عظمتِ شوق کے انوار نہیں ہیں محدود
چشمِ کمزور سہاروں سے بچا لی جائے
حسنِ تعبیر سے ہر خوابِ وفا روشن ہے
شرطِ اندازِ جلالی و جمالی جائے
جشنِ گلزار کہ کلی لالہ و گل جاگ اٹھے
فصلِ گل کی نئی تصویر بنا لی جائے
شیشہ و جام و سبو سب کا ہے انداز نیا
اک نئی طرح بھی میخواری کی ڈالی جائے

جو بری دور میں تیرہ خیالی کب تک
اشہبِ فکر کی رفتار بڑھا لی جائے
راستہ صاف ہے منزل پہ رسائی کے لئے
قیدِ اوہام سے تخئیل چھڑا لی جائے
ہمتیں ڈھونڈ رہی ہیں نئی راہیں ہر دم
ہر قدم پر نئی اک شمع جلا لی جائے
تیرہ و تار فضاؤں کو ضرورت ہو اگر
روشنی عارضِ خوباں سے چرا لی جائے
زلفِ بے رنگ زمانہ کو ہو درکار اگر
نکہتِ گیسوئے شب رنگ اڑا لی جائے
بختِ انساں کو ضرورت ہے نئی رفعت کی
عظمتِ عرش کی تقدیر منگا لی جائے
توڑ دیں حلقۂ زنجیر بہ صد کیف و سرود
دھوم اک لاشۂ زنداں پہ مچا لی جائے
حشر در حشر یہ ہنگامہ جو قائم کیا ہے
جان جلتی ہوئی صدیوں کی بچا لی جائے
حرکت و جہد و عمل کی نئی تاریخ بنے
داستاں اک نئی دنیا کو سنا لی جائے
دشتِ آلام میں پھولوں کے لگا دیں انبار
ہر کلی باغِ محبت کی کھلا لی جائے
یوں سلیقے سے کریں جشنِ کرم کا اظہار
طفلِ دہر کی تقدیر جگا لی جائے
رنگ یوں گلشنِ آفاق کے فانوس میں بھریں
ان کے خواب کی تصویر بنا لی جائے
کوئی گوشہ نہ رہے جشنِ مسرت سے الگ
روشنی ہر در و دیوار پہ ڈالی جائے
کیفِ جاوید مسرت کا نہ کھونے پائے
یوں بجا ساز کہ خاموش نہ ہونے پائے

مقالہ

لطف الرحمٰن

فنِ ڈرامہ اور انارکلی

ڈرامہ کی تکنیک میں مشرق و مغرب میں بنیادی طور پر کوئی فرق نہیں۔ صرف تفصیلات میں فرق ہے۔ مغرب کے ڈرامہ کی تاریخ یونان سے چل کر موجودہ زمانے تک پہنچی ہے۔

جب یہاں ڈرامہ نگاری پر مغربی اثرات بہت زیادہ ہیں۔ اندر سبھا، ... لیلا، ... ہندوستانی اثرات ہیں۔ ہمارا کلاسیکی ادب جو سنسکرت کا ہے۔ اس کا اثر اردو ڈرامہ نگاری پر نہ ہو سکا۔ تفصیلات کے لئے ہم کو مغرب پر نظر ڈالنا ہوگی۔

جدید اردو ڈرامہ پر دو دور گزر چکے ہیں، ایک اسٹیج کا دور اور دوسرا ... جب طالب، احسن، حشر ... حسن، بیتاب وغیرہ اور دوسرے ڈرامہ نگار صرف اسٹیج کے لئے لکھتے تھے اور شیکسپیئر کا ترجمہ اتارتے تھے۔ البتہ اب ... تمام اثرات مغربی ہے۔

ارسطو نے ڈرامہ کے متعلق تین باتیں بتائی ہیں۔ اور تمام بڑے ڈرامہ نگاروں نے ان کا خیال رکھا ہے۔ ڈرامے کی تین وحدتیں مانی ہیں۔ انہیں کو DRAMATIC UNITIES کہتے ہیں۔

1۔ وحدتِ عمل UNITY OF ACTION

2۔ وحدتِ زمان UNITY OF TIME

3۔ وحدتِ مکان UNITY OF PLACE

جب تک یہ تینوں وحدتیں ڈرامہ میں موجود نہ ہوں ڈرامہ فنی اعتبار سے کامیاب نہیں کہا جا سکتا۔

1۔ وحدتِ عمل UNITY OF ACTION ڈرامہ میں ایک مرکزی عمل ہوتا ہے۔ ذیلی عمل اس مرکزی عمل کو ابھارنے، روشن اور واضح کرنے کے لئے آتے ہیں۔ سنسکرت ڈراموں کے ناقدین بھی اس بات پر متفق ہیں کہ ناٹک میں ایک رس ہوتا ہے۔ یعنی ایک مرکزی عمل، ورنہ ڈرامہ منتشر ہو جائے گا ... ایک کردار ... کردار نہیں ہوتا۔ چھوٹے چھوٹے کردار ہیرو کے کردار کو روشن اور نمایاں کرنے کے لئے آتے ہیں۔ "ولن" کا کردار ہیرو کے کردار کو مزید ... اور ... کے لئے آتا ہے۔ "ولن" اور ہیرو کا تعلق ... جو اپنی آرام اور ... کا ہوتا ہے۔

"ولن" کا کردار ... (1) ہیرو کے کردار میں عمل و حرکت اور ... پیدا کرتا ہے (2) ... CONFLICT یعنی الجھن پیدا کرتا ہے۔

لیکن یہ ضروری نہیں ... ڈرامہ ... ہیرو کے کردار کو ...

رہتا ہے۔

ڈرامے کی مثال نظامِ شمسی کی سی ہے جس میں ایک مرکزی نظام ہوتا ہے جو شدت سے زیادہ منظم اور مرکز ہوتا ہے۔ ان ساری باتوں سے وحدتِ عمل کی اہمیت کا احساس ہوتا ہے کبھی کبھی دو کردار مل کر ایک کردار بنتے ہیں۔ جیسے MACBETH میں MACBETH اور LADY MACBETH مل کر ایک کردار بنے ہیں۔

۲۔ وحدتِ مکان UNITY OF PLACE یونانی ڈراموں میں وحدتِ مکان پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے۔ مگر یورپی شیکسپیئر اور دوسرے ڈرامہ نگاروں کے یہاں مثلاً برنارڈ شا کے یہاں بھی اس کا خاص التزام نہیں رکھا گیا ہے۔ یہ دلچسپ بات ہے کہ سنسکرت ڈرامہ نگاروں نے بھی وحدتِ زمان و مکان کی پابندی نہیں کی۔ مثلاً شکنتلا میں اس کی پابندی نہیں ہے۔

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈرامے میں وحدتِ عمل کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ وحدتِ زمان و مکان کی شرط نہیں۔ یہ ڈرامہ نگار کی خواہش اور مرضی پر منحصر ہے۔

مختصر یہ کہ ڈرامے کی خصوصیات میں بنیادی خصوصیت وحدتِ عمل ہے۔ ڈرامے کی صنف کی ابتدا ہی اس وجہ سے ہوئی کہ زندگی کی گرماگرمی، بیقراری، شدت، حیرت، ناکی اور بوالعجبی کو پیش کیا جا سکے۔ اسی لئے ناول اور داستانوں میں جب بھی اچانک پن نمودار ہوتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اس میں ڈرامائیت پیدا ہو گئی ہے۔ ڈرامہ میں سراپا تیزی اور شدت ہوتی ہے۔ ڈراما میں ابتدا سے انتہا تک حرکت و عمل، شدت، تصادم اور اچانک پن کا احساس ضروری ہے۔ یہ ڈراما کی بنیادی ضرورتیں ہیں۔ بہرکیف! ڈرامہ میں "ACTION" عمل فن کار اور اداکار دونوں پیدا کرتے ہیں۔

کامیاب ڈرامہ نگاری ہمیشہ اسٹیج سے وابستہ ہوتی ہے اور اداکاری سے مل کر وحدت پیدا کرتی ہے۔ اگر اسٹیج سرگرم، چنچل اور متحرک نظر آئے تو ڈرامہ میں تیکھا پن اور دلکشی پیدا ہو جاتی ہے۔ ACTION عمل تو اصل ڈراما ہے لیکن اس کو مزید ڈرامائی اور متحرک اداکار کرتے ہیں جسمانی حرکت کے پیچ و خم و نشیب و فراز سے عمل بڑھ جاتا ہے۔

ACTION دو طرح کے ہوتے ہیں۔ ایک خارجی، دوسرا داخلی۔ ڈرامہ کی ابتدا میں خارجی عمل پر بہت زور دیا جاتا ہے لیکن داخلی عمل کو شدت کے ساتھ ابھارنا مشکل ترین کام ہے۔ داخلی طور پر نفسِ انسانی میں جو تلاطم پیدا ہوتا ہے۔ اس کو جسمانی حرکات و سکنات کے ذریعے اسٹیج پر پیدا کرنا آسان نہیں۔ لیکن کامیاب اور بڑے ڈرامہ نگار اس کو کامیابی سے پیش کرتے ہیں۔

اسٹیج کو بارونق، پرچہل، دلچسپ اور باعمل بنانے میں جاندار اداکاری کا بڑا دخل ہے۔ اداکار اپنی حرکات اور اپنے اضطراری عمل کے ساتھ ساتھ ادا کرتا ہے۔ تب جا کر ڈرامہ مکمل ہوتا ہے۔ اسٹیج کے لوازم کے اعتبار سے ڈرامہ کے مواد اور اداکاری کی ذمہ داریوں میں وحدت ہونی ضروری ہے۔

مکالمہ :- ڈرامہ کا ذریعۂ اظہار مکالمہ ہے۔ ڈرامے میں مکالمے کی اہمیت اور مکالمے میں ایک ایک لفظ کی اہمیت ناول اور افسانے سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ڈرامہ نگار کو لفظوں کے ذریعے داخلی جذبات و احساسات اور باطنی واردات و کیفیات کی پیشکش کرنا پڑتی ہے۔ اس لئے مکالموں میں لفظوں کا انتخاب اور جملوں اور فقروں کا لب و لہجہ بہت اہمیت رکھتا ہے۔ لفظوں کی بندش، نشست و برخاست، اندازِ اظہار اور لب و لہجہ سے بہت کچھ ظاہر ہو جاتا ہے۔ بالخصوص داخلی کیفیات کے اظہار کے ذرائع یہی ہیں۔

خود کلامی :- SOLILOQUY دل پر گزرنے والے واردات و سانحات اور طوفان و تلاطم کو پیش کرنے کے لئے خود کلامی کا سہارا لیا جاتا ہے۔ لیکن اس میں اداکاری کی بھی بڑی اہمیت ہے۔ SHAKESPEARE نے بھی خود کلامی کے نمونے پیش کئے ہیں۔ خود کلامی کے اتار چڑھاؤ سے باطن میں اٹھنے والی جذباتی موجوں کا پتہ چلتا ہے۔ کہیں کہیں یہ عنصر صرف ڈرامے کی مقبولیت میں بہت کام آتا ہے۔

منظر کی تنظیم :- ڈرامے میں منظر کی اندرونی تنظیم، مناظر کی آپس میں تنظیم یعنی سین کی تراش بندی بھی بہت اہمیت رکھتی ہے کبھی کبھی نغمہ و موسیقی کے ذریعے سے۔ LADY MACBETH ... کے ذریعے ... [illegible]

خود [illegible] کو ترتیب دیا جاتا ہے تو LADY MAC BETH کا ضمیر اُس کو پریشان کرتی ہے۔ اُس کا خلفشار جس طرح ہو کہ [illegible]
[illegible] بیٹھے ہاتھ میں جتنا ہوا چراغ لئے خود ہی سے گزر جاتی ہے۔ اُس کے دہ [illegible] سے اُس کے دل کی [illegible] ہو جاتی
ہے۔ ایسا [illegible] ہے جہاں اُس کی [illegible] اور اُس کا تجزیہ جو [illegible] ہے وہ احساس کے لمس کی [illegible] اُس کی فرشتہ ہے۔ HAMLET کا
[illegible] اُس کا [illegible] اُس کی [illegible] TO BE OR NOT TO BE [illegible] کشمکش بھی ہے۔ غرض یہ کہ [illegible] کے [illegible]
جذبات [illegible] کے [illegible] داخلی [illegible] کو ڈرامہ [illegible] ہوتا ہے۔ اس کے لئے منظر کی ترتیب و تنظیم
ضروری ہوتی ہے۔

[illegible] کی تعمیر۔ وحدت اور عمل ڈرامے کے لئے ضروری ہے۔ [illegible] ڈرامہ کی تعمیر [illegible] ہوتی ہے۔ ڈرامہ میں ابتدا سے
[illegible] تک [illegible] قسم کا اظہار ہوتا ہے۔ [illegible] ڈرامے میں [illegible] ہونی چاہئے لیکن نہایت ہی شدت اور تکمیل کے ساتھ۔
[illegible] کے لئے جو تکنیک برتی جاتی ہے اُس کو ڈرامہ کی تعمیر کہتے ہیں۔ اس میں اعمال کی شدت کا اظہار بہتر سے بہتر ذریعے سے
[illegible] ہے۔ عمل اور وحدتِ عمل ACTION AND UNITY OF ACTION سے [illegible] پیدا ہوتا ہے۔

ڈرامہ کی تعمیر کے تین حصے ہوتے ہیں:۔

۱۔ ابتدا

۲۔ عروج

۳۔ انجام

ان میں سب سے اہم وسطی حصہ ہوتا ہے جس کو [illegible]KE OF THE DRAMA کہتے ہیں۔ یہ پہاڑ کی سب سے اونچی چوٹی کے مانند
"لیکن اگر کسی کو پتہ چل گیا۔"

"پتہ کیسے چلے گا، قارئین کا حافظہ اتنا تیز نہیں ہوتا۔"

"لیکن آج کے ایڈیٹوریل کا کیا بنے گا؟"

"آج آپ کسی معاصر کے ... ایڈیٹوریل کو دو دن میں حرف بحرف نقل کر دیجئے۔"

"ٹھیک ... ہو گا۔"

"بالکل نہیں۔ آخر میں آپ ... لکھ دیجئے کہ ہمیں معاصر کے مندرجہ بالا خیالات سے سو فی صد اتفاق ہے۔"

ایک ہفتے کے بعد آغا صاحب کو "مجال" کے سابق ایڈیٹر سے ایک شکایتی خط موصول ہوا کہ وہ ہر روز ان کے اداریے اپنے نام سے شائع کر رہے ہیں۔ اگر یہ سلسلہ بند نہ کیا گیا اور تحریری معافی نہ مانگی گئی تو معاملہ عدالت میں لے جایا جائے گا۔ کوئی اور چارہ کار نہ دیکھتے ہوئے آغا صاحب نے اپنے اخبار میں معذرت شائع کر دی۔ "کاتب کی غلطی سے ہمارے اخبار میں "مجال" کے اداریے چھپتے رہے ہیں۔ ہمیں اس غلطی کا سخت افسوس ہے۔"

اس سانحہ کے بعد آغا صاحب نے یہی مناسب سمجھا کہ ایڈیٹوریل کا مسئلہ حل کرنے کے لئے حاجی نبی بخش اسسٹنٹ ایڈیٹر "جریدہ" کی خدمات حاصل کی جائیں۔ موصوف نے بڑی خندہ پیشانی کے ساتھ صرف ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار پر "پاتال" کے لئے ایڈیٹوریل لکھنا منظور کر لیا۔

ایک دن آغا صاحب کے دونوں اسسٹنٹ ایڈیٹر چھٹی پر چلے گئے۔ اس دن اُنھیں خبریں مرتب کرنے کا کام بھی کرنا پڑا۔ بڑی مشکل سے اُنھوں نے پہلا صفحہ مرتب کیا۔ اس کے بعد انھیں تھکاوٹ سی محسوس ہوئی اور وہ صوفے پر دراز ہو گئے۔ جب اُن کی آنکھ کھلی تو کاتب نے مزید مواد کا مطالبہ کیا۔ اُنھوں نے جھلا کر کہا۔ "کیا ابھی تک اخبار مکمل نہیں ہوا؟" کاتب نے جواب دیا: "ابھی تو تین صفحے باقی ہیں۔"

"تین صفحے! تو انھیں کیسے پُر کیا جائے گا؟"

"یہ تو جناب بہتر جانتے ہیں۔"

"اچھا یوں کرو کہ ان تینوں صفحوں پر "اسٹاپ پریس" لکھ کر انھیں خالی چھوڑ دو۔"

"جناب اسٹاپ پریس کے لئے اتنی جگہ نہیں چھوڑی جاتی۔"

"خواہ مخواہ کی تکرار مت کرو۔"

کاتب نے اُن کے حکم کی تعمیل کی۔ جب دوسرے دن پرچہ شیخ صاحب کے ہاتھ میں پہنچا تو اُنھوں نے آغا صاحب کو فوراً اپنے کمرے میں حاضر ہونے کو کہا۔ آغا صاحب کو دیکھتے ہی وہ گرج کر بولے "یہ کیا حرکت ہے؟ اسٹاپ پریس کے لئے تین صفحے! کام چوری کی حد ہو گئی۔" آغا صاحب نے اُنھیں سمجھانے کی کوشش کی۔ "آج کل بین الاقوامی صورتِ حال بڑی تشویش ناک ہے۔ کسی وقت بھی کسی ملک کے رہبرِ اعظم کے بیان کی توقع کی جا سکتی ہے۔ چونکہ ایسے بیانات عموماً طویل ہوتے ہیں۔ اس لئے احتیاطاً تین صفحے خالی رہنے دئے تھے۔" شیخ صاحب کی تسلی نہ ہوئی۔ اُنھوں نے میز پر مکا مارتے ہوئے کہا۔ "ہم ایسے فضول بہانے سننے کے لئے تیار نہیں۔ آپ کو برخاست کیا جاتا ہے۔"

آغا صاحب نے بڑی نرمی سے کہا: "شیخ صاحب! سرِ تسلیم خم ہے جو مزاجِ یار میں آئے۔ لیکن جان کی امان پاؤں تو عرض کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے ہمارے ساتھ وہی سلوک کیا ہے جس کا شکوہ اس شعر میں کیا گیا ہے ؎

میں بھی کوئی چیز تھا لیکن نہ پہچانا مجھے بندہ پرور! قدر ہی تم نے نہیں جانی مری

سید حرمت الاکرام

افسانۂ آدم

شکوۂ نیرنگیٔ عالم لئے جاتا ہوں میں — دل پہ اور اک زخمِ بے مرہم لئے جاتا ہوں میں
حادثوں کی برق پرور آندھیوں کے سامنے — زیست کا شیرازۂ برہم لئے جاتا ہوں میں
شوخیٔ حالات کا ہے کچھ تقاضا ہی عجیب — تلخیٔ احساسِ کیف و کم لئے جاتا ہوں میں
سعیٔ پیہم بھی رہی محرومِ کیفِ زندگی — لذتِ ناکامیٔ پیہم لئے جاتا ہوں میں
کھو کے تیری بزم میں سرمایۂ صبر و سکوں — آخرش آخر اپنی چشمِ نم لئے جاتا ہوں میں
تیرے نغموں کی کھنک پہنچی کہاں تک خلدِ گوش — اپنے سازِ دل کا زیر و بم لئے جاتا ہوں میں
طعنہ زن ہیں مجھ پہ میری منزلوں کی وسعتیں — اجنبی راہوں کے پیچ و خم لئے جاتا ہوں میں
سونپ کر تیرے لبوں کو خندۂ گل کی بہار — اپنی خاطر گریۂ شبنم لئے جاتا ہوں میں
یاد آنے کی تمنا یاد کرنے کا جنوں — اک نیا کیف اک نیا عالم لئے جاتا ہوں میں

تیرے دامن کو بنا کر اپنے اشکوں کا امیں
اپنے غم کا اک نیا محرم لئے جاتا ہوں میں

رہنے گی اس سادہ لوحی کو مسیحائی تری — شہد کا جویا تھا لیکن سم لئے جاتا ہوں میں
روح میں اپنی سمو کر تیرا دردِ لازوال — دولتِ پائندگیٔ غم لئے جاتا ہوں میں
ہو ہی جائے گی ادا شرطِ وفا کی رسم بھی — کیا ہے، اگر اک قصۂ مبہم لئے جاتا ہوں میں
کچھ نہ پا کر بھی ترا ممنون ہونا تھا مجھے — دین ہے تیری کہ تیرا غم لئے جاتا ہوں میں
حسن کے خاموش وعدو! تم کو رہنا ہے گواہ — دو دلوں کا رشتۂ محکم لئے جاتا ہوں میں

حرمت اس فردوس سے خونِ تمنا کے عوض
سرخیٔ افسانۂ آدم لئے جاتا ہوں میں

ندا فاضلی

اپولونیر کی تصویری نظمیں

فرانسیسی شاعر فطری طور پر نہایت تیز اور حساس واقع ہوا ہے۔ مجموعی طور پر دنیا کا سچا احساس اور نبی نوع کی تخلیقوں کی شعوری پہچان فرانسیسی ادب و آرٹ کی نمایاں خصوصیات رہی ہیں۔ جمالیاتی تحریکات سے متاثر ہونے میں فرانس نے عہد جدید میں سب سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔ زندگی، وقت اور شعور کے متوازن امتزاج کو [illegible] ہے۔ ماحول کا ہر اُتار چڑھاؤ زندہ ادب میں پارے کی لکیر کی طرح اپنی رفتار تشخیص کرتا رہتا ہے۔ ادب بھی جتنی پھرتی زندگی کی نشاندہی کرتا ہے جیسے سب اہم کے ہمراہ ساتھ زندگی اور ادب کے درمیان وقت کی خلیج کو پاٹنے میں فرانس کے جدید شاعروں نے سارے یورپ کو نئی تحریکوں کی طرف متوجہ کیا ہے۔

اپولونیر کا جنم ایک غیر قانونی بچے کی صورت میں ۲۶ اگست ۱۸۸۰ء میں روم میں ہوا۔ اس کی ماں ایک آزاد طبیعت پولش خاتون تھی۔ اپولونیر کے مزاج کا کھلنڈراپن، طبیعت کی آزاد روی اور روایت شکنی شاید ماں کو ورثے میں ملی ہو۔ اپولونیر کی شاعری کے ساتھ اس کا [illegible] بھی فرانس کے ادبی حلقوں میں توجہ کا مرکز رہا ہے۔ مجاز مرحوم کی طرح وہ بھی محفل میں مسکراتا اور کمرے میں آنسو بن کر زندگی بسر کرتا رہا۔

نرالے ڈھنگ کی پوشاک، بے تکلف بیوپار، لطیفہ گوئی کی عادت، خوبصورت اور نایاب اشیاء کو جمع کرنے کی دُھن وغیرہ اس کی شخصیت کو عجیب و غریب طریقے سے پبلک کے سامنے پیش کرتی ہے۔ نفسیاتی زبان میں اسے ہم MASK-WEARING نقاب پوشی بھی کہہ سکتے ہیں۔ ٹوٹتے ہوئے چہروں پر نقاب میں اس کے منہ کی روشنی متوسط طبقے کی حیثیت سے گزر رہی ہے۔

اپولونیر بہت کم عمر رہا [illegible] اتنی کم مدت میں جس کا بیشتر حصہ پہلی عالمی جنگ میں جیسے تک محاذوں پر گذرا۔ اس کے ذہن کی خداداد صلاحیت اور تخلیقی انفرادیت فرانس کے ادب میں اپنی مثال آپ ہے۔ CALLIGRAMS اور A[illegible]S اپولونیر کے مجموعے بھی [illegible] بودلیر اور رمباں کی شاعری کی طرح فرانس کی ادبی تاریخ میں نئے باب کا اضافہ کرتے ہیں۔ اچھی شاعری ہر عہد میں تجرباتی رہی ہے۔ تجربہ بسا اوقات بے جان روایتوں سے بے اطمینانی کا اظہار ہوتا ہے، نئے فنون کی نشاندہی، بدلتی ہوئی سمتوں کی جانکاری بھی ہے لیکن تجربہ پرانا بھی ہے اور ذہن کو بینائی بھی بخشتا ہے۔ روایات عادت کی طرح غیر شعوری طور پر ہمارے ذہن میں گھل مل جاتی ہیں۔ بالکل اسی طرح جیسے ہم کسی شخص کو ایک خاص وضع قطع میں دیکھنے کے عادی ہو جائیں اور لباس کی ذرا سی رد و بدل ہماری آنکھوں میں کھٹکنے لگے۔ عادی کچھ عجیب عجیب سا دکھائی دینے لگے۔ ظاہر ہے۔ اجنبیت لباس کی تبدیلی میں نہیں بلکہ ہماری آنکھوں کی ہوتی ہے۔

اپولونیر بیسویں صدی کے یورپ کا شاعر ہے۔ وہ اپنے ڈھنگ، تیور، روپ اور ہر پہلو سے پکاسو، بریک اور [illegible] تہذیب کے کھوکھلے پن پر طنز کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ اس کی شاعری میں اسکول کے لڑکے کی سی شوخی اور دیہاتی حیرت کا ملا جلا [illegible] دنیا کو تماشہ سے دیکھنے کا عادی ہے۔ وہ رمباں کا ہم منزل [illegible] تھا وہ بھی بیرونی شکستگی پر یقین رکھتا تھا لیکن وہ صرف خارجی اشیاء کی فہرست کا شاعر نہیں تھا۔ اس کا ذہن کسی طلسمی شیشے کی طرح مختلف اشیاء کو نئی نئی شکلیں عطا کرنے میں ماہر تھا۔ خیالات اس کے ذہن میں آ کر تصویر کا روپ دھار لیتے تھے۔ اپنی ایک نظم

'ZONE' میں اس نے خود ایک مجرد فن مصوری سے اپنے پیدائشی
لگاؤ کا اعتراف کیا ہے۔

یہاں اپولینیئر کی پوری شاعری کو موضوع بحث نہیں بنانا ہے
بلکہ صرف CALLIGRAMMES کی ان نظموں پر بات چیت
کرنا ہے جو اپنے بناؤ، روپ اور ہیئت کے لحاظ سے بھی نوعیت کی
نئی اور انوکھی نظمیں ہیں۔

CALLIGRAMMES کی بیشتر نظمیں جو اپولینیئر نے میدانِ جنگ
سے پوسٹ کارڈ پر لکھ کر اپنے دوستوں کو بھیجی تھیں۔ یہ نظمیں تصویری
روپ میں لکھی گئی ہیں۔ برستے پانی کی دھاریں، دل اور تاج، دھواں
چھوڑتا سگار، ٹیک ٹائی، فوارے سے چھوٹتا پانی، رات کا
آسمان وغیرہ اچھی نظموں کے علاوہ خوبصورت آرٹ کے نمونے
بھی ہیں۔ ان نظموں کی خاص تکنیک سے جیسا کہ کچھ نقادوں کی رائے
ہے صرف چند دوستوں کی سرپرستی طبع مقصود تھی یہ صحیح نہیں معلوم ہوتا
ان نظموں کے پیچھے بھی وہی احساس کارفرما نظر آتا ہے جس سے انیسویں
صدی کا انگریز ہیئت پرست شاعر تخیلی دوچار ہو چکا تھا۔ شیلے کا
جملہ MIND IN CREATION A FADING COAL تخیلی اڑان کے سامنے الفاظ کی
کم مائیگی کا ثبوت ہے۔ لیکن شیلے کے یہاں اس کم مائیگی کے تدارک کی
کوئی واضح کوشش نظر نہیں آتی۔ مجبوری کے سامنے سپر ڈال دینا
بھی ٹھیک نہیں۔ جنگلی معاشرے میں لوگ گیتوں کی ساخت اور ان
میں ایک خاص قسم کی لے اور فطری ڈھلاؤ جذبات و احساسات کے
مقابلے میں زبان کی اسی کمزوری کے غیر شعوری احساس کو ظاہر کرتا ہے۔

ادب میں زبان دو فریقوں کے درمیان جذباتی ارتباط قائم
کرتی ہے۔ ہر فنکار اپنے غم و خوشی میں دوسروں کو بھی اسی شدت و
تاثر کے ساتھ شریک کرنا چاہتا ہے جس طرح وہ خود اس سے گزر چکا
ہوتا ہے اور شاید یہی فنکار کا خلوص اور انفرادی نوعیت کچھ یوں کہ یہ
بھی ہے۔ الفاظ سے ہمارا رشتہ صرف خارجی ہی نہیں نفسیاتی بھی ہوتا
ہے۔ بار بار سننے اور بولنے سے بھی ان کی اشتعال انگیز قوت میں ضعف
پیدا ہو جانا ایک فطری عمل ہے۔ شاعر کا ذہن جتنا شعور مند اور حساس
ہوگا اسے اتنا ہی اس نفسیاتی ردِ عمل کا احساس ہوگا۔ ہر ادیب
تجرباتی اور جذباتی سطح پر دوسروں سے الگ ہوتا ہے۔ وہ مانگی
ہوئی قباؤں سے اپنے بدن کو نہیں ڈھانکتا بلکہ اپنے بدن کی ساخت
کے مطابق قبا بھی تلاش کرنے کی سعی کرتا ہے۔ کسی بھی کوشش

کو صفحہ کاغذ پر اس طرح نمایاں کرو کہ ایسا تو کبھی نہیں ہوا ہے۔ یا اپنے آپ کو
مناسب باتیں ترتیب دی جا سکتی۔

اپولینیئر کی نظموں کا جو رنگ، جو روپ ہمارے عہد میں نکھرا ہے
فنکار شعر جو توجہ کا پیمانہ دیتا ہے۔ امریکی بھی بادلیر کے الفاظ
میں حسن کو جاذب نظر ہونے کے لئے اس کے اندر عجیبیت کا ہونا
بہت ضروری ہے۔ اپولینیئر کو زبان کے کمزور رشتوں اور احساسات کی
نازکی دونوں کا احساس تھا۔ اپولینیئر کا آرٹ جذبات و احساسات
کو ان کے اپنے فطری روپ میں نمایاں کرنے اور انہیں قاری کے
تخیل و تحریک تک منتقل کرنے کی کوشش ہے۔ وہ ہر خواہش جیسے
جذبے کی تاثراتی کیفیت کو زندہ حالت میں محفوظ رکھنا چاہتا ہے۔
ان نظموں میں شاعر کی انفرادیت برقرار رکھنے کے لئے فن مصوری
سے اس کی گہری وابستگی کو جاننا ضروری ہے۔ جس طرح SYMB
OLISTS کی علامتی شاعری میں موسیقی کے تاثرات نمایاں ہیں اور جس
میں الفاظ سے وجدانی تاثراتی لہریں پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے
اسی طرح اپولینیئر نے پینٹنگ سے تکنیکی بناؤ
اور غیر مرئی جذبات کو منتقل کرنے کا فن سیکھا ہے۔ اپولینیئر خارجی
مظاہر کا عاشق تھا۔ اس نے خارجی رنگا رنگی کا تماشا دیکھنے کے
لئے مصور کی آنکھ سے کام لیا۔ اپولینیئر کی مصوری سے وابستگی
اس کے ذاتی رشتوں اور ذہنی رجحانات سے پیدا ہوئی ہے۔ پکاسو
اور پکابیا سے اس کی گہری دوستی تھی۔ 1911 کی نمائش میں اپولینیئر
نے پکاسو، براک، پیچے اور پکابیا وغیرہ کے آرٹ پر ایک
مضمون تنقیدی مقالہ لکھ کر عوام کو ان کی تجرباتی اپج اور تکنیکی باریکیوں
سے متعارف کرایا تھا۔ اس تنقید سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کیوبسٹ مصوری
کے ساتھ اس حد تک جڑا ہوا تھا۔ مصوروں سے اس کے
تعلق اور کیوبزم CUBI - پینٹنگ کی تحریک جس میں شے
کی خصوصیات کو تصویروں میں ابھارنے کی کوشش کی جاتی ہے)
سے اس کے لگاؤ نے اپولینیئر کو الفاظ میں وہی تجربہ کرنے پر آمادہ کیا جو
اس کے ہمعصر مصور چیزوں کا کر رہے تھے۔

اپولینیئر صوفی تھا نہ سائنسداں۔ وہ زندگی کے تخیلی حسن اور رنگین
شوخی، چہچہاٹوں اور متضاد حقیقتوں کا شاعر تھا۔ اس کی رائے میں اس کے
عہد کے شاعر فرسودہ سے زیادہ رومانی، مصنوعی اور روایتی تو زینے
صرف بالا کے ماننے والے تھے۔

پیکر پلیشن دکھا، شکل سلوب سرد لفظ، دھیں سے الوات اور نظموں کا چونکا تا ہوا اثر جیسے اپنی خبر اڑ کے بڑے محل کی صورت میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

ان تصویری نظموں میں برسات، والے تاج اور آئینہ تاج اور برسات کا آسمان، پانی سے رات ہوا دھواں۔ بڑی صفائی اور سدھے ہوئے ہاتھوں سے بنائی گئی ہیں۔ ان تصویروں سے نظموں کا مرکزی خیال اپنی پوری شدت اور تاثراتی کیفیت کے ساتھ ذہن کی سطح پر آگ کی کرنوں کی طرح پھیل جاتا ہے۔

کچھ نظموں کی تصویریں دیکھئے:۔

T
a s
r a
s P
g u
The evenin ctasl gem
s m
h e
i d
n a
e i
s d
l
i
k r j a
e a h s
s the
lovely
look some
sends


er like the shi ning
on our
battery

ترجمہ:۔ شام کا ستارہ ایک موتی کے اندر اپنے مقررہ وقت پر کسی ماہر کے خوبصورت تاج سا جھلملا رہا ہے۔ یا کوئی حسین دوشیزہ ہماری توپ کی جانب اپنی ملتجی سی نظر پھینک رہی ہے۔

HERE
IS THE C
OFFIN IN
WHICH H
E REST
ED RO
TTING
AND P
ALE

LONG LIVE FRANCEI
HE SLEEPS IN HIS LI
TTLE SOLDIER'S BED
MY RESUSCITATED
P O
O T
E

ترجمہ: یہ وہ تابوت ہے جس میں وہ رکھا گیا ہے۔ ریک سڑ رہا ہے۔ فرانس کی جے ہو۔ اپنے چھوٹے سپاہیانہ مرقد میں بکمال ارد پیار وا نہال سے آزاد ادبی نیند سو رہا ہے۔



ترجمہ:۔ میرے کانوں میں ایک عورت کی آواز ہے، برسوں میں جا بیلا و اشعت ہو چکی ہیں، باد شبک کے نقشے تیر و ابر چھائے اور پھر کا زندگی کی خوبصورت ماہ و تاب جھلک رہی ہیں۔ اور شعبدہ نے میری ساعت کو اور نغمگی بستیوں کو ٹپکایا ہے۔ جنگ ہولے ہولے برسات میں رس سے چھلک ناک کی مانی سے اتنی سنگیت کی صدا دیں میں بہہ نکلے، اپنے وجود کے نیچے گرتے ہوئے ابدی بکھرے وقتی کا اور شی۔

ہوتو نیر کی ان نظموں کا اثر چونکانے والا ہے جو ایک
فن شناس شاعر کی نفسیات کی بھرپور عکاسی کرتی ہے۔ ان نظموں کا شعری
ب جذبات کے دیکھے ہیں کہ ایک مشعل کی طرح ابھرتے ہوئے ہے
ں نظموں سے لطف اندوز ہونے کے لئے جس بات دھیان میں رکھنا
ردری ہے کہ یورپ کی شاعری ہمارے ملک کی طرح ایسے کبھی نہیں
ی۔ وہاں شاعر اور قارئین کے درمیان صرف کاغذ کام کرتا ہے جبکہ
رے یہاں شعر کی لکیر اسٹیج ، ادبجا ، آواز کے اتار چڑھاؤ
بدن کے شاؤ سنگار سے پُر کیا جاتا رہا ہے۔ ہوتو نیر کی یہ نظمیں
ں حالات میں انکشاف ذات کا واضح اظہار ہیں جس کے آئینے میں
اراپنے پورے قد اور باحرکت ذہن کے ساتھ ہمیں گھورتا ہوا
ظرآتا ہے۔

برسات میں رنگتی ہوئی پانچ متوازی لکیریں ، تابوت
رکھتے میں ایک ارفع کی تصویر اور برسات کے آکاش میں ستارے
ایسے پڑھنے والوں کے ذہن میں جنگ کا ڈراؤنا ماحول اور اس میں
انسی لیئے انسان کے کرب کو اپنی پوری شدت و تاثر کے ساتھ
ولی ہیں۔ یہی نظمیں اگر سیدھی طرح اور عام طریقے سے لکھی جاتیں
مرکزی خیال چاہے وہی رہے مگر تاثراتی کیفیت اور جذبے کی
رت جس سے اچھی شاعری عبارت ہے اور جو قاری اور شاعر میں
باہمی ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہیں نظر نہ آتی۔
انسانی حواس میں ایا مرہ ، ٹھہرے ہوئے پانی میں ایک کنکری
ہے۔ جس کے بغیر ذہنی اور تخئیلی دنیا میں روشنی بجھی بجھی سی رہتی
ہے۔ پیدائشی اندھوں کی نفسیات مختلف ہو سکتی ہے۔ امریکہ میں
ٹ کی نئی تحریک op - art کی تکنیک باصرہ کی اہمیت کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

ان نظموں کی تصویر نما ہیئت داخلی احساس کے لئے ایک اضافی
ہی کینوس کا کام کرتی ہے جب پر شاعر کی سوچ خوب سے خوب تر
ر دیسے ویسے انداز میں پھیلتی رہتی ہے اور پڑھنے والے کے ذہن
دیر تک متحرک رکھتی ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ آپاکو فسکی اور کچھ
سرے جدید شعراء نے اپنی نظموں میں کہیں کہیں لفظوں کو اپنے
اپنی ٹائپ کے بجائے کہیں تو ذرا بڑے اور کہیں الگ حروف میں لکھنا مناسب
جانا۔ آپاکو فسکی نے اپنی نظم میں Battle اور Fine
توڑ کر Bat اور tle دو حصوں میں بانٹ کر

بشر نواز

غزل

○

آہٹ پہ کان در پہ نظر اِس طرح نہ تھی
ایک ایک پل کی ہم کو خبر اِس طرح نہ تھی

تھا دل میں درد پہلے بھی، لیکن نہ اِس قدر
ویراں تو تھی حیات مگر اِس طرح نہ تھی

جب تک صبا نے چھیڑا نہ تھا نکہتِ گلاب
کوچہ بہ کوچہ محوِ سفر اِس طرح نہ تھی

ہر ایک موڑ مقتلِ ارمان و آرزو
پہلے تو تیری راہگزر اِس طرح نہ تھی

ہوتی تھی پہلے برسوں میں نم آستیں کبھی
ارزاں متاعِ دیدۂ تر اِس طرح نہ تھی

○

کرشن موہن

غزل

○

ہم فکر کی کشاکش میں جھولے
سگرٹ کے دھوئیں کے مرغولے

بے کیف حقیقت میں اے دل
گا ہے خوابوں کی خوشبو لے

رنگیں فرصت کی رفعت کو
اپنی سنگیں محنت چھو لے
ق
جو سعی و عمل سے بے پروا
خوابوں کے جھولے میں جھولے

وہ لوگ بہت دل شاد رہے
دنیا کے سب جھگڑے بھولے

بغض و نفرت کو جنم دیا
ہم کیسے پھلے، کیسے پھولے

○

افسانہ

ستیہ پرکاش سنگر

دھمکی

رمیش اور میں بچپن کے ساتھی ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کو اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ متضاد طبیعتوں کے مالک ہونے کے باوجود ہم ایک دوسرے کے ساتھ خوب نباہ کر رہے ہیں۔ جھگڑا کئے بنا ہم اکٹھے رہتے ہیں۔ اس ضمن میں ہمارے درمیان ایک خاموش معاہدہ ہو چکا ہے۔ ایک دوسرے کی عادات سے نفرت کرنے کے باوجود ہم اس جذبے کو اپنی زندگی میں منتقل ہونے کی اجازت نہیں دیتے۔ ہماری عادات بھی کسی قدر مختلف ہیں۔ میں مطالعۂ کتب کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ رمیش مطالعہ کے بغیر ہی رہ سکتا ہے۔ میں سینما گھر کے نزدیک تک نہیں پھٹکتا، رمیش وہاں زندگی بتا سکتا ہے۔ میں چھ گھنٹے سے زیادہ سو نہیں سکتا، رمیش چھ گھنٹے زیادہ جاگنے کا مخالف ہے۔ اگر میں سگریٹ پینا چاہوں تو وہ مخالفت کرے گا، اور اگر میں شراب نوشی کے خلاف لیکچر دوں، تو رمیش دختِ رز کا مزید لطف اٹھائے گا۔ گوشت خوری کا وہ محض اس لئے شیدا ہے کہ میں اس سے پرہیز کرتا ہوں۔ وہ انھیں سبزیوں کو پسند کرتا ہے جنھیں میں میز پر لانے کی اجازت نہیں دیتا۔ میں لمبی سیر کرتا ہوں، رمیش کمرے کے اندر گھوم لیتا ہے۔ میں بس کی سواری کرتا ہوں اور وہ رکشا میں چکر لگاتا ہے۔

یہی بات ہمارے دوستوں کے متعلق کہی جا سکتی ہے۔ میرے دوست دھرم پال ہیں، تو اُن کے محرم ناش۔ میرے امر سنگھ یام ہیں تو ان کے لالہ ہوری پرشاد ہیں۔ میاں صابر خان کی دوستی کا دم بھرتا ہوں، رمیش مرزا اکبر خان سے یارانہ رکھتا ہے۔ میرے ساتھی خادم ہیں۔ ان کے مخدوم بخش۔ میں صنفِ نازک کی محبت سے کنی کاٹتا ہوں، وہ ان کی محبت کے بغیر زندگی کو زندگی ہی تصور نہیں کرتا۔

اگر میرا دوست چھ فٹ چار انچ لمبا ہے تو رمیش کا ساتھی چار فٹ پانچ انچ سے زیادہ نہیں ہوگا۔ اگر امر سنگھ یام کا وزن کپڑوں اور جوتوں سمیت تیس سیر سے تجاوز نہیں کرتا۔ تو لالہ ہوری پرشاد کا کپڑوں اور جوتوں کے بغیر تین من سے کم نہیں ہوگا۔

اتنے زبردست تضاد کے باوجود ہم دونوں گذشتہ بیس سال سے اکٹھے رہتے ہیں۔ ایک دوسرے کو پسند نہ کرتے ہوئے بھی ساتھ نبھا رہے ہیں۔ اس کی وجہ ہے وہ خاموش معاہدہ ہے جس کے مطابق ہم ایک دوسرے کے حقوق کے حدود اربعہ میں دخل انداز نہیں ہوتے۔ اسی معاہدے کی شق نمبر پانچ کے مطابق گھریلو معاملات کا انتظام اُن کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ قرار پایا کہ میں نہ تو ان کی کسی بات میں مخل ہوں گا۔ بلکہ اُن کے ہر مشورہ پر عمل کروں گا۔

میں اُن کے مشورے کو اکثر خاموشی سے اختیار کر لیتا اور مجھے تاکید کرتے کہ نوکروں کے سامنے بھی مجھے مکمل خاموش رہنا ہوگا۔ انھیں شک تھا کہ میری خشک مزاجی نوکروں کو بھاگ جانے پر مجبور کرتی ہے۔ بے بنیاد ہونے کے باوجود مجھے اس الزام کو قبول کرنا پڑتا۔ جھگڑے سے بچنے کا یہی ایک طریقہ تھا۔

ایک دن شام کو دفتر سے لوٹ کر آرام کرسی پر بیٹھ کر پاس پڑی ہوئی تپائی کو انگلیوں سے بجانے لگے۔ اُن کا یہ عمل آنے والی مصیبت کا پیش خیمہ ہوتا۔

"بھائی صاحب! آپ نے پھر نوکر کو نکال دیا۔" لہجے میں سنجیدگی بھرتے ہوئے مجھ سے مخاطب ہوئے۔

"میں نے؟"

"آپ کے سوا یہاں کوئی دوسرا نہیں جس سے مخاطب ہو سکوں۔"

"نوکر کو خدا نے دور رکھنے کے آپ کے جملہ حقوق محفوظ ہیں اور مجھے آج تک دخل انداز ہونے کا موقع ہی نصیب نہیں ہوا۔"

"خدا کرے ایسا ہی ہو۔ لیکن اس نوکر کو آپ کی وجہ سے جانا پڑا۔" وہ الفاظ میں تلخی بھرتے ہوئے بولے۔

"آپ سے نوکر نے کہا؟"

"نہیں۔"

"نوکر کے کسی دوست نے کہا؟"

"نہیں۔"

"الہام ہوا؟"

"یوں ہی سمجھ لیجئے۔"

"پاگل پن کا دورہ کیوں نہ سمجھ لوں؟"

"بھائی صاحب! میں مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں۔"

"آپ کبھی ایسے موڈ میں ہو سکتے ہیں، ایسا سمجھ کر میں آپ کے مذاق کی توہین نہیں کرنا چاہتا۔ لیکن آپ اس طرح مجھ پر شک کرتے ہیں، اس کی وجہ سمجھ نہیں سکا۔"

"اس کے چلے جانے کا دوسرا سبب میں نہیں سمجھ سکتا۔"

"لیکن اُسے ڈانٹنا تو در کنار، میں نے اُس سے بات تک نہیں کی۔"

"یہی سبب ہے" تو وہ کھانستے ہوئے اور پیشانی پر انگلیاں بجاتے ہوئے بولے۔ "اس کا صاف مطلب یہ تھا کہ ان کے غصے کا پارہ چڑھ گیا ہے۔ اُسے یہی شکایت رہی ہوگی کہ میری عدم موجودگی میں آپ نے اُس سے بات نہیں کی۔ اُس کا دل نہیں لگا اور وہ اداس ہو کر بھاگ نکلا۔"

"لیکن ہمارے سمجھوتے میں نوکر کا دل بہلانے کی شرط کہاں تھی؟" میں نے از راہ برداشت کہا۔

"سبھی شرائط قلم بند کیسے کی جا سکتی ہیں؟"

"زبانی اشارتاً بتا دی ہوتی۔"

"کامن سینس بھی کسی شے کا نام ہے۔" وہ طنز کا نشتر چبھوتے ہوئے بولے۔

حملے کی شدت سے گھبرا کر ایسے موقع پر میں ہنومان چالیسا کا ہم جتنا ضروری کر دیتا ہوں، اس کے زیر اثر دفاع مضبوط ہو جاتا ہے اور میں رمیش سے مقابلہ کے لئے تیار ہو جاتا ہوں۔

"یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ اُسے دوسری جگہ زیادہ تنخواہ مل گئی ہو۔" میں نے ہمت باندھ کر کہا۔

"کیوں نہیں ہو سکتا، بالکل ہو سکتا ہے۔" رمیش کو مجھ سے متفق ہونا پڑا۔

"اس میں آپ مجھے کس طرح قصوروار ٹھہرا سکتے ہیں؟"

"ہر طرح سے"۔ اُس نے جواب دیا۔

"مثلاً؟"

"مثلاً یہ کہ اس کی تنخواہ میں اضافہ کرنے کی بات آپ کو کیوں نہیں سوجھی؟"

"آپ کو بھی کہاں سوجھی؟" مجھے کہنا پڑا۔ آخر میں کیوں ڈروں!

"آفس کی فائلوں سے فرصت ہی کہاں ملتی ہے جو ان باتوں کے متعلق سوچ سکوں؟"

"اور آپ یہ بھی نہیں چاہتے کہ میں اس معاملے میں دخل اندازی کروں۔ نہ سہی۔ آپ کو یہ کیسے خیال آیا کہ میں بیکار رہتا ہوں؟"

"ایسی سو پچاس چھوکرے چھوکریوں کو لیکچر دینا کس کام میں شمار کیا جاتا ہے؟" وہ لہجے میں تلخی اور حقارت کی آمیزش کرتے ہوئے بولے۔

ہمیشہ کی طرح جیت رمیش کی ہوئی۔ مکان اُسی کے نام تھا، میرے لئے دوسرے مکان کے ملنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔ میں یہ بھی جانتا تھا کہ ایک کے چلے جانے کے بعد رمیش دوسرے نوکر کو پکڑ لائے گا۔ اور سچ مچ اگلے دن نیا نوکر آ گیا۔ تین فٹ چار پانچ قد کا مالک اور اس کے مطابق سولہ سال، گیارہ ماہ، انیس دن کی عمر والا گول صورت بندہ کسی قدر چست لگتا تھا۔ لیکچر دینے اور بازار سے آنے کے بعد، رمیش اپنی پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے اور اپنی بڑی بڑی آنکھوں سے میری چھوٹی آنکھوں پر غلبہ ڈالنے کے انداز سے دھیرے دھیرے اور الفاظ کو تولتے ہوئے بولا۔

"بھائی صاحب! بندہ گزشتہ پانچ ماہ میں چھٹا نوکر ہے۔"

"جہاں تک مجھے یاد ہے۔ پچھلے چھ ماہ میں پانچواں نوکر ہے۔"

"میں ہر کسی وقت مذاق کا عادی نہیں۔"

"کسی وقت بھی نہیں۔" میں نے فوراً کہا۔ "ویسے اپنے خاص موڈ میں جب اور جتنا چاہیں مذاق کر سکتے ہیں، پھر ناحق گھٹنا اور

بچت کرنے کے لئے وقت سے بڑھ کر عقل کی ضرورت ہوتی ہے۔

"آپ تیر اندازی کرتے جائیں اور میں نشانہ لگاتا ہوں یہ"

"فرمائیے!"

"اگر بدری یا قسمت سے لگ گیا تو ......"

"کیا تحفہ مل جائے گا۔" میں نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"کہنا آسان ہے۔"

"آپ غلط نہیں فرماتے۔"

"اب میں چاہتا ہوں، آپ ٹھیک انداز سے سنیں، بچت کرتے ہوئے بولا۔ "اس نوکر کو آپ چھوڑیں گے نہیں، اسے کال نہیں دیں گے، خفگی کا اظہار نہیں کریں گے بلکہ اس سے اچھا سلوک کریں گے۔"

"منظور۔"

"قصور وار ہونے کی صورت میں اسے کچھ نہیں کہیں گے۔"

"یہ بھی منظور۔"

"اس کی تنخواہ تیس روپے ہوگی۔ جیسی آپ دیں گے۔ اور اس کے پیسے ہم آدھے آدھے چکا دیں گے۔"

"یہ بالکل نہیں ہو سکتا۔"

"یہی ہوگا۔ اگر آپ دوسرا مکان لیں گے تو پگڑی کے پیسے چکانے میں ہاتھ دھونا پڑے گا۔"

"تو میں بھی اسے تیس روپے دوں گا۔" یہ میں نے تجویز کیا۔

"یہ بھی نہیں۔" مہر نے اسے رد کرتے ہوئے کہا۔

"وجہ؟"

"اس سے آپ کا سرفی صدی اس پر کنٹرول ہو جائے گا۔"

خاموش رہنے کے سوا میں اور کر ہی کیا سکتا تھا۔؟

اگلے دن بدری نے ناشتہ تیار کیا اور اسے میز پر سجایا تاکہ کوئی شاید کوئی یقین نہ کرے۔ لیکن اُن دنوں عام طور پر لوگ دیسی گھی استعمال کرتے تھے اور کچھ باہمت لوگ چھپا کر بناسپتی گھی گھر پر لا سکتے تھے۔ بدری نے دُودھ میں آٹا گوندھ کر دیسی گھی میں پراٹھے اور آملیٹ میز پر رکھ کر ناشتے سے نپٹنے کے بعد میں دوسری گھر میں گیا تو اسے ناشتہ کرنے میں مصروف پایا۔ اس کا منہ بھی بھینس جیسا تھا۔ محض پراٹھوں کی تعداد گنی مشکل نہ تھی۔ نئے ملازم کے آنے پر اچھا تیار کیا تھا، ثبوت

سیٹھ کے لئے رکھی گئی آدھی گرل فرینڈ کو دو گرتا تھا۔ ایک پیشہ ور ملازم بھی بچا دیتا۔ بازار جا کر سبزیاں اور پھل خریدنا اور چیزیں لانا تھا۔ مہینے کے آخر میں اسے حساب دیکھنے اور اپنے بچے کے پیسے چکانے کے لئے کہتا۔ وہ ناراض ہو کر کہتا "اچھا" ۔ پھر وہ کہہ کر چلا جاتا۔ وہ تین دن تک ناراضگی کا اظہار کرنے کے لئے مجھ سے بات چیت نہ کرتا۔ غصہ تھا۔ ہاتھ جوڑ کر کہتا۔

"مہاراج! آپ کے پیسے چکانے تک میں کیسے بچ سکتا ہوں۔ پیسا نہیں دوں گا تو اگلے جنم میں حساب چکانا ہوگا۔"

اور نہ کسی بات پر بحث کر سکتا تھا۔ وہ بچا ہوا تھا اور اگلے جنم سے بالکل بے خبر رہتا۔ لیکن اس جنم پر کامل یقین رکھنے کے سبب میں اس کی دلیل کو تسلیم کر لیتا اور خاموش ہو جاتا اور جب اس کا من چاہتا وہ کچھ پیسے چکا دیتا۔ اس کے بعد اگلے پھر لے لیتا۔ وہ جانتا تھا کہ مکان اُس کے نام ہے اور وہاں سے نکل کر میں برلب سڑک ہی رہ سکوں گا۔ اور میں اس بات سے بخوبی واقف تھا کہ مستقل سکونت کے لئے سڑک کوئی آرام دہ جگہ نہیں۔ اس بات کو ملحوظ رکھتے ہوئے میں اس کے بہانوں کے بوجھ کو خاموشی سے برداشت کر لیتا، اور اس کے ہر نخرے کو خوشگوار فرض سمجھ کر سہن کرتا۔ اخبارات اور رسائل کے بل چکانا بھی میرا ہی کام تھا۔

نوکر کو تنخواہ میں دیتا۔ اس سے کام وہ لیتا۔ ہر نوکر اس کی بیٹھی چاپلوسی اور سرکی مالش کرتا۔ اس کی گرل فرینڈ کے پاس خطوط لے کر جاتا اور اُن کے جواب لاتا۔

اتوار کو چھاؤنی نے میز پر سجے ہوئے کھانے کو دیکھ کر خوش ہو اُٹھے۔ ہاتھ دھوئے بنا کھانے کی طرف لپکے۔ پہلا نوالہ منہ میں رکھتے ہی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ جیسے کسی غم کے زیر اثر جیبوں سے رومال نکال کر آنکھوں کو پونچھنے لگے۔ پھر ناک سے نیچے بہتے ہوئے مادے کو سنبھالنے میں مصروف ہو گئے۔ لیکن اس نوالے نے حلق سے نیچے اترتے ہی پورے بنگ کا وہ کام کیا کہ پانی کا سرچشمہ پھوٹ نکلا اور آنکھ اور ناک کی راہ باہر آنے کے لئے بیتاب ہو اُٹھا۔ اس مواد پر قابو پانے کے لئے رومال کو ناکافی سمجھ کر چھاؤنی کا تولیہ منگانے کے ساتھ ہی ہاتھ روم روانہ ہوا۔ اور آنکھوں کو دھونے، ناک صاف کرنے اور کُلّی کرنے کے بعد باہر آیا۔ بدری اس بات کا قیاس تک نہ کر سکتا تھا کہ یہ لوگ کھانے سے [illegible]

فارغ ہو جائیں گے اور تانگوں میں سوار ہو کر مال روڈ کی طرف روانہ ہو جائیں گے۔ وہ یہ بھی نہیں سوچ سکا کہ یہ لوگ گھر کا کھانا چھوڑ کر ہوٹل پر جا کر اپنی بھوک کو شانت کریں گے۔ وہاں پہنچ کر رمیش نے چینی ہوٹل کے بیروں کو کم نا سمجھ کر نے بھانوں کو کھانے اور بچہ سے پیسے چکانے کو کہا۔

رات کو مجھ سے مخاطب ہو کر رمیش کہنے لگا۔

"بھائی صاحب! آپ سے یہ امید نہیں تھی کہ آپ مجھے اس طرح ذلیل و خوار کریں گے۔"

"اور کس طرح امید کرتے تھے؟"

"آپ پھر اس قدر سنجیدہ بات کو مذاق میں ٹالنا چاہتے ہیں۔"

"اس لئے کہ آپ ہمیشہ مجھ پر الزام تھوپنا چاہتے ہیں۔ بھلا آج میرا کیا قصور تھا؟"

"آپ نے کھانا چکھ لیا ہوتا۔"

"آپ نے خود کیوں نہیں زحمت فرمائی؟"

"میں تو اپنے دوستوں کے ساتھ مصروف تھا۔" وہ قدرے نرم پڑ کر بولے "کم از کم آپ کچن میں جا کر دیکھ لیتے کہ کیا؟"

"کہ وہ نمک مرچ اور کھانڈ کا بجا استعمال کر رہا ہے۔"

"ہاں مجھ سے اتنی بھول ضرور سرزد ہوئی۔" میں نے غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے کہا۔ "اسے یہ سمجھانا بھول گیا کہ اس نیم ترقی یافتہ سماج میں دال سبزی میں چینی نہیں ملائی جاتی۔ شاید سال کی عمر پا لینے کے بعد بھی بچہ ہی ہے۔ نمک زیادہ ڈال دیا تھا اس کا اثر کم کرنے کے لئے مرچ ڈالنی پڑی اور دونوں کا اثر مٹانے کے لئے چینی سا

"بس چینی کچھ زیادہ ڈال دی۔ بچہ ہے نا۔ آپ درست فرماتے ہیں۔" رمیش نے جواب دیا۔

"آپ تو کہتے ہیں بچہ ہے۔"

"ایماندار بھی۔"

اور سچ کہ بڑا ہی تھا وہ اپنا کام نکالنا درست طریقہ ... جو سودا لاتا، باقی پیسے فوراً لوٹا دیتا۔ بغیر پیسے کے بھی سودا لے آتا اور پیسے نہ مانگتا۔ مجھ دن نکلا گیا کہ ... سوسائٹی کے لئے سامان لے آتا۔ ایک دن خوبصورت پھول دان کو دیکھ کر رمیش چلایا۔

"سالا بڑا بدمعاش ہے۔ کتنی مدت سے مجھ سے ... آپ نے منگوایا ہوگا۔"

"بالکل نہیں۔"

"چھوٹو! کہاں چلا گیا ہے بدذات! ادھر آؤ۔"

وہ کچن میں سے آیا۔

"تو نے یہ پھول دان کہاں سے لیا؟"

"بازار سے۔ اور کہاں سے۔"

"پیسے، اس کے لئے؟"

"ردی بیچ کر۔"

"شاباش!" رمیش اس کی پیٹھ ٹھونک کر بولا "بات ہوئی نہ۔ سب اخبار بیچ ڈالے؟"

"کاپیاں بھی۔"

"کاپیاں کہاں سے لیں؟" میں نے پوچھا۔

"آپ کی الماری میں سے۔"

میں اچھل کر الماری کی جانب بھاگا۔ سچ مچ وہاں کاپیاں نہ تھیں۔

"بے وقوف کہیں کا! تو بھاگ جا یہاں سے۔ ابھی نکل جا۔" میں نے غصے سے کانپتے ہوئے کہا۔ "سنا نہیں؟"

"کیا بات ہوئی؟" رمیش نے پوچھا۔

"کیا بات نہیں ہوئی؟ اس گدھے نے میری چار سال کی محنت چار ٹکے میں بیچ ڈالی۔ میرے ریسرچ کا سارا میٹر ختم کر ڈالا۔"

"پھر اکٹھا کر لینا۔" رمیش بولا۔

"بالکل ان پڑھ جیسی بات کر ڈالی۔" میں نے غصے کی حالت میں کہا۔ "تم سمجھتے ہو مواد اکٹھا کرنا آسان ہے؟ مجھے ایسے نوکر کی ضرورت نہیں۔"

"لیکن صلح نامہ....؟"

"نہ صلح نامہ کی......"

"آپ شانتی سے کام لیجئے۔ سب ٹھیک ہو جائے گا۔" رمیش مجھے دلاسا دیتے ہوئے کہنے لگا "ارے چھوٹو! جا صاحب سے دس روپے لے کر ردی والے سے کاپیاں واپس لے آ۔ تم گھبراؤ نہیں، آئندہ تمہیں کوئی دقت پیش نہیں آئے گی علاوہ ازیں تم اپنی محنت کو رکھ لینا۔"

"ہوں۔"

فریاد نے ... روک دیا۔

اگلے دن بدری کو کر دوسری اسکیم سوجھی۔ اس نے کپڑے دھونے کا پروگرام تیار کیا۔ سب سے پہلا جانے کے بعد اس نے بڑے ٹب میں پانی ابالا۔ اس میں صابن اور سوڈا ڈالا۔ اور اس میں کپڑے سکانے۔ دھیان اس بات کا رکھا کہ ان میں ایک بھی سوتی کپڑا نہ ہو۔ سرج کے سوٹ، جینٹ، سوئیٹرز اور کوٹ بھی اس کھولتے صابن کے پانی میں اشنان کرنے گئے۔ پانی بھر بھر بچ گیا۔ اس میں کٹ نیاں ڈالی گئیں۔ لیکن وہ پھر بھی ختم ہو رہا تھا۔ اسے نظر نہیں آ رہے تھے جو کمروں میں بند تھے۔

اس نے تالوں کو للچائی نظر سے دیکھا اور ان پر اینٹوں کے وار کئے۔ بلکہ ان وزنی تالوں نے بھی اصلی اور اپنے مضبوط ہونے کے ... تو پھر جب اس کے زرخیز دماغ میں ایک بات آئی۔ کیوں نہ صابیوں کو بھی گرم پانی میں اشنان کرایا جائے؟ آخر ان کی بھی حالت سدھر جائے گی۔ لیکن نتیجہ اس کے برعکس ہی۔ انہوں نے اس طرح دم توڑا کہ جسم کے ساتھ روح بھی کھولتے پانی میں جل گئی۔ روح کے بیرا قبت بننے اور بگڑنے کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔

شام کو لوٹ کر آنگن میں رسیوں پر گرم شرٹوں، مفلروں، نائیوں اور رضائیوں کو رسیوں پر لٹکتے دیکھ کر ہم حیران نہ ہوتے تو کیا کرتے؟ انہیں اس حالت میں دیکھ کر ہمیں تو کیا ان کے سخت ترین دشمنوں کو بھی رحم آجاتا۔ پژمردہ چہرے، مرجھائے ہوئے جسم، شکل سے بے شکل، رمیش کو اس بات کا پختہ یقین تھا کہ بدری نے یہ نیا تجربہ محض میرے ہی کپڑوں پہ کیا ہے۔ اس لئے ناشتہ کے وقت میں اسے مخاطب کر کے بولے۔

"ارے یہ کیا کر دیا ہے۔ گرم کپڑوں کی نمائش لگا رکھی ہے!"

"بابو جی! آج فرصت تھی۔ میں نے سوچا انہیں دھو ہی ڈالوں۔ ہا۔ ہا۔ ہا۔ ... وہ دونوں ہاتھوں سے تالیاں پیٹتے ہوئے بولا۔ "کوئی گرم کپڑے بھی گھر پر دھوتا ہے؟"

"نہیں بابو جی! سب کو آ جاتا ہے۔"

"ارے کچھ دل کو رہا ہیں؟" وہ میری طرف کنکھیوں سے دیکھ رہے تھے تاکہ میں ان کی تصدیق کر کے کچھ کہہ سکوں۔ "مجھے"!

میں خاموش رہا۔

"تو بھی عجیب ... ہے۔ کیسے کیسے کام کرتا ہے۔"

"بابو جی۔ غلطی معاف۔" بدری نے نگاہ کر کہا۔ "گرم کپڑے نہ دھو سکا۔ تالے مضبوط تھے۔ ٹوٹے نہیں۔"

"تو نے توڑنا ...؟" وہ گھبرا کر چونک اٹھا۔ "میرے کپڑے تو بھی باہر تھے۔ ٹرنکوں میں تو ساتھی صاحب کے کپڑے بند تھے۔ تو بھی میرے کپڑے دھو ڈالے۔ تجربہ بھی پر کرنا تھا! ایک بھی کپڑا نہیں دھویا؟"

اور وہ ماتھے پر ہاتھ رکھ کر کرسی میں دھنس گئے۔

اب میں ان کی طرف کنکھیوں سے دیکھ رہا تھا۔ انہیں اپنی تباہی کا اس قدر ملال نہیں تھا جتنا اس بات کا کہ میں صاف بچ نکلا تھا۔

اگلے اتوار کو ہمارا کھانا باہر تھا۔ ہمارا پروگرام رات کو گیارہ بجے لوٹنے کا تھا۔ لیکن میزبان کو ضروری تار آنے اور کہیں باہر جانے کے سبب ہم وقت سے کافی پہلے لوٹ آئے۔ گھر آ کر اپنی آنکھوں پر یقین نہ کر سکے۔ ڈرائنگ روم میں کھانے کی میز پر بیٹھے ان کے ... نوکر اور گرد ... بیٹھے کھانا کھانے میں مصروف تھے۔ میں نے اور رمیش نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔ لیکن ہمیں کسی نے بھی نہیں دیکھا۔ وہ لوگ ڈونگوں میں سے میٹ اور سبزیاں لے رہے تھے۔ تبھی بدری کی آواز چمچوں کی آواز پر غالب آ گئی۔ ... وہ ان سے مخاطب ہو رہا تھا۔

"بھائیو! مجھے خوشی ہے کہ آپ لوگوں نے میرا دعوت نامہ قبول کر کے یہاں آنے کی تکلیف کی۔ یہ دعوت میرے صاحب رمیش بابو کی ہونے والی شادی کے بارے میں ہے۔ اس بات کا مجھے پتہ نہ چلتا۔ اگر وہ اپنی ہونے والی بیوی سے میرے ذریعے خط و کتابت نہ کرتے اور مجھے اس خط و کتابت کو پڑھنے کا موقع نہ دیتے۔ کل دونوں کی کافی دیر تک خفیہ ملاقات ہوئی اور میں نے چھپ کر ساری بات سن لی۔ ..."

میں نے رمیش کو آگے بڑھنے سے روکا۔

"تم اس وقت کہاں تھے؟" ایک آواز آئی۔

"میں دراصل صاحب کے پلنگ کے نیچے سو رہا تھا۔ مگر جب شور ہوا تو میری آنکھ کھل گئی۔"

میں نے دوسری بار رمیش کو آگے بڑھنے سے روکا۔

بدری کی بات کا تالیوں سے سواگت کیا گیا۔

"میں اس بدمعاش کو جوتے مار کر گھر سے باہر نکال دوں گا۔"

"میں اسے انعام دوں گا۔" میں نے دھیرے سے کہا۔

"انعام! میں اسے ایک منٹ بھی گھر میں نہ رہنے دوں گا۔"

"میں اسے گھر سے باہر نہیں جانے دوں گا۔"

"لیکن چودھری!" رمیش میری طرف دیکھ کر بولا۔

"آپ جمہوریت کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔" میں نے کہا۔

شاید ہمارے الفاظ پہلوانوں کے کان تک پہنچ گئے تھے۔ ایک سیٹی کی آواز فضا میں گونجی اور ایک پل کے اندر کمرہ خالی ہو گیا۔ سبھی ایسے غائب ہو گئے جیسے زمین کے اندر دھنس گئے ہوں۔ میز بالکل صاف تھی نہ اس پر طشتریاں تھیں نہ ڈونگے۔ مہمان اپنا اپنا سامان لے کر اس طرح غائب ہوئے جیسے گدھوں کے سر سے سینگ۔

"چودھری!" رمیش نے چلا کر آواز دی۔

کوئی جواب نہ ملا۔

"چودھری!" اس کی آواز پھر سے فضا میں گونج اٹھی۔

لیکن ہال میں ہم دونوں کے سوا کوئی دوسرا آدمی موجود نہیں تھا۔ اور ہم دونوں کے بیچ چودھری کو لے کر ایک بحث چل نکلی۔ وہ اسے نکالنے کی فکر میں تھا اور میں تنخواہ میں اضافہ کرنے کی۔ بحث کے سبب ہمارے دل میں مسرت سے کہیں زیادہ تیزی آ گئی تھی۔ تبھی کسی نے آ کر خبر دی کہ چودھری ایک ایکسیڈنٹ میں بری طرح زخمی ہو کر ہسپتال میں پڑا ہے۔ کچھ دنوں کے بعد لوٹے گا۔

اور وہ سچ مچ لوٹ آیا۔ اس کے ساتھ ایک پہلوان قسم کا آدمی تھا۔ شاید وہ [illegible] گھریلو ملازمین کی انجمن کا سیکریٹری یا صدر تھا۔ رمیش نے اس دن کی دعوت کا تذکرہ کیا تو چودھری نے حیرت کا اظہار کیا۔ وہ تو ایک سنجیدہ ایکسیڈنٹ میں مبتلا تھا۔ سنجیدہ مزاج پہلوان بھی عدم شمولیت کا پتا کر رہا تھا۔ اُن کی دلیلوں میں وزن دیکھ کر میں بھی قائل ہو گیا۔ [illegible] میں یہاں بلایا گیا تھا۔ میں نے بحث کو بند کرنے کے لئے رائے شماری کا مشورہ دیا تاکہ جمہوریت کی برکات کا ہم بھی فائدہ اٹھائیں۔ اور کون فائدہ اٹھائے گا؟ رمیش کے سوا سبھی نے میری بات سے اتفاق کیا۔ اکثریت رائے سے یہ قرار پایا کہ چودھری کی باتوں کا فی وزن ہے۔ رمیش اپنی بات پر اڑا رہا۔ [illegible] نظر کرتے ہوئے میں نے کہا۔

"چودھری! آج سے تمہاری تنخواہ میں پانچ روپے کا اضافہ کیا [illegible] اعلان میں رمیش بابو کی طرف سے کر رہا ہوں۔"

"بالکل غلط! میں ہر سال انعام کا حکم صادر فرماتا ہوں۔"

"بابوجی! ایسا کرنے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔" چودھری نے جواب دیا۔

"کیوں؟" رمیش نے پوچھا۔

"ہم لوگ اب [illegible] انجمن کا سیکریٹری مسٹر جناب [illegible] ہیں گے۔" اس نے پہلوانوں کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

"میں نے زندگی میں پہلی بار [illegible] پہلوان [illegible] خلاف [illegible] جلوس نکالیں گے [illegible] بدنام کریں گے آپ کا [illegible] اگر ضرورت پڑی تو آپ کو ..."

"بس، بس، بس۔" رمیش بول اٹھا۔

اس کا مضبوط جسم کانپ رہا تھا۔ اس کا [illegible] کی دیوار سے ٹکرا کر آواز پیدا کر رہا تھا۔

"ایک ملازم کے ساتھ برا سلوک ہونے پر ہم لوگ [illegible] جلوس ہی نہیں نکالتے [illegible] کے ساتھ سختی سے پیش آتے ہیں۔"

"اور اگر ملازم کو انعام دے تو؟" میں نے پوچھا۔

"تو مالک کی خدمت کا [illegible] ہیں۔"

"آپ جا کر [illegible] کیجئے۔" میں نے پہلوان کو مشورہ دیا۔

"آپ مناسب فرما رہے ہیں۔" اس نے جواب دیا۔ اور رخصت ہو گیا۔

"صاحب آپ کے لئے چائے تیار کرتا ہوں۔" چودھری نے [illegible] کے طور پر کہا۔

"ہم دونوں کے لئے۔" میں نے کہا۔

چودھری کو شاید یہ تجویز پسند نہیں آئی۔ نہ ہی رمیش کو۔

بقیہ [illegible] کی تصویری نظمیں ص ۵۹

[illegible] تصویری نظمیں [illegible] اُمید ہے [illegible]

محمود سعیدی

مشورہ

نئے لوگوں کی بستی میں جہاں تم مدتوں پہلے
سفیرِ عہدِ نو بن کر بڑی چاہت سے آئے تھے
نئے شعر و ترنم کے لئے گلشن مرادوں سے
نئے احساس کی سوغات اپنے ساتھ لائے تھے

جو راہیں ہر قدم پہ چاہتی تھیں روک لیں تم کو
چلے آئے تھے تم اُن سے گزر کر بے نیازانہ
بھلا کر دل سے سب دیرینہ یادیں عمرِ رفتہ کی
نئے عنواں سے چھیڑا تھا نئے خوابوں کا افسانہ

مگر اب مدتیں گزریں کہ تم چپ چپ سے رہتے ہو
کسی نے اس نئی محفل میں پہچانا نہیں تم کو
بدلتے وقت کو اپنا سمجھ کر تم بہت خوش تھے
بدلتے وقت نے اپنا مگر جانا نہیں تم کو

خلوصِ دل کا نذرانہ کہاں لے کر چلے آئے
یہاں جنسِ پذیرائی کی قیمت اور ہی کچھ ہے
پرانے لوگ اپنی عادتوں میں اور ہی کچھ تھے
نئے لوگوں کا اندازِ طبیعت اور ہی کچھ ہے

شناسا مدتوں کے اس طرح آپس میں ملتے ہیں
کہ جیسے غور سے اک اجنبی کو اجنبی دیکھے
چٹانوں سے سوا سنگین چہرے گرد و پا سے
مشینوں سے زیادہ بے مروت آدمی دیکھے

جب اپنی کس مپرسی زندگی محسوس کرتی ہے
کوئی اندر ہی اندر گھٹ کے جیسے مرنے لگتا ہے
بسا اوقات تنہائی کے وہ لمحے بھی آتے ہیں
کہ آپ اپنے ہی احساسات سے جی ڈرنے لگتا ہے

بدل لو فیصلہ اپنے جو گھر سے لے کر نکلے تھے
بھلا دو تم نے جو وعدے کیے تھے زندگانی سے
شکستِ انجام امیدوں پہ اپنی نوحہ خواں کیوں ہو؟
کہ یہ زندہ نہ ہوں گی اب تمہاری نوحہ خوانی سے

چلو اپنے ہی ویرانے کی جانب لوٹ چلتے ہیں
وہاں شاید یہ چاکِ دامنِ احساس سِل جائے
تمہارے درد کا محرم، تمہیں پہچاننے والا
پرانے دوستوں میں کوئی شاید اب بھی مل جائے

افسانہ:-

اکرام جاوید

موم کا بدن

اُسے اپنے باپ سے بے حد محبت تھی۔ وہ اس کے نزدیک دنیا کی سب سے بہترین شخصیت تھی۔ چودہ سال کی زندگی میں اُس نے جب سے ہوش سنبھالا تھا ایک مسلسل نظر آتا اپنے باپ کے ساتھ ہی دیکھا تھا۔ اس کا باپ بھی اسے اپنی اولاد میں سب سے زیادہ عزیز رکھتا تھا۔ شہر کے ایک شریف خاندان کے لوگ جو بزرگوں سے صوبے کے بستی اور خوبصورت مکان میں وہ اپنے باپ کے ساتھ اکیلا نہیں رہتا تھا۔ اس کا بڑا کنبہ داری تھی۔ اس کی اماں اور دو چھوٹے بھائی بہن تھے۔ علاوہ ازیں ایک بڑا خاندان تھا جو اماں، خالہ، خالو، چچا، چچی اور پھوپھا پر مشتمل تھا۔ بھائی بہن تھے۔ پھر خاندان کے علاوہ بے شمار دوست احباب۔ اس کے خاندان میں سب ہی طرح کے لوگ شامل تھے۔ لیکن وہ سب اپنے باپ کی نسبت سے مرعوب اور متاثر تھا۔ وہ اکیلا ہی گھر سے بہت چھوٹا تھا۔ اور اس کا باپ کبھی کبھی اسے چھوڑ کر کہیں جاتا تھا تو وہ بہت اداس ہو جاتا۔ اسکول میں داخل کرا دیا۔ اور اسکول بھی اسے دہشت ہوئی۔ باپ پہلے ہی سے ساتھ اسکول جاتا اور شام میں انہی کے ساتھ گھر لوٹتا تھا۔

اس کے خاندان میں سب ہی بڑے نیک تھے۔ اور اس کا باپ بھی نیک آدمی تھا۔ لیکن وہ دولت جمع کرنا اس کی فطرت کے خلاف تھا۔ وہ مذہبی آدمی تھا پھر بھی نہایت دلچسپ، منکسر اور روشن خیال تھا۔ وہ گہرے سانولے رنگ کا معصوم صورت اور بلند قد آدمی تھا۔ سر کے بال گھنگھریالے تھے۔ آنکھیں کالی سیاہ اور چمکدار تھیں۔ ناک اونچی اور ستواں تھی۔ ہونٹ پتلے پتلے تھے۔ اور داڑھی نہ بہت زیادہ گھنی تھی اور نہ ہلکی۔ دہانے کی ساخت بھی ایسی تھی کہ اس کے پتلے پتلے ہونٹ ہمیشہ مسکراتے رہتے تھے۔ ایک نہایت پیاری، پُرخلوص اور شفقت بھری مسکراہٹ چہرے پر ہمیشہ تازگی رہتی تھی۔ اور آنکھوں پر ہمیشہ سنہری فریم والی عینک چڑھی رہتی تھی۔ عینک کے اندر سے جھانکنے والی سیاہ چمکدار پیاری آنکھوں میں ہمیشہ ایک نرم نرم گداز سی روشنی فروزاں رہتی۔ موم جیسے دل کے وہ چراغ جو پیار، محبت کا نور روشن کرتے تھے۔ اس کے چہرے پر نرمی، بردباری، علم و انکسار کے ساتھ ساتھ گہرے تفکر کے نقوش بھی ابھرے رہتے تھے۔ وہ ایک بڑا محقق بھی تھا۔ اس کی دیانت، صداقت، محبت اور شائستہ فکر کے سب ہی لوگ قائل اور معترف تھے۔ وہ حیرت اور شوق سے اپنے باپ کی باتیں سنا کرتا تھا۔ مذہب، فلسفہ جدید اور قدیم دینی اور دنیاوی علوم و فنون پر اس کی گرفت مضبوط تھی۔ اُسے اپنے باپ کی صفات اور علم پر فخر تھا۔

اس کے باپ نے زندگی بھر کوئی جائیداد پیدا نہیں کی تھی۔ لیکن بزرگوں کی پیدا کی ہوئی جائیداد کچھ آتی تھی کہ زندگی بھر کبھی اسے روپے پیسے کی پریشانی نہیں ہوئی۔ پھر وہ اپنی ذات پر نہایت کفایت شعاری سے خرچ کیا کرتا تھا۔ اور دوسروں پر بے دریغ اور بے حساب خرچ کیا کرتا تھا۔ وہ اپنے وقت کا حاتم تھا اور دوسروں کے لئے زندہ تھا۔

زندگی تجربوں کا مجموعہ ہے۔ ایک ایسا قصہ ہے جس میں انسان کی آزمائش کی جاتی ہے اور اسے بقدر ظرف مقام دیا جاتا ہے۔ دنیا فانی، زندگی دو روزہ ہے اور انسان کی زندگی اللہ والی۔ دنیا میں کوئی کچھ واقعی کمائی اور پائی جا سکتی ہے تو وہ ہے نیکی اور تجربہ۔ انسان ایک سچائی ہے باقی سب جھوٹ ہے۔ وہ اکثر کہا کرتا تھا۔ ”دل کا سکون اور روح کی مسرت ہی دنیا کا سب سے بڑا خزانہ ہیں“

اس کا باپ ہر قسم کے لوگوں سے ملتا تھا۔ اس کے دوستوں میں علمائے دین بھی تھے اور رندانِ خانہ خراب بھی۔ مختلف قسم کے عجیب

پسند بھی تھے اور ایک گروہ ایسے نیک لوگوں کا بھی تھا جو نجات کے لئے جسم کو سخت اذیت پہنچاتے تھے۔ اور وہ بھی تھے جو جسمانی آسودگی اور لذت ہی کو حاصلِ زیست سمجھتے تھے۔ شہر بھر کے شاعر، ادیب، مصور اور موسیقار اس کے دوست تھے۔ اور شہر بھر کے دکانداروں اور رئیسوں کی محفلوں میں بھی اس کا نام احترام سے لیا جاتا تھا۔ اس کے باپ کی عمر ساٹھ برس سے اوپر ہو چکی تھی۔ مگر وہ بڑھاپے میں بھی جوان اور تندرست نظر آتا تھا۔ اس میں خود پسندی کا شائبہ تک نہ تھا۔ اپنی زندگی میں اس نے کسی کا دل نہیں دکھایا تھا۔ دل کا دل جام جم ہے۔ ایک بار ٹوٹ گیا تو پھر کوئی اسے جوڑ نہیں سکتا۔ جب یہ حالت ہے تو کوئی کسی کا دل کیوں توڑے۔ یہ وہ اکثر کہا کرتا تھا۔ مذہبی لوگوں میں پائی جانے والی جھوٹی بہت تنگ مزاجی اور تعصب کا اس میں نام و نشان تک نہ تھا۔ وہ تھا نیک، انسان پسند، وسیع المشرب اور خود آگاہ خدا پرست آدمی تھا اور سدا شبہوں کے لئے لگاتا تھا۔ اور وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ ایسے عظیم و پیارے آدمی کو بھی موت آ سکتی ہے۔

لیکن ایک دن اسے موت آ گئی۔!

وہ ابھی ہائی اسکول ہی میں تھا کہ ستمبر کی ایک سرد اندھیری رات میں اس کے لئے اس کی زندگی کی روشنی گم ہو گئی۔ اس کا باپ جو شام کو زندہ تھا، ہنس ہنس کر باتیں کر رہا تھا معمول کے مطابق گھر سے اسکول پہنچا آیا تھا۔ وہ رات کو دیر میں ایک سرد لاش بن چکا تھا۔ وہ غم سے پاگل ہو گیا۔ رات بھر وہ پہلا شخص تھا جو سب سے زیادہ رویا۔ جب لوگوں نے میت کو نہلا دھلا کر سفید کفن میں لپیٹ دیا تو آنسو بھری آنکھوں سے حیرت اور غم سے اس نے دیکھا کہ اس کے باپ کے ہونٹوں پر وہی بات کی سی ہلکی ہلکی مسکراہٹ تھی اور جس کے بعد وہ ابدی نیند سو رہا تھا۔ ایک عجیب سی گہری مسکراہٹ کسی کو پتہ بھی نہ تھا۔ ایک تسلی اور پر سکون اور ناقابلِ بیان حسن لئے پر اسرار مسکراہٹ جو زندگی میں کم دیکھنے میں آتی ہے۔ اور آخری دیدار کرنے والے اس کی بلندی پر ساختہ اللہ اکبر کہتے چلے آ گئے تھے۔ سب نے اس ابدی مسکراہٹ کو مرحوم کی نجات اور اس کے جنتی ہونے کی نشانی قرار دیا تھا۔ پھر جنازہ اٹھا۔ اور جلوس جنازہ میں بے شمار لوگوں نے شرکت کی۔ انسانی سروں کے سمندر میں اس کے باپ کا جنازہ ہے۔ سو کشتی کی طرح دکھائی دیتا تھا۔ اس کے نیچے سوگوار سمندر کی لہروں پر تیرتا ہوا چلا۔ فضا سوگوار تھی۔ اور کلمہ کی گونج سے جو جھلک تھی آسمان اداس تھا اور زمین نوحہ کناں۔ اور پھر شہر کی بڑی مسجد میں نمازِ جنازہ سینکڑوں لوگوں نے غم اور سوگواری کے عالم میں پڑھی۔ اور شہر کے ایک آباد محلے کے قلب میں سرخ اینٹوں کی چار دیواری سے محصور قبرستان میں اس کے پیارے اور عظیم باپ کی میت کو سپردِ خاک کر دیا۔ غم و اندوہ کی حقیقت ہے، سو کا ذہن ماؤف ہو گیا تھا۔ اسے وہ سب کچھ ایک خواب کی طرح یاد ہے کہ وہ ایک انتہائی کربناک اور روح فرسا خواب۔ اور جب اس کے باپ کو تنگ لحد میں سلا دیا گیا تو کفن کے سرہانے کے بند کھول دئے گئے اور چہرہ دکھایا گیا۔ لوگوں نے بے اختیار پکار کر کہا۔ سبحان اللہ! اور یہاں بھی اس نے آنسوؤں کی چلمن سے دیکھا۔ گہری تنگ لحد میں اس کے باپ کا نورانی چہرہ قبلہ رو تھا۔ بند آنکھیں، پر سکون اور مطمئن چہرہ قبلہ کی طرف رکھا گیا تھا اور یہ اس بات کی نشانی تھی کہ مرنے والے کا خاتمہ بخیر ہوا اور وہ جنت میں جانے والا ہے۔ اور اس کا دل چیخ اٹھا۔ "ابا آپ اکیلے جا رہے ہیں۔ پھر کبھی نہ آنے کے لئے۔ مجھے بھی ساتھ کیوں نہیں لے چلتے۔ مجھے اکیلا کیوں چھوڑ رہے ہیں؟" لوگوں نے اسے سنبھال کر وہاں سے ہٹانا چاہا تو وہ کشمکش کرتے ہوئے بولا۔

"چھوڑ دو مجھے اتنا ظلم نہ کرو۔ میں اپنے ابا کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ آخری بار۔ آخری بار۔" اس کے بڑے چچا نے گلوگیر آواز میں کہا۔ "بچے سے بھائی جان مرحوم کو بے حد انس تھا۔ وہ اسے جیتے اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ اسے دیکھ لینے دو۔ اب وہ زندگی بھر اپنے پیارے اور شفیق باپ کی صورت نہیں دیکھ سکے گا۔"

اور وہ دیر تک اپنے باپ کے مردہ چہرے پر نگاہیں جمائے کھڑا رہا۔ کتنا سکون تھا کتنی بے خوفی۔ کس قدر اعتماد اور اطمینان سے اس نورانی چہرے پر مرنے کے بعد بھی اسی طرح سہانی مسکراہٹ تھی۔ مطمئن چہرہ جسے دیکھ کر کوئی ڈرتا تھا اور نہ دہشت ہوتی تھی۔ جیسے گلاب کے فرش پر سویا وہ محبت بھرا جسم جو جلد ہی خاک ہوں سے اوجھل ہونے والا تھا۔

ابھی وہ جی بھر کر اپنے باپ کا چہرہ دیکھ بھی نہ سکا تھا کہ لوگوں نے پتھر کی سلیں قبر پر جلدی جلدی رکھنا شروع کر دیں۔ ایک سل، دوسری سل۔ پہلے گردن ڈھک گئی پھر دوسری سل رکھی۔ اور اب سینہ بھی ڈھک گیا۔ اور ایک سل رکھنے کے بعد پتھر کی ایک چوڑی سی سل، آخری سل جس نے لحد میں اس کے باپ

لوگ جو دیکھا بھی ہے جو کہ مردوں کو زندہ کرنا ہوتا ہے۔ اور پھر لوگ ان چادروں سے ہو کر پیچھے آتے گئے۔ وہ سارے درست ہو کر اللہ کی جنت میں جا پہنچے اتنی بیتیں بات کہ کے ہر پہلی منزل۔ اور پھر جو ہر بعد بھی ایک ایسی قبر کی صورت میں اس کے سامنے تھا جس کے نیچے ان کا نتیجہ تھا تقبیل اور پیار ایک سمجھ کر سکون کی نیند سو رہا تھا۔ فاتحہ خوانی کے بعد سب لوگ واپس چلے گئے اور اس کے ابو نے زبردستی سے وہاں سے چلنے پر مجبور کیا۔

"میرے بابا! دیکھو ابھی تک یہاں میں ہی ہوں۔ آپ بھائی بہن ہیں، والدہ اماں ہیں، نانا جان ہیں، نانی اماں ہیں۔ اور ہم لوگ ہیں۔ تم قبر کے پاس بیٹھ کر اس طرح تم روؤ گے اور اپنی حالت تباہ کرو گے تو تمہارے ابا کی روح کو تکلیف پہنچے گی۔"

"کیا بابا ہمیں دیکھ رہے ہیں؟"

"بالکل۔" اس کے ابو نے کہا۔ "مگر ہم انہیں نہیں دیکھ سکتے۔"

"پھر کون دیکھ سکتا ہے انہیں؟"

"کوئی نہیں۔" اس کے ماموں پریشان ہو گئے۔ "صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے انہیں دیکھ سکتے ہیں۔"

"اب مرنے کے بعد بھی انہیں دیکھنا ممکن نہیں ہے؟" وہ کھوکھلی آواز میں بولا۔

"اب صرف قیامت کے روز دکھائی دیں گے بابا۔" اس کے ماموں کی آواز لرز رہی تھی۔

اور اس نے پوری شدت سے سوچا کاش قیامت ابھی اسی وقت آ جائے تاکہ وہ اپنے پیارے ابا کو دوبارہ دیکھ سکے۔ مل سکے، ان کے ساتھ باتیں کر سکے۔ ان کی قربت کے لذت بخش احساس سے قوی بن سکے۔

لیکن قیامت نہیں آئی۔ اور وہ رات بھر بیٹھے بیٹھے بستر پر کروٹیں بدلتا رہا۔ رات بھر اسے … کے آنسو … اور اس کی والدہ اور بوڑھی دادی اس کے بستر پر … کر رہی تھیں۔

"دادی جان! ابو کیا قبر میں بیٹھے …" وہ بار بار پوچھتا تھا۔

"دادی اماں۔ ابا اب کیا کر رہے ہوں گے؟"

اور دادی اماں دل پر جبر کر کے خود کو سنبھالتے ہوئے جواب دیتی تھیں۔

"بیٹا۔ اب منکر نکیر سوال و جواب کے بعد جا چکے ہوں گے۔ تمہارے ابا تو جنتی تھے۔ اب قبر ان کے لئے روشن اور کشادہ کر دی گئی ہو گی۔ اور قبر میں جنت کی کھڑکی کھول دی گئی ہو گی۔"

"ابا جنت کو دیکھ رہے ہوں گے؟" وہ بے تابی سے پوچھتا۔ "ابھی وہ قبر ہی میں ہوں گے نا۔ لیکن جنت کو وہ ابھی نہیں گئے ہوں گے نا؟"

"وہ قیامت تک قبر ہی میں رہیں گے۔ خدا کی عبادت اور ہم تمام کے لئے دعا کرتے ہوئے، سکون کی نیند کرتے ہوئے وہ قیامت تک قبر ہی میں رہیں گے۔ اور جب صور اسرافیل پھونکا جائے گا تب وہ قبر سے نکلیں گے اور خدائے بزرگ و برتر کے آگے حاضر ہوں گے۔ اسی دن وہ ہم سے ملیں گے۔ اسی دن خدائے واحد مطلق فیصلہ اور حساب کرے گا۔"

تو ابا قبر ہی میں ہیں۔ وہ دل ہی دل میں کہہ اٹھا۔ اور قیامت تک وہیں رہیں گے۔ کہیں نہیں جائیں گے۔ ابا قبر میں زندہ ہیں۔ ہمیں دیکھ سکتے ہیں۔ ہماری آواز سن سکتے ہیں۔ اس طرح ابا کہیں گم نہیں ہوئے ہیں۔ کھو نہیں گئے ہیں۔ وہ قبر میں موجود ہیں اور موجود رہیں گے۔ ساتھ ہی اس نے ایک انتہائی بچگانہ سوال کیا۔

"دادی اماں۔ ابا کو قبر میں کیوں دفن کیا گیا۔ ہمارا گھر تو اتنا بڑا تھا۔ کسی کمرے میں انہیں رکھ دیتے تو کیا ہوتا؟"

دادی اماں خوف اور غم سے زرد پڑ گئیں۔ اور درد بھری آواز میں بولیں۔ "بیٹا ہمارا گھر تو قیامت تک نہیں رہ سکتا تھا بھلا اس گھر میں ان کو کیسے رکھا جا سکتا تھا وہ جو قیامت تک رہنے والے ہیں۔" وہ رک کر بولیں۔ "سچی بات تو یہ ہے بیٹے کہ ہمارے یہ مکان تو ناپائیدار فنا ہو جانے والے اور غیر حقیقی ہیں۔ اصلی اور حقیقی مکان تو قبر ہی ہے جہاں سب کو ایک دن جانا ہے اور قیامت تک رہنا ہے۔ خواب میں ہو یا راحت میں قیامت تک قبر ہی میں رہنا ہے۔"

اور اسی وقت سے اس کے ذہن میں اپنے باپ کی قبر کو پختہ اور بنانے کا خیال پیدا ہوا۔ اور چہلم کے دن جب مٹی کی کچی قبر پختہ ہونے اور سیمنٹ کی ایک خوبصورت سی پختہ قبر میں تبدیل ہو گئی اور سفید پھولوں کی چادر چڑھنے کے بعد تعویز مزار پر گلاب کے تازہ سرخ پھول رکھ کر فاتحہ کے لئے لوگوں نے ہاتھ بلند کئے تو بے ابر نیلگوں آسمان پہ گرمیوں کا پورا چاند ابھر آیا تھا۔ اور سفید نورانی قبر کا بھی چاندنی کے پھول بن جاتے لگا تھا۔ قبر کے سرہانے سے خوشبودار دھواں بلند ہو رہا تھا۔ پھول اور خوشبو ہی روحانی غذا ہیں۔ مرنے والوں کی واحد غذا جس سے انہیں سکون ملتا اور آسودگی نصیب ہوتی ہے۔ بوڑھی دادی اماں کی کہی ہوئی یہ بات اس کے ذہن پر رقم ہو کر رہ گئی تھی۔ وہ ہر روز سورج نکلنے سے پہلے باپ کی قبر پر پہنچ جاتا۔ اور خوش شگفتہ پھولوں کو قبر پر چڑھاتا۔ خوشبودار اگربتیاں سلگاتا۔ اور ... درود پڑھ کر فاتحہ پڑھتا۔ اس نے مسجد کے پیش امام سے سن رکھا تھا کہ گیارہ بار درود پڑھنے سے اہل قبور کو قبر پر آنے والے کی اطلاع ہو جاتی ہے۔ اور وہ اس کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں۔

صبح سویرے وہ اپنے باپ کی قبر پر پہنچ جاتا۔ درود و فاتحہ کے بعد گھنٹوں قبر سے باتیں کرتا۔ اپنے باپ کو گھر اور باہر کی باتیں سناتا۔ اور جب سورج بلند ہو جاتا تو بوجھل قدموں سے واپس ہوتا۔ اور شام میں اسکول سے واپسی کے فوری بعد پھر باپ کی قبر پر پہنچ جاتا۔ اپنے باپ کو اپنا سبق سناتا۔ درسی کتب پڑھتا۔ قبر سے باتیں کرتا رہتا۔ قبر کے اندر اپنے باپ کی موجودگی کا احساس اسے سکون بخشتا تھا۔ وہ اب اس قدر غمگین اور دل شکستہ نہیں رہتا تھا۔ آنکھوں سے دور ہو کر بھی اس کا باپ دور نہیں ہوا تھا۔ وہ جب بھی قبر پر بیٹھا چشم تصور اسے اس کے باپ کا چہرہ دکھا دیتی۔ وہ مسکراتا ہوا چہرہ، وہ محبت بھرے ہاتھ، وہ بازو، وہ سینہ، وہ جسم۔ وہ روح وہ لازوال محبت اور وہ شفقت۔ وہ اپنے باپ کو اسی طرح محسوس کر سکتا تھا۔ اس کی آواز کو سن سکتا تھا۔ اس کی بے پناہ قربت میں بیٹھا رہتا تھا۔

ایک سال گزر گیا مگر اس کے معمول میں کوئی فرق نہیں آیا۔ وہ صبح اور شام پابندی سے باپ کی قبر پر جاتا۔ فاتحہ پڑھتا، گھنٹوں اس سے باتیں کرتا۔ ایک دن اس نے اپنے باپ کی قبر کو مخاطب کر کے کہا "ابا جان! میں میٹرک میں فرسٹ کلاس سے کامیاب ہو گیا ہوں"

چند دنوں بعد اس نے اپنے باپ کو بتایا کہ اس نے کالج میں داخلہ لے لیا ہے۔ پھر چند ماہ بعد اس نے شام میں باپ کی قبر پر آنا ترک کر دیا۔ اس میں اس کے ارادے کو مطلق دخل نہ تھا کالج کی زندگی اور مصروفیت کی وجہ سے وہ مجبور ہو گیا تھا۔ چند ماہ بعد ایک صبح اس نے تاخیر سے آنے پر معذرت چاہی۔ اپنے باپ کی قبر سے مخاطب ہو کر کہا۔ "ابا جان میں ہر روز یہاں نہ آسکوں گا مجھے روز کالج جانے میں دیر ہو جاتی ہے۔ اچھا ابا میں اب ہر جمعہ کو آیا کروں گا آپ کوئی خیال نہ کریں میرے لئے دعائے خیر فرماتے رہیں۔"

زندگی کے ہنگاموں نے تو اسے پوری طرح اپنی آغوش میں سمیٹ لیا تھا پھر بھی وہ اپنے باپ کے خیال سے غافل نہ ہو سکا تھا۔ وہ کہ پیار اور شفقت بھی اس کے خیالوں میں زندہ تھا۔ وہ ہر جمعہ کے روز جب وہ اس کی قبر پر پہنچتا تو اس کے جسمانی وجود کو بھی محسوس کرتا تھا۔ اس نے کچھ ذہن میں [illegible] خالی خواب اس میں ذرا سا کم ہو چکا تھا۔ اس کا عقیدہ پختہ ہو چکا تھا کہ قبر میں اس کا باپ موجود ہے، جو اسے دیکھ سکتا ہے۔ اس کی آواز سن سکتا ہے اس کی خوشی اور کامیابی کے لئے دعائیں کر سکتا ہے۔!

وہ گرمیوں کی ایک رات تھی۔ اور اتوار کی رات تھی۔ وہ خلاف معمول اور خلاف وقت، اپنے باپ کی قبر پر پہنچ گیا تھا۔ اور آنسوؤں سے بھری آواز میں کہہ رہا تھا۔

"ابا۔ دادی اماں کا ابھی ابھی انتقال ہوا ہے۔ وہ۔۔ وہ مجھے آپ کے پاس بھیج گئی ہیں۔ کیا آپ کو یہ سب معلوم ہے؟"

باپ کی موت کے بعد دوسرا گہرا دکھ تھا جو اس کے دل پر لگا تھا۔ بوڑھی دادی سے اسے بہت انس تھا۔ باپ کی موت کے بعد وہ دادی کی شفقت میں سکون محسوس کرنے لگا تھا کہ وہ مر گئی۔ یہ بے حد غم تھا۔!

رات ہی میں اس کے چچا نے طے کیا کہ دادی اماں کو اس کے باپ کے سرہانے سپرد خاک کیا جائے۔

"بھائی جان مرحوم بہت خوش نصیب ہیں انہیں ماں کی پائنتی مل رہی ہے۔"

"ماں کے قدموں میں جنت ہے" [illegible] یادیں ذہن میں تازہ ہو گئیں اور اس طرح دادی اماں جوں ہی ابا کے سرہانے دفن ہوئیں [illegible] جنت [illegible] وہ جنت اور دوزخ کے بارے میں سوچتا ہوا [illegible]

زیادہ تر کام روشنی ہی کے اندھیروں میں ان کا اکیلا پن سا منتشر ہو رہا تھا۔

قبرستان میں جب وہ پہنچا تو سورج ڈوبنے والا تھا۔ دھوپ پیلی پڑ چکی تھی اور سایہ قائم رکھنے والی شاخوں کے بیچ [illegible] گزرے رہے تھے ان میں سے ایک اداس قبر سب سے نمایاں تھا جس کا آخری کتبہ [illegible] وہ جو بوڑھا تھا۔ وہ مرا ہوا کہ اس کے باپ کا [illegible] وہ بھی تھا مگر اس کی صورت پہچاننے کے لیے [illegible] نہیں دیتی تھی دونوں کو لگتا تھا کہ [illegible] سینے تلے پڑا رہے سینے کا بوجھ بھی جو تیز چلنے میں [illegible] قبر میں اس کے باپ کی قبر کے پاس [illegible] وہ حیرت، غم اور خوف سے کھڑا ہوا دیکھنے لگا۔ [illegible] خیال آیا کہ آپ کے سرہانے کھڑا ہو کر [illegible] — شور و غل ہو رہا ہے کیا اس کے کانوں میں عبادت میں خلل نہیں پڑ رہا ہوگا۔ [illegible] "پھر ایک خیال اور۔ [illegible] معلوم ہے ان کے سرہانے کون کھڑا ہے۔" پھر کچھ دیر کے بعد وہ کچھ سوچنے لگے۔

اچانک ایک جھٹکا سا محسوس ہوا۔ اور دونوں گورکن ایک آواز خوف سے چیخ پڑے۔ وہ چونک کر دیکھنے لگا کہ قبر کی پائنتی کھودتے ہوئے [illegible] نے جس کے باپ کی قبر کے سرہانے کو کھود دیا تھا۔ اور تازہ کھدی ہوئی قبر میں سے بالکل اور پرانی [illegible] کی طرح دکھائی دے رہا تھا جس تازہ گری ہوئی مٹی کا غبار چھایا ہوا تھا۔ [illegible] تو بدن میں سنسنی کا ایک جال سا دوڑ گیا [illegible] برس بعد اس بند تجوری کا پٹ کھلا تھا جس میں اس کی روح کا [illegible] ایک بار اپنے باپ کا چہرہ دیکھنے کی خواہش شدت سے ابھر آئی۔ اس کا باپ جو اس قبر میں اس کا انتظار [illegible] اس کا ایک عظیم اور خدا پرست باپ جس کے [illegible] خود اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھی تھیں۔ وہ جو قبر میں قیامت تک رہنے والا تھا۔ جنت کے نظاروں اور خدا کی عبادت میں محو، پُر سکون اور [illegible] زندگی بسر کر رہا ہوگا۔ وہ جس کے ساتھ وہ برسوں سے [illegible] رہ چکا ہے۔ وہ جو اس قبر میں تھا۔ وہ اب ہمیشہ رہے گا۔ ....!!!

وہ ڈوبتے دل سے تازہ کھدی ہوئی قبر میں کھلے ہوئے دہانے کی طرف دیکھنے لگا جس پر سے گرد و غبار اب صاف ہو چکا تھا۔ اس کا دل کسی نامعلوم خوف سے ڈوبنے لگا۔ اس نے جھک کر اس تاریک سرنگ میں جھانک کر دیکھا۔ سفید کفن، کافور، عطر، عبیر اور گلاب کی خوشبو کا نام و نشان تک نہ تھا۔ قبر میں کچھ بھی نہ تھا۔ ہڈیاں تک دکھائی نہ دیتی تھیں۔ اس پر سکتے کا سا عالم طاری ہو گیا۔ اس ایک لمحے میں اس کے خیالوں کا خیشن محل روشنی کی بلندیوں سے فرش پر آ رہا تھا۔ قبر بالکل خالی تھی۔ اندر کچھ تھا تو وہ مٹی تھی اور اندھیرا۔ وہ پریشان ہو کر اوپر آ گیا۔ اور گورکن جو اپنی غلطی ..... پر نادم تھے جلدی جلدی قبر کے کھلے ہوئے دہانے کو بند کرنے لگے۔

قبر میں ہڈیاں تک گل گئیں۔ [illegible] کچھ بھی نہیں تھا کچھ بھی نہیں۔ زمین اس کے باپ کو کھا چکی تھی۔ تو کیا زندگی یہی ہے۔ قبر کی طرح خالی، تنہا، ویران اور کھوکھلی ۔۔ اور بے حقیقت . ؟

اس کے نرم و نازک ذہن پر کچے خیالوں کے بنائے ہوئے سارے گھروندے مسمار ہو چکے تھے۔ اور روح کی گہرائیوں میں ایک دبیز اور بھیانک سناٹا چھا گیا۔ زخمی دل اور بوجھل قدموں سے چلتا ہوا جب وہ قبرستان سے باہر نکلا تو اسے محسوس ہوا جیسے اس کے باپ کا درحقیقت آج انتقال ہوا ہے۔ اور وہ اب اسے سپرد خاک کرکے جا رہا ہے ۔۔!

بقیہ منظر نگاری کا مفہوم صفحہ ۱۳ کا

انسانی فطرت سے متاثر ہونا، فطرت پر انسانی ہیئت کا اقرار اور فطرت کے ذریعہ متصوفانہ، فلسفیانہ، اخلاقی اور نفسیاتی مسائل کا تجزیہ وغیرہ بھی منظر نگاری کے زمرے میں شامل ہے۔ ممکن ہے کہ منظر نگاری کی اس وسعت سے کچھ ناقدین متفق نہ ہوں۔ اور ان کے ذہن میں منظر نگاری کا مفہوم محدود رہے۔ مگر انگریزی کا ادب میں منظر نگاری کے اس مفہوم کو اپنا لیا گیا ہے اور فطرت کے مختلف پہلوؤں کو منظر نگاری کے ذیل میں شمار کیا گیا ہے۔

محسن زیدی

غزل

شعلہ ہوں مگر برف کی چادر سے ڈھکا ہوں
نغمہ ہوں مگر ساز کے پردے میں چھپا ہوں

اکثر تجھے پاکر بھی یہ محسوس ہوا ہے
جیسے کہ کسی اور کو میں ڈھونڈ رہا ہوں

اے اہلِ ستم نقشِ سرِ آب نہ سمجھو
مجھ کو نہ مٹا پاؤ گے میں نقشِ وفا ہوں

شاید ہو کوئی شمع کسی سمت سے روشن
حیران سا میں کب سے اندھیرے میں کھڑا ہوں

وہ عہد جو ہر دور میں اک خواب رہا ہے
اس عہد کے آثارِ سحر دیکھ رہا ہوں

صہبا سے بھروں جام کہ اب خونِ جگر سے
کچھ تلخیِ حالات کا حل سوچ رہا ہوں

محسوس یہ ہوتا ہے کوئی اور ہو جیسے
میں اپنی ہی تصویر سے اب کتنا جدا ہوں

اک شب بھی نہ اس طرح جلی ہوگی کوئی شمع
اک عمر میں جس سوزِ مسلسل میں جلا ہوں

محسن ہے مجھے ناز کہ اس شہرِ نوا میں
اپنا ہی میں آہنگ ہوں اپنی ہی صدا ہوں

نامی انصاری

غزل

عشق میں تھی گرچہ پہلے کیف سامانی بہت
دھیرے دھیرے بڑھ گئی دل کی پریشانی بہت

دیکھ کر اہلِ جہاں کی مصلحت اندیشیاں
یاد آتی ہے مجھے صحرا کی ویرانی بہت

سادگی میں بھی ہیں پنہاں شوخیوں کی بجلیاں
آئینہ در آئینہ ہے سحر سامانی بہت

دیکھئے کیا رنگ لاتا ہے جہانِ رنگ و بو
خونِ دل کی جنسِ حاضر میں ہے ارزانی بہت

کون کر سکتا ہے اب چاکِ جگر کا حوصلہ
ہم سے دیوانوں کو ہے بس چاک دامانی بہت

بادۂ رنگیں تری سرمستیوں کی خیر ہو
مدتوں کرتے رہے ہم بھی گل افشانی بہت

نقش ہائے خونِ بسمل کا بھی ہے کوئی جواب
شہر میں پاتا رہا ہے خامۂ مانی بہت

بادۂ انگور سے جاتی نہیں تشنہ لبی
اس لئے ارزاں ہوا ہے خونِ انسانی بہت

چھیڑئیے محفل میں نامی اب کوئی سازِ دگر
کر چکے حسن و محبت کی ثنا خوانی بہت

افسانہ ۔ نگہت ابوالحسن

سمندر

جس وقت تائی اماں کا انتقال ہوا مجھے کچھ ایسا احساس ہوا کہ ایک ضخیم اور قیمتی صفحات سے بھری ہوئی کتاب پڑھنے سے رہ گئی۔ یقیناً مجھے اس کتاب سے کتاب کے لئے کچھ اور ہوش مند ہونا چاہئے تھا۔ اس احساس کے بعد میں نے بے حد ضبط کیا لیکن چند آنسو میری آنکھوں سے تائی اماں کے چہرے پر ٹپک ہی گئے۔ لوگوں نے مجھے فہمائشی نظروں سے دیکھا لیکن تائی اماں کی بند آنکھیں میری نظر کے دائرے میں مسکرا پڑیں جیسے مجھ سے چپکے چپکے خاموشی ہی خاموشی میں بہت کچھ کہہ دیا ہو۔

تائی اماں عجیب و غریب شخصیت کی مالک تھیں۔ ایک ایسا انسان جو بظاہر شانت سا محسوس ہوتا لیکن قریب سے دیکھنے پر بے تکلف اور [illegible] کر رکھنے والا [illegible] رہ جائے۔

تائی اماں کو بچوں سے بے حد محبت تھی۔ شاید وہ [illegible] تھیں۔ خاص طور پر چاندنی راتوں سے انہیں بڑی نفرت تھی۔ ہمیشہ [illegible] چاندنی راتوں میں کمرے کی کھڑکیاں اور دروازے بند کر کے پردے گرا دیا کرتیں۔ تائی اماں کو دنیا کی ہنسی سے بھی سخت چڑ تھی اگرچہ انہوں نے ہنسنے والوں کو کبھی نہیں [illegible] لیکن معلوم یہی ہوتا تھا جیسے کہہ رہی ہوں۔ جتنا ہنسو گے اتنا ہی روؤ گے۔

تائی اماں کو دنیا سے بھی دلچسپی نہیں تھی۔ پھولوں سے، رنگوں سے، بہاروں سے وہ بے حد دور رہتی تھیں۔ آنے جانے والوں سے بھی انہیں کوئی غرض نہ تھی۔ ان کا ایک پرانا چھپر کھٹ تھا۔ [illegible] جانے وہ اس حویلی میں [illegible] زیادہ تر وقت آرام کرسی پر بیٹھے رہتے [illegible] کر دیتیں۔ ان کی آنکھیں ہمیشہ بند رہتیں۔ لوگ کہتے وہ کسی وظیفے میں مصروف رہتی ہیں لیکن ناچیز کے خیال میں تائی اماں کو دعاؤں یا وظیفوں کی برکتوں پر بھی کبھی اعتقاد نہیں رہا۔ انہیں دیکھ کر کبھی کبھی جذب کا احساس ضرور ہوتا لیکن [illegible] اپنی اس حماقت آمیز خیال پر ہنسی آ جاتی۔ اتنی بڑی کوٹھی، ایسے چاہنے والے تایا ابا، جاہ و حشمت، عزت، مرتبہ، عشرتوں کی ریل پیل، بھلا ان میں کوئی زخم بھی ہو سکتا ہے۔ بہ فرض محال تشخیص کرنے والے حال جان کر [illegible] ادا کر دیں۔؟؟

لیکن ان کے انتقال کے بعد میرے ذہن میں یہ بات بیٹھ ہی گئی کہ بعض وقت ماہر فن بھی دھوکہ کھا جاتے ہیں اور یہ دھوکہ شاید لوح محفوظ میں مشیت کے علم سے درج ہو چکا ہوتا ہے۔ پھر کوئی انسان سر پٹکے، مداوا ہو ہی نہیں پاتا۔

اگر تائی اماں کی کوئی اولاد ہوتی تو شاید ان کی ہستی کا عقدہ کسی نہ کسی حد تک ضرور ہی کھل جاتا لیکن سب لوگوں کی طرح میں نے بھی سنا تھا تایا ابا کو اولاد سے ازلی دشمنی تھی۔ وہ اولاد سے یوں دور بھاگتے رہے [illegible] جیسے سانپ۔ دو ایک مرتبہ امید ہوئی بھی تو فوراً [illegible] کے بال بال کرتے [illegible] برابر کر کے دم لیا۔ لیکن تائی کو ہمیشہ [illegible] اور ان کے عیش و آرام [illegible] میں کبھی کمی نہ ہونے دی۔ یہ بھی سنا کرتا تھا کہ [illegible] تائی کا گھر سے کبھی قدم نہیں گیا۔ لوگوں نے انہیں ہمیشہ مگن دیکھا [illegible] جنت گھر بسا رہے [illegible] تائی اماں [illegible] تھیں لیکن دنیا بھر کی اولاد میں ہمیشہ [illegible] رہیں۔ انہیں اس طرح مانا کہ ان کی اپنی گود کی اولاد بھی نہ مانتی۔ بچوں کے [illegible] سے ان کی ہر بات [illegible] کرتے۔ وہ کسی سے اپنا کام کروانا منظور نہ کرتیں تب بھی لوگ ان کے آگے پیچھے جاتے

اور ان کا کام کر لینے پر فخر سے سر بلند کئے گھر لوٹ آتے۔

میں شدت سے اس شام کو فراموش نہ کر سکوں گا جب میں نے ان کا سوٹ کیس کھولا تو خوبصورت قلم اور ان کی مجلد کاپی کے ایک صفحے پر گھسیٹا ہوا بد صورت قلم کی لکھی تحریر سے مرعوب ہو کر، بیٹھے اندھیرے میں نہ جانے اپنا لکھا کیوں یاد آیا تھا۔ تائی ماں کا لکھا ہوا۔ تاہم اس میں درج ہوا ہر لفظ میرے ذہن میں ان موتیوں سے مشابہ رہا جو ایک لڑی میں بڑی ترتیب و تزئین سے پرو دیئے گئے ہوں، پھر ان کی آہٹ سن کر میں عجلت سے بھاگ آیا تھا۔ لیکن ہمیشہ مجھے حسرت [illegible] کو سورج کی تیز روشنی میں غور و اطمینان سے دیکھوں۔ یہی وجہ تھی کہ جب میں نے ان کے مردہ جسم پر گھسے ہوئے چہرے اور بند آنکھوں کو غور سے دیکھا تو مجھے دفعتاً محسوس ہوا میں لاعلمی کے گہرے کنویں میں منہ کے بل گرا ہوا ہوں اور ایک بڑی قیمتی انمول کتاب جس کی قیمت کا کوئی تعین کبھی نہیں کیا جا سکتا، میرے سامنے میں آنے نیز اکتساب علم کرنے سے پہلے بند کر دی گئی۔

اس روز میں دیر تک روتا رہا۔

یوں تو سب ہی رو رہے تھے لیکن میرے رونے پر اکثر لوگ متعجب تھے۔ لوگوں نے بہت کم مجھے تائی ماں کے رہن سہن کے حصے کی طرف جاتے دیکھا تھا جب کہ قریب قریب ہر روز کچھ نہ کچھ حاصل کر لینے کے لئے وہاں ضرور چکر لگاتا رہتا۔

میں نے خواب میں کم از کم تائی ماں خواب میں آ کر مجھے اپنے بارے میں کچھ بتائیں لیکن یہ آرزو کبھی پوری نہ ہوئی اور تایا ابا ایکدم مجہول سے نظر آنے لگے۔ وہ ہر صبح باقاعدگی سے سب کے آگے اپنے خواب بیان کرتے جو اعف سے و سلام تک تائی ماں کی آمد اور حکایات سے بھرپور ہوتا۔ اور سب بڑے دھیان سے سنا کرتے۔ مگر مجھے محسوس ہوتا، تایا ابا مکر کر رہے ہیں۔ یہ ان کا لاشعور ہے جو ہر شب ان کی بند آنکھوں کے آگے من چاہے رقص دکھا کر صبح اجالے میں گم ہو جاتا ہے۔ اندھیرا تایا ابا کی بڑی کمزوری تھا۔ انھوں نے ہمیشہ اجالے سے پیار کیا تھا اور اجالے ہی میں اندھیرے کی بابت سوچا تھا۔ ورنہ ہر شام یہ وہ بتی جلا کر آنکھیں بند کر لیتے اور کبھی رات کی تاریکیوں کو بڑھتے اور پھیلتے ہوئے نہیں دیکھتے۔ ہاں سحر کا پہلا سورج طلوع کرنے کے ساتھ وہ بستر چھوڑ دیتے اور گرد و پیش کی ڈالی چڑیوں کی طرح چہچہانے لگتے۔

ان کے دوست احباب محدود تھے۔ انھیں دنیا کی ذرہ برابر فکر نہ تھی۔ ہمیشہ یہ دنیا تائی کے وجود میں تلاش کی اور ہمیشہ مطمئن رہے۔ تائی کی زندگی میں پہلی مرتبہ اتفاقاً ہم تائی کے مرنے کے بعد دودھ گرم کرنے کی غرض سے انگیٹھی میں دوسری بار میں نے وہ مجلد کاپی دیکھی۔ تایا اسے اوراق انگیٹھی سے جھونک رہے تھے۔ تایا کا چشمہ ان کی ناک کی نوک پر پھسل کر آ گیا تھا۔ اور جانے آگ کی قربت سے یا خود جذبات سے چند ستارہ جیسے ان کی آنکھوں کے گرد گڑھے سے چمک رہے تھے۔ میں نے جھجھک کر تایا کی آنکھوں میں پوچھا [illegible] جو وہ [illegible] تایا ابا؟

تایا ابا گو خدا اپنی ہی اولاد سے بڑھ کر تھے وہ سب بہن بھائیوں کے ہم عمر ہونے کے سبب بے حد چاہتے تھے۔ میری بات سن کر پہلے تو چونکے پھر بے حد تھکے ہوئے انداز میں بولے۔ بیٹے، وہ تمہاری پھوپی سے انھوں نے جو بقیہ اوراق کو آگ دکھا دی۔ میں سوچ رہا کیا تایا ابا نے واقعی ان اوراق پر درج تحریریں نہیں پڑھی ہوں گی؟

کیا واقعی وہ ایسے مضبوط با ہمت اور سچے انسان ہو سکتے ہیں؟ مجھے پتہ نہ چل سکا لیکن جب تھوڑے دنوں میں صدمے کی تاب نہ لا کر وہ بھی اس دار فانی سے کوچ کر گئے تو میں واقعی بلک بلک کر رو پڑا۔ مجھے ایسا لگا جیسے میرا کوئی نہیں رہا۔ اتنی بڑی دنیا میں اتنے اپنے لوگوں کے بیچ میرے بے حد اپنے پیارا ماں نے مجھے دو جانے لگا کے ... ماں نے مجھے تسلی دی لیکن میرا دل بوجھل تھا۔ ایک ایسے بوجھ سے بھرا ہوا جس کا ہلکا ہو جانا ممکن ہی نہ تھا۔

چالیس دن تک تایا تائی کا سامان محفوظ رہا۔ اکتالیسویں دن ان کے بہن بھائیوں میں سامان کا بٹوارہ ہوا۔ میں از حد مشتاق ایک کونے میں دبکا رہا۔ تائی کی ہم راز اس مجلد کاپی کے جل جانے کے باوجود مجھے کسی ایسی چیز کی تلاش تھی جو تائی کی پر اسرار زندگی کا غماز خواہ مختصر ثابت ہو۔

جوں جوں وقت گزرتا گیا کمرہ خالی ہوتا گیا۔ بے رونقی بڑھتی گئی ... تائی کے عدم وجود کو کھنگال کر جب سب لوگ اٹھ گئے اور کمرہ صفائی کے لئے کھلا چھوڑ دیا گیا ... پھینکے جائے ... کونا کونا چھان رہا تھا پھر ... تائی کا بستر تھا وہاں مجھے ...

راج نرائن راز

حیف

میں نے جو طوطا پالا تھا
میری باتیں دہراتا تھا!
سُن کر دوست سبھی خوش ہوتے
میں بھی بے حد خوش ہوتا تھا
اور کمالِ فن پر اپنے
اکثر ناز کیا کرتا تھا

جانے اک دن بات ہوئی کیا
میں کھویا سا، سوچ میں ڈوبا
سوچا ــ کام پرندوں کا ہے
کھُلی فضا میں اُڑنا پھرنا
اور سُریلے نغمے گانا!
بھور بھئے گھر واپس جانا

لیکن جو میرا طوطا ہے
پنجرے کے اندر رہتا ہے
میری باتیں دُھراتا ہے

ــ کھُلی فضا میں اُڑتا پھرنا
ڈال ڈال پر بور کترنا
بھور بھئے گھر واپس جانا
اُس کو بھی تو بھاتا ہو گا

پنجرے کا دروازہ کھولا
طوطا سہما سا بیٹھا تھا
گویا خود کو بھول گیا تھا

میری باتیں دوہراتا تھا!

طوطا، طوطا بھی نہ رہا تھا!
طوطا، انسان بن نہ سکا تھا!

پیرزادہ اقبال بیجاپوری

غزل

برہم ہے اُن کی زُلفِ دوتا خیر مانگئے
اب شہر میں ہے رقصِ قضا خیر مانگئے

اُڑنے لگی ہے گردِ بلا خیر مانگئے
میلی نہ ہو شگوں کی قبا، خیر مانگئے

ملنے لگے ہیں شر کے خداؤں کو حوصلے
خاموش خیر کا ہے خدا خیر مانگئے

اُٹھنے کو ہیں کچھ اور بگولے میانِ دشت
چلنے کو ہے کچھ اور ہوا خیر مانگئے

اک بھیڑ سی ہے بابِ اجابت کے آس پاس
گھبرائی جا رہی ہے دعا، خیر مانگئے

اقبال پھونک پھونک کے رکھئے گا اب قدم
رہزن ہوئے ہیں راہنما، خیر مانگئے

طنز و مزاح:-

یوسف ناظم

علم سے قلم تک

علم سے قلم تک پہنچنے میں آدمی کو بڑا ہونا پڑا اور سنا ہے لگن بھی چاہئے تھا کیونکہ آدمی قلم تک سیدھے راستے سے پہنچا بھی نہیں۔ آدمی نے یوں بھی کب سیدھا راستہ اختیار کیا ہے۔ جس راستے سے وہ قلم تک در آیا وہ بڑا کٹھن اور پیچیدہ تھا۔ اس کے علاوہ وہ کسی راہبر کو پہچانتا بھی نہ تھا اس لئے وہ ہر راہ رو کے ساتھ تھوڑی دور چلتا اور پھر کئی دن اور کئی مہینے بھٹکتا۔ چلنے میں آدمی کو زیادہ تکلیف نہیں ہوتی کیونکہ وہ تو خلد سے چل کر دنیا میں آیا تھا۔ لیکن بھٹکنے کے معاملے میں البتہ اُسے بڑی محنت کرنی پڑی۔ شروع شروع میں تو اُس سے مطلق بھٹکا ہی نہیں گیا۔ وہ جب بھی بھٹکنے بیٹھا جلد ہی تھک جاتا۔ لیکن آگے چل کر بفضل تعالیٰ اُسے بھٹکنے کی اچھی مشق ہوگئی۔ جیسے ہمارے بچّوں کو ٹی وی کے ٹکڑوں کی ہو جاتی ہے۔ اس مشق کے بعد آدمی کو بھٹکنے میں ایسا مزہ آنے لگا کہ وہ راستہ چلے بغیر بھی بھٹکنے لگا۔ اس کو اس میں اتنا لطف آیا کہ یہ بھی کافی وقت صرف ہو گیا ورنہ آدمی کب کا قلم کی منزل پر پہنچ گیا ہوتا۔ علم سے چھوٹ کر تو اسے مدت ہو گئی تھی۔ اور اگر اُس کا سفر مسلسل ہوتا تو آدمی بہت پہلے قلم کو پہنچ جاتا۔ لیکن اس معاملے میں آدمی کے نظری تساہل کے علاوہ چند دوسری خلیجیں بھی تھیں جو مسلسل پڑنے کے بعد ہی پہچانی جاتیں۔ شاید کہ اُس زمانے میں فن تعمیرات نے بھی زیادہ ترقی نہیں کی تھی اور شہروں میں فلائی اوور بھی نہیں بنے تھے۔ راستہ چلتے چلتے آدمی کو طرح طرح کے کئی موافقات سے سابقہ پڑتا تھا۔

قلم تک پہنچنے میں آدمی نے کچھ زیادہ تجسس بھی نہیں دکھائی تھی کیونکہ اُسے اُس کے ایرانی والدین نے بتایا تھا کہ جو کام دیر سے ہوتا ہے اچھا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ آدمی کو یہ بھی معلوم تھا کہ مرغی کا انڈا اچھا ہے تو کیا ہوتا ہے۔ وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے۔ اسے یقین تھا کہ وہ کسی راستے سے چلے اللہ چاہے تو گلی چال چلتا ہے سرپٹ جائے گا وہ قلم تک پہنچ جائے گا۔ بلکہ اسے اس کا بھی یقین تھا کہ اگر وہ قلم کی طرف چلا نہ گیا تو خود قلم اُس تک پہنچ جائے گی کیونکہ علم سے چھوٹنے کے بعد اُس کی منزل ایک ہی تھی۔ قلم۔ FLY OVER BRIDGE

کہا جاتا ہے کہ فیضی اور ابوالفضل کے عہد تک آدمی علم میں باضابطہ اور بے حد مگن تھا۔ فیضی اور ابوالفضل کی مشترکہ وفات کے بعد بھی اکّا دکّا واقعات میں آدمی کا علم سے تعلق ثابت ہوتا ہے لیکن یہ واقعات ایسے ہی ہیں جیسے ہزاروں شادیوں میں ایک آدھ کامیاب شادی کا اکّا دکّا واقعہ۔ علم سے آدمی کے تعلق کے اِن واقعات میں، مسافرات کا روز مرّہ نہیں ملتا۔ علامہ جیسے آدمیوں کو تو یہ دنیا زیادہ دن برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ ارسطو، سقراط، بقراط، لقمان، ارشمیدس اور ایسی ذات کے دوسرے سیکڑوں انسانوں کی موجودگی کا خیال نہ، دنیا بہت پہلے گنگنا چکی تھی معذرت میں۔ ایسے بزرگ علما لوگوں کا گزر ممکن نہیں۔ علم سے انسان کا رشتہ ٹوٹنا ضروری تھا۔

علم سے جب انسان کی ضروریات کی تکمیل ممکن نہ رہی تو قوم نے سوچا کہ اب علم کو چھوڑ کر قلم کے میدان میں قسمت آزمائی کر لینا چاہئے اور آپ کو معلوم ہے جب قوم کسی کام کے بارے میں سوچ لیتی ہے تو پھر دوبارہ نہیں سوچا کرتی۔ دوبارہ وہ لوگ سوچتے ہیں جنہیں اپنی رائے پر بھروسہ نہیں ہوتا۔ قوم کبھی دوبارہ نہیں سوچتی۔ اس کی پہلی سوچ ہی آخری سوچ ہوا کرتی ہے۔ قوم نے جب قلم کے پاس آنا چاہا اس وقت

نائی توم کو وارڈ کاربوریشن کی سرپرستی حاصل تھی۔ وارڈ کاربوریشن کی کمپنی سماجی مصروفیات بہت زیادہ تھیں۔ انھوں نے کاربوریشن
سرکس بہت دیکھے تھے اور اُن کی رائے میں ایسے لحاظ سے بہا اور غذا کے بعد کارنوال ہی کا نمبر آتا تھا۔ بعض موقعوں پر انھوں نے
کارنوال کو بہا اصفہانی کی ترجیح دینے میں مختلف موسم سہانے بنا رہے تھے۔ غالباً وارڈ کارنوالس ہی نے توم کی پیٹھ ٹھونکی اور توم کو فلم کی طرف
راغب ہونے کا قیمتی مشورہ دیا اور ہمارے ہاں فلم شاید بہت پہلے بن جاتی اور ہمارے مسلمان کو بھی ایک آدھ فلم دیکھنے کا موقع مل جاتا
لیکن ہمارے مسلمان بہت زیادہ شریف تھے۔ وہ بغیر فلم دیکھے ہی مر گئے۔ وہ غالباً دور اندیش بھی تھے۔ عالم آرا دیکھے بغیر ان کا فوت
ہونا، گرشتہ ہی معلوم ہوتا ہے۔ عالم آرا نے سچ پوچھئے تو توم کی زندگی کا رخ بدل دیا۔ یا یوں کہیے کہ توم عالم آرا سے پہلے گہری طرح سو رہی تھی۔
اس وقت کا مورخ لکھتا ہے کہ وہ گھوڑے بیچ کر سو رہی تھی۔ اور گھوڑے بیچ کر سونا نہایت گہری اور طویل نیند کی علامت ہے۔ اب ایسی
نیند صرف خواب آور گولیوں کی مدد سے نصیب ہو سکتی ہے۔ عالم آرا سے پہلے توم بڑی ہی گہری نیند میں تھی۔ ساری فضا پر غنودگی چھائی
ہوئی تھی اور ایسا لگتا تھا جیسے سب کو سانپ سونگھ گیا ہو۔ اگر سانپ سونگھ لے تو آدمی کا اتنا ہی نقصان ہے جتنا کہ سانپ کے کاٹنے
سے ہوتا ہے۔ توم ابھی غنودگی کے عالم ہی میں تھی کہ عالم آرا کا معجزہ عمل میں آیا۔ یک بیک فضا بدل گئی اور لوگ عالم آرا کو دیکھ کر بولا گئے۔

دیکھو لے ساکنانِ خطۂ خاک ... اس کو کہتے ہیں عالم آرائی
کہ زمیں ہو گئی ہے سرتا سر ... روکشِ سطحِ چرخِ مینائی

عالم آرا کو آپ بارش کا پہلا قطرہ سمجھ لیجئے۔ اس کے بعد تو وہ موسلا دھار بارش ہوئی کہ لوگ سیاست دانوں کے بھاشن بھول گئے۔
پہلے بھی فلم ہمارے یہاں صرف پڑھے لکھے لوگوں کے لئے تیار ہوتی۔ وہ فلم خاموش فلم تھی۔ اداکاروں کے ہونٹ ہلتے تھے۔ دوسرے الفاظ میں
زبانی بھی ایک محنت سے دوسری محنت میں گردش کرتے تھے۔ لیکن آواز نہیں آتی تھی۔ کس نے کس سے کیا کہا۔ پردۂ فلم پر تحریری شکل میں لکھا ہوتا
تھا۔ یعنی پہلے ہیرو ہیروئن کے ساتھ نہایت عشق کے عالم میں گفتگو کرتا دکھایا جاتا اور پھر فوراً پردۂ فلم پر نظر آتا کہ "تو اپنے آپ کو سمجھتا کیا ہے۔
یک جا پڑ رسید کروں تو دکھا جائے تیرا"۔ پڑھے لکھے لوگ یہ جملہ پڑھ کر خوش ہوتے اور اپنے بازو بیٹھنے والے اَن پڑھ لوگوں کو بآوازِ بلند یہ
ایک لاکھ سناتے۔ اتنی دیر میں پردۂ فلم پر دوسرا منظر آ جاتا۔ جس میں ہیروئن ہیرو سے کہتی نظر آتی "میں آپ کو بہت حسین سمجھتی ہوں۔ ایک ہاتھ کہ دو دن
زلیخا بگڑ جائے۔" خاموش فلموں کو لوگ بڑی محنت سے دیکھا کرتے۔ خاموش فلم دیکھنے اور مکالمے پڑھنے اور دوسروں کو پڑھ کر سنانے میں لگ کر
ایک لاکھ کمانے کے بجائے ہی لوگ تین ٹکٹ بھی خرید لیتے تھے۔ یہ سلسلہ کئی دن تک چلتا رہا۔ لیکن جب فلم انڈسٹری والوں کو اور دوسرے
کو یہ معلوم ہوا کہ فلم دیکھنے والوں میں پڑھے لکھے اور ان پڑھ لوگوں کی تعداد ہے اور فلم انڈسٹری کی ساری آمدنی اَن پڑھ طبقہ ہی کی جیب
سے ہوتی ہے تو فلم انڈسٹری والوں نے بولنے والی فلمیں بنانے کی سازش تیار کی۔ تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ فلم دیکھیں۔ انھوں نے سوچا
کہ جتنی زیادہ تعداد میں ان پڑھ لوگ فلم دیکھیں گے اتنا ہی توم کو فائدہ پہنچے گا۔ بولتی فلم بننے کی دیر تھی کہ توم کی بند آنکھیں یوں کھل گئیں
جیسے بند کھڑکی کا پٹ کھلتا ہے۔ جہاں بھی بولتی فلم دکھائی جاتی وہاں سرِ شام گھروں کو تالے لگ جاتے، بازار اور دکانیں بند ہو جاتے
اور لوگ فلم دیکھنے یوں بھاگتے جیسے کسی کا گھر لٹنے جا رہا ہوں۔

بولتی فلم بننے سے پہلے کوئی ہیرو باغ میں ہیروئن کے پیچھے دوڑتے ہوئے گانا نہیں گا سکتا تھا۔ نہ ہی کوئی ہیروئن یا ہیروئن
کی سہیلی مرتے وقت درد بھرا راگ چھیڑ سکتی تھی۔ عشق اور موت کے مشاغل میں ہر وقت گانا گانے سے عشق کا میاب اور
موت آسان ہو جایا کرتی ہے۔ بولتی فلم سے پہلے یہ سہولت میسر نہ تھی۔ ایکٹروں کو البتہ دوسری تکالیف نہیں تھیں مثلاً اُن کی
آواز کا ٹسٹ نہیں ہوا کرتا تھا۔ پھٹے ہوئے بانس یا ریلوے انجن کی آواز رکھنے والے ایکٹر بھی خاموش فلموں میں حصہ
لے سکتے تھے۔ ان ایکٹروں کو صرف ہونٹوں کا ٹیسٹ دینا پڑتا تھا اور یہ دیکھا جاتا تھا کہ بغیر آواز نکلے اُن کے ہونٹ ہل سکتے
ہیں یا نہیں۔ اداکاراؤں کے ہونٹوں کا ٹیسٹ دوسرے طریقے سے لیا جاتا تھا۔

فلمیں دیکھنے اور دیکھ کر صبر کرنے کے معاملے میں قوم نے بڑے ایثار اور بے حد حب الوطنی کا ثبوت دیا۔ قوم کی اس

نوجوانوں اور سیکس انڈسٹری کو دیکھ کر ملک کے کئی سیاستدانوں اور جنہوں نے شہرت حاصل کی۔ عوام کے اینشو کا تحفظ نے بھی دو نمایاں شکلیں اختیار کیا۔ اکثروں نے اپنے آباؤ اجداد کے گھر لٹنے کا بدلہ لینے سے توڑ کری اور تسلیم بازی کا بیوپار شروع کیا۔ اگر لوگ عوام کے ساتھ فلمیں کا پیٹ بھرا دوسرے نہ ہوتے تو جوان لڑکوں اور کم عمر لڑکیوں کو گھر سے بھاگنے کا موقع نہ ملتا۔ فلمیں جنہیں تو کہتے ہیں گھروں کو گھر پھونکنا سے آگ لگ جاتی۔

ہم سے فلم تک پہنچ جانے کے بعد آدمی نے علم کی طرف واپس جانے کا خیال ترک کر دیا۔ یہ کوئی سچ لفظ سے ہٹا کر کردار اور یہ پہنچو۔ فلم تو مستقل عبادت ہے۔ اب آدمی دو قسم کی فلمیں بناتا ہے۔ ایک ہٹ HIT فلمیں اور دوسری فلاپ FLOP: فلمیں۔ ہٹ فلمیں وہ جنہیں دیکھ کر دل پر چوٹ پڑتی ہے۔ اور فلاپ فلمیں وہ جو باہر کے ملکوں کو بیچی جاتی ہیں۔ یہ ساری فلمیں سنسر بورڈ پاس کرتا ہے۔ سنسر بورڈ سے فلم جب پاس ہو کر باہر آتی ہے تو شور اٹھتا ہے

میں کا کروں رام مجھے بڈھا مل گیا

سنسر بورڈ کے خوف سے اب فلموں میں تیراکی کے مناظر زیادہ رائج ہو گئے ہیں۔ کیونکہ تیراکی کے سین میں لباس کم اور ضرورتاً ہوا کرتا ہے۔ فلموں میں عورتوں کی زیادتی کی وجہ سے کہانی کی سمجھ ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ ہٹ فلموں کے اندر بھی کئی راز ہیں! فلاپ فلم بنانے والوں کو معلوم نہیں ہیں۔ ہٹ فلمیں بنانے والے کوئی دوسرا کام نہیں کر سکتے۔ لیکن فلاپ فلم بنانے والے جب چاہیں ڈاکومینٹری DOCUMENTRY فلم بھی بنا سکتے ہیں۔ اس فلم کو فلاپ فلم کا معرکۂ ثانی کہہ لیجئے۔

(بقیہ گلدستۂ نسیم (دہلی) صفحہ ۸۵)

میں چاند آثار چڑھا ہو کر غضب ہے۔ سیدھا تو چل ہی نہیں سکتا ہے۔ ورنہ کترانے کی کیا ضرورت تھی۔ یوں پڑھا ہے

شب وہ آئے خفا ہو کر سوئے گئے ہیں اس طرح | ناز دل جس طرح جاتے ہیں تھرّاتے ہوئے

(۲۴) فکر ——— جناب بابو دین دیال صاحب شاگرد تعشق۔ تضمین ہے سے

ہم ہوں گے پھر کسی دن گریباں افراز ہیں | ہائے وہ گردن جھکانا تیرا شرماتے ہوئے

مشبہ ۱

تیغ بن کر چل گیا ہے حلق پر عشاق کے | ہائے وہ گردن جھکانا تیرا شرماتے ہوئے

(بقیہ افسانہ سمندر ز صفحہ ۶)

مجھے سمندر میں کچھ شکوک نشانات نظر آئے۔ اور دریا کی کوشش پر وہ پتھر پانی جلدی سے نکل آئے۔ ایک ڈبہ مجھے ملا۔ میں نے ہوشیاری سے پتھر ہٹائے اور ڈبا اپنے کمرے میں لے آیا۔ پھر دروازہ بند کر کے میں نے تالا توڑا۔ میری آنکھیں جلنے لگیں۔

چند مزید اوراق۔ دھوپ موتیوں کی لڑیوں جیسی صاف ستھری خوبصورت تحریر مختصر لیکن اتنے ہی میں ایک داستان۔

داستان تو میں آپ کے سامنے نہیں دہراؤں گا لیکن اتنا ضرور کہوں گا کہ اگر وہ تانی کی ذات کا المیہ نہ ہوتی تو تانی یقیناً محفوظ شدہ کہانی ہو جیسی جلد ایک خوفی باقی ہستی ہوتی۔ تانی کا اجالے سے ان لوگوں سے دنیا کی رونق اور قہقہوں سے پیار ہوں کا تو برقرار رہتا۔ رنگوں سے پھولوں سے۔ خوشبوؤں سے تانی ہمیشہ بے خبر رہتیں۔ ان کی گود بھی ہر فصل سے بھر پور رہتی مگر تانی کی خاموشی نے صبر و ضبط کا ایک ایسا باب میرے سامنے کھول دیا جس کے الفاظ غیرہ اور معنی بے حد اشارہ تھے۔ میں نے اس وقت تک سمندر نہیں دیکھا تھا لیکن پھر سمندر دیکھنا میری محبوب عادت بن گئی۔ سمندر لہریں گہرائی سے ایک دوسرے کی جانب ایک دوسرے کے تعاقب میں مسلسل لپکتی ہوئیں لیکن سطح ایسی ہموار کہ دیکھنے والا آئینہ بنا رہے۔ طوفانوں اور تھپیڑوں کے باوجود ایسا ٹھنڈا اور پُرسکون اجلتی ہوئی آنکھیں سرور پا جائیں۔

لوگ کہتے ہیں میں پاگل ہوں۔ دنیا جہاں کو چھوڑ کر سمندر سے۔ مد و جزر سے پیار کرتا ہوں لیکن میں نے تو ہمیشہ اس پیکر کو پانے کی کوشش کی ہے۔ جو ہزاروں طوفانوں کو اپنے اندر سمو کر بھی اتنی عمیق اور شانت ہوتی ہے کہ نظر ڈال کر دیکھنے والے کو صرف اپنا ہی چہرہ نظر آئے

بدیع الزماں خاور

اُردو

اس کی پیدائش کے قصّوں میں دکن کی بات ہے
اس کے خوابوں کا فسانہ مالوے کی رات ہے
اس کے بچپن کی کہانی، خطۂ گجرات ہے

پرورش پائی ہے اس نے شاہ کے دربار میں
اُس نے اپنے نقش چھوڑے ہر در و دیوار میں
اس کے نغمے گونجتے ہیں، کوچہ و بازار میں

تاج کے سرشار دیوانوں نے سینچا ہے اسے
قلعۂ دہلی کے پروانوں نے سینچا ہے اسے
خون سے ہندو مسلمانوں نے سینچا ہے اسے

اس کی نظموں میں مچلتے فکر و فن کا روپ ہے
اس کی غزلوں میں غزل کے بانکپن کا روپ ہے
اس زباں میں گنگناتے شعر و سخن کا روپ ہے

اس میں کوکن کی حسیں امرائیوں کا ذکر ہے
وادیٔ پنجاب کی رعنائیوں کا ذکر ہے
جنتِ کشمیر کی انگڑائیوں کا ذکر ہے

یہ زباں تاریخ کے شانوں پہ ہے زلفِ دراز
یہ زباں ہر ایک عالم میں رہی ہے ہمدساز
اس زباں پر ہے ہماری جنگِ آزادی کو ناز

اس زباں میں موجۂ گنگ و جمن کی بات ہے
اس زباں میں قلبِ شیخ و برہمن کی بات ہے
اس زباں میں پیار دواں قوم و وطن کی بات ہے

عرش سے برسی ہوئی اس میں نئے الہام ہے
ہے بنارس کی سحر اس میں اودھ کی شام ہے
حسنِ فطرت سے جو ہے لبریز، یہ وہ جام ہے

یہ زباں ہے صبح کا پیغام سازِ نور پر
یا ہے کوئی نغمۂ شیریں لبِ جمہور پر
عکس اس کے نور کا پڑتا ہے میرے ملک پر

اس کے افسانے میں پنہاں سحر ہے بنگال کا
اس کے ناول میں ہے موسم، خاکِ نینی تال کا
اس کا ہر فن کار، پنچھی ہے وطن کی ڈال کا

نیم باز آنکھوں کا جادو، یہ زبانِ میر ہے
خامۂ غالب کی اس میں شوخیٔ تحریر ہے
جو دلوں پر نقش ہے، وہ پیکرِ تصویر ہے

خوشنما تہذیب کے پھولوں کا یہ گلزار ہے
سرزمینِ ہند کا، میری زباں سنگار ہے
اس کے چوڑے زیوروں میں ایک چندن ہار ہے

عظمتِ انعامِ نہرو[ٹ] کو مٹا سکتے نہیں
گل کے جو دشمن ہیں، خوشبو کو مٹا سکتے نہیں
خود یہ مٹ جائیں گے اُردو کو مٹا سکتے نہیں

ٹ بہلہ
ٹ وہ انعام جو روس کی طرف سے "ایک خواب اور" پر سردار جعفری کو دیا گیا۔

تمنا مظفرپوری

گلدستۂ نسیم

اواخر انیسویں صدی میں گلدستہ شائع ہونے کا عام رواج ہو گیا تھا۔ گلدستہ میں ایک ہی مصرع طرح پر مختلف شعرا کی کہی ہوئی غزلیں شامل ہوتی تھیں۔ یہ مصرع طرح اخبار یا رسالے میں شائع ہوا کرتا تھا اور اہل ذوق اس پر طبع آزمائی کرکے مرتب گلدستہ کے پاس روانہ کر دیتے۔ بمبئی سے ایک گلدستہ جناب عبدالحمید فرخ دہلوی مدیر بمبئی پنچ بہادر و سلطان الاخبار کی نگرانی میں ارمغان فرخ کے نام سے شائع ہوا تھا لیکن ارمغان فرخ سے پہلے دہلی سے گلدستۂ نسیم شائع ہو چکا تھا۔ گلدستۂ نسیم کے پہلے شمارے کی تاریخ اشاعت معلوم نہیں ہو سکی لیکن یہ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ دوسرا سال ۱۸۸۷ء میں جناب قربان علی خان صاحب بسمل کی نگرانی میں شائع ہوا تھا۔ مصرع طرح تھا ؎

ہنسنا وہ گردن جھکانا تیرا شرماتے ہوئے

اور شاید یہ مصرع طرح دہلی پنچ میں شائع ہوا تھا اور اسی اخبار کے ذریعے شعرا کو دعوت سخن دی گئی تھی۔

گلدستۂ نسیم میری نظر سے نہیں گزرا البتہ ہفت روزہ مزاحیہ اخبار بمبئی پنچ بہادر بمبئی٭ ۱۸۸۷ء میں گلدستۂ نسیم پر ریویو شائع ہوا تھا۔ اسی پنچ اخبار کی مدد سے یہ مضمون لکھ رہا ہوں تاکہ گلدستہ میں شریک شعرا کے متعلق معلومات فراہم ہو جائے۔

یہ ریویو جناب چندی پرشاد صاحب شیدا دہلوی کا ہے اور بمبئی پنچ بہادر میں ستمبر، اکتوبر اور نومبر کے تین شماروں میں شائع ہوا تھا۔ ریویو میں زیادہ تر ایسے ہی اشعار شامل ہیں جن میں خامی ہے یا شاعر کے کہنے کا مطلب واضح نہیں ہوتا۔ شیدا صاحب نے پہلے ان کے شعر کا مطلب لکھا اور پھر وہ اصل شاعر کہنا کیا چاہتا ہے، اسے ظاہر کرتے ہوئے ان کے اشعار پر اصلاح بھی کی ہے۔ میں ریویو سے شعرا کا نام اور کلام نوٹ کر رہا ہوں۔

(۱) آشفتہ ——— ریویو کے پہلے شاعر ہیں ان کا پورا نام سید ظفر حسین تھا اور آشفتہ تخلص۔ یہ شاعر دہلوی کے شاگرد تھے۔ ان کی غزل کا مطلع ہے ؎

تیرا عالم بس مٹا دیتا ہے یاد آتے ہوئے ۔۔۔ مسکرا دینا پھرا کر منہ وہ شرماتے ہوئے

اس شعر پر شیدا صاحب لکھتے ہیں ——— اسے مطلع دل کیا مطلع لکھا ہے جس سے مطلع خورشید کی بھی رنگت زرد ہو گئی۔ مطلب تو خیر خاصا تھا لیکن یہ نہ معلوم ہوا کہ کس کو مٹا دیتا ہے اور حضرت پھرا کر منہ یا پھیر کر منہ۔ یوں فرمائیے ؎

مجھ کو سے عالم مٹا دیتا ہے یاد آتے ہوئے ۔۔۔ پھیر کر منہ مسکرانا تیرا شرماتے ہوئے

(۲) احقر ——— آشفتہ صاحب کے تین شعر کے بعد جناب منشی احسان صاحب احقر کا نمبر آتا ہے۔ لیکن ان کے تین شعروں سے کسی پر بھی اصلاح یا تنقید نہیں ہے۔ نمونۂ کلام ملاحظہ ہو۔ مقطع ہے ؎

جھوٹ ہے احقر زبانی ان کا وعدہ تو ہے ۔۔۔ ایک مدت ہو گئے اُردو زبان آتے ہوئے

٭ بمبئی پنچ بہادر سے متعلق راقم الحروف کا مضمون ماہنامہ شاعر کے سالنامہ ۱۹۹۲ء میں دیکھیے۔ [illegible] ۔ت۔م

(۳) احسان ——— جناب عبدالرحیم خاں صاحب تلمیذ شاکر دہلوی۔ احسان صاحب کے تین شعر ہیں۔ ایک شعر ہے ؎

درد فرقت سے جلا اور داغ چمکے واہ واہ　　دیکھ لیتے ہیں کبھی تارے نکل آتے ہوئے

اس شعر پر شیدا صاحب لکھتے ہیں۔ جی ہاں۔

حالت خفتہ بست و تو خفتہ　　خفتہ را خفتہ کے کند بیدار

آدھا تیرا آدھا بٹیر۔ یہ شعر کہا ہے یا گلا گھونٹا ہے۔ یوں کہیے ؎

داغِ دل چمکیں اگر پھٹ جائے ردِ جسم کہیں　　دیکھ لیں ہم بھی کبھی تارے نکل آتے ہوئے

(۴) آخگر ——— اب چوتھے شاعر ہیں جناب منشی سوہن لال صاحب آخگر شاگرد شاکر دہلوی۔ ان کا شعر ہے ؎

ہائے ہائے ہی کلیجہ ہے ہمارا ہی جگر　　اُف نہیں کرتے ہیں ظالم برچھیاں کھاتے ہوئے

شیدا:۔ جناب منشی برچھیاں کھانے کا ثبوت اگر کوئی مشل آفتاب نیکڑ سو مانگے تو خدا جانے کہیں نہیں ملے گا۔ یوں پڑھیے ؎

روکتا ہے ترچھی نظروں کو ہمارا ہی جگر　　اُف نہیں کرتا ہے ظالم برچھیاں کھاتے ہوئے

(۵) اعجاز ——— نام سید اعجاز حسین خاں صاحب تخلص اعجاز تلمیذ خبیر۔ شعر ہے ؎

پھر رہے ہیں حشر میں بھی وہ غضب ڈھاتے ہوئے　　ترچھی نظروں سے چلے جاتے ہیں دھمکاتے ہوئے

شیدا:۔ مطلع تو خوب کہا ہے لیکن ایک آنچ کی کسر رہ گئی یوں درست ہے ؎

پھر رہے ہیں حشر میں بھی وہ غضب ڈھاتے ہوئے　　ترچھی نظروں سے چلے ہیں سب کو دھمکاتے ہوئے

(۶) قبول ——— شیدا صاحب کی نظر میں چھٹے شاعر ہیں گذشتہ سن کے مہتمم و مدیر جناب قربان علی خاں صاحب قبول۔ شعر ہے ؎

کل جنھیں ہستی تھی ہر دم تاجِ زریں کی ہوس　　آج وہ سر پھر رہے ہیں ٹھوکریں کھاتے ہوئے

شیدا ——— کچھ مدعا ہی نہ رہا تاجِ زریں کی ہوس نے ... بلکہ یہ شعر عوام کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ ورنہ یہ ہی عبرت خیز شعر ہے۔ دیکھیے ہم کہاں تک پہنچا دیتے ہیں ؎

کل رہی سر کو کئے زینت وہ تاجِ شاہیں　　آج وہ یوں پھر رہے ہیں ٹھوکریں کھاتے ہوئے

ریویو کی پہلی قسط چھ شاعروں پر مشتمل ہے اور میں نے ان کا ایک ایک شعر اس لئے نوٹ کر دیا ہے کہ ان میں سے بہت سے شعراء کے متعلق لوگوں کو علم نہیں ہے تاکہ ان کے کلام کے ساتھ واقفیت حاصل ہو اور یہ ریویو اور اصلاح کی نقل سے میرا مقصد یہ ہے کہ ایک اچھے خیال کو جلد بازی یا بے توجہی سے کتنا نقصان پہنچتا ہے۔ علاوہ ازیں اس زمانے کی تنقید و تبصرہ سے روشناس کرانا بھی مقصود ہے۔

اب ریویو کی دوسری قسط جس میں آٹھ شعراء شامل ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

(۷) جلال ——— دوسری قسط کے پہلے شاعر ہیں سید ضامن علی لکھنوی، تخلص جلال لکھنوی۔ ان کا شعر ہے ؎

کنگھی، پوٹی، مسی، کاجل، زیب و زینت، ناز کی　　کس نے کس نے اُن کو روکا ہے گھر آتے ہوئے

"انتخاب الشعراء جناب ضامن علی صاحب جلال لکھنوی کے شعر پر جناب شیدا لکھتے ہیں

شعر خاصا ہے لیکن دوسرا مصرعہ ذرا سست ہے یوں بدل دیجئے ؎

کنگھی، پوٹی، مسی، کاجل، زیب و زینت، ناز کی　　ہائے کس کس نے انھیں روکا ہے یاں آتے ہوئے

(۸) حسرت ——— مرزا قیاث بیگ صاحب رئیس سونی پت، تخلص حسرت۔ ان کا شعر ہے ؎

یاد آ گیا ہے شب وصلت سوالِ وصل پر　　ہائے وہ گردن جھکانا تیرا شرماتے ہوئے

شیدا: حضرت تضمین تو اچھی تھی لیکن شب وصلت مشکوک ہے۔ اس کے بجائے "عشرت" کہہ دیجئے۔

(۱۱) خطیب ——— اب جناب مرزا رحمت اللہ بیگ صاحب خطیب کا شعر پڑھئے اور اس پر جناب شیدا کا اصلاح۔ شعر ہے

بیٹھتے ہو تم اگر پہلو میں گھبراتے ہوئے
لے بھی رو اک بوسۂ لب ہم کو شرماتے ہوئے

——— واہ واہ مطلع تو خوب کہا ہے لیکن ذرا مطلب تو دیکھئے جب پہلو ہی میں وہ گھبراتے ہوئے بیٹھتے ہیں تو بوسۂ لب کے نام سے کوسوں بھاگیں گے۔ اس گھبراہٹ پر بوسۂ لب کی فرمائش، وہ مزہ ہے۔ یوں پڑھئے

بیٹھتے ہیں میرے پہلو میں تو گھبراتے ہوئے
کچھ جھجکتے سے، سنبھلتے سے وہ شرماتے ہوئے

(۱۲) رسوا ——— جناب بابو کرشن داس تخلص رسوا، شاگرد شاعر دہلوی۔ شعر ہے

وہ عیادت کے لئے آئیں نہ آئیں غم نہیں
موت کو بھی موت آتی ہے یہاں آتے ہوئے

شیدا: شعر تو اچھا ہے لیکن مصرعِ ثانی میں حضرت خاقانیِ ہند شیخ ابراہیم ذوق کی گرہ لگی ہوئی ہے۔

(۱۳) رشید ——— جناب سید محمد مصطفیٰ مرزا عرف پیارے صاحب لکھنوی۔ شعر ہے

فتنۂ محشر صدا دیتا ہے جب چلتے ہیں آپ
ہم بھی آتے ہیں جلو میں ٹھوکریں کھاتے ہوئے

شیدا: کیوں حضرت، ایک مصرع میں واحد، ایک میں جمع، یہ اختلاف کیسا۔ یوں کہئے

فتنۂ محشر صدا دیتے ہیں جب چلتے ہیں آپ
ہم بھی آتے ہیں جلو میں ٹھوکریں کھاتے ہوئے

(۱۴) رمزی ——— جناب قاضی نور بہادر الدین صاحب۔ شعر ہے

چل دیئے وہ چھوڑ کر مجھکو یہ فرماتے ہوئے
پھر کبھی آئیں گے تیرے گھر کہیں جاتے ہوئے

شیدا: مصرعِ اولیٰ ذرا چست نہیں بیٹھا۔ یوں فرمائیے

دے گئے مجھکو تسلی وہ یہ فرماتے ہوئے
پھر کبھی آئیں گے تیرے گھر کہیں جاتے ہوئے

(۱۵) شاعر ——— اب حضرت شیدا کی نظر شاگردوں کی لمبی فہرست رکھنے والے شاعر جناب آغا شاعر دہلوی پر ہے۔ جناب شاعر دہلوی کے کئی اشعار پر ریویو ہے۔ یعنی پنچ بہادر کا پورا دور کالم حضرت شاعر دہلوی کے کلام اور جناب شیدا کے تبصرے سے بھرے ہیں۔ شاعر کا شعر ہے

اک زمانے میں پھرا کرتے ہو اتراتے ہوئے
یاں بھی ہو جاؤ کبھی آتے ہوئے جاتے ہوئے

شیدا: اے سبحان اللہ.. کیا مطلع ارشاد فرمایا ہے اور اس پر زبان دانی کا دعویٰ، یوں کہئے

یوں تو پھرتے ہو زمانے بھر میں اتراتے ہوئے
یاں بھی ہو جاؤ کبھی آتے ہوئے جاتے ہوئے

جناب شاعر کا دوسرا شعر ہے

دیکھتے ہی مجھ کو تم اٹھے کدھر پھرنے لگے
چاند کیوں شرما گیا ہے بام پر آتے ہوئے

شیدا: معلوم نہ ہوا کہ آپ نے یہ کیا بات دیکھی جو چاند بام پر آتے آتے لوٹ گیا۔ شرما گیا.. حضرت یوں کہئے

جلوہ کس کے عارضِ تاباں کا آیا ہے نظر
چاند کیوں شرما گیا ہے بام پر آتے ہوئے

(۱۶) شاکر ——— نام قاضی عبد الشکور تخلص شاکر۔ شعر ہے

ایک دن تعریف کی تھی چال کی اس دن سے پھر
دیکھئے با کبر وہ چلتے ہیں بل کھاتے ہوئے

شیدا: شعر تو درست ہے لیکن اولیٰ مصرع کی بندش ذرا ثقیل ہے یوں فرمائیے

چال کی تعریف جب سے منہ سے نکلی ہے مری
دیکھئے با کبر وہ چلتے ہیں بل کھاتے ہوئے

دوسرا [illegible] کے اکثر شعر [illegible] پہلا یوں ملاحظہ ہو ؎

(۱۵) **طرّار** ——— جناب [illegible] حسین صاحب [illegible] شعر ہے ؎

ہم [illegible] | اُن کو ہیں کتنے [illegible] ہاتھ آئے ہوئے

شیدا — جناب [illegible] ہم [illegible] استعمال کرتے ہیں

دوسرا مصرعہ اس طرح بدل دیجئے ع

کتنے مانے ہوئے اُن کو یہاں آئے ہوئے

(۱۶) **ثاقب** ——— جناب محمد [illegible] صاحب ثاقب [illegible] شعر ہے ؎

ذکر [illegible] | سیکڑوں [illegible] کھاتے ہوئے

شیدا — [illegible]

(۱۷) **قابل** ——— نام سید [illegible] تخلص قابل۔ شاگرد [illegible] شعر ہے ؎

[illegible] قابل تماشا بن گیا | تم بھی آ کر دیکھو [illegible] آئے ہوئے

شیدا — بہت اچھی [illegible] ہے ؎

اس قدر [illegible] قابل تماشا بن گیا | تم بھی آ کر دیکھو [illegible] آئے ہوئے

(۱۸) **کلیان** ——— نام منشی کلیان سنگھ تخلص کلیان شعر ہے ؎

شاعری [illegible] نہیں آتا مجھے | [illegible] تسلیم سخن مانے ہوئے

(۱۹) **مائل** ——— جناب منشی [illegible] صاحب مائل شاگرد [illegible] شعر ہے ؎

[illegible] میں آتے ہوئے | دیکھ لو تصویر سے تصویر بن جاتے ہوئے

شیدا — منشی صاحب آپ کا مطلب تو یہ ہے [illegible] میں آتے ہوئے [illegible] تصویر سے تصویر بن جاتے [illegible] دیکھو۔ [illegible] یوں کہو ؎

دیکھ کر عکس آئینہ میں محو حیرت ہو گئے | دیکھا تصویر سے تصویر بن جاتے ہوئے

دوسرا یوں ؎

[illegible] | شوخیاں [illegible] میں آتے ہوئے

(۲۰) **مرزا** ——— جناب ابو مرزا محمد ہادی صاحب بی اے [illegible] مقطع ہے ؎

[illegible] | [illegible] دیکھا کہیں جاتے ہوئے

(۲۱) **منتظر** — جناب سید کاظم حسین صاحب منتظر لکھنوی۔ شعر ہے ؎

[illegible] | دیکھئے [illegible] آنکھ تک آئے ہوئے

شیدا — مصرعہ اولیٰ یوں بدل دیجئے ع — [illegible] تیرے [illegible]

(۲۲) **مجتبیٰ** ——— نام محمد [illegible] تخلص [illegible] شاگرد [illegible] شعر ہے ؎

اس [illegible] گیا | [illegible]

(۲۳) **وحید** ——— جناب سید [illegible] صاحب [illegible] شعر ہے ؎

[illegible] | [illegible] ہوئے

[illegible]

ظفر حمیدی

آشوبِ آگہی

اے مرے دوست تری یاد کے رنگیں لمحے
جب سرِ ذہن کے پردے پہ ابھر جاتے ہیں
یا اچانک تری تصویر کا دھندلا خاکہ
گر کبھی میرے تخیل میں جھلک جاتا ہے
ایسا لگتا ہے کہ جیسے کسی غم کا سایہ
دل کی تاریک گپھاؤں میں اجالا کر دے
دل کی دیوار پہ ماضی کے سنہرے نقشے
لے کے انگڑائی اٹھیں جیسے اجنتا کے نقوش
اک محقق کی نگاہوں کو مسخر کر لیں
اور حیرت میں وہ خود نقش بہ دیوار بنے

اے مرے دوست تری پاک محبت کی قسم
زندگی آج عجب موڑ پہ آ پہنچی ہے
حوصلہ ہے نہ وفا کا، نہ جفا کے شکوے
ہجر کا غم بھی نہیں، وصل کا ارماں بھی نہیں
ولولے سرد ہیں جذبات کا طوفاں بھی نہیں

ٹمٹماتے ہیں کہیں دور امنگوں کے دیے
کان دھرتا نہیں پازیب کی آہٹ پہ کوئی
دستِ نازک بھی کوئی آج حنا گیر نہیں
دائرہ تنگ ہے احساس کی برنائی کا

دامنِ تار نہیں، چاکِ گریباں بھی نہیں
منجمد زخمِ تمنا کا لہو ہے کب سے
دشت میں خار ترستے ہیں کوئی قیس چلے
اب نہ شیریں ہے نہ فرہاد کی وہ کوہ کنی
کوئی سنتا ہی نہیں موجِ صبا کے نغمے
بربطِ وقت کا آہنگ دل آویز نہیں
گردشِ جام میں خیام کا وہ رنگ نہیں
اب نہ سرشاریِ حافظ ہے نہ فکرِ غالب
تاب کس کو ہے کہ اب چھیڑ سکے دیپک راگ
میگھ دوت آج کہاں پریم کا سندیس لئے
آج بس عقل کی باتیں ہیں خرد کے چرچے

افسانہ:-

مانک ٹالہ

نریندر بھیا

نریندر بھیا کو وکالت کی پڑھائی کا آخری سال تھا۔ امتحان قریب آیا تو وہ ہمارے والد صاحب کے پاس تشریف لائے۔ بہت ادھر ادھر کی باتوں اور مسکا پالش کے بعد والد صاحب سے گویا ہوئے۔

"چاچا جی، ہر روز گاؤں سے شہر آنے جانے میں بہت وقت ضائع ہوتا ہے۔ آخری سال ہے یہی وقت اگر پڑھائی میں صرف ہو، تو اچھے نمبروں سے پاس ہو سکتا ہوں۔"

والد صاحب حسب عادت ہوں ہاں کہہ کر مراقبے میں چلے گئے۔

"اگر آپ اپنی شہر والی بیٹھک کا ایک کمرہ تین چار مہینے کے لئے مجھے دینے کے لئے کہہ دیں تو میں بے فکر ہو کر پڑھائی میں جٹ جاؤں گا۔"

نریندر بھیا کو جب کبھی اپنا مطلب نکالنا ہوتا تو اُن کی زبان سے شہد ٹپکنے لگتا۔

والد صاحب نے حامی بھر دی۔

والد صاحب ضلع کچہری میں وکالت کرتے تھے۔ شہر میں ایک آفس لے رکھا تھا۔ سستا زمانہ تھا۔ بڑے بڑے دو کمروں کا آفس تھا۔ ایک برآمدہ بھی تھا۔ آفس کے کام کے لئے ایک ہی کمرہ کام میں آتا تھا۔ دوسرے کمرے میں وکالت کی پرانی کتابیں، آل انڈیا رپورٹر کی پرانی جلدیں، ایک بڑی میز اور چند ٹوٹی پھوٹی کرسیاں پڑی ہوئی تھیں۔

نریندر بھیا نے اس کمرے کی صفائی کروائی۔ کتابوں کی گرد جھاڑی۔ اور انہیں قرینے سے لگایا۔ ٹوٹی ہوئی کرسیوں کو ٹھیک کروا کے کمرے کی زینت بنایا اور کمرے میں ایک چارپائی ڈلوا لی۔ ایک ٹوٹے پھوٹے ٹیبل لیمپ کو ٹھیک کروا کے اپنے کام کے قابل بنایا۔ اور پڑھائی میں جٹ گئے۔

چند روز کے بعد والد صاحب وکالت کے امور سے فراغت پا کر شام کو گھر جانے کی تیاری کر رہے تھے کہ نریندر بھیا چہرے پر معصومیت طاری کرتے ہوئے عرض مند ہوئے۔ "چاچا جی! ایس۔ ایس۔ ہوٹل والا ادھار کھانا نہیں کھلاتا۔ آپ کی ضمانت مانگتا ہے۔ ماہوار حساب لیں بھی کھانا سستا پڑتا ہے۔"

والد صاحب نے ڈھابے والے کو ضمانت دے دی تو کہنے لگے کہ "حلوائی کو بھی ضمانت دے دیجیے۔ صبح کو ناشتہ پانی اور رات کو دودھ جلیبی کی ضرورت پڑتی ہے۔ مہینے کے مہینے حساب چکا دیا کروں گا۔"

لگے ہاتھوں حلوائی کو بھی ضمانت دے دی گئی۔

تین چار ماہ پلک جھپکنے میں گزر گئے۔ نریندر بھیا امتحان دے کر واپس گاؤں لوٹ گئے۔ ان کے واپس جانے کے بعد والد صاحب نے دیکھا کہ نریندر بھیا جس کمرے میں براجمان تھے۔ اس کمرے میں پھٹا ہوا پرانا میز اور بہت سی کتابیں غائب تھیں۔

والد صاحب بہت جلال میں آ گئے۔ نریندر بھیا سامنے ہوتے تو لگے ہاتھوں پکڑ لیتے۔ نریندر بھیا کو بلانے کے لئے والد صاحب کئی مرتبہ بلاتے لیکن وہ کوئی نہ کوئی بہانہ بنا کر ٹرخا جاتے۔ اسی دوران میں والد صاحب کا غصہ ناک میں آ چکا تھا۔

ایک روز اچانک سرِ راہ ملاقات ہو گئی۔ نریندر بھیا نظر بچا کر کھسکنا ہی چاہتے تھے کہ والد صاحب نے پکار لیا۔

— چاچا جی نمستے۔ یہ کہہ کر نریندر بھیا تصویر بنے بچے کی طرح آنکھیں جھکا کر با ادب با ملاحظہ ہو کر کھڑے ہو گئے۔ والد صاحب نے میز اور کتابوں کے متعلق پوچھا تو کھسیا کر کہنے لگے۔

— چاچا جی۔ وہ۔ وہ میں ۔۔۔ وہ قرض۔ ہوں۔ جی ۔۔ لے آیا تھا۔ جی میں نے سوچا۔ جی۔ ہوں۔ آپ کے پاس فالتو پڑی ہے۔ ہی ہی۔ میں وکالت شروع کروں گا تو ضرورت پڑے گی۔ بس وکالت چلتے ہی لوٹا دوں گا۔ چاچا جی: ہماری کیا۔ چار چھ پیسے کی تو بات ہے۔ آپ فکر نہ کریں میں غیر تھوڑا ہی ہوں ۔۔

والد صاحب میز اور کتابوں کو رو کر بیٹھے تھے کہ کچھ صاحب والا اور حلوائی بھی اپنے بل لے کر حاضر ہو گئے۔ پتہ چلا کہ زبانی جیب خرچ کے علاوہ نریندر بھیا نے ایک پائی بھی اپنے پلے سے نہیں ڈالی تھی۔

والد صاحب نے نریندر بھیا کو گھیر گھار کر پکڑا۔ حلوائی اور قصاب وغیرہ لوگوں کی بابت کہ تو وکالت چلنے پر پائی پائی چکا دینے کا وعدہ کیا۔ والد صاحب نے غصے میں آ کر بہت سی جھاڑیں پلائیں۔ لیکن نریندر بھیا انہیں شیر مادر کی طرح پی گئے۔ عمر کا تقاضہ ڈھیل نہیں کی۔

یہ نریندر بھیا کی وکالت سے پہلے کی شروعات تھی۔ امتحان کا نتیجہ نکلتے ہی انہوں نے بڑے دھڑلے سے وکالت شروع کر دی۔ باتوں کے دھنی تھے۔ موکلوں کو گھیر گھار کر ایسا اڈے پر جاتے کہ وہ بکرے کی طرح ہر وقت ان کی گرفت میں رہتے۔ جلد ہی قرابت کسی بھی ہاتھ سے جانے نہ دیتے تھے۔ موکلوں کو ایسے سبز باغ دکھاتے کہ انہیں یقین ہو جاتا کہ پہلی ہی پیشی میں ان کا حریف چاروں شانے چت ہو جائے گا۔ چنانچہ نریندر بھیا مقدمے کے اخراجات اور اپنی پوری فیس پیشگی وصول کر لیتے۔

اس کے بعد نریندر بھیا آگے آگے اور موکل ان کے پیچھے پیچھے ہوتے۔ نئی وکالت تھی لیکن اخراجات شاہانہ تھے۔ فیس کے ساتھ مقدمہ دائر کرنے کے لئے لئے ہوئے اخراجات بھی خورد برد کر دیتے۔ موکل مقدمہ دائر کرنے کو کہتے تو وہ کوئی نیا بہانہ گھڑ دیتے۔ پہلے تو کئی دن تک جھوٹے تسلی دیتے کہ موکل چپ ہو جاتے۔ چنانچہ نئے موکلوں سے وصول کئے ہوئے پیسوں سے پہلے موکلوں کے مقدمے دائر کئے۔ اور پھر نئے موکل جو تاریخ پہ تاریخ بھگتتے پھرتے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ موکل ان سے دور بھاگنے لگے۔ چرب زبانی کا جادو ختم ہو گیا اور نریندر بھیا ٹھوکریں مارنے لگے۔ اور شاہانہ اخراجات دوستوں رشتہ داروں سے ادھار لے لے کر پورے کرنے لگے۔ وہ چار ماہ بعد کوئی اپنے پیسے کا مطالبہ کر بیٹھتا تو اس سے اور ادھار مانگ بیٹھتے۔ چنانچہ اپنے روپیہ کا مطالبہ کرنے والے اب ان سے چھپے چھپے پھرتے کہ کہیں نیا مطالبہ نہ کر بیٹھیں۔

آخر ایک روز ایک بیرسٹر صاحب نے انہیں اپنا اسسٹنٹ بنا لیا۔ بیرسٹر صاحب کا کام بہت بڑھا ہوا تھا اور انہیں ایک لائق نائب کی ضرورت تھی جو ان کے چھوٹے موٹے کام سنبھال سکے۔ چنانچہ نریندر بھیا تنخواہ کے ساتھ فیس میں سے بھی حصہ وصول کرنے لگے۔ کافی عرصہ تک ان کی گاڑی چلتی رہی۔ پھر ایک روز نریندر بھیا بیرسٹر صاحب کی خوبصورت جوان لڑکی کے ساتھ روپوش ہو گئے۔

بیرسٹر صاحب کی بیگم کو بے ہوشی کے دورے پڑنے لگے۔ بیرسٹر صاحب کے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے۔ انہیں بیگم سے محبت تھی۔ دراصل بیگم سے بیرسٹر صاحب کی لو میرج ہوئی تھی اور بیگم ان کی سب سے بڑی کمزوری تھیں۔ خود ہندو تھے بیگم مسلمان تھیں۔ دونوں اپنے مذہبوں سے منسلک رہے تھے۔ اس لئے ان کی شادی پر اعتراض نہیں ہوا تھا۔ نہ کسی نے کسی کو مذہب تبدیل کرنے کے لئے مجبور کیا۔ اولاد کے متعلق انہوں نے فیصلہ کیا تھا کہ ایک بچہ مسلمان بنے گا تو دوسرا ہندو۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔

وہ لڑکی جو نریندر بھیا کے ساتھ بھاگی تھی بیگم صاحبہ کے مذہب کی پیروکار تھی۔ چنانچہ بیگم صاحبہ بیماری کی شدت سے دورے پڑنے لگے تھے جس کو دیکھ کر بیرسٹر صاحب کی ساری رحم ہونے لگی تھی۔ چنانچہ بیرسٹر صاحب نے پولیس کی مدد سے فرار ہونے والوں کو دو مہینوں کے اندر اندر ہی پکڑ لیا۔

بیرسٹر صاحب نے تو زینب بیگم کو [illegible] تھے۔ [illegible]
[illegible]

یہ حالات قریب ہی زینب بیگم کی شادی [illegible] تھے۔ [illegible] شادی کا [illegible] سے پہلے [illegible] زینب بیگم [illegible] بیرسٹر صاحب [illegible]

جب زینب بیگم نے [illegible] بیرسٹر صاحب کی [illegible] صاحب [illegible]

بیرسٹر صاحب [illegible] زینب بیگم [illegible] بیرسٹر صاحب [illegible] صاحب کے مقابلے [illegible]

ایک [illegible] زینب بیگم [illegible]

مقدمہ [illegible] صاحب [illegible] زینب بیگم [illegible]

اس دوران میں زینب بیگم نے [illegible] صاحب سے [illegible]

مقدمے [illegible] زینب بیگم [illegible]

عدالت [illegible] زینب بیگم [illegible]

زینب بیگم [illegible] صاحب [illegible] ہے۔

زینب بیگم [illegible] زینب [illegible]

بہرحال یہ بات سب سے متفق تھے کہ وہ بڑا خوش نصیب ہوتے ہیں زبیدہ بیگم صاحب سے بیاہ ہونا شاہ اللہ کی بیگم ہوں گے۔

لیکن ایک روز زبیدہ بیگم نہ معلوم کیوں والد صاحب کے پاس آئے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں سا سینہ پڑھ کر ہوئی تھیں سے ڈھنگ کی بات سمجھ میں نہیں آئی۔ اس روز وہ صاحب ان کے یہاں تشریف لائی ہوئی تھیں۔ بند کرے میں حفظ کے بعد انھوں نے بھی ذاتی اچھے چھوڑ صاحب سلام سے بیمار تھیں اڑ لئے تھے۔

اس کے بعد انھوں نے شالامار باغ میں بیٹے پیارے کو سیر میں جانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ یہ بیمار بیٹے کے پہلے بھی گھر سے ملا تھا اس روز بھی پہلا پہر تھا۔ کوئی تہوار بھی تھا اس لئے عدالتوں میں چھٹی تھی۔

زبیدہ بیگم نے تانگے کا انتظام کیا اور ان کے بچے کے ہمراہ باغ کے لئے روانہ کر دیا۔

تانگا شالامار باغ کے پاس پہنچا۔ ان کے پاس اپنے دو تین پہلوان قسم کے دوستوں کے ساتھ باہر نکلے، تیمور صاحب کو تانگے سے نیچے اتار اپنے دوستوں کی مدد سے زبردستی اغوا کر کے لے گئے۔

زبیدہ بیگم کو اطلاع ملی تو بھاگم بھاگ والد صاحب کے پاس آئے مقرر تھا تھانے کا تھانیدار ان کا واقف کار تھا۔ زبیدہ بیگم چاہتے تھے کہ تھانیدار کی مدد سے اغوا کرنے والوں کو پکڑ کر حوالات میں بند کر کے وہ صاحب ان کو سونپ دی جائیں۔ والد صاحب زبیدہ بیگم کی بات سن کر فرمانے لگے ذرا ٹھہرو اس بارے میں مشورہ ہوتا تو بہتر تھا۔ تمہارے میاں بیوی کے بیچ میں میں اپنی ٹانگ کیوں اڑاؤں؟ تمہارے عدالتی جھگڑوں کے لئے نہ اس وقت ہے، نہ میں اپنے دوستوں سے مدد حاصل کرنے کے لئے تیار ہوں۔"

پھر خلاف توقع مسکرا کر فرمانے لگے۔ حق بحقدار رسید۔

ڈراما۔

اظہر افسر

مومن

افراد:-

مومن

صاحب جی

شیفتہ

ایک موسیقار

(قدیم طرز کا ایک خوبصورت دالان، اُجلا اُجلا فرش، فرش جس پر بیچوں بیچ ایک نہایت قیمتی قالین بچھا ہے۔ دالان میں گاؤ تکیے سے لگے مومن (کشیدہ قامت، سرخ و سفید رنگ، روشن آنکھیں، کھنچی ہوئی بھنویں، لمبی ستواں ناک، پتلے پتلے ہونٹ جن پر پان کا لاکھا جما ہوا، ہلکی ہلکی مگر گھنی خوبصورت داڑھی، سر پر گھونگر والے لمبے بال، [illegible] کچھ پیچھے کچھ کندھوں پر پڑے ہوئے ہیں۔ بدن پر شربتی ململ کا نیچا انگرکھا۔ گلے میں سیاہ رنگ کا فیتہ جس سے تعویذ بندھا ہوا ہے۔ [illegible] رنگ کے دوپٹے کو بل دے کر کمر سے لپیٹ لیا ہے جس کے دونوں کونے سامنے پڑے ہیں۔ انگرکھے کی آستین الٹ کر چڑھا لی ہے۔ سر پر گلشن کی پیچ دار ٹوپی پہنے) بیٹھے ہیں۔ سامنے کچھ کاغذات بکھرے ہوئے ہیں۔ ایک چھوٹا سا پاندان رکھا ہے۔ داہنی طرف چلمن لگی ہے۔ دالان میں پیچھے ایک خوش وضع مرتبان [illegible] پر سفید کپڑا ڈالا گیا ہے۔

پردہ اٹھنے پر مومن مراقبانہ بیٹھے ہیں۔ سامنے ہی ایک نوجوان [illegible] سر جھکائے کھڑا ہے۔ [illegible] کی کوشش کرتا ہے۔ موسیقار [illegible] گا رہا ہے۔

وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی وعدہ نباہ کا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

مومن۔ (آنکھ کو آہستہ آہستہ پونچھنے لگتے ہیں)

موسیقار۔ وہ نئے گلے وہ شکایتیں، وہ مزے مزے کی حکایتیں
وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی ہم میں تم میں بھی چاہ تھی کبھی ہم سے تم سے بھی راہ تھی
کبھی ہم بھی تم بھی تھے آشنا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

مومن۔ (چہرہ ہاتھ پر ٹکا لیتے ہیں)

موسیقار۔ جسے آپ گنتے تھے آشنا جسے آپ کہتے تھے باوفا
میں وہی ہوں مومنِ مبتلا، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(موسیقار کی آواز کے ساتھ ساتھ وہ سایہ بھی غائب ہو جاتا ہے۔ داہنی جانب کی چلمن ہلنے لگتی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مومن کی محبوبہ صاحب جی جو زرد رنگ کا ململ آستینوں کا کرتا، کاہی [illegible] پائجامہ، دھانی دوپٹہ اوڑھے کھڑی ہے)

مومن۔ (کچھ دیر تک چلمن کی طرف دیکھتے ہیں پھر مسکرا کر)
خوب پردہ ہے کہ چلمن سے لگے بیٹھے ہیں
صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

صاحب جی۔ (ذرا کھسکتی ہے اور چلمن سے کچھ پیچھے ہٹ جاتی ہے)

مومن۔ صاحب۔

صاحب جی۔ (جواب میں صرف چلمن ہلتی ہے)

مومن۔ تم نے وہ نہیں سنا۔

لے پردہ نشیں چلمن اٹھا دے کہ زجس جانے
کرتا ہوں میں سوزِ غمِ پنہاں کی شکایت

صاحب جی۔ (چلمن کے پیچھے سے جو بڑے اُداس لہجے میں)

ہم خاک میں بھی مل گئے لیکن نہ مٹے وہ
دل میں رہی رنجش جو ... کی شکایت

مومن۔ صاحب باہر نہیں آؤ گی، تمہارے رشتہ دار تمہیں مجھ سے جدا کرنے پر تلے ہوئے ہیں، کیسی کیسی آفتیں ڈھا رہے ہیں۔ آسمان نے جو یہ گھڑی مل بیٹھنے کو بخشی ہے کیوں ہم الگ الگ گزار دیں، صاحب۔

صاحب جی۔ (چلمن اٹھا کر آہستہ باہر آتی ہے، مومن نہایت وقت سے اس کا ہاتھ تھام کر قالین پر لا بٹھاتے ہیں)

مومن۔ (ایک کاغذ سامنے رکھتے ہوئے)۔ لو اسے پڑھو۔

صاحب جی۔ (دوسری طرف منہ پھیر لیتی ہے)

مومن۔ ناراض ہو؟

صاحب جی۔ یہ بتاؤ اُس نامے کا کیا ہوا؟

مومن۔ نامے کا! کوئی پیام بھجوایا تھا میری صاحب نے؟

صاحب جی۔ میں کیوں پیام بھجواتی، آپ اپنی کہیے،

مومن۔ بھئی کہہ کر میاں نہ بجھواؤ، کس نامے کا ذکر کرتی ہو،

صاحب جی۔ کپور تھلہ والے، وہ نامہ جو مہاراجہ کپور تھلہ نے آپ کو بھیجا تھا،

مومن۔ (قہقہہ لگاتے ہیں) بھئی ایسے وقت کس کا ذکر کو اُس نامے کا خیال آسکتا ہے،

صاحب جی۔ آخر لکھا کیا تھا؟

مومن۔ لکھتے کیا، مہاراج ساڑھے تین سو روپے مقرر کئے تھے پیام کے ساتھ آنے جانے کا خرچ بھی بھیجا تھا۔

صاحب جی۔ اور آپ نے نادرہ اور مہاراج دونوں کو ٹھکرا کر...

مومن۔ صاف جواب دے دیا کہ میں مصاحبی اور پابندی سے عاجز ہوں، ایک ہی صاحب کافی ہے۔

صاحب جی۔ (مسکراتی ہے)

مومن۔ بھلا سوچو تو جب دربار کے تنخواہ دار بھانڈ ایک معمولی گویا ساڑھے تین سو روپے مہاراج کماتے، میں بھی اسی دربار سے وہی تنخواہ پاؤں۔

صاحب جی۔ خدا داد کی آپ سے سیکھے۔ مظہر الحسن صاحب تفضل کر رہے۔ جب آپ کو جب اپنے ساتھ لے جانا چاہا تو آپ نے ٹال دیا۔

مومن۔ صاحب دلی ہمارے لئے ابھی اس قدر سستی نہیں ہوئی کہ اُس کو تھوڑے سے ہمارے عوض بیچ دیا جائے۔

دلی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب
رہتے تھے منتخب ہی جہاں روزگار کے
اس کو فلک نے لوٹ کے ویران کر دیا
ہم رہنے والے ہیں اسی اجڑے دیار کے

صاحب جی۔ جن حضرت کے آپ شعر پڑھتے ہیں وہ اور سودا، سوز، انشا، مصحفی، میر، ناسخ، آتش، خلیق، جرات حضرت ذوق بھی تو آپ کے سامنے ہیں کتنے نام آپ کو گنواؤں، سبھوں کے لئے دربار کی پابندی لازم رہی ہے

مومن۔ حضرت میرزا مظہر جانجاناں، آبرو، حسین، شاہ حاتم، حضرت خواجہ میر درد، انہیں کیوں بھول رہی ہو۔ نہیں صاحب نہیں میں مدح کو گداگری اور ہجو کو دنی الطبعی گردانتا ہوں۔ زندگی عیش رہے اجیت سنگھ والی پٹیالہ اور نواب ... خان والی ٹونک کے نام جو قصیدے لکھ دئیے ہیں بہت ہیں۔ میں اب اور کسی کا ممنونِ احسان ہونا نہیں چاہتا۔

غیر کرتے ہیں سشبہ نے مجھے گلگوں عنانی
ساغرِ چشم میں ہم دل کا لہو بھرتے ہیں

خیر چھوڑو اس ذکر کو کوئی اور بات کرو، تمہارے اس شعر کا کیا بنا۔ کیا مصرع تھا وہ ۔۔۔؟ ہاں

گر نہ کیا منہ کہ نظارے میں ذرا بھی

دوسرا مصرع ملا یا نہیں؟ یا شعر ابھی تک لنگڑا ہے۔

صاحب جی۔ (منہ پھیر لیتی ہے) (مومن آگے کو سرکتے ہیں) (صاحب دوسری طرف منہ پھیر لیتی ہے)

مومن۔ (پھر آگے بڑھ کر) صاحب آگئی ہو؟ (آنکھوں میں آنسو) کیوں بھی ہیں؟

صاحب جی۔ (مسکرا اٹھتی ہے) جائیے نہیں تو۔

مومن۔ نہ جائیں تو۔

صاحب جی۔ [illegible]

یہاں جو ہم گھر میں آیا تو دیکھا
گڑ گیا صنم کے نظارے میں زاہد

. . . .

مومن۔ ہاں۔ گڑ گیا صنم کے نظارے میں زاہد
(پھر صاحب جی کی طرف نگاہیں نیچے کر کے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے)
خدا نے یہ جلوہ دکھایا تو دیکھا

صاحب جی۔ خوب شعر ہو گیا۔ واہ۔ (پھر شیفتہ کی طرف دیکھ کر)
کچھ کچھ قدرت خدا سے تری ہو چلے ہیں وہ
یک چند اور گردش اے آسماں نہ چھوڑ

مومن۔ دفعتاً نہیں کوچے میں تیرا صاحب کا ہو چکے
اے عندلیب اس کے لئے گلستاں نہ چھوڑ

صاحب جی۔ (ہنستی ہے) خوب ہے (دکھاتی ہے)

مومن۔ ہاں ہاں خوب ہے؟

صاحب جی۔ وہ میں چاہتی ہوں کہ آپ کی وہ غزل سنوں اور آپ ہی سے

مومن۔ کون سی غزل؟

صاحب جی۔ کس کو غیرت آنے کی ہے کس سے ہے یہ بیتابی
کھڑے جو ہم بیٹھے ہم پھرتے تھے بیٹھ جاتے ہیں۔
سنائیے گا؟

مومن۔ ہاں ہاں!

صاحب جی۔ لیکن۔ ترنم سے۔

مومن۔ (صاحب جی کی طرف دیکھتے ہیں پھر ترنم سے پڑھتے ہیں)
کس کو غیرت آنے کی ہے کس سے ہے یہ بیتابی
کس عالم میں ہم جو ہیں آتے ہی اٹھ جاتے ہیں
شکوہ کیا بیداد کر سکتا […] دیکھو تو
دیکھے […] عالم […] نکلتے ہیں
ہوش گئے […] نہیں رات
یہ تو […] آپ کے کہتے ہیں
[…] عہد […] چمن
[…] کھل جاتے ہیں
[…] تنہائی پر
[…] جاتے ہیں

(کسی کے قدموں کی آہٹ ہوتی ہے)

صاحب جی۔ شاید کوئی آیا ہے (اچانک مومن کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چھڑا کر اٹھ کھڑی ہوتی ہے)

(قدموں کی چاپ قریب سنائی دیتی ہے)

(صاحب جی جلدی جلدی چلتی چلمن کے پیچھے جا کر غائب ہو جاتی ہے) (بائیں طرف سے شیفتہ۔ نگین انگرکھا۔ ایک برا پاجامہ […] پہنے داخل ہوتے ہیں)

شیفتہ۔ تسلیمات بجا لاتا ہوں۔

مومن۔ (چلمن کی طرف دیکھتے ہوئے) مصطفیٰ خاں تم بڑے وقت آئے۔

شیفتہ۔ کیا فرمایا حضرت نے؟ کچھ گستاخی ہوئی ہو تو در گزر کیجئے گا۔

مومن۔ کس لطف کی صحبت تھی صاحب جی سے۔ تم نے آ کر سب کا سب […]

شیفتہ۔ کون صاحب جی؟ یعنی امۃ الفاطمہ بیگم؟

مومن۔ ہاں امۃ الفاطمہ بیگم صاحب جی۔

شیفتہ۔ […] نصیب […] کہیں […] ہاں اب […] ہے۔ آپ آرام کیجئے

مومن۔ کیسی باتیں کرتے ہو شیفتہ۔

شیفتہ۔ میں بالکل سچ عرض کر رہا ہوں۔ […] کا ذکر […] کے لئے اور کیا چاہئے۔

مومن۔ ناممکنات۔ تو کیا ہم صاحب جی یہاں نہیں آ سکتیں؟

شیفتہ۔ […] صاحب جی کو اس کے […] زبردستی […] ہو چکے ہیں وہ لکھنؤ میں ہیں۔ اور آپ کہتے ہیں صاحب جی یہاں تھیں۔ میں […] نہیں کہوں گا۔ بس آپ آرام فرمائیے۔ میں ابھی حکیم […] کو بلا کر لاتا ہوں۔ (شیفتہ گھبرایا ہوا چلا جاتا ہے)

مومن۔ (حیران چلمن کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ […] میں یہ شعر پڑھتا ہے)

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(کچھ دیر کے بعد […] اور […] آہستہ آہستہ گرتا ہے)

مکتوبات

یوسف ناظم ——— ایسسٹنٹ ڈائرکٹر۔ خواجہ کاؤس جی بلڈنگ دھوبی تالاب بمبئی ۱

شاعر کا شمارہ شمارہ حسب معمول دلچسپ اور وقیع ہے۔ آپ کی نظم گرب آخوند کا نامہ تو دھوم مچا دی۔ مکتوبات کا سلسلہ مقبول ہوتا جا رہا ہے۔ لیکن کیا اچھا ہو کہ یہ صفحات تنقید اور ذاتی باتوں سے مبرا رہیں۔ بیچارے رفعت صاحب اکولہ کے بارے میں ذرا سی بات لکھ کر پھنس گئے۔

" خلیل بدایونی کی رومانی شاعری " پر تبصرہ بہت پسند آیا۔ یہ کتاب میری نظر سے بھی گزری ہے اور مجھے بھی ایسا معلوم ہوا کہ کتاب فن کتابت اور فن طباعت کے مظاہرے کے لئے چھاپی گئی ہے۔ تبصرہ نگار نے تو " بنج سود " کا حوالہ دیا لیکن مجھے تو کشیدہ کاری کے نمونے کا شبہ ہوا تھا۔

محمد عظیم ——— نادیجنس اینڈ کو فیروز آباد (ضلع آگرہ)

آپ کے اس خیال سے مجھے اتفاق ہے کہ " شاعر " کے مکتوبات دلچسپی سے پڑھے جاتے ہیں۔ خود میں بھی رسالہ کھولتے ہی مکاتیب پر نظر ڈالتا ہوں۔ نہ صرف " شاعر " بلکہ دوسرے رسائل میں شائع شدہ مکتوبات پڑھ کر مجھے اندازہ ہوا ہے کہ بیشتر مکاتیب رسالہ کا بالاستیعاب مطالعہ کئے بغیر ہی لکھے جاتے ہیں۔ بعض اس لئے لکھے جاتے ہیں کہ اپنے احباب کی مدح سرائی مقصود ہوتی ہے۔ بعض مکتوب نگار اپنا نام چھپا ہوا دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ اپنا نام چھپوانے کی سہل ترین ترکیب یہ ہوتی ہے کہ یا تو ایڈیٹر کی کسی تخلیق کی تعریف کی جائے یا پھر شاعر کے کسی کارنامے پر اظہار رائے کیا جائے اور یہ رائے عام طور پر تحسین پر مبنی ہوتی ہے۔ بیشتر رائیں عام طور پر بغیر پڑھے ہی ظاہر کی جاتی ہیں اور ہر صاحب رائے کو عافیت اسی میں نظر آتی ہے کہ وہ مشاہیر کی تخلیقات کی تعریف کرے۔ نئے اور غیر معروف حضرات کی کتنی چیزیں قدر داں کی چھپتی ہیں لیکن مکتوبات میں شاذ و نادر ہی ان کا ذکر ہوتا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اکثر مکتوب نگار پرکھنے کی صلاحیت کم رکھتے ہیں لیکن اعتبار ہے کہ اپنی ذاتی رائے ظاہر کرنے سے ہماری کم نظری منظر عام پر آئے گی یا مستند ادبا ہمارے بارے میں کیا رائے قائم کریں گے، اپنی سچی رائے کا اظہار نہ کرنا بڑی کم ظرفی کی بات ہے۔ ہماری رائے صحیح ہو یا غلط۔ ہمارے لئے یہ فخر کیا کم ہے کہ ہم نے یہ رائے خود پڑھ کر قائم کی ہے۔

میں جرأت a free thing but my own ہے وہ دوسروں کے تاج محل میں کہاں۔! مجھے مسرت ہوگی اگر آپ میرا یہ خط شائع فرما دیں۔

قمر ندیم رئیسی ——— آغا حسین کا باڑہ۔ حسب نقل صاحب ناگپور ۱

آپ نے نومبر ۱۹۶۹ء کے " شاعر " کے اداریہ میں چند ایسی باتیں پیش کیں جن کی طرف مہاراشٹر حکومت کو حقیقتاً فوری طور پر توجہ دینی چاہئے بالخصوص یہاں کے ادبا اور شعراء کو ان کی تخلیقات اور خدمات کے صلے میں وہ مراعات ملنی چاہئیں جن کے وہ مستحق ہیں۔

بمبئی خاص کے ساتھ مہاراشٹر کے چھبیس اضلاع ہیں۔ ان میں اردو اضلاع کو چھوڑ کر اگر تحقیق کی جائے تو ہر ضلع میں ایک ادیب یا شاعر ایسے نکلیں گے جن کی پوری زندگی اردو زبان و ادب کی خدمت میں صرف ہوئی ہے۔ مستحقین کی باقاعدہ ایک فہرست مرتب ہونی چاہئے اور حسب مراتب انہیں ان کے حقوق ملنے چاہئیں۔ بمبئی خاص میں بھی ایسے مستحقین کی ایک خاص تعداد موجود ہے جن کی زندگی کا ہر لمحہ زبان و ادب کی خدمت میں صرف ہوا اور ہو رہا ہے۔ ایسے شعراء اور ادبا کی فہرست حکومت مہاراشٹر تک پہنچائی جائے۔ صوبہ کی مختلف اردو انجمنوں کی طرف سے اشتہار نے چھپنے چاہئیں۔ اور یہ سب کام انجمن ترقی اردو بمبئی کی وساطت سے ہونا چاہئے۔

دوسری صوبائی حکومتوں کی طرح حکومت مہاراشٹر کا یہ اقدام نہ صرف فن کاروں کی معاشی الجھنوں کو دور کرے گا بلکہ [illegible]

اہمیت میں ایک نمایاں اور اچھا اضافہ بھی ہوگا۔ اگر "شاعر" کے ذریعے یہ تجویز حکومت تک پہنچ جائے اور اس کا کوئی مستقل حل نکل آئے تو میں سمجھتا ہوں کہ "شاعر" کے ادبی و لسانی کارناموں میں یہ سب سے بڑا اور اہم کارنامہ ہوگا۔

"دانستہ و نادانستہ" کے تحت آپ کے "اداریے" اور "نوٹ" کے ذریعے جو خصوصیات سامنے آئیں وہ قارئین کی معلومات میں بہترین اضافے کا سبب ہیں۔ مولانا سیماب کی ان کتابوں کا شائع ہونا بہت ضروری ہے۔ آپ نے مولانا مرحوم کی غیر مطبوعہ کتابوں کی جو فہرست پیش کی ہے اس میں کتاب "میرے خاکے" کا اندراج نہیں ہے جو سنہ ۱۹۶۲ء میں مرحوم نے اپنے نام سے ایک کتاب بہ ترتیب دے رہے تھے۔

اشرف فاروقی ——— ۱۴۰۰، جونا بازار، اورنگ آباد (مہاراشٹر)

"شاعر" کی آمد سے قبل ۱۷ نومبر کو میں نے حضرت سکندر علی وجد صدر انجمن ترقی اردو مہاراشٹر سے تفصیلی گفتگو کی تھی اور مہاراشٹر میں اردو کو سرکاری زبان بنانا چاہئے۔ صاحب موصوف نے بتایا کہ انجمن کے ایجنڈے میں یہ بات شامل ہے۔

انجمن اس سلسلے میں نمائندگی کرے گی اور یقیناً اس کے مفید نتائج برآمد ہوں گے اور سب ہی انجمنوں کی اس مطالبے کو تائید حاصل رہے گی۔ "دیگر تحریکات کا جائزہ" میں شامل تھی۔ فی الواقع آپ ہر ایک کے ملال کی بات کہنے میں پیش پیش ہیں۔

منظر امام ——— پروگرام ایگزیکیٹیو آل انڈیا ریڈیو۔ گوہاٹی (آسام)

اردو سے متعلق آپ کے اداریے "بڑے جاندار اور پُر زور" ہوتے ہیں۔ اگر سچائی فتح یاب ہوتی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ اردو اپنا جائز مقام حاصل کرنے سے محروم رہے۔ آپ نے اخبارات میں بزم اردو ناگالینڈ کی رپورٹ پڑھی ہوگی۔ یہ بزم ناگالینڈ کے دارالخلافہ کوہیما میں چند اردو دوستوں کی کوشش سے قائم ہوئی ہے جس کے صدر شری سنہا جو راج رتن ہیں جو اردو کے جانے پہچانے ادیب اور حکومت ناگالینڈ کے ڈائریکٹر آف انفارمیشن اینڈ پبلسٹی ہیں۔ بزم کے سکریٹری ابراہیم الدین انصاری ہیں جو مقامی سائنس کالج میں لیکچرار ہیں۔ اس بزم کے روحِ رواں کیول کرشن نیتر ہیں جو آل انڈیا ریڈیو کوہیما میں پروگرام ایگزیکیٹیو ہیں۔ اس بزم کے کئی اہم مقاصد ہیں۔ مثلاً اردو زبان و ادب کی نشر و اشاعت۔ اردو لائبریری کا قیام۔ ناگالینڈ کی لوک کہانیوں پر اردو میں تنقید وغیرہ۔

حکومت ناگالینڈ نے یکم دسمبر کو اپنی ریاست کے قیام کی دوسری سالگرہ کی تقریب میں مجھے شرکت کے لئے مدعو کیا تھا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ اس ریاست کی جانب سے کسی اردو شاعر کو سرکاری تقریب میں نظم پڑھنے کی دعوت دی گئی تھی۔ ہر چند نظم کا انگریزی ترجمہ وزرا اور دیگر عمائدین حکومت کے درمیان پہلے ہی تقسیم کر دیا گیا تھا لیکن اردو جاننے والے اور سمجھنے والے بھی کافی تعداد میں تھے اور انہوں نے نظم بڑی توجہ اور مسرت کے ساتھ سُنی۔ در اصل اس تقریب میں میری شرکت بزم اردو ہی کی کوشش تھی۔ اس بزم نے میرے اعزاز میں ایک خصوصی جلسہ بھی کیا تھا جس کی صدارت وہاں کے وزیر تعلیم شری کیکشان نے فرمائی۔ انہوں نے بزم اردو سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

نومبر کے شمارہ میں جناب عارف قریشی اور مظفر حنفی نے میری غزل (مطبوعہ شاعر اکتوبر سنہ ۱۹۶۴ء) کے مطلع کے بارے میں اظہارِ خیال فرمایا ہے۔ میں دونوں احباب کا ممنون ہوں۔ مطلع میں واقعی "ایطا" ہے۔ میں نے اپنی غزلوں میں اس طرح کے عیب سے ہمیشہ اجتناب برتا ہے۔ اس لئے مذکورہ غزل کا مطلع بھی تبدیل کر دوں گا۔ یہ غلطی "ندرا ات" میں نہیں بلکہ "بے خیالی" میں سرزد ہوئی ہے۔

عروج احمد عروج ——— نزد مکرم ٹاکیز جالنہ (مہاراشٹر)

"شاعر" کے دسمبر سنہ ۱۹۶۴ء کے شمارے کے حصہ "گفتگو" میں محمد عظیم فیروز آبادی کے اس مشورے کی میں پُر زور تائید کروں گا کہ آپ علامہ سیماب پر خصوصی نمبر شائع فرمائیں۔ ویسے بھی یہ کام آپ کے اولین فرائض میں شامل ہے۔ نومبر سنہ ۱۹۶۴ء کے شمارے میں علامہ مرحوم کا نوحہ نظر سے گزرا تھا۔ علامہ کی غیر مطبوعہ تصانیف کی اب بھی کافی تعداد موجود ہے۔ ان کی اشاعت کی جانب بھی توجہ دیجئے۔

حیدرآباد کی لائبریری میں ایک "تصنیف" پتہ اور "تلاش" کرنے پر دستیاب ہوئی ہے۔ آپ کی تحریر کے مطابق علامہ سیماب نے

یہ بھی اور منی سام پروانہ کو لکھ کر دیا تھا۔ اگر آپ کہیں تو آپ کے پتے پر بھجوا دوں۔؟

دسمبر ۱۹۶۶ کے شمارے کی منظومات میں شاذ تمکنت۔ رونق نعیم اور تسنیم پیمانہ کی نظمیں پسند آئیں۔ غزلیات میں تابش دہلوی، شمیم سیالانی، شبین سروش۔ اقبال سجاد پوری اور افتخار احمد فخر دہلوی کی غزلیں بہت اچھی ہیں۔ حسن نظر بھی اس بار بہت جاندار ہے۔

بدیع الزماں خاور ۔۔۔۔ نشاط منزل مال۔ والپلی ضلع رتناگیری۔

دسمبر کا شاعر مل گیا ہے۔ اب تک صرف نظمیں اور غزلیں پڑھ سکا ہوں۔ دور اں کی نظم نے مجھے کافی متاثر کیا۔

۲۰ دسمبر (۱۹۶۶ء) کے اکثر مراٹھی اخباروں میں ایک خبر جلی طور پر شائع ہوئی ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ "مراٹھی ساہتیہ سمیلن" نے ایک تجویز پاس کی ہے جس کا مقصد حکومت سے یہ مطالبہ کرنا ہے کہ آل انڈیا ریڈیو بمبئی سے صرف مراٹھی پروگرام نشر کئے جائیں جس طرح کلکتہ اور مدراس ریڈیو کے تمام نشری پروگرام بالترتیب بنگالی اور تامل میں ہوا کرتے ہیں۔ مہاراشٹر کے تمام ریڈیو اسٹیشن مراٹھی کے ساتھ پورے انصاف سے کام لے رہے ہیں۔ اس کے باوجود معلوم نہیں "ساہتیہ سمیلن" کو مذکورہ تجویز پاس کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ پھر اس تجویز کے ذریعہ جو مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ وہ دوسری زبانوں کے حق میں سخت نقصان دہ ہے۔ اگر خدانخواستہ اس مطالبے کو حکومت نے مان لیا (جس کی کم از کم مجھے اُمید نہیں) تو نتائج یقیناً بہتر نہ ہوں گے۔ علاقائی زبان کی حیثیت سے مراٹھی کی اہمیت مسلّم ہے۔ مگر مراٹھی والوں کو کوئی ایسا غلط انداز اختیار نہیں کرنا چاہئے۔ جس سے مہاراشٹر میں عام طور پر بولی اور سمجھی جانے والی "اردو" ہندی، گجراتی جیسی دوسری زبانوں کی حق تلفی ہو۔ دوسری زبان والوں کو کوشش کرنی چاہئے کہ "ساہتیہ سمیلن" اپنی تجویز پر نظر ثانی کرے اور اسے صحیح انداز سے پیش کرے۔ مجھے اُمید ہے کہ آپ بھی "شاعر" میں اس سلسلے میں کچھ لکھیں گے۔

شفیق تنویر ۔۔۔۔ منگل واڑہ۔ بھوپال

"شاعر" کا دسمبر کا شمارہ نظر نواز ہوا۔ آپ "جرعات" میں مسلسل اردو کے بارے میں جس بےباکی سے لکھ رہے ہیں۔ وہ یقیناً قابلِ تعظیم ہے۔ اس خوشامدی دور میں ایسی بےباکی کا مظاہرہ آپ کا اردو سے حقیقی محبت کا پتہ دیتا ہے یہ بھی ممکن ہے کہ اس بےباکی سے آپ کو نقصان پہنچ رہا ہو۔ پھر بھی سے "فروغِ فرقِ سردار کو نظر نہ لگے"۔

آپ نے "جرعات" میں کتنی اچھی بات لکھی ہے کہ "اردو والوں کو انعامات نہیں چاہئیں۔ اردو والوں کو سرکاری امداد و اعانت نہ دیجئے۔ صرف اس کی تعلیم کا عام انتظام ابتدا سے ثانوی مدارس تک کر دیجئے"۔ یہ حقیقت ہے کہ اگر ہم اردو کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کی تعلیم کا انتظام باقاعدہ طور پر ابتدا سے ثانوی مدارس تک کرنا پڑے گا۔ ورنہ ہمارے بعد کی نسل اردو سے کافی حد تک ناواقف ہوگی۔

"شکیل جرالی کی رومانی شاعری پر تبصرہ" پڑھ کر ڈاکٹر شکیل الرحمٰن پر بہت ترس آیا۔ "جدید شاعری میں ہیئت کا مسئلہ" میں اُمید صاحب نے لکھا ہے کہ "یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ سجاد ظہیر کا تجربہ ہر طرح سے کامیاب رہا ہے اور مستقبل قریب میں لوگ اسی کو فن مان لیں گے۔ اگر یہ اسلوب رائج ہوگیا تو اردو شاعری میں مزید تجربوں کی زحمت نہیں اٹھانی ہوگی۔"

یہ ٹھیک ہے کہ سجاد ظہیر کا تجربہ کامیاب رہا ہے۔ یہ بھی بجا کہ لوگ اس کو فن بنا لیں گے۔ پھر بھی اردو شاعری میں تجربات ہوتے رہیں گے اور ہونے بھی چاہئیں۔ جد و جہد ہی کا نام زندگی ہے جہاں جد و جہد ختم ہوئی۔ زوال شروع ہوا۔ خود سجاد ظہیر کا یہ پسند نہیں کریں گے کہ اردو شاعری میں اُن کے بعد تجربات نہ ہوں۔

غزلیات میں اعزاز افضل اور حسرت قادری کی غزلیں پسند آئیں۔ حسرت رسیانی کی غزل پڑھ کر علامہ سیماب مرحوم کا یہ شعر بے ساختہ یاد آیا۔

جو راز زمانگ کے لائق تھی چار دن ۔۔۔ وہ آرزو میں کھوگئی وہ اختیار میں

حلیم آختر منظر نقوی کی غزل کا یہ شعر

بن ملے یوں ہی کوئی بات بنی ہو جیسے — کسی جنگل میں کہیں رات ہوئی ہو جیسے

تے مصرعہ ثانی میں "کہیں" حشو ہے۔

تسنیم منظر پیپی ——— پنجاب نیشنل بینک آف انڈیا۔ پوسٹ بیگ ۱۰ پٹنہ (بہار)

دسمبر کا شمارہ باصرہ نواز ہوا۔ بیک نظر یہ شمارہ خاص نہیں معلوم ہوتا کیونکہ اس میں شامل قلمکار کثیر نئے ہیں۔ مگر مطالعہ کرنے کے بعد پتہ چلتا ہے کہ یہ شمارہ بھی حسب سابق اہم اور بہت اہم ہے۔ مقالات کی جدت اور تنوع، نظموں کی رنگا رنگی، غزلوں کی دلکشی، افسانوں کی جمالیات آفرینی، سب یوں لگے کہ دل و دماغ عش عش کر اٹھتے ہیں۔ پیتر علی کمال گورکھپوری اور روشن آرا تبسم کے افسانے بہت پسند آئے۔ روشن آرا تبسم کے کچھ اور افسانے بھی دیکھے تھے۔ مگر ان میں وہ بات نہیں تھی جو یادر رکھی جا سکے۔ مگر موجودہ افسانہ پڑھ کر ایسا احساس ہوتا ہے، جیسے انھوں نے اپنی راہ بنالی ہے۔ یں ان کو بار بار مبارکباد دیتا ہوں۔ تبسم گرشاید وہ پاکستان جا چکی ہیں۔

نومبر کے شمارہ میں "زہر کرن" چہرے "خوبصورت، قابل غور اور بعد آفریں نظم تھی۔ اگرنیسی صاحب کی وہ نظم ہے تو اس سے خود ان کی سہل پسندی ظاہر ہوتی ہے۔

منظر حنفی ——— میراں پورہ۔ بھوپال گیٹ سیہور بھوپال۔ (ایم پی)

شاعر کی اشاعت دسمبر ۱۹۹۸ء میں حضرت نامی نے میرے اس شعر

بے اندر فقط پشیمان کہاں ہوتے ہو — پھول جب توڑ لیا ہے تو مسکنا ہوگا۔

میں "کہاں" کا لفظ بے محل بتایا ہے۔ اس جگہ یہ لفظ طنزیہ "یوں کیوں" کا مفہوم ادا کرتا ہے اور میرے خیال میں برمحل ہے۔ مثال کے طور پر تین جملے دیکھئے۔

(۱) آپ بھی کہاں کی بات لے بیٹھے۔ گزرے مردے اکھاڑنے سے فائدہ " (۲) "آپ یہاں کہاں؟ یہ عید کا چاند اودھر کیسے نکل آیا" (۳) "اس جملے میں ہم کہاں آنے والے ہیں، کسی اور کو پھانسئے"۔

مندرجہ بالا اقتباسات میں لفظ "کہاں" بالترتیب کب، کیسے اور نہیں کا مفہوم طنز کے ساتھ ادا کر رہا ہے۔ امید کہ نامی صاحب مطمئن ہو گئے ہوں گے۔

عبدالرحیم نشتر ——— گجری بازار۔ کامٹی (ناگپور)

دسمبر کا شاعر دیکھا۔ اس بار بھی رسالہ بہت خوب ہے۔ "بہار قید ہے" اور "تاثر" دونوں نظمیں بہت پسند آئیں۔ یوں تو تمام غزلیں اچھی ہیں لیکن شمیم سرفروش کی غزل بہت ہی اچھی ہے۔ افسانوں میں "دروپ" اور "احساس جیاجاگا" پسند آئے۔ مقالات کا حصہ بہت ہلکا پھلکا ہے۔ تبصرہ میں "تشکیل جدایدہ کی رومانی شاعری" پر بے لاگ تبصرہ، تبصرہ نگار کے خلوص اور دیانتداری کا ثبوت ہے۔ تاریاندپوری نے حضرت سیماب اکبرآبادی پر جو مضمون لکھا تھا اور اس پر آپ نے نوٹ دیا تھا۔ اس سلسلے میں کچھ عرض ہے۔ اگر حضرت سیماب سے متعلق مضامین شاعر میں شائع ہوں تو بہتر ہے۔ مضامین نگار دیگر رسائل میں بھی بھیجیں تو کوئی وجہ نہیں کہ شائع نہ ہوں۔ سیماب کی شخصیت اس قابل ہے کہ انھیں ان کا حق دیا جائے اور صحیح قدر کی جائے۔

ضیا حسنی ——— کاشانۂ سنجری، چھوٹی بازار، فتحپور (یوپی)

ماہ کا شمارہ نظر نواز ہوا۔ آپ نے موجودہ دور کے آخری صفحات پر جو باتیں لکھی ہیں، وہ بہت سچی ہیں۔ اگر اس پر عمل ہو تو یقیناً خوشگوار نتائج مرتب ہوں گے۔ مقالات کا باب بڑا ہی دلکش ہے۔ خاص طور پر پسند آیا۔ اور خاص طور پر وہ صاحب جو اپنے کو متفق اور نئی باتیں معلوم ہوئیں۔ یقیناً یہ ایک اہم دستاویز ہے۔ صابر دت کا مقالہ بھی اچھا ہے۔ منظومات میں "شکستہ" اور "دیس" اچھی ہیں۔ غزلوں میں قیصر پرواز اور اشفاق غوری پسند آئے۔ رشید سرفراز، حلیم آختر فرخ آباد نقوی... کلام اور ... غزلیں بھی اچھی ہیں۔

[illegible]

ادارہ

محفلِ اپنی...!

سالنامہ

"شاعر" بمبئی اپنی سینتیسویں سالگرہ پر یہ ضخیم سالنامہ پیش کر رہا ہے۔ تقریباً دس سال پابندی کے ساتھ ہر سال "شاعر" کا ایک سالنامہ اور ایک خاص نمبر شائع کیا جا رہا ہے۔ "شاعر" نے سالناموں اور خاص نمبروں کی روایت کو بہت آگے بڑھایا ہے۔ اردو کے کسی رسالے نے اس پابندی کے ساتھ سالنامے اور خاص نمبر پیش نہیں کئے۔ اب تک کے نکلے ہوئے تمام سالناموں میں یہ سالنامہ سب سے کم حجم ہے لیکن اپنے علمی و ادبی حسن معیار کے اعتبار سے سب سے اہم اور بہت بڑا ہے۔ یہ حقیقت ہم دل کھول کر کہہ سکتے ہیں جو ضخیم سالناموں میں بھی عام طور پر نہیں ہوتا۔ اس کی کتابت و طباعت بھی قابل دید ہے۔ چند ماہ سے "شاعر" کی کتابت مرزا رفیق مکتبہ ہی سنبھال رہے ہیں جو خود اہل قلم ہیں اور حسن خطاطی میں یدِطولیٰ رکھتے ہیں۔ بہرحال سالنامے کے حجم کی کمی محسوس نہ ہوگی۔ یہ کمی موجودہ حالات کا تقاضا ہے اور اخباری کاغذ کی پابندیوں کا نتیجہ۔ دوسری طرف اشتہارات کے نئے قوانین بھی "شاعر" کے لئے باعثِ نقصان ہیں۔ تیسری طرف وہ عام بے کاری ہے جو توسیعِ اشاعت کے مقصد کو آگے نہیں بڑھنے دیتی۔ چوتھی وجہ آئندہ چند ماہ میں شائع ہونے والا ضخیم ترین "کرشن چندر" نمبر ہے۔

ہاں سالنامہ میں وہ سب کچھ ہے جو ذوق کی آسودگی کو درکار ہوتا ہے۔ اس میں طنز و مزاح۔ تنقید و تحقیق، افسانہ، ڈرامہ اور نظم و غزل کے کئی شاہکار ہیں۔ مندرجات پر الگ الگ نقد و تبصرہ ممکن نہیں۔ جگہ کی کمی اور دیر سے موصول ہونے کی وجہ سے بہت سے منتخب مضامین نظم و نثر رکھے پڑے ہیں۔ امید ہے سب آئندہ شمارے میں شائع ہوں گے۔ امید ہے کہ سالنامہ کا انتخاب کیا جائے گا۔ عدمِ گنجائش کی وجہ سے ادبی خبریں اور نقد و نظر کے ابواب نہیں دئے جا رہے ہیں۔

توسیعِ اشاعت کی بات

گزشتہ ماہ دسمبر کے شمارے میں سب ہی قارئینِ "شاعر" سے توسیعِ اشاعت کے سلسلے میں ایک عملی قدم کی درخواست کی گئی تھی جس کا نتیجہ ان سطور کے قلمبند کرنے تک حوصلہ افزا رہا ہے۔ جن کرم فرماؤں نے اس سلسلے میں توجہ دی ہے ادارہ "شاعر" اُن کا ممنون ہے۔ اُن کے نام ذیل میں پیش کئے جا رہے ہیں۔ "شاعر" کے تمام معزز قارئین سے پھر درخواست ہے کہ وہ سب اسی طرح توسیعِ اشاعت میں حصہ لے کر "شاعر" کو تقویت پہنچائیں۔

۱۔ جناب بدیع الزماں خاور۔ داپولی (رتناگری)	۴۲	خریدار
۲۔ جناب محی الدین احمد ایم۔ اے۔ رانچی	۹	"
۳۔ جناب نسیم گوالیاری۔ احمد آباد	۷	"
۴۔ جناب یکتین انصاری۔ آکولہ	۶	"
۵۔ جناب تاج کوٹھی۔ احمد آباد	۵	"
۶۔ جناب پیرزادہ اقبال ہاشمی ایم۔ اے۔ بیجاپور	۳	"
۷۔ جناب ضیاء غنی خجوری۔ (یوپی)	۳	"
۸۔ جناب عبدالستار مائل۔ ممکور	۲	"
۹۔ جناب ل۔ م۔ شاہد جمشید پور	۱	"
۱۰۔ جناب پروفیسر عزیز دھولیوی ایم اے۔ جلگاؤں	۱	"
۱۱۔ جناب سرشار رسیلانی۔ بمبئی	۱	"
۱۲۔ جناب اویس احمد دوراں۔ کلکتہ	۱	"
۱۳۔ جناب عزیز عدل آباد۔ جلگاؤں	۱	"
کل تعداد	۷۳	

سب سے زیادہ خریدار بدیع الزماں خاور نے دئے ہیں۔

آہ تلوک چند محروم

۶ جنوری کو اردو زبان کے نہایت مشہور و مقبول بزرگ شاعر تلوک چند محروم کا اسّی سال کی عمر میں دہلی میں انتقال ہو گیا۔ وہ دہلی کے ولنگڈن ہاسپٹل میں صاحبِ فراش تھے۔ اردو کے بزرگ نظم نگاروں کی وہ آخری کڑی تھے۔ اکبر الہ آبادی، چکبست، سیماب اور ظفر علی خاں کے ساتھ اُن کا ذکر ہوتا تھا۔ انھوں نے اپنی یادگار گنجِ معانی، رباعیاتِ محروم، کاروانِ وطن، بہارِ طفلی، نیرنگِ معانی اور شعلۂ نوا چھوڑی ہیں۔ ان کی شاعری میں قومی اور حب الوطنی اُن کا خاص موضوع تھا۔ انھوں نے بچوں کے لئے بھی بہت زیادہ نظمیں کہیں۔ وہ نہایت سیدھے سادے ملنسار اور خلیق انسان تھے۔ ایک بڑے شاعر کی حیثیت سے ان کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا۔ ان کے صاحبزادے جگن ناتھ آزاد ہیں۔ محروم صاحب کی موت اردو ادب کے لئے صدمۂ عظیم ہے۔ ادارہ "شاعر" آزاد صاحب اور مرحوم کے دیگر پسماندگان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

Regd No. MH 244 ANNUAL NUMBER, JA

The "SHAIR" Bombay 8
(37 Years of Publication)
THE MOST POPULAR OLDEST LITERARY & CULTURAL URDU JOU

علامہ سیماب اکبر آبادی

کی چند حیات افروز تصانیف


کلیم عجم	(غزلیات)	چار روپیہ آٹھ آنے
سدرۃ المنتہیٰ	(غزلیات)	چار روپیہ
کار امروز	(نظمیں)	چار روپیہ آٹھ آنے
شعر انقلاب	(نظمیں)	دو روپیہ
عالم آشوب	(رباعیات)	دو روپیہ
میر عجم (غزلیں نظمیں اور سلام)		ایک روپیہ

جلدوں پر خوبصورت اور رنگین گردپوش

(مکمل سیٹ کی خریداری پر نصف محصول ڈاک معاف)

منیجر قصر الادب، مکتبہ قصر الادب پوسٹ بکس ۵۳۶ بمبئی ۸

Only cover printed at Adabi Printing Press, Bomb





جاری شدہ ۱۹۳۰ء

بانی علامہ سیماب اکبر آبادی مرحوم

اردو کا سینتیس سالہ علمی، ادبی اور تہذیبی ماہنامہ

شمارہ ۳ - ۱۹۶۶ء

شاعر

بمبئی

ادارہ

اعجاز صدیقی

مہندر ناتھ

فی پرچہ	ممالک غیر سے	زر ششماہی	زر سالانہ
۱۰ آنے (۶۲ پیسے)	۱۶ شلنگ	چار روپے	سات روپے

مکتبہ قصر الادب

پوسٹ بکس ۴۵۲۶ بمبئی ۳ بی بی

شاعر

ترتیب

مکتوبات

انجم انا انجم · بدیع الزماں خاور · سہیل اکبرآبادی
مظہر صدیقی · شکیل جعفری · محمود ہاشمی
حامدی کاشمیری · عبدالعزیز خالد · تمنا مظفرپوری

جلد ـــ ۳۷ شمارہ ـــ ۳

ادارۂ "شاعر" فخر و مسرت کے ساتھ
اُردو کے مشہور و نامور افسانہ نگار

کرشن چندر

پر نہایت ضخیم، شاندار اور مثالی نمبر پیش کر رہا ہے
کرشن چندر کی منفرد شخصیت اور اس کے ہمہ گیر فن پر نہ صرف ہندوستان کی کئی زبانوں
کے مشہور اہلِ قلم کا بلکہ دنیا کے کئی بڑے مصنفین اور مفکرین
کے مضامین و تاثرات

کرشن چندر نمبر

میں

پیش کئے جائیں گے!

کرشن چندر کی ادبی زندگی کی لافانی تاریخ، اُس کی
عظمت کی کہانی، اُس کی تصانیف کا جائزہ
اُس کے زندہ اسلوبِ فکر اور شاہکار افسانوں
ناولوں اور ڈراموں پر تنقیدی نظر

درجنوں تصاویر
تفصیلات اور تاریخ کا انتظار کیجئے

کرشن چندر نمبر میں
خود

کرشن چندر

کے اپنے قلم سے
ایک تازہ غیر مطبوعہ اور شاہکار
نئے

ناول

کے علاوہ
تین تازہ کہانیاں
ایک ڈرامہ
ایک مزاحیہ
میرے ادبی نظریات
میرے تنقید نگار
میری ادبی زندگی کا آغاز و انجام

کرشن چندر کے کچھ ورڈز
(تصاویر کے ذریعہ)
اور
عکسِ تحریر
کرشن چندر کے
اہم خطوط

اربابِ قلم اپنے مضامین کرشن چندر پر جلد از جلد ارسال فرمائیں

جرعات۔

آل انڈیا ریڈیو کی نئی لسانی پالیسی

ہمارے ملک میں زبانوں کا مسئلہ جس قدر اہمیت رکھتا ہے لسانی بنیادوں پر یہاں صوبوں کی تقسیم ہوئی ہے اور ہر ایک نے علاقائی زبانوں کو زیادہ سے زیادہ ابھرنے اور پھیلنے کا موقع دیا ہے۔ اردو کو پہلے ہی جو کم و بیش اپنے تحفظ اور ترقی کے لئے کوشاں ہے۔ یہ صورتحال ایسی ہے جس میں جب ملک کی زبان کا مسئلہ بھی کسی حد تک اسی زاویے سے دیکھا جانا چاہیئے۔ حق کہ ہندی زبان جسے ہم نے "راشٹر بھاشا" کا درجہ دیا ہے جب تک پورے ملک کی وہ ایک زبان نہ بنا دیا جائے گا اس وقت تک ہمارا مستقبل بھی اس کی امید پر ہی چھوڑا جاتا ہے۔ ہر چند کہ اس کو ملک بھر کی زبان بنایا گیا ہے اور اسے COMMON LANGUAGE کی حیثیت دی گئی ہے مگر ہندی زبان کو اس حیثیت سے سرکاری زبان تو بنا دیا گیا لیکن بدقسمتی سے ہندی کے بجائے عملی طور پر سنسکرت سے بھاری بنا دیا گیا اور اس حد تک کہ عام فہم غیر ہندی علاقے کے لئے یہ نہ صرف کہ اجنبی ہو گئی بلکہ مشکل بھی۔ ریڈیو کی پالیسی تکنیکی طور پر ضرورت کے مطابق بنائی جاتی تو درست ہوتا کہ ہندوستان کی تمام بڑی زبانوں کے الفاظ سے مالا مال ہو اور کوئی وجہ نہ تھی کہ یہ سرکاری زبان پورے ملک کے لوگوں کی زبان نہ بن جاتی۔ لیکن ہوا اس کے بالکل برعکس۔ ہندی زبان میں سنسکرت کے نہایت بوجھل اور ثقیل الفاظ شامل کر دیئے گئے بلکہ نہایت مشکل علمی زبان کو عوام پر لادا گیا جو نہ صرف غیر مانوس بلکہ عام فہم بھی نہیں۔

علمی، ادبی اور کتابی ہندی قواعد ہی کی پابندی۔ ریڈیو جیسے عوامی ادارے کی زبان کو بھی اتنا مشکل بنا دیا گیا کہ ہندی نہ جاننے والے تو کیا، اس کے جاننے والوں کی سمجھ میں بھی بمشکل آتی ہے۔ سب سے اہم چیز ریڈیو کی خبریں ہیں۔ ہند پاک کی چھ روزہ جنگ کے دوران جب خبریں نشر ہوتی تھیں تو دکان دکان، ہوٹل ہوٹل اور گلی گلی خبریں سننے کے لئے ہندوستانی عوام سیکڑوں کی تعداد میں جمع ہو جاتے تھے۔ لیکن ان میں سے پانچ فیصد بھی ایسے نہ ہوتے تھے جو ان خبروں کو سمجھ لیتے۔ چنانچہ ایک دوسرے سے پوچھتا کہ کیا کہا؟ اگر آج ہندوستان کے تمام صوبوں کے عوام سے پوچھا جائے کہ وہ موجودہ ہندی زبان کو سمجھتے ہیں تو اکثریت نفی میں جواب دے گی۔ پنڈت جواہر لال نہرو کے دور تک بھی ریڈیو کی زبان کسی حد تک عام فہم ہوا کرتی تھی۔ لیکن ان کی موت کے فوراً بعد ہی جس طرح زبان کو بدلا گیا اور دو سال ہی میں اسے ثقیل سنسکرت زدہ بنا دیا گیا وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ اسی دن ہندوستانی عوام کو ریڈیو کی لسانی پالیسی کی سختی کا اندازہ ہو گیا تھا جس دن پنڈت نہرو کے جلوس جنازہ کا آنکھوں دیکھا حال ریڈیو سے بتایا جا رہا تھا۔ اس میں شاید ہی کوئی ایسا جملہ تھا جو آسانی سے سمجھ میں آیا ہو۔ پنڈت نہرو کو ہمیشہ اس کی شکایت رہی کہ وہ موجودہ ہندی کو نہیں سمجھ سکتے۔

کوئی بھی عوامی زبان مشکل بنا کر نہ بولی جاتی ہے اور نہ سمجھی جاتی ہے۔ اسے اس کا عوامی چلن مقبولیت اور محبوبیت عطا کرتا ہے۔ ریڈیو کی خبروں اور اس کے اہم پروگراموں کے لئے تو ایسی ہندی زبان ہونی چاہیئے تھی جسے مدراس والے بھی سمجھ لیتے کیرالا، آسام، بنگال، اڑیسہ، گجرات، پنجاب اور کشمیر والے بھی۔ یہ تسلیم کہ اترپردیش، ہماچل پردیش، راجستھان، مدھیہ پردیش اور بہار میں ہندی زبان جاننے والوں کی اکثریت ہے۔ لیکن ان صوبوں میں بھی بہت کم لوگ ایسے مل جائیں گے جو ٹھیک طرح ریڈیو کی سنسکرت آمیز زبان سمجھ سکتے۔ ہندوستان بھر کے کالجوں اور ہائی اسکولوں میں ہندی لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھائی جاتی ہے اور ہندی زبان پڑھنے والے طلبا بھی نہیں سمجھ سکتے۔ ان پڑھ لوگوں کا تو ذکر ہی کیا۔ ذرا ریڈیو کے کسی پروگرام کو لیجئے۔ آج کی شاعری کے مقابلے میں تیرہ کی عام فہم شاعری کو ہندی جاننے والے سامعین زیادہ سراہتے ہیں۔

ریڈیو سے صرف ایک وقت نشر ہونے والی خبروں سے سرسری طور پر اخذ کئے گئے کچھ الفاظ یہاں پیش کئے جا رہے ہیں۔ الفاظ کی بات الگ رہی خبروں میں جملوں کی ساخت بھی روزمرہ کے بالکل خلاف ہوتی ہے۔ الفاظ اپنے افعال کے ساتھ تال میل نہیں کھاتے۔

سرکشا کی ویوستھا	سفر ان نیتر	گھوشنا کا ادھیوشن	ویوستھا
نرنائے	انشو اسن دیا	آت پالنا سبھا	آپ لبندھ

ششتر ناویوس	رز بھارت	گروں راج	پھر سک
رزرو بینک کے آروپ	اپنا پرمت بنالیا ہے	مکھ نشرون	پرمت ساہس
مرکشت میں	کیمشن	پری ڈرام	اشیشنل سماچار
سنشودھن	آنترگت	لی ٹیکٹ	یخت کیا ہے
گھوشت کردیا	نمن تلون	پرستاوت	بھن بھین
ناتیتا پردان کردی	سزواچت	سنپرک	

خبریں ایسی چیزیں ہیں جن میں ہر روز حالات و واقعات نئے نئے آتے ہیں اور اسی اعتبار سے خبروں کو الفاظ کا روپ دینے والے ریڈیو کے لوگ نئے نئے الفاظ استعمال کرتے ہیں، خواہ وہ موزوں ہوں یا نہ ہوں۔ زبان کے حسن، اس کے عوامی مزاج اور چلن کا مطلق خیال نہیں رکھا جاتا۔ قوم و ملک کا یہ کتنا بڑا نقصان ہے کہ ہندوستان کے کروڑوں عوام ان خبروں کو نہیں سمجھ سکتے جنہیں سمجھنے کے لئے وہ روزانہ بے چین رہتے ہیں۔ خبروں میں تو ایسے الفاظ ہونے چاہئیں جو زبان سے بہ آسانی ادا ہو سکیں، یہ مختصر ہوں تاکہ کم وقت میں اور ان کے استعمال سے جملہ بگڑے نہیں۔ ریڈیو سے عام طور پر جو الفاظ بولے جاتے ہیں وہ لمبے اور دیر میں زبان سے ادا ہوتے ہیں، اسی لئے خبریں کم سمجھنے میں آتی ہیں۔ خبریں نشر کرنے والے سرکاری ملازمین کبھی کبھی ان الفاظ کی ادائیگی میں گڑبڑا جاتے ہیں۔ ان کے لہجہ میں ایک بناوٹ پائی جاتی ہے۔ تکلف اور تصنع کا احساس ہوتا ہے۔ روانی اور شیرینی نہیں رہ سکتی۔

ایسے ہزاروں آسان الفاظ موجود ہیں جو ہندی زبان کا اصل سرمایہ ہیں۔ ان ہی سے ریڈیو کی خبروں اور دوسرے پروگراموں کو مرتب کرنا چاہئے۔ "مفاہمات" نہ عربی ہے، نہ فارسی، نہ انگریزی۔ لیکن اس عام بول چال کے لفظ کو چھوڑ کر ریڈیو کے اناؤنسر صاحب بہت بن ٹھن کر کہتے ہیں "اس سمے راتری کے ٹھیک ساڑھے آٹھ بجے ہیں"۔ ہم یہ پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ کئی سو سال سے اس ملک میں ہندی جانے اور جانے والے دن اور رات بولتے آئے ہیں۔ رات کو راتری بنا دینے میں کیا حسن ہے؟ یہ ہندی زبان کے ساتھ کتنا بڑا ظلم ہے۔ کہ اسے عوامی ہندی الفاظ سے محروم کر دیا گیا ہے۔ ہندی زبان کا وہ رس اور لوچ جو کبیر اور تلسی کے یہاں ہے، بچن کی کویتا میں پایا جاتا ہے۔ وہ آل انڈیا ریڈیو کی زبان بن کر نہایت کرخت ہو جاتا ہے۔ یہ ہندی زبان کے حسن کو سخت نقصان پہنچانا ہے۔ اس کی مقبولیت کو ختم کرنا اور غیر ہندی داں صوبوں کو پریشان کرنا ہے۔ بہتر یہ ہوگا کہ ریڈیو کے حکام اور دوسرے ذمہ دار سرکاری لوگ اس زبان کو ہندی زبان کا نام دیتے ہوئے یوں کہا کریں کہ "اب سنسکرت بھاشا میں سماچار پرساریت ہوں گے۔" کچھ لوگ اگر یہ سوال کریں تو بیجا نہ ہوگا کہ "ہندی زبان اگر اسی کا نام ہے جس میں خبریں نشر کی جاتی ہیں تو "سنسکرت" کسے کہیں گے؟ ریڈیو پر اب تک جو لسانی پالیسی برتی گئی ہے کیا وہ جمہوری اصولوں کے مطابق ہے؟

خوشی کی بات ہے کہ محکمہ نشریات و اطلاعات کے وزیر شری راج بہادر نے لوک سبھا کے ممبروں کو یقین دلایا کہ ہندی زبان کے خبرناموں کو آسان بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عام فہم الفاظ کا ایک وسیع خزانہ موجود ہے جسے بہ آسانی لیا جا سکتا ہے۔ زبان کی روح اور اس کے کردار کو خیال رکھنے کے سلسلے میں وزیر موصوف نے نہایت اچھے خیالات کا اظہار کیا۔ ہمیں امید ہے کہ وزیر نشریات و اطلاعات اپنے ان خیالات کو عملی جامہ پہنائیں گے اور سابقہ وزراء کی طرح کلام کی سنسکرت نوازوں کی باتوں میں نہیں آئیں گے۔ آل انڈیا ریڈیو کی زبان زیادہ سے زیادہ خوبصورت، آسان اور عام فہم ہو جائے گی۔ اگر ایسا ہو گیا تو ہندی زبان سے عام طور پر ہر صوبے کے کروڑوں عوام محبت کرنے لگیں گے۔

صدیقی

۱۳ مارچ ۱۹۷۳ء

شکریۂ تعزیت

میری والدۂ ماجدہ (بیگم علامہ سیماب اکبرآبادیؒ) کی وفات پر ہندستان اور پاکستان کے جن عزیزوں، دوستوں، بزرگوں اور معنوی بھائیوں نے اظہارِ ہمدردی فرمایا، تعزیتی جلسے منعقد کئے، خطوط اور تار بھیجے، میں اور میرے تینوں برادران عزیز (مقیم کراچی)، ان کے شکرگزار ہیں۔ چونکہ مادرِ ادب کے سانحۂ وفات پر کئی سو خطوط آئے ہیں، اس لئے فرداً فرداً سب کا شکریہ ادا کرنا میرے لئے بہت مشکل ہے۔ میرے درد و غم کو میرے مخلصین نے جس شدت سے محسوس کیا اور اس میں جس طرح حصہ گیر ہوئے، اس کا میرے دل پر گہرا اثر ہے۔ میں "شاعر" کے ذریعہ ان تمام ہمدردوں تک اپنے جذباتِ تشکر پہنچا دینا ضروری سمجھتا ہوں۔

حادثات اور سانحات کا زندگی سے گہرا تعلق ہے۔ لیکن ان کی نوعیتیں مختلف ہوا کرتی ہیں، اور اسی اعتبار سے وہ اپنا تاثر چھوڑتے ہیں۔ کبھی کبھی حادثات و واقعات کی کڑیاں حیرت ناک طور پر کچھ اس طرح جڑ جاتی ہیں کہ انہیں فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ عجیب بات ہے کہ "شاعر" کا اجرا فروری ۱۹۳۰ء میں ہوا تھا۔ اس کی اشاعت کے اکیسویں سال میں ۳۱ جنوری ۱۹۵۱ء کو والد محترم علامہ سیماب اکبرآبادی نے انتقال فرمایا۔ ان کی وفات کے اکیسویں دن ۲۰ فروری ۱۹۵۱ء کو مجھے ترکِ وطن پر مجبور ہونا پڑا۔ اور میں ۲۱ فروری کو بمبئی پہنچا ـــــ اور اب ۲۱ فروری (۱۹۶۶ء) ہی کو والدۂ محترمہ نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا ـــــ !!

(اعجاز صدیقی)

تحقیق:- مناظر عاشق ہرگانوی

نثر سیماب

(خوبصورت بلا عرف آئینہ)

"ناول، انگریزی زبان کا لفظ ہے۔ جس کے لفظی معنی عجیب اور انوکھی چیز کے ہیں۔ لیکن اصطلاحاً داستان کی ایک خاص صنف ہے جس کی بنیاد حقائق اور فطرت پر ہوتی ہے۔ ذات انسانی اس کا خاص موضوع ہوتا ہے۔ انسان کے افعال، خیالات، اخلاق اور عادات سے اس کا تعلق ہے۔ معاشرتی زندگی کے واقعات، انسان کی فطرت، اس کی تلون مزاجی، خوف، احساسات، جوش، جذبات غرض یہ سب ناول کے موضوع ہیں۔

اردو زبان و ادب میں لفظ ناول اب نیا نہیں ہے۔ سینکڑوں ناول نویس پیدا ہوئے اور ہزاروں ناول لکھے گئے اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ اردو زبان و ادب کے محسنین میں شیخ عاشق حسین سیماب اکبرآبادی مرحوم بھی ہیں۔ اردو کا ہر پڑھا لکھا جانتا ہے کہ شاعری علامہ سیماب کا فطری ذوق اور خاندانی میراث ہے اور ان کا شمار اردو شاعری کے عظیم اساتذہ میں ہوتا ہے۔ لیکن یہ بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ علامہ سیماب مرحوم ایک مسلم الثبوت شاعر ہی نہیں ہیں بلکہ انہوں نے نثر کی ہر صنف پر لکھا ہے اور خوب اور بہت لکھا ہے[1] ——— ان میں ناول بھی ہیں۔

میرے پیش نظر علامہ مرحوم کا ایک ناول "خوبصورت بلا عرف آئینہ"[2] ہے۔ ساڑھے اٹھتر (؟) ادب پر مشتمل اس ناول کو مکتبہ لال کشن داس تاجران کتب جوہری بازار آگرہ نے بال کشن پریس آگرہ سے شائع کیا تھا جس کی قیمت ۸ آنہ ہے۔ یہ ناول حسن و عشق کی جیتی جاگتی تصویر ہے، رشک و رقابت کا نوحہ ہے۔ وصل و ہجر کا البم ہے۔ زبان و محاورات کا خزانہ ہے۔ دلکش مضامین کا مجموعہ اور اسرار فطرت کا آئینہ ہے۔ جس میں عورت، خیال، مسمریزم اور ہمزاد کے فرق کو بتایا گیا ہے۔ انسان کے پیچیدہ اور اہم ترین مسائل پر دلچسپ اور موثر بحث کی گئی ہے ——— زبان نہایت صاف، سادہ، رواں اور دلپذیر ہے۔ جزئیات میں بے تکلفی اور بے ساختہ پن ہے۔ تشبیہ و استعارے سے بھی دلکشی پیدا کی گئی ہے۔ متانت اور سنجیدگی کا سر رشتہ ہاتھ سے کہیں نہیں چھوٹا ہے۔ پلاٹ اور کردار نگاری میں بھی یہ ناول کامیاب ہے۔ لیکن اس میں خامیاں بھی ہیں۔ اور جن کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے۔ یہ ناول جس وقت علامہ مرحوم نے لکھا تھا اس وقت ناول نگاری اتنی عام اور مقبول نہیں ہوئی تھی جتنی آج ہے۔ اور یہ بیس برس قبل کی بات ہے۔ مثلاً ڈپٹی نذیر احمد (۱۸۳۰ء — ۱۹۱۲ء) رتن ناتھ سرشار (۱۸۴۶ء — ۱۹۰۲ء) منشی سجاد حسین (۱۸۵۶ء — ۱۹۱۵ء) عبدالحلیم شرر (۱۸۶۰ء — ۱۹۲۶ء) مرزا ہادی رسوا (۱۸۵۸ء — ۱۹۳۱ء) کے ناولوں میں بھی بہت ساری خامیاں موجود ہیں۔

---

[1] اگر علامہ سیماب کی مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتابوں کی فہرست دیکھنی ہو تو ملاحظہ فرمائیے ماہنامہ شاعر بمبئی کا شمارہ نومبر ۱۹۶۱ء ——— صفحہ ۱۹ تا ۲۵ (م۔ ح۔ ہ)

[2] علامہ [illegible] منظوم [illegible] خوبصورت بلا عرف آئینہ [illegible] شاعر نمبر ۲۵ صفحہ ۱۲ (م۔ ح۔ ہ)

شاہکار

خوبصورت بنا دینے والا آئینہ ... ایک چودہ سالہ لڑکی محسنہ ... [illegible]

... [illegible] ... آئینہ دیکھنے کا شوق ... [illegible]

... [illegible] ...

... [illegible] ...

... شبانہ ... [illegible]

محسن ایک ... لڑکا ہے ... [illegible] ... محسنہ کا ... [illegible]

محسنہ کا ... [illegible] ... ہے۔

محسنہ ... [illegible] ... اس کی ... خواہش ہے کہ محسنہ اس کی ... [illegible]

... محسنہ کی بیماری کی وجہ ... [illegible] ... ہے۔

محسنہ کے آئینہ دیکھنے کے مرض ... [illegible] ... سے ... [illegible]

... ایک عالم فاضل مولوی ... کے پاس ... [illegible]

... اس کام کے لئے ... [illegible]

... [illegible] ... پریشان ہو جائے گا ... [illegible]

... ایک اشتہار شائع کر کے ... چسپاں کرا دیا ...

میری ایک چودہ سالہ لڑکی جس کا نام محسنہ ہے ... ایک ایسی حالت میں ہے ... [illegible]

... ایک خوبصورت ... آئینہ ... [illegible]

... [illegible] ...

... [illegible] ... اس کی ... [illegible]

... اشتہار ... اعلان کرتا ہوں کہ جو شخص ... محسنہ کو ایسی خوبصورت بنا دے ... [illegible]

... [illegible] ... محسنہ کی شادی اس کے ساتھ کر دوں گا ... [illegible]

... [illegible] ... محسنہ کو ٹھیک کر دے گی ... [illegible]

... [illegible] ... محسنہ کے کمرے میں ... [illegible] ... آئینہ ... [illegible]

... [illegible] ... آئینے کے ... محسنہ کے خیالات ... [illegible]

... [illegible] ...

... [illegible] ... آئینہ ... [illegible]

... [illegible] ...

... [illegible] ... محسنہ ... [illegible]

... [illegible] ...

... [illegible] ... آئینہ ... [illegible]

صفحہ ۱۲ ... [illegible]

صفحہ ۳۲ ... [illegible]

صفحہ ۴۰ ... [illegible]

نذر پیش ہونے لگتی ہے۔

اور جب محسنہ بالکل ٹھیک ہو گئی تو جمعہ کے دن سب جمع ہوئے اور اُس بھنور پوش نے شہباز قلندر سے مخاطب ہو کر کہا۔ مجھے اس وقت کہنا ہے کہ رو کر مجبور بے جا آپ کی لڑکی کے سر پر سوار تھی محض قوت خیال سے تبدیل کیا جا سکتی ہے۔ ورنہ حقیقتاً کوئی اسرار وغیرہ ایسے نہ کسی عامل کامل کا جادو اور منتر چل سکا اگر آپ یہ نہ سمجھتے تو توہمات میں مبتلا رہتے تو اپنی ہونہار صاحبزادی کو اس طرح جانے دیتے … بات نہیں ہو سکتے تھے۔ مگر خدا کی قدرت ہے کہ آپ کے دماغ میں اجتہاد کا مادہ پیدا ہوا۔ جس کی دو دن میں کیا تھا تمام زمانہ دے گا اور وسعہ ہے۔ قوت خیال سے ہزاروں مرض پیدا ہو جاتے ہیں اور اسی سے لاکھوں بیماریاں دفع ہو جاتی ہیں۔ اگر انسان اس سے مناسب طریقہ پر عمل کیا و سیکڑوں فائدے اس سے اٹھائے۔ یورپ کے مشاہیر جن کی اختراعات و ایجاد پر آپ لوگ ہزار جان سے نثار ہیں۔ اسی قوت خیال کے ذریعہ ترقیاں حاصل کر رہے ہیں اور نئی نئی ایجادیں آئے دن کرتے جاتے ہیں۔ براعظم ایشیا کے تمام حصص اس حال دریافت نوں سے اب تک متاثر ہیں جو قوت خیال کو کام میں لا کر شاہراہ ترقی پر … خیال کرتے ہیں۔ جوش پیدا ہوتا ہے۔ مگر اُس جوش اور خیال کو تقویت حاصل نہیں ہوتی۔ اور ان کے منصوبے ادھورے اور ارادے ناکام رہ جاتے ہیں۔ اگر وہ اپنے خیالات کو قوت دیں تو وہ بھی اہل یورپ کی طرح ترقی تجدید کے موجب بن جائیں۔ اور اپنے ملک میں امتیازی درجہ حاصل کر لیں۔ رہا یہ سوال کہ خیالات کو قوت کیونکر دی جائے۔ اس کا سبق محسنہ کی سوانح سے لیجئے۔ دیکھئے آئینہ کون نہیں دیکھتا مگر کسی کو آج تک اُس سے یہ سبق حاصل نہیں ہوسکتا۔ بات یہ ہے کہ محسنہ نے آئینہ دیکھا اپنے عکس میں کوئی خاص بات معلوم ہوئی۔ مکرر پھر دیکھا۔ وہی دلکشی میں ترقی پر ہو گیا اور اس نے اپنا آئینہ دیکھنے پر مجبور کیا حتیٰ کہ آئینہ دیکھنا اس کی عادت ثانی ہو گیا اور نوبت بایں جا رسید کہ اُس کے خیالات تقویت حاصل کر گئے اور آپ لوگوں نے جنون اور وحشت کا حکم لگا دیا۔

… کہہ سکتے ہیں کہ آئینہ دیکھنا جنون ہے۔ ہرگز نہیں۔ سبب یہ ہے کہ محسنہ کو … تصور کیا ہے اسے جنون اور وحشی کا خطاب دیا گیا ــــــ

حضرات یہ سب قوت خیال کے کرشمے ہیں۔ اسی طرح انسان اگر اپنے نیک خیالات کو طاقت دیتا چلا جائے تو وہ دنیا میں … کیسا ہی ہو نیک بخت اور نیک معاش ہو جائے گا۔ اگر ایک … اپنی بنارت میں اپنے خیالات کو ترقی دے گا اور ان کو قوت حاصل ہو گی تو بادشاہ ایک دن خاص پہلو لئے ہوئے نکلے گی۔

اگر کسی قوم میں سے کوئی شخص اپنی قوم کی بہبودی کے ذرائع پر اپنے خیالات کو مرکوز کر دیں گے تو ایک دن ایسا آئے گا کہ وہ قوم مجتہد کہے جانے کا مستحق ہو جائیگا اور اُس کے اجتہاد پر لوگ فخر کریں گے۔ ؎

لوگ حیران تھے۔ ایک معمولی لڑکی … اور ابا … مگر ان کی حیرانی اور خوشی کی اس وقت انتہا نہ رہی جب کہ شہباز قلندر … کی اہلیہ اور یقین کہ محسنہ کسی فقیر کے ہاتھوں بیاہی جائے گی اور محسنہ سے شادی کر … دیرینہ آرزو پوری نہ ہو گی کیونکہ بھنور پوش کے اصرار اور گذارش شہباز قلندر نے وعدہ کر لیا تھا کہ محسنہ کے ساتھ بھنور پوش بیاہ ہو گی خواہ وہ قوم سے کوئی ہو۔ ذات اُس کی کچھ بھی ہو اور اعتراض نہ کریں گے۔

جب بھنور پوش نے … گذارش کی کہ اب التماس یہ ہے کہ اپنی محسنہ کو مجھے دے دیجئے یعنی میری زوجیت میں دے دیجئے۔ ؎ تو لوگوں کے تعجب پر … اور نہ … نور آ … اتار دئیے۔ اور لوگ یہ دیکھ کر دنگ رہ گئے کہ وہ کوئی اور … بلکہ محسن

؎ دل کا … ہو جاتا ہے … کے بعد … عجیب عجیب خیالات اور وہموں میں مبتلا ہو جاتا اور فطری طور پر کیونکہ انسان کے … قدرت کی طرف سے … محسنہ اور محسن … پیدا ہوتی ہے اور جب … انکی … لیکن جب نقاب الٹتا ہے تو … آپ … ہوتا ہے تو …

ش مسلسل ۵۵ - م۔ ا۔ ۵

ت صفحہ ۵۶ - م۔ ا۔ ۵

اپنا بیان کر رہا ہے۔ خوبصورت صفائی آئینہ کو بڑی صنعت سے راقم نے عجیب عجیب خیالات و جذبات میں استعمال کیا ہے، کوشش کے باوجود بھی دوران مطالعہ یہ شعر سنا کہ کرشن اور محبت کا ملاپ کیونکر ہو سکتا ہے۔ پر جب یہ ناول قریب الختم ہو گیا، راقم کے ذہن پر بھی ایک گرہ سی پڑ گئی اور دونوں کرداروں کے لئے ہمدردی کا جذبہ پیدا ہو گیا لیکن جب یہ قصہ کی اصلیت ظاہر ہوئی تو بے ساختہ چہرے پہ مسکراہٹ پھیل گئی ۔

ناول خوبصورت باتصویر آئینہ کے صفحہ ایک پر انعام جناب اہل مطبع کی طرف سے یہ اعلان درج ہے:۔

”ہم ناول ہذا کے مصنف کی اس محنت اور تصنیف اور اس جانفشانی کی داد دیتے ہیں جو اس ناول کے تیار کرنے میں ان کو پیش آئی ہوگی کیونکہ اس ناول میں یہ لطف ہے کہ جس قدر اشعار اس میں تحریر ہیں وہ سب آئینہ پر ہیں جو حسب موقع چسپاں کئے گئے ہیں اور گلزار داغ اور آفتاب داغ سے اس طرح انتخاب کئے گئے ہیں کہ آئینہ سے متعلق کوئی بھی شعر مرقومہ بالا تصانیف میں باقی نہیں رہا ہے۔ اور اسی وجہ سے ہم نے یہ انعام مقرر کیا ہے کہ جو صاحب گلزار داغ اور آفتاب داغ سے آئینہ کے متعلق کوئی ایسا شعر نکال کر دکھا دیں جو اس ناول میں درج نہ ہو تو ناول ہذا ایک عدد ان کو بطور انعام مفت دی جائے گی۔

مینیجر الکشن پرنٹنگ پریس جوہری بازار آگرہ۔“

صفحہ ۲ پر ڈیڈیکیشن کی سرخی کے تحت علامہ سیماب نے اس ناول کا انتساب کیا ہے ”۔۔۔۔۔۔ میں اس آئینہ کو مظہر قدر دانی و لغزش ... افزائی نہایت ادب اور امید کے ساتھ عالی جناب مستطاب بھائی محمد اسمٰعیل خاں صاحب رئیس ... دام فیضہٗ و زاد اقبالہٗ کے نام نامی اور اسم گرامی پر معنون کرکے ۔۔۔۔۔“

صفحہ ۳ پر علامہ سیماب کے قلم سے ”تمہید“ درج ہے۔

عارض روشن کے پرتو سے غضب کیا ایک دن
گر چمک کر آئینہ اقبال اسکندر بنے

”اے آئینہ کے دیکھنے والو تم نے ناول تو بہت سے دیکھے ہوں گے مگر یہ ناول اپنی طرز کا نرالا انوکھا ناول ہے۔ سب سے پہلے اس میں لطف زبان ملاحظہ فرمائیے، پھر واقعات کی داد دیجئے۔ اس کے بعد جو خصوصیت قابل داد دید ہے، وہ یہ ہے کہ اس ناول میں کوئی شعر ایسا نہیں جس میں لفظ ”آئینہ“ نہ آیا ہو۔ ماسوا اس کے فصیح الملک حضرت داغ دہلوی مرحوم کی دونوں گلزار داغ اور آفتاب داغ میں جتنے اشعار متعلق آئینہ آئے ہیں یا یوں کہئے کہ دونوں دیوانوں کے جن اشعار میں لفظ ”آئینہ“ آیا ہے وہ تمام و کمال حرفاً حرفاً اس میں درج ہیں۔ اس خصوصیت کے ساتھ ان اشعار کو با موقع خوبصورتی کے ساتھ لانے میں جو جد و جہد مجھے کرنا پڑی ہے وہ میرا دل ہی خوب جانتا ہے۔ اگر پبلک نے اس کی داد دی تو زہے قسمت ورنہ نہ گلہ نہ شکایت“

آگرہ ۲۲ر نومبر سنہ ۱۹۰۹ء

ابوالعلا سیماب صدیقی
عاشق اکبرآبادی عفی عنہ

اس ناول میں کل ۷۷ اشعار ہیں۔ ان میں ایک شعر میں علامہ سیماب کا تخلص ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس میں صرف داغ مرحوم کے اشعار ہی نہیں ہیں بلکہ علامہ سیماب نے اپنے اشعار بھی شامل کئے ہیں ۔۔۔ وہ شعر یہ ہے :

میں ہی اے سیماب آئینہ کو دیتا ہوں جلا
میرے ہی دم سے یہ سب جلوہ گری شیشہ میں ہے

اس ناول میں مسمریزم، قوت خیال اور جبر و قدر پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور ان کے نفع کو بتایا گیا ہے۔ یہ بیت کافی معلوماتی ہے فی زمانہ علم مسمریزم کو کچھ ایسی ترقی حاصل ہوئی ہے کہ ہندی پیاس علم دوست احباب اس فن کے گرویدہ نظر آتے ہیں۔ اگر مسمریزم کی تعریف مختصر الفاظ میں کی جائے تو اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ فن مسمریزم قوت خیال کا ایک کامیاب نتیجہ ہے۔ قوت خیال ایسی

بڑی قصہ ہے جس کے جواب میں مجھ کو ان امور سے اہم ہے۔ الہام، معجزات، کشف و کرامات ایسے ہیں جن کا عقیدہ ہمیں لازم ہے اور یہ قوت خیال
کا کرشمہ ہیں [illegible] ہے۔ نذر، نیاز، گنڈہ، تعویذ، بھوت، پلید اور دنیا بھر کے جھگڑے جھیڑے سب یہ قوت خیال پر مبنی ہیں۔ سب کی بنیاد
یہ قوت خیال ہے۔ قوت خیال سے جو کام نکلتا ہے وہ کسی اور دوسرے ذریعے سے نہیں نکل سکتا۔ قوت خیال [illegible] مذہب مقوم ہندوستان
گرو، پیر، دیو سب میں موجود ہے اور یہی وجہ ہے کہ جو فائدہ اہل اسلام [illegible] سے اٹھاتے ہیں وہ بالکل ایک ہندو اشلوک پڑھ کر
حاصل کر لیتا ہے کہ جو فائدہ تبرکات ایک مسلمان شخص مزار درگاہ اور متبرک مقامات پر جانے سے اٹھاتا ہے وہ ہندو تیرتھ [illegible] مندروں سے
نکالتا ہے۔ خواجہ صاحب کی نیاز و فاتحہ سے اگر ضعیفی کا پاس مرادیں پوری ہوتی ہیں تو [illegible] کا کیا کرے [illegible] ضعیفی
بیتی خوب پوری ہو جاتی ہیں ـــــ ..... آگ بہت آگ کا جو وجود ہم کو اس سے [illegible] ملتے ہیں [illegible] آنکھ بہت
سرد [illegible] کو تحقیق کیجئے کہ اس سے عرض حال کی تقویت معدوم چیزوں کی بجائے خود ہی پوری ہوتی ہے یہ سب قوت خیال کے اعلیٰ ترین نتائج
ہیں۔ خیال کی تقویت معدوم چیزوں کو موجود کر کے دکھا سکتی ہے اندھیری رات میں جبکہ ہر طرف سناٹا چھایا ہوا ہو اور [illegible] کوئی آواز نہ
سنائی دیتی ہو، کسی لق و دق میدان یا کسی دشوار گذار گھاٹی کے دامنوں پر نظر کیجئے، معلوم ہو گا کہ کوئی ڈراؤنی چیز سامنے موجود ہے اب اپنے
خیالات کو یوں جمائیے کہ یہ کوئی آ رہا ہے جتنے مجھے وہ ہی خیال درحقیقت [illegible] حاصل ہے اگر رفتہ رفتہ تقویت حاصل کر جائے گا (آپ) اس
ہیولے کو مجسم بنا کر آپ کے سامنے کھڑا کر دے گا اور آپ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے کہ واقعی کوئی بھوت [illegible] ہے اس کی آنکھیں، کان، ناک،
ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا آپ کی قوت خیال پر موقوف ہیں سب ظاہر ہو جائیں گے اور آپ پر غشی طاری ہو جائے گی۔ غرض قوت خیال
ایک عجیب مظہر العجائب قوت ہے اور مسمریزم کو بھی اسی قوت سے ہر قسم کی طاقت حاصل ہے۔ بعض عامل جو مسمریزم کے طریقوں سے کسی قدر واقف ہیں
اپنے معمولی مطلب سے فرمایا کرتے ہیں کہ ہمارے تابع ہمزاد ہے۔ یہ بات بالکل لغو ہے۔ ہمزاد کا تابع کرنا بڑی ٹیڑھی کھیر ہے ....

.... نے ہمزاد کے معنی ہیں [illegible] جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور جب تک اس کی عمر [illegible] ہو جاتی ہر
وقت [illegible] رہتا ہے اور ہر جگہ پر وہ ہر مذہب و قوم میں ایک خودی رسم ہے کہ [illegible] ہو جاتا ہے۔ ہمزاد
شکل و شمائل، عادات و خصائل میں اپنے ہمزاد انسان سے بالکل مشابہ ہوتا ہے اور علم و کمال میں ہر طرح بہرہ مند۔ اگر انسان جاہل ہے تو ضروری
نہیں کہ اس کا ہمزاد بھی جاہل ہو۔ مگر انسان فاضل ہے تو ہمزاد عالم ہو گا۔ ہمزادوں میں قومیں بنی نوع انسان کی طرح قائم ہیں جو ہمزاد مسلمان
ہیں وہ شیعہ سنی [illegible] کی قیود سے آزاد نہیں جو ہندو ہیں وہ برہمن، کھتری، شودر، ویش وغیرہ اقوام [illegible] عیسائیوں کے
ہمزاد عیسائی، موسیوں کے موسی، نصرانیوں کے نصرانی، ہندوؤں کے ہندو، مسلمانوں کے مسلمان غرضکہ جس قوم اور مذہب کے انسان [illegible]
ہے اسی طرح [illegible] ہمزاد بھی مخلوق ہے۔ آپ نے سنا ہے کہ فلاں عورت اور فلاں مرد کے سر فلاں [illegible] آتا ہے [illegible] کیا
ہے یہ [illegible] ہمزاد [illegible] کوئی بلا ہے [illegible] ... مگر ہاں اس بات کے ماننے میں کسی قسم کا تامل نہیں ہو سکتا کہ مسمریزم اور قوت خیال لازم
ملزوم ہیں۔ قوت خیال کے متعلق اکثر علمائے [illegible] بہت کچھ تحریر کر چکے ہیں اور اسی لئے کہا جاتا ہے کہ قوت خیال [illegible] باعتبار
حکمت بھی [illegible] ہے ... حکیم [illegible] نے قوت خیال پر ایک بسیط اور مدلل بحث کی ہے، جس کا مجمل خلاصہ یہ ہے کہ "قوت خیال اور قوت
[illegible] جسم انسان میں بادشاہ ہیں اور باقی تمام طاقتیں ان کی محتاج۔ اگر یہ طاقتیں انسان کو [illegible] تو انسان
انسان دکھاتا [illegible] کیونکہ حیوان [illegible] لیلیٰ کی فصد لگی تو مجنوں کے ہاتھ سے خون جاری ہو گیا۔ اگر یہ سچ ہے تو وہ بھی قوت
خیال کا کرشمہ ہے۔ [illegible] گزشتہ [illegible] جہاں نثار کر [illegible] مگر یہ
[illegible] دنیا میں [illegible] نہیں [illegible] تو یہ بھی قوت خیال کے ادنیٰ نمونے ہیں ۵

[illegible] سیماب کی [illegible] حیات [illegible] سیماب [illegible] کی کتاب حیات [illegible] معلوم
[illegible] لکھا ہے۔

۵ [illegible] نمبر ۲۶۵ صفحہ ۱۷ [illegible]

منور لکھنوی

غزل

ہمت ہار کے بیٹھ نہ جائے پستیِ دل کا کام بہت ہے
کیسے بار اٹھے گا اس کا تحتِ غمِ ایام بہت ہے

کلفت ہی آغاز سے مجھ کو اندوہِ انجام بہت ہے
صبح سے میں مایوس بہت تھا تیرہ مری شام بہت ہے

شمعِ سحر کی صورت بجھتے بجھتے لو دے اٹھتا ہے
اپنی پختہ کاری پر بھی شوق کا جذبہ خام بہت ہے

کیا الزام کسی کو دینا ہم نے تو جس کو بھی دیکھا
خود اپنی ہی کم ظرفی سے مقصد میں ناکام بہت ہے

چھٹتا ہے کب دیکھئے پیچھا انساں کا اس دورنگی سے
شام و سحر کے پھیر میں پڑ کر بیزار ایام بہت ہے

دل کے آسودہ کرنے کو کیا یہ زیادہ حد سے پینا
رنج میں سبو کی سمت [illegible] کام بہت ہے

کچھ تو لینا چاہئے آخر جائزہ دونوں کے ابعاد کا
گرمی میرے شوق میں بیحد سرد ترا پیغام بہت ہے

ہر دم دھڑکا یہ رہتا ہے بوجھ سے دب کر بیٹھ نہ جاؤں
اک مدت ہی سے میرے سر پر بارِ غمِ آلام بہت ہے

بگڑے کام کے بن جانے کی کوئی شکل نکل ہی آئے
رکھ لے جو صد عزت اپنی خوار دلِ ناکام بہت ہے

دے نہ زیادہ طولِ امل تو اپنے شوقِ پامالی کو
روندنے والے تیرے لئے تو سبزۂ زیرِ گام بہت ہے

کہہ دے بادِ صبا سے کوئی فرش بچھائے کیوں پھولوں کا
کانٹوں کے بستر پہ مجھ کو راحت ہی آرام بہت ہے

عشق کے بازو پھیلے پھیلے ہاتھ ہوس کے سمٹے سمٹے
عشق کی راہ میں کیا گنجائش تنگ ہوس کا دام بہت ہے

پھر بھی اکثر کم بینوں کو تجھ سے بیگانہ ہی پایا
مان لیا ہم نے یہ منور ملک میں تیرا نام بہت ہے

(افسانہ)

اکرام جاوید

قیدی نقطہ

پارس بلڈنگ کی دوسری منزل پر جمیلی کے خوبصورت ڈرائنگ روم میں وہ تینوں سرِ شام ہی پہنچ گئے تھے۔ وہ بہت خوش تھے کہ معروف شینی زندگی میں مدتوں بعد انہیں ایک رات مل گئی تھی جسے وہ اپنے طور پر گزار سکتے تھے۔ دراز قد اور چھریرے بدن کا سلونا جمیلی ایک نازک مزاج اور نفاست پسند انسان تھا۔ اس کے کتابی چہرے پر بچوں جیسی معصومیت تھی اور بوڑھوں جیسی سنجیدگی بھی۔ بڑی بڑی آنکھوں، ابنی پتلی ناک کی نوک اور پتلے پتلے ہونٹ کی ساخت سے لے کر سر کے سیاہ ریشمی بالوں کی تراش تک ہر شے سے اُس کے شاعرانہ مزاج کا پتہ چلتا تھا۔ وہ ایک مقامی کالج میں فلسفہ کا لیکچرار تھا اور اپنی خوبصورت شاعری اور مہذب دل و دماغ کی بدولت دوستوں کے نزدیک بہت معتبر تھا۔ اُسے اپنی جوان مرگ بیوی سے بے پناہ محبت تھی۔ اور ازدواجی زندگی کے وہ دو تین پیار بھرے برسوں کی یادیں اُس کی زندگی کا سہارا تھیں۔ بیوی کے مرنے کے بعد اُس نے دوسری شادی نہیں کی تھی اور دل میں سوز و گداز کی دبی دبی [illegible] چنگاریاں سی آگ میں اندر ہی اندر سلگتی ہوئی محسوس ہوتی تھیں۔ اسی طرح سنجیدہ تھا جیسے اُسے کوئی غم ہی نہ ہو۔ اشفاق جب بھی اُسے دیکھتا یا اُس کے بارے میں سوچتا تو اُس کی نگاہوں کے آگے سنگین درخت ابھر آتا۔ ہرا بھرا، سرسبز و شاداب سنگین سا درخت، اپنی شاخوں اور پتوں میں سرخ پھولوں کی آگ کو چھپائے ہوئے۔ سرخ پھولوں کی آگ جو کسی موسم میں بھی نہیں بھڑکتی ۔۔۔ اور جب تک وہ شاخوں اور پتوں پر نمودار نہیں ہوتی کوئی آنکھ اُسے نہیں دیکھ سکتی ۔۔۔ تو ایسا تھا جمیلی ۔۔۔ تیس پینتیس برس کا دل جلا ۔۔۔ مشہور شاعر جو پارس بلڈنگ کی دوسری منزل پر تنہا رہتا تھا ۔۔۔!

اشفاق ایک مشہور افسانہ نگار تھا۔ گہرے گندمی رنگ کا دبلا پتلا اور پُرکشش نوجوان ۔ جس نے اپنی عمر کے تیس سال غمِ جاناں اور غمِ دوراں سے کشمکش کرتے ہوئے گزارے تھے۔ اور کئی ایک کامیاب افسانوی مجموعے چھپ چکے تھے۔ اور آخر میں ایک سیدھی سادی دیہاتی لڑکی سے شادی کر لی تھی جو کسی بھی طرح کوئی غیر معمولی لڑکی نہیں تھی۔ وہ ایک کامیاب [illegible] اچھے منصب پر فائز تھا۔ اور کامیاب زندگی گزار رہا تھا [illegible] تو وہ افسانے لکھ کر خوش اور پُرسکون ہونے کی سعی کرتا تھا۔ یہی خوشی ان دنوں کیسے ملتی ہے جو اُسے ملتی تھی۔ پھر بھی ایک آس تھی، امید کا ایک چراغ روشن تھا۔ [illegible] کے باوجود، زخمی اور شکستہ ہونے کے باوجود، سینے میں ابھی دل سلامت تھا جو اب بھی اُسے خواب دیکھنے پر مجبور کئے ہوئے تھا۔ خواب جو محبت اور زندگی کے خواب [illegible] مسرت اور آسودگی کے خواب

فوزی کی [illegible] ۔۔۔ اور وہ اپنی [illegible] سیاہ چمکیلی [illegible] والا [illegible] افسانہ نگار [illegible] افسانہ نگار بھی ۔۔۔ [illegible] ملا ہوا تھا۔ وہ سب کچھ [illegible] اُس کی زندگی [illegible] آدمی [illegible] اور قلب و نظر کے [illegible] سے [illegible]۔ اس دنیا میں [illegible] بہت سے مزید [illegible] لیکن اس کی [illegible] اور دنیا میں کچھ نہ کر سکنے [illegible] کے نتیجے میں سارے [illegible] رشتے [illegible] منقطع ہو چکے تھے۔ [illegible] زندگی [illegible] تک

ہستی۔ تو وہ جزوی طور پر تک زندگی بسر کر سکتا تھا۔

گوسے سنگ کا سب سے بڑا مسئلہ یہ تھا کہ وہ معلوم ہے کہ اس کا سب سے قیمتی اثاثہ اور یہ خوبصورتی میں الواح تک ۔۔۔ سلسلۂ اشجار بیاہ بہت سے بزرگ اس کا سلسلہ کتاب میں کہ گزرتے تھے۔ وہ انہی ہوا کے اصفیاؤں کی طرح سنگ میں اقسام تراشے ہوئے تمام ہو چکی تھیں۔

خسیتی منہ پہ ان تینوں دستوں کا گرو تھا جو مقدم کیا اقدامات کا کہ ایک دنیا کے غلام بہادری کے موضوع سے کر (۱) کا وہ ذریعہ تھے۔ حیات زندگی اور عوام کے اخلاق، تمثال اور سیرت، ان خطوط کے سب ہی موضوعات پر باتیں کی تھیں۔ خصوصاً لطیفہ اور بالخصوص ادب سے عوام کی بڑھتی ہوئی بے حسی اور ناقابل برداشت رویہ بھی ہوتے تھے۔ اور ادیبوں، شاعروں اور دانشوروں کی تنگ نظری اور بہتان طرازی پر شکوہ سنج بھی۔ مشینوں کی حکومت اور ہلاکت کے تحت ہونے والے بحران کو بیان کرتے، موضوع پر گفتگو کرتے جب وہ دوسروں سے باتیں کرتے، سوچتے اور بحث کرتے رہتے تھے۔ یہ کون ہیں؟ کیا ہیں؟ کہاں سے آئے ہیں، کہاں جائیں گے۔ زندگی کا آغاز کیا تھا اور انجام کیا ہوگا۔۔۔ کیا زندگی فانی شے ہے؟ اگر نہیں تو جینے کا مطلب کیا ہے؟ وقت گزرتا رہا لیکن فرصت ملی کہ ان کی زندگی پر کھل کر باتیں کر سکیں۔ وہ آنکھ سے ہٹے ہوئے اس موضوع پر گفتگو کرتے تھے۔ پتھر کی بے حس دیواروں سے سر ٹکرا کر وہ زخمی اور تھکے ہوئے بیٹھے تھے۔ لیکن ہوش، خاص کے قید خانہ کی ان سنگین دیواروں میں کوئی دروازہ پیدا نہیں ہوا تھا۔ وہ ایک گنبد بے در کے قیدی تھے ۔۔۔ اور آزادی کے لئے ترس رہے تھے۔

- میں کون ہوں؟

- تم حسیتی ہو۔

- اور میں؟

- اشفاق کی۔

- اور یہ؟

- یہ خودی ہے۔

- اور وہ کون ہے؟

- وہ مہندر ہے!

- لیکن "میں"، "تم"، "یہ" اور "وہ" کون ہے؟

- سب ایک ہیں۔ واحد اور مطلق ایک جسے بیان کرنا مشکل، دیکھنا ناممکن، اور سننا دشوار ہے۔ جو صرف محسوس کیا جا سکتا ہے اور موجود ہے!

- آخر یہ موجود کیا شے ہے؟

- کوئی شے بھی نہیں ہے۔ جو نظر نہیں آتا ہے۔ کچھ بھی نہیں ہے۔ کوئی بھی در اصل نہیں ہے۔

- لیکن میں تو ہوں ۔۔ میں جو سوچتا رہا ہوں!

- تم نہیں ہو۔ اس لئے کہ دراصل تم سوچ ہی نہیں رہے ہو۔

- مگر ۔۔۔ میں سوچ تو رہا ہوں؟

- سوچ نہیں رہے ہو، بس سمجھ رہے کہ سوچ رہے ہو!

- لیکن مجھے یقین ہے ۔۔!

- یقین فریب کا سلسلہ ہے ۔۔۔ اور بس!

تو پھر — پھر میں کچھ بھی نہیں ہوں — تم کچھ بھی نہیں ہو۔ وہ کچھ بھی نہیں ہے — مرکزی نقطہ اول اور کائنات میں جھانکی
کھلونا ہے سارا انسان خوب نظر ہے — اور یہ دنیا اور کائنات کو گہری — زندگی ہے اور موت ہے ؟
خوب نظر — خوب خیال — بہت خوب اشتیاق تم — ہاں — ویسا ہی ہے جیسا ہم سوچتے ہیں !
اس کا مطلب ہے کہ سب کا وجود ہی ہے خیال کا اپنا کیا ہوتا ہے — ؟
تم پھر الجھ رہے ہو غور کرو — چائے پیو، سگریٹ لو یہ سب ہے !
اور ہاں مہندر — تم سگریٹ تو نہیں پیو گے — یہ شراب ہی پیا کرو —
شکریہ — میرے یار — بہر شکریہ
اور اشفاق تم تو سگریٹ بہت پیتے ہو ؟
ہاں صرف سگریٹ ہی پیتا ہوں
ہاں تو اشفاق ... حسینی نے سوچ میں ڈوبا ہوا کش لگا کر جیسے پہلے تیزی سے کمرے میں چکر لگاتے ہوئے کہا ...
موت اور زندگی اصل میں ایک ہیں ۔ زندگی ہی موت ہے اور موت ہی زندگی ہے
میں کتنا گھبرا گیا ہوں دوست ان باسی عقیدوں کی بار بار دہرائی ہوئی باتوں سے — مجھے افسوس ہے کہ ہم نے اب تک جتنی بھی باتیں
کی ہیں ان میں سے ایک بھی بات نئی نہیں ہے !!
دنیا اشفاق — حسینی نے چونک کر کہا — دنیا میں کون سی بات نئی ہے میرے بھائی ؟
ہائے کتنی پرانی، بوسیدہ اور فرسودہ ہے یہ دنیا جس میں ہم جیسے نئے دور کے انسان رہتے ہیں — مہندر کی آواز بھرا کر
ظاہر ہو رہا تھا —
دنیا صدیوں، صد ہزار صدیوں پرانا قید خانہ ہے
پھر وہی گھسی پٹی باتیں، رٹے رٹائے فرسودہ خیالات، بقول فلاں والے جملے —
میرے دوست کوئی بالکل نئی بات کہو، کوئی ایسی بات تو کہو جس میں تازگی پائی جائے — اشفاق بیزاری سے بولا ۔
زندگی میں اچھا شروع ہی اور تازگی کا حسن اور سرشاری کا احترام تھا — وہ ذرا مسکرانے لگا ۔ اشفاق پیار سے اس کو دیکھتا رہا
وہ ایک نقطہ ہے اس نقطہ کو مرکز مان کر ایک پرکار سے دائرہ کھینچ دیا گیا ہے خیال کا دائرہ، شکوک اور عقیدوں کا دائرہ ۔ ہائے کتنے
چھوٹے بڑے دائرے ہیں ۔ کتنی قوسیں — الجھے ہوئے انسان ۔ ان کے حصے ہیں نقشے ہیں اور رسم و رواج ۔ چیتے، کھالے ۔ اور شکوک کے پھیلے دائرے ۔ اور
کے درمیان انسان ایک بے بس اور مقید نقطہ — اور وہ مخلوق کا پرکار چل رہا ہے خیال کے دائرے رقص میں ہیں یہ رقص بڑا اس کے
تماشا کیا اور دل بیٹھ گیا ہے ۔ دائرے پھیلتے جا رہے ہیں ۔ دیوار پر لٹکی ہوئی تصویریں ہیں ۔ زنجیریں کھنک رہی ہیں —
واہ — واہ — ہائے — مہندر پر خمار سا چھا گیا اور وہ نشیلی آواز میں کہنے لگا ۔ دیواریں اور کچھ ہوتی جا رہی ہیں یہ کہ
اور گنبد جیسی چھت بہت دور تک — دیواروں میں کوئی دروازہ یا کوئی کھڑکی نہیں اندر بس ہے ۔ جہاں ایک گھر تھا بھی نہیں —
پھر لیپ — حسینی کے خوابیدہ لہجے میں کرنٹ لگتے ہوئے ٹوٹ ٹوٹ کر کہا ۔ پھر وہ دیواروں میں اک گھٹ آنکھیں ہیں جو جھانک رہی
ہیں کہ انسان ہی جو روشنی ہے وہ اندر اندھیرا ہے اور باہر روشنی —
اور ہم اندھیرے میں ہی ... نے گھیر دیا ۔
اور روشنی کی باتیں کر رہے ہیں — اشفاق جھلا گیا — پرانی اور فرسودہ باتیں — افوہ — میرا تو دم گھٹنے لگا ہے کہتے ہوئے
نے سگریٹ کا ایک کش لیا ۔ اور منہ سے دھوئیں کے مرغولے نکالنے لگا ۔
کچھ دیر کے لئے کمرہ میں خاموشی چھا گئی — پھر مہندر کی نشیلی آواز ابھری ۔۔

"اشفاق بھائی ۔۔ زندگی کے بارے میں ہم دوستوں کے تجربات اور خیالات کو دہرانا اب ختم ہو گیا ...... اچھا ...... تو میرا فلسفہ ہے ۔ سنو ۔۔

اشفاق کے طنز و مزاح اور تسلی کے جواب پر بھی اشتیاق کا لبادہ سا تنگ ٹھہرا۔

گزشتہ مہینوں کی ایک رات میں اپنے کمرے میں بیٹھا تھا ۔ [illegible] آواز پر قابو پاتے ہوئے کچھ لکھا ۔ کمرہ بالکل بند تھا ۔ کھڑکیاں، دروازے سب بند تھے ۔ اس کمرے میں انگیٹھی دہک رہی تھی ۔ میں نے دہکتے ہوئے انگاروں پر لوبان کی ایک ڈلی ڈال دی ۔ ایک جھلملی سی ہوئی ۔ اور میں نے دیکھا کہ دیکھتے ہی دیکھتے لوبان کی ننھی سی ڈلی جل کر اور دھواں بن کر سارے کمرے میں پھیل گئی ۔ مجھے لوبان کی خوشبو اچھی لگتی ہے"

"پھر؟" اشفاق نے بے چینی سے کہا ۔

"پھر کیا؟" مہندر رک رک کر بولا ۔ "میرا یہ معمولی سا تجربہ تھا ... انسان کا وجود لوبان کی ننھی سی ڈلی ہے جو سمجھئے تو نقطہ ہے سمجھئے تو زمانہ ۔ اور موت سیاہ آگ کی دہکی ہوئی انگیٹھی ہے ۔"

"اور زمانہ کیا ہے؟ سمندر کا ایک قطرہ ۔" مسکین کو کچھ الجھن ہو گئی تھی "میرے دوست زندگی جینے کی شے ہے، سوچنے اور کھپانے کی نہیں!"

"پھر وہی پرانی بحث ۔۔" اشفاق نے بیزاری سے کہا ۔ وہ اس وقت صرف خوش ہونا چاہتا تھا ۔ سوچ سوچ کر غمگین اور اداس ہونا نہیں چاہتا تھا ۔ اور کمرے کی فضا خوشگوار ہونے کے قابل نہ تھی ۔ اس نے اپنا سگریٹ کیس اٹھا لیا اور کچھ کہے سنے بغیر کمرے سے باہر نکل کر اپنے بنگلے کی چھت پر پہنچ گیا جو چاروں طرف سے لوہے کی ریلنگ سے محصور تھی ۔ اوپر آسمان صاف نیلگوں تھا ۔ اور ان گنت ستاروں کے درمیان ماہتاب کسی حسینہ کی چشم نم کی طرح دکھائی دیتا تھا ۔ نیچے بجلی کے کھمبے قطار در قطار ایستادہ تھے ۔ جن پر لگے ہوئے بڑے بڑے بلبوں کی روشنی سے سیمنٹ کی ہموار نیلگوں سڑک روشن تھی ۔ پاس کی بلڈنگ کی چھت پر سے وہ زمین اور آسمان کو دور تک دیکھ سکتا تھا ۔ عمارتوں، درختوں اور روشنیوں کا ایک سمندر تھا جو اس کے آگے چاروں طرف پھیلا ہوا تھا ۔ رات کا حسن جیسے نقطۂ عروج پر پہنچ گیا تھا ۔ ہر طرف سوز و گداز، نور و لطافت کی فضا چھائی ہوئی تھی ۔ اشفاق کے ذہن سے تھکن اور افسردگی کا وہ احساس [illegible] کمرے کی فضا کا تجربہ تھا ۔ شہر کی مصروفیت اور مشینی زندگی کی گہما گہمی اس وقت سست پڑ چکی تھی ۔ پاس بلڈنگ اور اس کے [illegible] سڑک پر [illegible] کے سائے گہرے ہو گئے تھے ۔ ہر طرف خاموشی چھائی ہوئی تھی ۔ روشنیوں کو یوں [illegible] جیسے نیند آ رہی تھی ۔ [illegible] اور مہندر کی آوازیں وقفہ وقفہ سے ابھر رہی تھیں ۔ وہ اب بھی کسی بحث میں الجھے ہوئے تھے ۔

اشفاق کمل مطمئن اور خوش ہو کے لطیف تصورات میں [illegible] رات محسوس کرنے لگا [illegible] کھڑے کھڑے [illegible] اس نے [illegible] جیب سے سگریٹ کیس نکالا اور تازہ سگریٹ کو ختم ہونے والے سگریٹ سے سلگا کر ابھی اس نے ایک ہی کش لیا تھا کہ تازہ سگریٹ انگلیوں کی گرفت سے چھوٹ کر چھت سے نیچے سیمنٹ کی نیلگوں سڑک پر جا گرا ۔ اور اشفاق کے دل پر ایک چوٹ سی لگی ۔ اس نے سگریٹ کے سڑک پر گرنے کی آواز تک محسوس کی تھی ۔ [illegible] کا احساس ابھرا ۔ نئے سگریٹ کے اچانک گر جانے [illegible] سکون، انتشار اور کرب کے [illegible] کھنچتے [illegible] ابھی تو اس نے سگریٹ جلائی تھی، اس نے پہلا ہی کش لیا تھا [illegible] سگریٹ گر گیا [illegible] اس سگریٹ کے دوسرے کشوں سے ملنے والی لذت اور سکون سے وہ محروم ہو گیا تھا ۔ اس نے ایک اور سگریٹ نکال کر سلگا لیا ۔ مگر پہلے ہی کش میں [illegible] محرومی کا احساس ہوا [illegible] پہلے کبھی نہیں ہوا تھا ۔ [illegible] اس نے [illegible] کش لگائے لیکن اس کا اضطراب اور خلش جوں کی توں برقرار [illegible] وہ بے قراری [illegible] کے عالم میں [illegible] ریلنگ کا سہارا لے کر کھڑا ہو گیا اور [illegible] نظروں سے سڑک پر دیکھنے لگا جہاں وہ گرا ہوا سگریٹ موجود تھا ۔

اس کی نگاہیں اس سگریٹ پر جمی ہوئی تھیں [illegible] روشنی میں [illegible] سڑک پر [illegible] سفید [illegible] ایک آوارہ [illegible] ہاتھ [illegible] نکل کر [illegible] سگریٹ جلا ہوا تھا

اسکو جو سڑک پر ٹھوکر کی سی لگی تو سگریٹ کے ساتھ ہی سلگتا ہوا سیگرٹ الگ ہو گیا۔ اس کا مطلب تھا کہ سگریٹ جو جل رہا ہے وہ سلگتا ہوا انگلیوں میں جل کر تمام ہو جاتا اب سڑک پر جل رہا ہے۔ وہ لذت بخش آسودگی جو اس سگریٹ میں پنہاں تھی اب وہ سگریٹ میں نہیں مل سکتی۔ اس نے نئے ڈبے کا سگریٹ جلا ڈالا۔ مگر بیزاری کم نہ ہوئی۔ اور ابھی کچھ دیر گزری ہے کہ سگریٹ کا ذائقہ ایک عجیب احساس میں بدل گیا۔ وہ کچھ دیر تک گنگناتا رہا اس نے بوجھل دل سے آسمان کی طرف دیکھا۔ اندھا دھند کہیں تو بادل ایسے تھے کہ جیسے ٹکڑے ٹکڑے ہو رہے ہوں۔ زخم لگ گئے آسمان اس کی بے بسی پر جیسے ہنس رہا تھا اور زمین پر اب کوئی بھی تسکین اور دلکش دکھائی نہیں دے رہی تھی!

آخر کار وہ مطلوبہ منزل پر پہنچ کر چھت سے نیچے آیا۔ حسینی کے ڈرائنگ روم میں اب کوئی بحث جاری تھی۔ وہ بوجھل قدموں سے آگے بڑھا اور سیڑھیوں کے ساتھ سڑک پر پہنچ گیا۔ وہ سگریٹ جو ہونٹ سے نیچے گرتا جب گرنے سے پہلے ہاتھ میں ہی بجھ جاتا اور پھر وہ ایک بار کی طرح جلنے لگا۔ ادھر اس نے دیکھا سڑک پر صفائی بھی کوئی نہ تھی۔ پاس بلڈنگ کی نیند کی آغوش میں تھی۔ پھر اس نے پھینکا ہوا سگریٹ اٹھا لیا اور ایک کوڑے کے ڈھیر سے اس کو دوبارہ سلگایا لیکن پہلے ہی کش میں اس کا منہ بدمزہ ہو گیا۔ وہ سگریٹ اب دوبارہ سلگ کر بدمزہ اور بے کیف ہو گیا تھا۔ اس نے جلدی جلدی کئی کش کھینچ ڈالے۔ اور کوئی بھی کش اس کے ذائقہ کو بحال نہ کر سکا۔ حالانکہ اس کے پہلے سگریٹ سے بھی لذت و آسودگی نہیں مل رہی تھی۔ اس نے جھلا کر سگریٹ کو سڑک پر پھینک دیا۔ اس کا ہونٹ کے کنارے سے سلگ دیا اور کچلنے کے بعد حسرت کا غم سے روندتے ہوئے پامال سگریٹ کو دیر تک گھورتا رہا۔ شاید اس کے احساس میں ایک موت کی سی جھری سی ابھری اور ایک نئے خیال کی روشنی سے اس کا ذہن جگمگا اٹھا۔

وہ تیز تیز قدموں سے چلتا ہوا حسینی کے ڈرائنگ روم میں داخل ہو گیا جہاں اب بھی پرانی بحث چل رہی تھی۔ وہ پرجوش آواز میں چیخ کر بولا
"دوستو! یہ بحث ختم کرو۔ اور سنو۔" اس نے گویا اعتماد بھرے لہجے میں اپنے اس تازہ تجربے کو بیان کرتے ہوئے کہا۔ "زندگی بھی اس سگریٹ کی طرح ہے جو میرے ہاتھوں سے گر گیا تھا اور جس کے آخری کش سے ملنے والی لذت اور آسودگی سے میں محروم ہو گیا۔ اب میں دوبارہ کوشش کر کے اس آخری کش کے لئے اس سگریٹ کو اٹھا بیٹھا ہوں۔ یہی زندگی ہے۔ اور بس۔"

"میرے دوست سے پھر ہمیں کے فلسفی شاعر حسینی نے قہقہہ بلند کیا۔ تم نے اپنے تجربے سے پھر بھی کوئی نئی بات نہیں اور یہ بات کی ہوتی بولا۔ اور پھر زندگی، زندگی ہے۔ سگریٹ نہیں ہے!"

"کتنی پر اسرار، گہری اور ناقابل فہم ہے یہ زندگی۔ یہ زندگی" مہندر نے حسرت سے کہا۔

"اور ہم جانے بوجھے اندھے کنوئیں میں جینے پر مجبور ہیں۔"

"ہم سب دائرہ در دائرہ احساس کے شکنجے میں جکڑے ہوئے ہیں" فوزی نے فلسفیانہ لہجے میں کہا۔ "اور دائرہ سے باہر نکل کر جینا تھا اور یہی تو ہم چاہتے ہیں۔ اور یہ بات اس زمانے میں تو بہت مشکل ہے۔"

اس کے باوجود اشفاق مطمئن تھا۔ یہی لمحہ اس کے ذہن میں کوئی الجھن نہیں تھی۔ اس کے دل میں کوئی غم نہیں تھا۔ ایک کمرے سے گزرتے ہوئے اس کا اندر سلسلہ چلنے والا دائرہ اور گھیرا ٹوٹ رہا تھا۔ اور وہ شدید میں ہی آزادی کی لذت محسوس کرنے لگا تھا۔ ●●

از: اعجاز صدیقی

تجدیدِ عہدِ الفت

پاکستانی دوستوں اور فن کاروں کے نام

(سلسلۂ مہلت فروہ ہونے کے بعد)

تمہارے ہاتھ کی یہ دل نواز تحریریں
تمہارے خامۂ رنگیں کی یہ سطورِ جمیل
بہت دنوں میں ہوئیں پھر نشاطِ فکر و نظر
طویل سلسلۂ اضطراب ختم ہوا
فسانۂ شبِ ہجراں کا آخری ٹکڑا
جمالِ مطلعِ صبحِ وصال بن کے رہا
لرز رہی تھی بہت بادِ تُند و تیز سے جو
خوشا نصیب، وہ یادوں کی شمع بجھ نہ سکی
زہے نصیب، نہ ٹوٹی وہ ارتباط کی رسم

وہ ایک دورِ جنوں، وحشتوں کا وہ عالم
گزر گیا، گزر اں موسمِ خزاں کی طرح
ہزار شکر، وہ طوفاں اتر گیا جس میں
تباہیاں تھیں سفینوں کی، ناخداؤں کی
ہزار شکر، وہ بجلی نہ بڑھ سکی آگے
جلانے آئی تھی جو، وہ دلوں کے خرمن کو

وہ ایک رات کہ جب ہر طرف اندھیرا تھا
تمہاری یاد کے کشش چراغ میں لے کے

تمہارا نام لیا میکشوں کی محفل میں
تمہارا ذکر کیا حلقۂ نگاراں میں
تمہاری بھول کو سو سو طرح کے نام دیے
تصورات میں اکثر تمہیں پیام دیے
پیامِ امن و اخوت، پیامِ صلح و صفا
یہی پیام ہے سب دلبرانِ عالم کو
کہ دلبری کے تقاضے یہاں کچھ اور بھی ہیں

عظیم تم بھی ہو، ہم بھی عظیم، غم بھی عظیم
امینِ عظمتِ ماضی وصال میں ہم لوگ
مرا وجود تو میرے وطن کی خاک سے ہے
مگر وہ خاک، کہ تم جس سے پیار کرتے ہو
ہے اُس میں دفن وہ میرا عظیم سرمایہ
تمہارے ملک کا عزّ و وقار ہے جس سے
اُدب کے کہتے ہو سیماب¹ تم جسے پیارا
بنا چکے ہو ابھی خود ہم اپنے ہاتھوں سے
اُسی زمیں پہ مری ماں² کی تربت تازہ

---

¹ مرحوم حضرت سیماب اکبر آبادی جو کراچی میں مدفون ہیں۔

² [illegible]

وہ ماں، کہ آخری دیدار جس کا ہو نہ سکا
وہ ماں، کہ جس نے یہ وعدہ لیا تھا رو رو کر
میں دوں گا اُس کے جنازے کو آخری کاندھا
میں لوں گا اُس کے لبوں کا وہ آخری بوسہ
جو یادگار رہے گا مری تمنّا کا
مگر یہ جبر، یہ محرومیاں تمنّا کی!
تڑپ کے رہ گئیں مجبوریاں تمنّا کی!
بجائے خیریتِ دلبراں، ملی وہ خبر
کہ جس نے صبر و سکونِ حیات لُوٹ لیا!
تم اپنے ہاتھ رکھو میرے دل کے زخموں پر
یتیمِ ہند کو، اے اہلِ پاک پُرسا دو
یہ تربتیں، جو یہاں بھی بنیں، وہاں بھی بنیں!
یہ قربتیں، جو یہاں بھی ہیں اور وہاں بھی ہیں!
اسی کا نام ہے وہ دردِ مشترک، کہ جسے
ہزار کوئی بھلائے، بھلا نہیں سکتا

زمین بانٹ لی ہم نے، مگر یہ دل نہ بٹے
رہیں گی ایک، ہمیشہ یہ سرحدیں دل کی
کبھی ہوئے ہی نہیں گوشت سے جدا ناخن
ازل سے تابہ ابد جسم و رُوح کے رشتے
جُڑے سے تا بہ لحد سلسلے تعلّق کے!

وہ تاشقند ہو، دلّی ہو، یا کہ پنڈی ہو
کہیں نہیں ہے دلوں کے اجاڑنے کا سوال
کوئی نہیں کہ جو تاراجیوں کو دعوت دے
کسی کو شوق نہیں ہے، بہے عوام کا خون
کسے پسند، کہ بچّے یتیم ہو جائیں
کسے پسند، کہ سینے دو نیم ہو جائیں

وہ امن و صُلح کی قیمت جو اہلِ ہند نے دی
کسی نے قوم کی تاریخ میں نہ دی اب تک
گنوا کے ہم نے سرِ شوق ایک جانِ عظیم[1]
لُٹا کے جادۂ الفت میں اک متاعِ عزیز
تجلیوں کی ادا شامِ تاشقند کو دی
نکھارِ صُبح کراچی کو جس نے بخش دیا
جو رنگ بھر گئی لاہور کی فضاؤں میں

کوئی تو داد مجھے میرے صبر و ضبط کی دو
کہ میرے پاؤں ہیں تیغوں کی تیز دھاروں پر
رگوں سے خون ٹپکنے لگا ہے غم بن کر
کھڑا ہوا ہوں الم ناک رہگزاروں پر!
کوئی تو "شاہدۂ منظوم" میرے نام لکھو
کوئی سلام تو بھیجو، کوئی پیام تو دو
جو میری قوم، مرے ملک اور وطن کے لئے
یقینِ وعدۂ تجدیدِ عہدِ اُلفت ہو!

---

[1] وزیرِ اعظم لال بہادر شاستری

——— شاد بینی ———

مقالہ:-

نبی احمد ارشاد

رام چند فرحت

یہ مصنف ہے فارسی مثنوی "گنج شائگان" معروف بہ "حاتم نامہ" کا۔ عزیز الدین بلخی مرحوم "تاریخ صوبۂ بہار" جلد اول صفحہ ۷ میں تحریر کرتے ہیں "پہلی جلد کا نام گنج شائگان اور دوسری جلد موسوم بہ گنج بادآورد ہے۔ عزیز الدین بلخی مرحوم نے اپنے لکھنے کے مطابق دونوں جلدوں کا قلمی نسخہ مولانا شفیق عمادی مرحوم کے پاس دیکھے تھے جو منشی شیخ سعادت علی مرحوم کے ہاتھ کے لکھے ہوئے تھے۔

اس کتاب کا اصلی نسخہ محترم ڈاکٹر ق م صاحب مدظلہ کے پاس موجود ہے جو مصنف کے دست خاص کا ہے۔ اصلی نسخہ کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ گنج شائگان اور گنج بادآورد حقیقت میں الگ الگ جلدیں نہیں ہیں بلکہ ایک ہی جلد ہے جس کا نام گنج شائگان مشہور بہ حاتم نامہ ہے۔ اس میں داستان حاتم کا مکمل قصہ فارسی مثنوی میں کہا گیا ہے۔

لالہ رام چند فرحت کون تھا؟:- اس کا نہ سالِ ولادت معلوم ہو سکا نہ سالِ رحلت۔ صرف اتنا معلوم ہو سکا کہ محلہ عالم گنج (پٹنہ سٹی) کا رہنے والا تھا اور فارسی کا نہایت پرگو شاعر تھا۔ اس کا زمانہ وہ تھا، جب کامگار خاں (زمیندار گیا) شاہزادہ عالی گوہر (شاہ عالم ثانی) کی مدد پر کمربستہ تھا۔ محمد قلی خاں (صوبہ دار الہ آباد) (شجاع الدولہ نواب وزیر اودھ کا حقیقی چچازاد بھائی) کے عظیم آباد کی لڑائی سے واپس چلے جانے کے بعد کامگار خاں شاہزادہ عالی گوہر کی خدمت میں اس لئے پہنچا کہ اس کو راجہ سندر سنگھ زمیندار ٹکاری سے ذاتی جھگڑا تھا۔ چنانچہ راجہ سندر سنگھ کی ترغیب سے مہاراجہ رام نرائن موزوں (نائب ناظم بہار) و شتاب رائے (شیخ علی حزیں کا شاگرد) نے کامگار خاں کو گرفتار کرنا چاہا تھا۔ کامگار خاں۔ یہاں اس غلط فہمی کا ازالہ سیر المتاخرین کے حوالے سے کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ یہ نزہت الاشتیاق[1] منعیؔ گیا زمیندار تھا۔ اس سے راجہ سندر سنگھ ٹکاری سے جھگڑا تھا۔ مہاراجہ رام نرائن موزوں نے اسے گرفتار کیا۔ بعد رہائی اس نے شاہ عالم سے کرمنا میں ملاقات کی ——— اور شاہی اخراجات کا کفیل ہوا۔ شاہ عالم کو ساتھ لے کر اس نے لشکر رام نرائن کا مقابلہ کیا۔ رام نرائن کو شکست ہوئی۔ مگر یہ عظیم آباد میں داخل نہ ہو سکا بلکہ کرنل کالیو کے مقابلے پر روانہ ہوا۔ بادشاہ کے ساتھ بہار شریف پہنچا۔ وہاں سے بادشاہ سے الگ ہو کر مرشدآباد پر حملہ کرنے کے لئے روانہ ہو گیا۔ مگر کامیاب نہ ہو سکا۔ اس کے بعد میر قاسم کے زمانے میں اس سے لڑ کر قاسم سے ان بن ہو گئی اور گیا آن پور کو روانہ ہو گیا۔ اس نے سید ہدایت علی خاں پدر صاحب سیر المتاخرین سے ملاقات کی اور بادشاہ کی شکایت کی کہ وہ حنیار سنگھ زمیندار ٹکاری سے ملا ہوا ہے۔ گیا آن پور کی لڑائی میں اس نے میر کا رنگ دے شکست کھائی۔ بادشاہ انگریزوں سے مرعوب تھا اور صلح چاہتا تھا۔ کامگار خاں کو یہ بات نہایت شاق گزری۔ وہ بادشاہ سے علیحدہ ہو گیا۔ میر قاسم کی حکومت میں وہ نزہت سامانی چھوڑ کر آسام کو روانہ ہو گیا۔ جب میر قاسم کی انگریزوں سے ان بن ہو گئی تو اس نے میر قاسم کی ملازمت اختیار کر لی۔ وہ مرہٹوں کے دست...

---

[1] نزہت الاشتیاق منعیؔ گیا کے مؤلف کے حسب الحکم لکھا گیا ہے۔ ۱۸۱۱-۱۲ء میں جب فرانسس بکنن ہملٹن گیا گیا تھا تو اس وقت کامگار خاں کے جانشین موجود تھے۔ (دیکھو سفرنامہ گیا، انگریزی، صفحہ ...)

کا واقعہ ہے جب مرہٹوں کے ساتھ شاہ گرمین خان ارسی پر سالار ہیرا تھا ہوا اس کی ان بن ہو گئی۔ یہ پیر ہجوم کی طرف سے مرشد آباد
چلا گیا۔ تحریر ہے کہ نانا میاں کے بعد یہ دہلی واپس چلا آیا۔

مرشد آباد کا پرآشوب زمانہ میں سامی چند فرحت اور باخدمت الباب سے رہا تھا۔

سامی چند فرحت :۔ زمانہ پرآشوب تھا۔ مگر ایسی گئے گزرے دور میں چند ہستیاں ہیں جو اہم گزریں مثلاً علی حزین جنوں نے
بنارس میں سکونت اختیار کر لی تھی (۱) راجہ رام نرائن موزوں نائب ناظم عظیم آباد (۲) راجہ شتاب رائے ناظم جاگیر صمصام الدولہ
دوسرے غلام حسین خان رضا مؤلف سیر المتأخرین (۵) مرزا فاخر مکین جنہوں نے بعد ازاں لکھنؤ میں اقامت اختیار کر لی تھی۔ ان کے
شاگردوں میں جعفر خان راغب اور ان کے بھائی محمد علی خان فصحی مؤلف تاریخ مظفری و محمدی وغیرہ آب عظیم آباد میں رہتے
(۶) خواجہ اکرم میں میر تقی میر، میرزا سودا، میر حسن اسی زمانے میں گزرے اور میر حسن کے استادوں میں میر ضیاء الدین ضیا
عظیم آباد میں رہ گئے۔ جیکہ شاہ میر حسین علی ابراہیم خان مؤلف گلزار ابراہیم اور ان کے بھائی علی قاسم خان۔ اس زمانہ میں غالب
بنگالہ کا مرزا نادر فاخر مکین اور بادشاہ عالم ثانی سے وابستہ تھے۔

اصل کتاب :۔ یہ درحقیقت مثنوی ہے۔ اس کے شروع میں ایک قصیدہ ہے "در توحید" ہے

سپاس ایزد جان بخش دادرِ بر حق
کہ طرح ساختہ چون ذرہ گنبد ازرق

۳۳ اشعار کے بعد مقطع ہے۔

ہمیشہ شکرِ کرم ہائے خویشتن بخشا
بحالِ فرحت محزون گدائے خام مشترق

سوجاں مشور :۔ دوسرا قصیدہ بھی فارسی میں ہے "قصیدہ در مدح بندگان جناب معلی القاب بہتر جان خود بیادرم
کہ از آنجملہ حروف مصرعہ اول تمام تاریخ بر آید و از حروف ہر مصرعہ بیتے بطریق توشیح حاصل کرد و از حروف مصرعہ ثانی
سالِ تاریخ مستفاد می شود"

سوجاں مشور کے زمانہ میں نواب آصف الدولہ نواب وزیر اودھ نے رحلت کی تھی اور اسی زمانہ میں وزیر علی خان کی معزولی عمل
آئی تھی۔ سوجان شور ہندوستان کو ہر طرح فخر زمان تھا۔ کہتا ہے

ہزار شکر کہ از ساز گاری ایام
فتادہ است درین ملک بچنگ انام

ستودہ سعد فرید خلق سا زحق قیاس
گرفت کار جہان برقرار زیب نظام

۴۳ اشعار کا قصیدہ ہے جو تمام تر صنائع سے مملو ہے جس کی تشریح خود مصنف نے آخر میں کر دی ہے۔ اس کے بعد
ہے کہ ۱۲۰۰ ھ میں یہ قصیدہ سرجان شور کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا۔

رقعہ بنام کا مگار خان۔ اور کامگار خان کا حال درج کیا گیا۔ یہ منظوم رقعہ کامگار خان کے پاس بھیجا گیا تھا ہے

غبار تیرۂ فرحت سیاہ مند بجان
بجانِ مشفق من کامگار خان برسان

مکتوب این است

کرم فرمائے حالِ دوست داران
ادب آموز نادانستہ کاران

معطر ساز بزم مہربانی
گلِ تازہ گلستانِ معانی

اس منظوم رقعے سے پتہ چلتا ہے کہ سامی چند فرحت کے تعلقات کامگار خان سے بڑے گہرے تھے۔ وہ کامگار خان سے
ملاقات کا خواہاں تھا ہے

لہ جتینا۔ مدراکے نامور شاعرکا یک نام ہے۔ شاد عظیم آبادی کا فارسی کا ایک شعر ہے ہے
ہمہ بے ترتیب کر بیان رسد این صدائے کہ سخن در بینی رسید فرشتہ ملک جا مقصود پیام خدا بجان آمد ہے

چون از شوق لقائے تو رفت اندر — کہ چون طلب خواران است پرورد
خوشا وقتے کہ با یاران نشینم — زمانے را بکام خویش بینم

۵۵ اشعار میں۔ اس کے بعد ترجیع بند ہے۔ یہ مدح جناب مستطاب حضرت جلال الدین بہار و حضرت شاہ مخدوم الملک شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری قدس اللہ اسرارہم کے درمیان کی گئی ہے۔ جو مصنف کے اجداد سے ہیں۔ ترجیع بند کا ایک شعر یہ ہے

اے دردِ فلک ہمیشہ نام است — ہر جا ست محیطِ فیض عام است
بگذشت سرم ز چرخِ اعلیٰ — جانے من از آن کہ سعد کو رہا

صنائع :۔ طویل ترجیع بند ہیں۔ شعرائے فارسی نے عام طور سے ترجیع بند نظم کئے ہیں۔ اس کے بعد ایک بالکل نئی چیز ہے۔ کتاب کے فصل میں رُباعی نظم کی ہے۔ اس کے متعلق مصنف کی تحریر ہے۔

"رباعی صنعتے دارد در صنعت نسخہ حروف رُباعی دو بارہ خواندہ می شود و بہ سبب گردش دائرہ" کہتا ہے کہ یہ رُباعی صنعت دار میں ہے۔ اس صنعت میں آگے حروف رُباعی کے دوبارہ گردش دائرہ کے سبب سے پڑھے جاتے ہیں۔ اس میں بہت سے حروف تہجی سے کام لیا گیا ہے یعنی از الف تا یائے فارسی ایک رُباعی مرتب ہوتی ہے

دوسری رُباعی صنعت مقعد میں بصورت کرۂ ارضی نظم کی ہے۔ اس کے بعد اس قسم کی رباعیاں فارسی خواہ اردو میں میری نظروں سے نہیں گزری ہیں۔ چوتھی حلقہ دار میں نظم کی ہے اور حسبِ ذیل ہے

ہر کس دارد خیالِ زلفت بہ ہم — یا بلات دلش خستہ و ہر دم در ہم
با خوئے مجستہ دررو پیشش باشد — کہ زہرہ کہ خواہان بسجو رآید رم

اس کے بعد چند غزلیں ہیں۔ پہلی غزل یہ ہے

ہست ہمیشہ پُرشکن، سنبل زلفِ مشکبو — پیچ بہ پیچ، خم بہ خم، حلقہ بہ حلقہ، مُو بہ مُو
داغ غم تو می دہد از ہمہ عشق عاشقان — تازہ بہ تازہ، نو بہ نو، لحظہ بہ لحظہ، شو بہ شو

اس کے بعد مثنوی شروع ہوتی ہے۔ ابتدا میں چند اشعار شیخ سعدی کی مدح میں ہیں اور پھر آغازِ قصہ ہے۔ یہ ملک یمن کا قصہ ہے۔ اس میں بادشاہ خراسان، حسن بانو اور دردیش وغیرہ کا حال نظم کیا ہے۔ طویل مثنوی ہے اور مثنوی رومی کی بحر میں ہے۔

بعد اختتام مثنوی مصنف نے اپنا حال نظم کیا ہے اور شہر عظیم آباد کا حال لکھا ہے مگر یہ کل باتیں اس قدر مختصر ہیں کہ صرف مصنف کا نام، تخلص، سنِ تصنیفِ کتاب اور شاہ ارزاں کی درگاہ کے متعلق اور کچھ نہیں معلوم ہوتا ہے۔ یہ کتاب ۱۰۹۵ھ میں تمام ہوئی اور ۱۱۰۰ھ میں مصنف نے خود اپنے ہاتھوں سے صاف کی۔ اپنے حال اور شہر عظیم آباد کے حال میں لکھتا ہے

مشک کین مجموعۂ رنگین کلام — یافت با صد زیب حسنِ اختتام

چند اشعار کے بعد

موئے سنبلِ زلفِ این مشکین بہ بند — بندۂ ناقص طبیعت راآم چند
در سخن نزہت تخلص ساختہ — از شب فکرت بمیدان تاختہ
تا کند بزمِ سخن را بوستان — بشنو اکنون کشورِ ہندوستان
ہم حد بہارِ جنتم کر یاد ہست — نام آن شہر عظیم آباد است

۱؎ حضرت مخدوم الملک شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری۔ سالِ ولادت ۶۶۱ھ۔ سلسلۂ فردوسیہ کے برگزیدہ بزرگوں میں تھے۔ سالِ وفات ۷۸۲ھ۔ فیروز تغلق کا زمانہ تھا۔ آپ کی بہت سی تصانیف و تالیفات یادگار ہیں۔ از کشاف

۱۱۸۰ فصلی کے عظیم آباد کی حالت سے

کنگرہ ہائے عمارت ہائے آں — می زند خندہ بریشیں آسماں
عالماں رایت زعلم افراشتہ — وہم ایشاں عرش فرش انگاشتہ
زلیلانش از شرابِ ناز مست — ہر یکے در دلبری گستاخ دست
موجزن شوئے شمالش آبِ گنگ — چشمۂ کوثر خجل زاں آب و رنگ
لالہ اندامانِ رنگیں پیرہن — ہمچو حوراں بجا در غوطہ زن
ہر یکے پاشندہ از کف مشتِ آب — بر لباسِ خویشتن ہمچو گلاب
رود جبلا در جنوبِ آں رواں — نخلِ تازہ وانبہ گرداگرد آں
ہشت آنجا در گہ ہوش اشتباہ — شاہِ ارزاں مظہرِ نورِ الٰہ

خاتمہ نظم پر دو تاریخیں ہیں سے

سالِ اتمامش چو دل از عقل خواست — کرد دو انگشت خم دیگر دو راست

۱۱۸۸ فصلی

چوں زانگشتش رقم مرقوم گشت — یکہزار و یک صد و ہشتاد و ہشت

۱۱۸۸ فصلی

جہاں گنگا ندی میں اشنان کا سین کھینچا ہے کہیں بھی بتذل شعر نہیں نظم کیا ہے۔
مجموعہ کے آخر میں ایک غزل ہے جس کی ردیف ہے "گوری شنکر"۔ اس غزل کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے گوری شنکر سہائے کی فرمائش سے حاتم نامہ نظم کیا گیا تھا

شد ختم بہ اقتضائے گوری شنکر — حاتم نامہ برائے گوری شنکر

آخری عبارت ہے "تمام شد کتاب گنجِ شائگاں مشہور بہ حاتم نامہ تصنیف بندہ رام چند فرحت تخلص بخطِ مصنف بتاریخ ششم رجب المرجب ۳۳ جلوس شاہ عالم بادشاہ غازی موافق ۱۱۹۸ فصلی مطابق ۱۲۰۵ ہجری"
الغرض اُس گئے گزرے دور میں یہ فارسی کا نہایت باکمال شاعر عظیم آباد میں گزرا۔ اُس زمانہ کے عظیم آباد کے چند فارسی گو شعرا میں راجہ رام نرائن موزوں، مہاراجہ کلیان سنگھ، کنور حشمت سنگھ عرف ڈھو لو راجہ نبیرۂ شتاب رائے قابلِ ذکر ہیں۔

علیم اختر مظفر نگری

غزل

رکھا ہوا ہے آئینۂ شوق روبرو
پھر ہو رہی ہے اُن سے تصور میں گفتگو

پھر برق آفریں ہے ہجومِ جمالِ ناز
پھر مرکزِ خیال ہے اک شوخ شعلہ رو

پھر بن گئی ہے حسنِ مجسم نگاہِ شوق
پھر ڈھل گئی ہے نور کے سانچے میں آرزو

اب ہر نظر ہے جلوہ گہِ شوق کامراں
اب دل بنا ہوا ہے شبستانِ آرزو

اب ہم ہیں اور شکر و وفا و کرم کی بات
اب وہ ہیں اور لطف و محبت کی گفتگو

اب ہر نفس ہے عطر فشانِ مشامِ جاں
بکھرے ہیں یا میرے دوش پہ گیسوئے مشکبو

دل میں سرور ہے تو نگاہوں میں ہے خمار
اللہ رے کیفِ بادۂ بے جام و بے سبو

جیسے کوئی سنائے مجھی کو مری غزل
نغمے کھنک رہے ہیں فضاؤں میں چار سو

اختر خیالِ دوست میں کھویا ہوں اس طرح
خود مجھ کو ڈھونڈتا ہے مرا ذوقِ جستجو

طرفہ قریشی

غزل

نہیں دیتی ہمیشہ ساتھ ذہنوں کی اداکاری
کبھی انسان کو غافل بھی کر دیتی ہے ہشیاری

ترے قربان جاؤں اے نگاہِ رحمتِ باری
کہ ہے اک نقطۂ موہوم اب میری سیہ کاری

کسی کی سربلندی کو وہ خاطر میں نہیں لاتا
ترے در سے جسے ملتی ہے معراجِ نگوں ساری

سرِ محشر ہتھیلی پر سر اپنا لے کے آیا ہوں
یہ کہہ کے کیا کہا تھا زندگی کا بوجھ ہے بھاری

وہاں آسانیوں کی راہ پیدا ہی نہیں ہوتی
جکڑ لیتی ہے ذہنوں کو جہاں احساسِ دشواری

نہ دے ترغیبِ عیشِ زندگی اے راحتِ دنیا
کہ ہے پروردۂ خوابِ پریشاں میری بیداری

بڑا دشوار ہے دونوں کو اک میزان پر رکھنا
ہوئی ہے عاقبت ہلکی تو دنیا ہو گئی بھاری

خود آگاہی سے پہلے خود فراموشی کو لازم کر
بغیر بے خودی کیفِ خودی ہوتا نہیں طاری

خدا کی دین، فطرت کا عطیہ ہے یہ اے طرفہ
ہمیں رشک اُن پہ ہے جن کی غزل ہوتی ہے معیاری

تمنّا

یوسف ناظم

وہ جذبِ دل ہو عطا جس کے فیض سے یا رب
میں آہِ گرم بھی کھینچوں تو زخم بھر جائیں
دُعا اجل کی جو مانگوں تو زندگی پاؤں
خزاں کو یاد کروں تو چمن سنور جائیں
جو چُپ رہوں تو ملے دادِ خامشی مجھ کو
صدا جو ظلم کو دوں تو کرم بکھر جائیں
کروں میں توبہ تو چھلکے شراب کوثر کی
اُٹھاؤں جام تو یہ روز و شب نکھر جائیں
ستم کی آگ بھی ہو میرے واسطے شبنم
مثالِ بادِ صبا حادثے گزر جائیں
بڑھوں جو آگے، زمانہ بھی میرے ساتھ بڑھے
جو روک لوں میں قدم، قافلے ٹھہر جائیں
وہ جذبِ دل ہو عطا جس کے فیض سے یا رب
میں آہِ گرم بھی کھینچوں تو زخم بھر جائیں

قطعات:-

کرشن موہن

خوشبو

ہے یاد تری مَن میں
اور یاد میں ہے یہ مَن
آنگن میں بسی خوشبو
خوشبو میں بسا آنگن

عشق و ہوس

جب تلک بج رہا ہے سازِ نفس
آدمی ہے اسیرِ عشق و ہوس
سوزِ ایثار عشق کی دولت
کاروبارِ ہوس ہے کیفِ مَس

دھیرج

مجھ کو کتنا سکھ دیتا ہے
سرما کے سورج کا دھیرج
دُکھ میں بھی مُسکاتا ہے مَن
جیسے گدلے جل میں پنکج

وقت

رُوٹھ گئی ہیں شوخ آشائیں
ٹوٹ گئے ہیں خواب سلونے
وقت کے ضدی بچے تو نے
توڑ دیے کتنے ہی کھلونے

افسانہ:- رفعت صدیقی

یہ سادہ دل بندے

جیسے جیسے دن چڑھتا جا رہا تھا حجن کے دل کی دھڑکن تیز ہوتی جا رہی تھی۔ نو بجے سے کسی کام میں بھی اُس کا دل نہیں لگ رہا تھا۔ اُس نے خود کو ہزار طرح سے بہلانے کی کوشش کی تھی۔ مگر تھوڑی تھوڑی دیر بعد اس کا ذہن [illegible] کی [illegible] میں بھٹک کر رہ جاتا اور وہ فیصلہ نہ کر پاتا کہ آخر کیا کرنا ہے؟

صبح فجر کی نماز پڑھنے کے بعد جب وہ مسجد سے باہر نکل رہا تھا تو سب لوگوں کو اُسے اتنی جلدی جاتا ہوا دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی۔ کیونکہ وہ اُس وقت تک مسجد سے باہر نہیں نکلتا تھا جب تک مولوی صاحب درود شریف نہ پڑھ لیتے۔ اُس کے اس معمول میں کبھی فرق نہیں آیا تھا۔ حتیٰ کہ اُس دن بھی نہیں جب اُس کی لڑکی کی شادی ہو رہی تھی۔ اُس روز گاؤں کے لوگ جیسے ہی جوش و خروش سے حجن کا ہاتھ بٹا رہے تھے [illegible] بوڑھے تک بھی اس کی خوشی میں شریک تھے۔ [illegible] کے وقت انہیں باراتیوں کا استقبال کرنا تھا۔ گاؤں کی نیک [illegible] کوئی ایسی دلیا [illegible]۔ اچھا۔ خاصا۔ دس جماعتوں تک پڑھا ہوا۔ [illegible] پور کے ایک اچھے خاندان کا چشم و چراغ۔

لیکن اُس روز بھی حجن نے اپنا معمول نہیں چھوڑا تھا۔ [illegible] حجن! [illegible] ایک [illegible] سے کیا [illegible] میاں ناراض ہو جائیں گے۔!"

لیکن وہ ٹس سے مس نہ ہوا۔

شیخ حجن کی تحصیل میں [illegible] اس کی سادہ لوحی اور نیک دلی کے چرچے ساری تحصیل میں عام تھے۔ تحصیلدار صاحب کو اس پر بڑا اعتقاد تھا اور وہ اُسے بہت عزیز رکھتے تھے۔

تحصیل کی [illegible] زندگی میں جہاں رشوت کی نہریں بہا کرتی تھیں اور [illegible] لوگ ان نہروں میں ہاتھ دھونا اپنا حق سمجھتے تھے۔ حجن اپنی ایمانداری سے ذرہ برابر بھی ہٹ نہیں سکا تھا۔ اس کے ساتھی مذاق کرتے [illegible] میاں حجن! [illegible] گناہ [illegible] رہے [illegible] سلام کرو۔"

[illegible] حجن آنکھیں [illegible] [illegible] کی [illegible] گے۔ [illegible]

[illegible] رشوت کے [illegible] اس کے چہرے پر ایک [illegible] مسکراہٹ [illegible] اور اس کی آنکھیں [illegible] فرماتا ہے۔"

"بس کرو [illegible] بس کرو۔ [illegible] اس کی بات [illegible] تم تو [illegible] شوق سے [illegible] مگر [illegible] حرام [illegible] اور سب ہنسنے لگتے۔

[illegible] معاملات میں اُس سے صلاح [illegible] ضروری سمجھتے تھے۔ [illegible]

[illegible] شریک [illegible] ان [illegible] کوئی [illegible] ہے؟ ——

شاعرِ بستی

اور نکاح کے بعد قاضی صاحب جلدی جلدی چھوہارے بٹنے سے پہلے ہی بادام اور کھانڈ کا ڈھیر لگا کر پڑھنا شروع کر دیتے تو جمن مؤذن کو نکاح کی اہمیت سمجھاتا۔ اُس کے حقوق و فرائض کا تذکرہ کرتا اور بتاتا کہ ایک "قبول ہے" کا کیا مطلب ہوتا ہے۔

جب بھی کسی کے یہاں بیٹا یا بیٹی ہوتی اُسی کو بلایا جاتا۔ بچے کے کان میں اذان دینے کیلئے — اور جب بچے بڑے ہو جاتے تو جمن انہیں مسجد میں قرآن پڑھایا کرتا تھا اور پڑھاتے۔ کم و بیش انہیں بتاتا کہ وہ کب پیدا ہوئے تھے۔ اُن کے ماں باپ اس وقت کیسے تھے۔ اور یہ بھی کہ اُن کے کانوں میں سب سے پہلے اُسی نے اذان دی تھی۔ اور بچے حیرت سے منہ کھولے یہ سب سنتے رہتے۔

جمن کی اذان کی آواز دور دور تک جاتی تھی۔ صبح فجر کے وقت جب اُس کی آواز بلند ہوتی تو سوتا ہوا سارا گاؤں جاگ اُٹھتا اور گنہگاروں کے دل بھی کانپ اٹھتے۔ اس وقت مسجد میں کوئی نہیں ہوتا تھا۔ اذان دینے کے بعد وہ اپنے سر پر گمچھا اٹھا کر کنویں سے پانی بھرتا اور مسجد کے حوض کو بھر دیتا تاکہ نمازیوں کو وضو کے لئے کنویں پر نہ جانا پڑے۔ اس کے بعد وہ اپنی لاٹھی اٹھا کر گاؤں کی گلیوں کا راستہ لیتا۔ ہر گھر پر رکتا اور دھیرے سے آواز دیتا۔ "نماز نیند سے بہتر ہے"۔

جمن کی بیوی کا اُس کی جوانی ہی میں انتقال ہو چکا تھا۔ اس کے بعد سے اُس کی اکلوتی لڑکی ہی اس کی زندگی کا سہارا تھی۔ اس لڑکی کو وہ جان سے زیادہ چاہتا تھا۔ اُس نے اُس کو قرآن ختم کروا دیا۔ اور پھر اُس کے لئے رشتے کی تلاش کرنے لگا۔ قسمت سے رشتہ بھی ایک شریف خاندان میں طے ہو گیا۔ جمن کو جیسے گھر بیٹھے دولت مل گئی۔ پھر وہ گاؤں والوں کے سامنے اپنے داماد کے گن گانے کا تذکرہ کیا کرتا۔ اس کا داماد بھی اس کا بڑا خیال کرتا تھا۔ بیٹی داماد نے اسے بہت مجبور کیا تھا کہ وہ گاؤں چھوڑ کر اُن کے ساتھ شہر میں رہا کرے لیکن وہ راضی نہیں ہوا تھا — بیٹی کا گھر بھی کوئی اپنا گھر ہوتا ہے۔ وہ اکثر گاؤں والوں سے کہا کرتا تھا۔

ہفتے میں وہ ایک بار بیٹی کے گھر بڑے اہتمام سے پہنچ جاتا اور ساتھ میں کچھ پھل پھول بھی۔ کچھ بھی ہوتا وہ گاؤں کا بانس یا لال تھیلا ہوتا جو اس کی بیٹی اور داماد کو بہت پسند تھا۔ یہ سب کچھ لے کر جب وہ اس کے گھر پہنچتا تو خوشی کی ایک لہر سی دوڑ جاتی۔ اور اس کا ننھا سا نواسہ اس کی گود میں چڑھ جاتا اور اس کے ہاتھ سے تھیلی چھین لیتا۔ تب جمن کو ایسا محسوس ہوتا جیسے دنیا ہی میں اسے جنت مل گئی ہو۔ اپنے چہیتوں کا خلوص اور ان کے گزرتے لمحوں کو محسوس کرتا رہتا۔

لیکن آج جیسے اُس کے دل میں کھلبلی سی مچی ہوئی تھی۔ اُس کی قوتِ فیصلہ جیسے مفلوج ہو کر رہ گئی تھی اور دماغ کسی کند چھری کی طرح زنگ آلود ہو چلا تھا۔ آخر اس کیفیت کی وجہ کیا تھی؟

محلے کی مسجد جس میں سارا گاؤں کے مسلمان نماز پڑھا کرتے تھے بہت قدیم تھی — شاید قطب شاہ کے زمانے کی — دیواروں میں جگہ جگہ شگاف پڑ چکے تھے۔ کہیں کہیں پرانے کے نشان کی طرح چونا اکھڑ چکا تھا۔ اور کئی بار تو نماز کے دوران نمازیوں کے سر پر ڈھیلے بھی گر پڑتے تھے۔ مسجد کا اندرونی حصہ لیکن تمام پانی کی جا سے ٹوٹ چکا تھا۔ دیواروں کے قوی ہیکل مٹی کے بے ربط بے ہنگم ڈھیلے پڑ رہے تھے۔ سب سے زیادہ تشویش کی بات یہ تھی کہ مسجد کا فرش جگہ جگہ گڑھے پڑ گئے تھے۔ جن میں برسات کے دنوں میں چھت سے پانی ٹپک ٹپک کر جمع ہو جاتا اور نمازیوں کے ٹخنے ڈوب جاتے۔

مسجد کی یہ حالت جمن کو برداشت نہیں تھی۔ اُس کا بس چلتا تو صرف اپنے ہی خرچ سے ساری مسجد کو آئینہ بنا دیتا۔ جب بھی وہ گاؤں کے کسی مسلمان سے بات چیت کرتا تو گفتگو کے دوران مسجد کی خستہ حالی کا ذکر ضرور کرتا۔ لوگ سنتے اور دکھ سے سر ہلا دیتے اور وقت بیت جاتا۔ کہاوت ہے — پہلے گھر میں چراغ تب مسجد میں۔

لیکن اُس دن فجر کے بعد جمن نے کچھ اس انداز سے مسجد کی کسمپرسی کا ذکر چھیڑا کہ لوگوں کے دل پگھل گئے — شاید اس کے لہجے کا والہانہ خلوص تھا جو سننے والوں کے جذبات کو جھنجھوڑ گیا۔ آن کی آن میں لوگوں نے وعدہ کر لیا کہ وہ حتی الامکان مسجد کی تعمیر کے لئے کچھ نہ کچھ ضرور دیں گے۔ اور ساتھ ہی ایک ہفتے کے اندر اندر دو ہزار روپیوں کی خطیر رقم جمع ہو ہی گئی۔

جمن کو ایسا لگا جیسے اسے جنت کی کنجی مل گئی ہو۔ یہ سوچ سوچ کر اس کا دل خوشی سے باہر ہوا جاتا تھا کہ [illegible]

اس کے سپرد کیا گیا ہے۔ اسے وہ اصل پوری طرح اب محسوس ہوا کہ گاؤں کے لوگ اُس پر کتنا اعتماد کرتے ہیں۔ لیکن دیہات میں وہ واقعہ پیش آیا جس نے اُس کا سکون چھین لیا۔

ہوا یہ کہ ایک دن جب وہ حسبِ معمول اتوار کو اپنی لڑکی کے ہاں پہنچا تو اُس نے دیکھا کہ اُس کی بیٹی اور داماد بڑے پریشان تھے۔

"کیا خیریت تو ہے؟" اس نے پسینہ پیشانی سے پونچھتے ہوئے پوچھا۔

"قاسم کہاں ہے؟" قاسم اُس کے نواسے کا نام تھا۔

"سو گیا ہے۔" اُس کی بیٹی نے جواب دیا۔

"تم لوگ پریشان کیوں ہو؟" اُس نے پیڑھی پر بیٹھ کر ٹانگیں پھیلاتے ہوئے پوچھا۔

"وہ — ذرا۔" اُس کے داماد نے منہ کھولا۔ "ذرا الجھن آ پڑی تھی۔"

"کیسی الجھن؟"

اُس کے داماد نے ایک لمحے کیلئے اُس کی بیٹی کی طرف دیکھا جیسے پوچھ رہا ہو کہوں یا نہ کہوں۔ پھر کھنکھار کر بولا۔ "ہمارے محکمے کی طرف سے کچھ دن پہلے یہ اعلان ہوا ہے کہ جو لوگ عارضی ملازم ہیں انہیں سو روپے کی ضمانت ایک ہفتے کے اندر داخل کرنی ہوگی ورنہ انہیں نکال دیا جائے گا —" وہ رُک گیا۔ پھر بولا۔ "وقت اتنا کم ہے کہ شاید ہی کہیں سے انتظام ہو سکے۔ کچھ سمجھ نہیں آتا کہ کیا کروں۔"

"واقعی! بڑی الجھن ہے۔" وہ ٹھنڈی آواز سے بولا اور سر جھکا لیا۔ — کیا کیا جا سکتا ہے؟ اُس کے داماد نے شادی کے بعد سے اب تک اس سے کوئی فرمائش اور کوئی مطالبہ نہیں کیا تھا۔ پھر اُس کا کوئی قریبی رشتہ دار بھی تو نہیں تھا کہ ایسے وقت اس کی مدد کو آگے آتا۔ کیا وہ کچھ نہیں کر سکتا اپنے داماد اور اپنی بیٹی کے لئے —؟ یہ اُن کی خوشحالی کا سوال تھا۔ نوکریاں آج کل آسانی سے نہیں مل جایا کرتیں۔ بڑے جوتے گھستے ہیں — زمین اور آسمان ایک کرنا پڑتا ہے تب کہیں جا کر نوکری لگتی ہے۔ اب یہ نوکری چھوٹ جائے تو پتہ نہیں کیسی کیسی مشکلیں برداشت کرنی پڑیں گی انہیں۔

کیا کسی طرح وہ ان کی مدد نہیں کر سکتا؟ شاید گاؤں والوں میں سے کوئی دے سکے؟ — نہیں۔ اُس کے دل نے فوراً تردید کی۔ وہاں تو سبھی فاقہ مست ہیں۔ انہیں اپنا نباہ کرنا ہی مشکل تھا۔

پھر کیا ہوگا؟ کیا وہ انہیں حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ سکتا ہے — کیا وہ اُن کی چھوٹی سی خوشگوار دنیا کو برقرار رکھنے کے لئے کچھ بھی نہیں کر سکتا؟ کیا کچھ بھی نہیں؟

"بیٹا! ایک صورت ہو سکتی ہے۔" وہ بول اُٹھا۔

"کیا؟" بیٹی اور داماد دونوں ہی ایک ساتھ پوچھ بیٹھے۔

"میرے پاس مسجد کی مرمت کیلئے کچھ گاؤں والوں کے روپے جمع ہیں۔ یہی کوئی دو سو روپے —" وہ رُک گیا جیسے کسی نے دل مسل دیا ہو۔ اُس نے کہا۔ "تم کیا کر رہے ہو؟" اس کے سوا کر بھی کیا سکتا تھا۔ "میں تمہیں وہ دے سکتا ہوں۔ لیکن تمہیں جلد ہی واپس کرنے ہوں گے۔ مسجد کی امانت ہے — لوگ کسی وقت بھی روپیہ مانگ سکتے ہیں۔"

"بس ماموں جی صرف ایک ہفتے کی مہلت دیجئے —" اُس کے داماد کے لہجے میں خوشی تھی۔ "میں کہیں نہ کہیں سے انتظام کر ہی لوں گا آپ کے روپوں کی واپسی کا —"

پھر تین دن بعد وہ چپکے سے مسجد کے روپے لے کر داماد کے حوالے کر دئے تھے۔ اُس نے پہلی بار امانت میں خیانت کی تھی۔ کسی کے کام آنا ثواب ہے اور پھر اس کا داماد تو جلد ہی رقم واپس کر دے گا۔

لیکن دن گزرتے گئے اور رقم واپس نہیں آئی۔ ہفتہ ختم ہوا۔ دوسرا، تیسرا، چوتھا — پھر دوسرا مہینہ بھی شروع ہو گیا۔ اس عرصہ میں مرمت کے سلسلے میں کچھ گاؤں والوں کی طبیعت کر بیٹھ گئی تھیں لیکن کسی کو یہ پتہ نہیں تھا کہ رقم اُن کے پاس نہیں ہے۔

اسی لئے جب کہ وہ سوچ رہا تھا [illegible] اس کا دماغ ایک دم [illegible] نہیں کر سکتا —
ورنہ [illegible] لوگوں سے وہ سب سے [illegible] خود [illegible] کر رہے تھے [illegible] گفتگو سنائی تھی جس میں اس نے چپ
سادھ لیا — لیکن تب سے وہ بیحد پریشان ہو گیا تھا۔
بیٹھے بیٹھے اس نے بے چینی سے پہلو بدلا اور [illegible] کو سر پر باندھنے لگا — اچانک باہر کسی نے اسے آواز دی:
جلدی جلدی شملہ باندھ کر وہ باہر نکلا —
«بابا» اس کے سامنے [illegible] کھڑا تھا — [illegible] کہ شام میں سیمنٹ کے لئے [illegible] صاحب آئیں گے۔
آپ [illegible] کر گھر آ جائیں — وہ چلا گیا — [illegible] اسے ایسا محسوس ہوا جیسے اس کا سارا وجود [illegible] میں بدل گیا ہو [illegible]
[illegible] نا ممکن سا لگ رہا تھا — اس نے بمشکل [illegible] سنبھالا [illegible] اندر آ گیا — [illegible]
[illegible] یہاں سے آئے؟ [illegible] کیا جواب دے گا؟ کیا اس کی برسوں کی ریاضت مٹی میں مل جائے گی؟ کیا گاؤں والوں کو اس بات پر یقین
آ جائے گا [illegible] نہیں ہوگا کہ اس نے امانت میں خیانت کی —؟ [illegible] وقت پر امانت کا واپس نہ کرنا خیانت ہی کہلاتا ہے۔ اور وہ بھی
خدا کی امانت میں خیانت! اس کی پیشانی پر [illegible] پسینے کے قطرے ابھر آئے — کیا وہ لوگوں کو [illegible] برداشت کر سکے
گا؟ وہ جس کی پاکیزگی، ایمانداری اور خدا پرستی کی مثالیں دی جاتی ہیں [illegible] پر بےعزت ہو جائے گا؟ کیا اس کی اس سفید داڑھی
پر [illegible] سنگین الزام کی سیاہی پوت جائے گی؟ وہ کانپ اٹھا اور اچانک اس کے کانوں میں سیکڑوں آوازیں چیخنے لگیں۔ «یہ دھوکا
ہے! یہ بے ایمان ہے! یہ خدا کی آڑ لے کر مخلوق کو دھوکا دیتا ہے۔» «اس نے ہمارے اعتقاد کا خون کر دیا۔ اس کے منہ پر
تھوک دو — تھوک دو!!»
«نہیں» وہ دل ہی دل میں چیخ اٹھا — تب اس کے دل میں ایک عجیب سا خیال آیا۔ اور جیسے کسی نے اسے بجلی سے چھو [illegible]
ہاں — بس اب ایک ہی صورت ہے بس ایک ہی — اس کے سوا کوئی نہیں — کوئی نہیں —
اس نے جلدی جلدی کمرے کی طرف دیکھا۔ پھر وہ کچھ ڈھونڈنے لگا۔ جلدی اس کے ہاتھ میں ایک رسّی آ گئی — اس نے اس میں
پھندا ڈالا اور چھت پر لگی شہتیر کی طرف اسے پھینک [illegible] — [illegible] دوسری طرف [illegible] باندھا اور اسے اونچا کر دیا — اس کا
دل [illegible] زور زور سے دھڑک رہا تھا جیسے [illegible] دیوار [illegible] کر باہر آ جائے گا۔ اور جسم کے لاتعداد مسامات سے پسینے کی ندیاں بہہ رہی تھیں
ایک چھوٹا سا پرانا اسٹول پھندے کے نیچے رکھ کر وہ اس پر چڑھ گیا اور پھندا گلے میں ڈالنے ہی والا تھا کہ جیسے کسی نے دل سے آواز دی
«ٹھہرو» — وہ گھبرا گیا — «تم خودکشی کر رہے ہو؟ بزدل کہیں کے [illegible] موت مرو گے؟ [illegible] برسوں کی عبادت [illegible] جہنم کا
ایندھن بن جاؤ گے — کیا یہی ہے تمہاری ساری زندگی کا حاصل!!» [illegible] اس کی آنکھوں میں [illegible] تھا۔ نہیں نہیں [illegible] نہیں!
وہ ہرگز خودکشی نہیں کرے گا ہرگز نہیں — [illegible] وہ کانپنے لگا [illegible] اچانک وہ اسٹول سے پھسل پڑا [illegible]
[illegible] فرش میں [illegible] ایک [illegible] میں [illegible] تھا۔
[illegible] اس کی [illegible] — دوسری بار [illegible] کے —
[illegible] میں [illegible] گئے۔ [illegible] کا چہرہ [illegible] داڑھی خون
سے رنگ گئی تھی — وہ بے حواس اس کی طرف لپکے —
«سُ... خدا کا ... شُ... شکر ہے۔» متّقی کی اکھڑتی اکھڑتی سانسوں نے کچھ الفاظ اگلے... «لا — ا —» وہ شاید
کلمہ پڑھنے ہی والا تھا کہ اس کی گردن ڈھلک گئی — وہ مر چکا تھا۔
[illegible] گاؤں والے [illegible] ایک [illegible] متّقی کی [illegible] اور [illegible] بات کر رہا
[illegible] اندھیرے میں [illegible] دیکھا — وہ متّقی کا [illegible] تھا — [illegible]

ویپنگ ولو

سالکؔ اسلام سندیلوی

(ویپنگ ولو ایک پہاڑی درخت کا نام ہے جس کی ٹہنیوں کی شکل آنسوؤں کی ٹپکتی لڑی جیسی ہے۔ اس کا نام اسی مناسبت سے ہے)

کس لئے روتا ہے ویپنگ ولو کا یہ شجر
کیوں بہاتا ہے یہ اشکوں کے مسلسل دھارے
ٹہنیاں جھکی ہیں یوں اشک کے قطروں کی طرح
جوڑتا رہتا ہے یہ کس لئے ٹوٹے تارے

اس کے اشکوں کا کرے کوئی بھلا کیسے شمار
جب ہیں رخسار پہ شبنم کی ہزاروں لڑیاں
اس سے کیا پوچھے کوئی موتی پرونے کا سبب
اسے ملتی نہیں جب فرصتِ فریاد و فغاں

خندۂ نور کی آغوش میں یہ رانی کھیت
بارش و رنگ میں غلطیدہ یہ وادی کی بہار
ہر طرف محوِ تبسم یہ مہکتے ہوئے پھول
لیکن اس کے رخِ نم خوردہ پہ ہے اشکوں کی قطار

اس کے رونے کا بہرحال سبب ہے کوئی
درحقیقت یہ شجر ہوتا ہے حساس بہت
غمِ انساں میں جلا کرتا ہے سینہ اس کا
غالباً اس لئے لگتی ہے اسے پیاس بہت

تشنگیٔ قلب کی کس طرح بجھائے آخر
اپنے ہی اشک یہ دن رات پیا کرتا ہے
صفتِ مژگاں یہ بہاتا ہے یہ ہر دم آنسو
روز و شب سسکیاں بھر بھر کے جیا کرتا ہے

روئے گیتی کے خط و خال سے یہ واقف ہے
دیدۂ باطنی آنکھوں میں ہیں حالاتِ جہاں
اس کی نظروں سے نہیں راز کوئی پوشیدہ
ہر طرف جنگ و جدل، آہ و بکا، شور و فغاں

اس کی آنکھوں میں ٹھہرتے ہی نہیں ہیں آنسو
غمِ انساں میں ہوا جاتا ہے کتنا بے تاب
منجمد خون کے قطرے ہیں رخِ ہستی پہ
کرۂ ارض ہے انساں کے لہو میں غرقاب

کوہ ہے تن بے سر شہیدوں کا انبار
دشت ہے خون میں ڈوبا ہوا رنگین ورق
ہر طرف مکر و ریا، بغض و حسد، شر و فساد
بھولتا جاتا ہے انسان محبت کا سبق

تہِ دنیا میں نہیں رنگِ حنا کی قیمت
کوئی مے خوار نہیں جام و سبو کا پیاسا
اس حقیقت سے ہے آگاہ یہ مغموم شجر
آج انسان ہے انساں کے لہو کا پیاسا

بہاتا ہی رہے گا دہر میں تب تک آنسو
قتل و غارت کی دکاں بند نہ ہوگی جب تک
[illegible] یہ تسبیح کے دانوں کا شمار
نسلِ آدم کی فنا کا یہ دھندہ نہ ہوگا جب تک

حامدی کاشمیری

غزل

پھولوں کو دہکتے جھونکوں سے دامانِ بیاباں جلتا ہے
احساس کے جلتے لمحوں میں یہ سارا گلستاں جلتا ہے

اب کیسے اٹھیں یہ خستہ قدم اے حسرتِ منزل کیا ہوگا
کانٹے ہیں بکھرتے انگارے راتوں کا بیاباں جلتا ہے

نیند آئے تو کیونکر آئے گی تسکین کے ساماں کیا ہوں گے
اک زخم سا انگارے کی طرح دل میں شبِ ہجراں جلتا ہے

ہم سوختہ دل پروانے ہیں کیا غم کھائیں کیوں فکر کریں
کس رنگ محل کو آگ لگی کس کا یہ شبستاں جلتا ہے

اے ٹھنڈی ہواؤ لہراؤ شبنم کی پھواروں کا آنچل
نرگس کی سلگتی آنکھوں میں خوابوں کا گلستاں جلتا ہے

اے سوزِ دروں اب دیکھنی ہے دیوانوں کا رقصِ آزادی
زنجیریں پگھلتی ہیں شب کی تاریکی کا زنداں جلتا ہے

مہتاب کی کرنوں کی ٹھنڈک ہر ذرّے کے دل کو چھوتی ہے
تخلیق کے شعلوں میں گھر کر اک تیرہ طوفاں جلتا ہے

کفیل آذر

غزل

نہ آتشِ لب و عارض نہ انتظار کی دھوپ
جلا رہی ہے ہمیں صرف روزگار کی دھوپ

ہمارے گھر کا اندھیرا ہی بس ہے ایسا کہ
نہ دیکھ پائیں گے ہم شہرِ سوگوار کی دھوپ

کبھی کبھی بڑی شدت سے یاد آتی ہے
وہ تیرے جسم کی رنگت، وہ رہگزار کی دھوپ

ہم اپنے عہد کے منصور بھی ہیں عیسیٰ بھی
ہمارے واسطے لاؤ صلیب و دار کی دھوپ

ہماری فکر کے آنگن میں اب نہ پھیلے گی
کسی کے ہجر کی ٹھنڈک، کسی کے پیار کی دھوپ

ہمارا دامنِ صد چاک دیکھنے والو
تمہیں بھی راس نہ آئی اگر بہار کی دھوپ!

یہ اور بات کہ سائے سمٹ گئے ورنہ
بہت کڑی تو نہیں تھی ترے دیار کی دھوپ

مقالہ :- کوثر چاند پوری

ایک عصر آفریں شخصیت

متوسط قد و قامت، ہلکے پھلکے مگر پھرتیلے جسم اور متناسب اعضاء کی ایک دلکش شخصیت، شیروانی اور سفید پاجامہ میں ملبوس ننگے سر سورج نکلنے سے پہلے دہلی کی کسی کشادہ سڑک پر تیز گامی کے ساتھ چلتی یقیناً کبھی آپ نے بھی دیکھی ہوگی، جس کے لمبے اور نشتے ہوئے چہرے کے خط و خال میں عزم و ہمت کی کرنیں جھلکتی نظر آتی ہیں اور لبوں پر ایک متین سی مسکراہٹ ہوتی ہے۔ کشادہ پیشانی پر ستارۂ اقبال کی روشنی ہوتی ہے اور آنکھوں میں ذہانت، بلند خیالی اور عالی ہمتی کی ملی جلی جگمگاہٹ۔ سر کے ریشمی بال ہمیشہ ایک ہی انداز سے پیچھے کی طرف الٹے رہتے ہیں اور پورا جسم سرگرمی اور تحقیق کا ایسا پیکر ہوتا ہے، جسے دیکھ کر خیال ہوتا ہے کہ برسوں کو خوابوں کے قالب میں جکڑ لیا ہے۔ اسی لئے عمل اور جد و جہد کی تصویر بن گیا ہے۔ بظاہر یہ ایک شخصیت ہے، لیکن حقیقت میں ایک تحریک، ایک انجمن اور ایک ادارہ ہے، ممکن ہے آپ نے کبھی اسے نہ دیکھا ہو مگر ناممکن ہے کہ اس کا نام آپ کے ذہن و شعور پر چھایا نہ ہو۔ حکیم عبدالحمید ایک ایسا نام ہے جو ایک عظیم، ہمہ گیر اور انسان دوست تحریک کے سمبل (Symbol) کی حیثیت سے نہ صرف ایشیا میں بلکہ یورپ میں بھی اچھی طرح جانا پہچانا جاتا ہے، اس تحریک میں ہمدرد دواخانہ سے لے کر جامعہ طبیہ، طبی کانفرنس اور انڈین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز (Indian Institute of Islamic Studies) تک شامل ہے۔

اکثر شخصیتیں تحریکوں اور اداروں کی طاقت سے روشناس ہوتی ہیں، لیکن کچھ ایسی بھی ہوتی ہیں جن سے تحریکات اور ادارے نہ صرف پہچانے جاتے ہیں بلکہ ان کی پوری تاریخ انہیں کے گرد گھومتی محسوس ہوتی ہے۔ حکیم عبدالحمید ایسی ہی عصر آفریں اور تاریخ ساز شخصیت کا نام ہے۔ اس نے نئے اور پرانے ذہن کی آمیزش سے ایک حسین سنگم بنایا ہے۔ قدیم روایات کو عصری شعور سے توانائی بخشی ہے۔

حکیم عبدالحمید صاحب ایک خاص انداز نظر کے مالک ہیں، ان کی ذات میں مغرب اور مشرق دونوں کی سچائی پوری ہم آہنگی کے ساتھ سما گئی ہے۔ دماغ میں سائنس اور نئے علوم کی چمک ہے، اور دل میں پرانا مشرق اپنی روح، تہذیب اور تاریخ کے ساتھ موجود ہے۔ ان کا نقطۂ نگاہ بیکراں وسعتوں کا حامل ہے، اس میں انسانیت کا حسن ہے، انسان دوستی کا جذبہ ہے اور ایک ایسی خلق وسیع رغبت ہے جو قوم و مذہب کا امتیاز کئے بغیر محض "انسان" کو اپنا محبوب اور مطمح نظر قرار دیتی ہے۔ اس کے لئے مسرت اور شادمانی کی جستجو کرتی ہے، وہ سب سے پہلے انسان اس کے بعد کچھ اور ہیں۔ ان سے میری پہلی ملاقات سنہ ۲۹ء اور سنہ ۳۰ء کے درمیان ہوئی تھی۔ اس وقت ان کا جسم اتنا ہلکا اور دماغ اتنا بھاری نہ تھا، جتنا اب ہے، جنوری کا مہینہ تھا، دلی کی فضا سردی کی شدت سے کانپتی محسوس ہو رہی تھی، اور پورا ماحول تاثر چاند پوری کی مثنوی "شدت سرما" کی ترجمانی کر رہا تھا، ہمدرد دواخانہ انگیٹھیوں کا سامان بنا ہوا تھا، ہر کارکن کی کرسی کے قریب لوہے کی ایک انگیٹھی رکھی تھی اور اس میں لکڑی کے کوئلے دہک رہے تھے۔ سب سے پہلے مجھے قاضی مسرت علی صاحب منیجر سے ملایا گیا، جو سر سے پاؤں تک مشرق بلکہ اسلامی کلچر کا نمونہ تھے، میں

اپنی پریکٹس کے آغاز ہی سے ہمدرد دواخانے کے نام، اُس کی شہرت اور عظمت سے متاثر تھا لیکن اُن کا ماحول سے واقف نہ تھا جو اس کی تعمیر و ترقی کے لئے ہر آن متحرک و مصروف عمل تھے۔ اس دفعہ میں نے پہلی بار ان کا لمس محسوس کیا۔

قاضی صاحب نے پوچھا

میاں حمید سے ملیں گے آپ؟

اس نام کو ادا کرتے وقت صحیح معنی میں اُن کا نطق زبان کے بوسے لے رہا تھا۔ چہرے پر عقیدت اور خلوص کے نقوش ابھر آئے تھے۔ اس زمانہ میں ہمدرد دواخانہ اتنا بڑا نہ تھا جتنا اب ہے۔ بس دہلی کا ایک دواخانہ تھا۔ فیکٹری یا کارخانے کی وسعت اس میں نہ تھی۔ ہم گیلری سے گزر کر قاضی صاحب کی قیادت میں حکیم صاحب کے کمرے میں پہنچا، جہاں متانت، خاموشی، وقار اور ڈسپلن کی ایک عجیب فضا تھی۔ حکیم صاحب کرسی پر بیٹھے تھے سامنے بڑی باقاعدہ سے سجی بڑی سی میز تھی۔ جس پر قلمدان، پیپر ویٹ، پن کشن اور دوسری چیزیں نہایت قرینے اور خوبصورتی سے سجی ہوئی تھیں۔ حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی۔ اُن کے لبوں پر بالکل ویسی ہی مسکراہٹ تھی، جیسی اب نظر آتی ہے، ہزاروں طوفان اور انقلاب آئے، سینکڑوں آندھیاں چلیں، لاکھوں زلزلے آئے انسانیت نہ جانے کہاں سے کہاں پہونچ گئی، ملک کا جغرافیہ بدل گیا۔ لیکن حکیم صاحب کی مسکراہٹ کا انداز وہی ہے۔ اس میں کوئی فرق نہ آیا۔ یہ ایک ابدی اور دائمی اخلاقی قدر کی طرح اپنی جگہ قائم ہے۔ حکیم صاحب کا انداز گفتگو نہایت میٹھا اور لہجہ آہستہ دھیما تھا کہ بعض باتیں میں سن بھی نہ سکا۔ یہ ملاقات عقیدت اور خلوص کی ایک مستقل بنیاد ثابت ہوئی اور آج جب ماہ و سال کی بہت سی گردشوں کے بعد ۱۹۹۰ء شروع ہو چکا ہے اور جنوری ہی کی برفیلی ہوائیں چل رہی ہیں اور بلا مبالغہ میں سینکڑوں مرتبہ حکیم صاحب سے مل چکا ہوں مگر ان کے اوصاف کی ابتدا اور انتہا معلوم نہیں ہو سکی، نہ کردار کی بلندی تک نگاہ پہنچ سکی۔ اُن کا دماغ جتنا بلند ہے قلب اتنا ہی دبیز ہے، اُن کی شخصیت جن پاکیزہ عناصر سے بنی ہے۔ ان میں غصہ، کم ہمتی، دون ہمتی یا انتقامی جذبہ کا ایک ذرہ تک شامل نہیں، کسی بڑی شخصیت کی تعمیر میں ان چیزوں کی گنجائش ہی نہیں ہوا کرتی۔ وہ خلوص، ہمدردی، شرافت اخلاق اور عالی ظرفی سے بنا کرتی ہے۔ حکیم صاحب بے حد مخلص، وضعدار، ایثار پیشہ اور با اصول پرست ہیں۔ لیکن اُن کا اصول پتھر کی چٹان نہیں، جس میں آہن و فولاد کی صلابت بھی ہے اور شاخ گل کی سی لچک بھی۔ جو لنکن کے خیال سے بڑے اور اہم اصول Important principles may and must be flexible (Lin-coln) کی بہترین مثال ہے۔ اُن کا اصول انسانیت سے کبھی نہیں ٹکراتا، وہ انسانیت کی فلاح کے لئے اصول بناتے ہیں اور اسی مقصد سے اس پر عمل کرتے ہیں، وہ ہر وقت سوچنا اور ہر لمحہ مصروف رہنے کے عادی ہیں۔ وہ ایسے جینیس (Genius) ہیں جن کی فہم و فراست پر فلسفیانہ غور و فکر اور تلاش و جستجو ہمیشہ چھائی رہتی ہے اور خوب سے خوب تر کے تجسس کا جذبہ کبھی چین سے بیٹھنے نہیں دیتا۔ بے حد مصروف رہنے کے باوجود وہ جھنجھلاتے نہیں۔ ایک مرتبہ وہ ڈاک دیکھ رہے تھے۔ یہ اُن کا بہت دلچسپ مشغلہ ہے۔ ایک صاحب آئے اور لگاتار سوالات کرتے چلے گئے۔ ہر سوال پر گمان ہوتا تھا کہ اب حکیم صاحب جواب نہیں دیں گے اور جھنجھلا جائیں گے، مگر وہ اپنی مخصوص مسکراہٹ کے ساتھ نہایت شگفتہ انداز میں جواب دیتے رہے، شکست سوالات کرنے والے کو ہوئی۔ اس کے پاس پوچھنے کو کوئی بات نہ رہی تو مطمئن ہو کر چلا گیا۔

حکیم صاحب ڈاک بہت تیزی سے دیکھتے ہیں، خطوط اور اخبارات کا انبار اُن کے سامنے ڈال دیا جاتا ہے۔ وہ اخبار الٹ کر دیکھتے جاتے ہیں۔ لفافے اور کارڈ پڑھنے کے بعد دوسری طرف رکھتے جاتے ہیں۔ ایک مرتبہ میں نے پوچھا۔ ڈاک بہت سرسری طور پر آپ نے دیکھی۔

جی ہاں، مگر میں ہر خط کے متعلق بتا دوں گا کہ اس میں کیا لکھا ہے۔ اُن کی ذہنی اور فکری طاقتیں قابل رشک حد تک اچھی ہیں۔ حافظہ بالکل محدثین کا سا ہے، ہر بات یاد رہتی ہے۔ تندرستی اور صحتمندی کے لحاظ سے ان کا شمار ان لوگوں میں ہو سکتا

ہے جنکو وہ گرین Ever green کہنا چاہئے

میں نے انہیں کبھی بیمار یا مضمحل نہیں دیکھا کمی سے مزاج

تبدیلیت کا وقت کا تعلیم کسی فرد چیز کبھی، یہ صحن یا کھانا پینا

معمول اور تمام سرد زمینگی اور ہلکی کھانا شریب۔ وہ صبح کو گرمی

پہلتے ہیں اور ہر موسم میں ٹھنڈے پانی سے غسل کرتے ہیں۔ حکیم بی

این غرما صاحب جنرل سکریٹری کال انڈیا طبی کانفرنس وزیل

بیرسٹرزائٹ ہمدرد پروگرام کا بیان ہے کہ چند سال قبل موسم سرما

میں حکیم صاحب اور وہ سرینگر میں مقیم تھے حکیم صاحب وہاں

بھی صبح کو ٹھنڈے پانی سے نہاتے تھے۔ سو نہایت سادہ

غذا کھاتے ہیں آل انڈیا طبی کانفرنس بمرہان پور سے واپسی کے

وقت حکیم صاحب نے ہمرہان میں میرے یہاں قیام فرمایا مولانا

سجاد صاحب اور اقبال صاحب ساتھ تھے صبح کو حکیم صاحب نے

دسمبر کی شدید سردی کے باوجود ٹھنڈے پانی سے غسل کیا

اور دوپہر کو دودھ میں صرف دو انڈے گھول کر پئے۔ دسترخوان

پر کوئی مرغ مسلم کا ذکر حکیم صاحب کی اس بے نیازی کا شکوہ ہی

کرتی رہی حکیم صاحب اور حفظان صحت کا ایک مکمل نمونہ ہیں

پھلوں میں انہیں سنترے سے دلچسپی ہے سنترہ سردی کے موسم

میں بھی وہ استعمال کرتے ہیں۔ میں ہمدرد دواخانہ کا مستقل مہمان

ہوں یہی وجہ ہے کہ دہلی ایسے بڑے شہر کے ہوٹلوں کی فضا سے

ہمیشہ دور رہتا ہوں بہت دن پہلے جب حکیم صاحب نے دوپہر

کا کھانا ترک نہیں کیا تھا۔ مجھے دونوں وقت ان کے ساتھ کھانے

کا موقع ملتا تھا۔ فرش پر دسترخوان بچھا کر کھانا چن دیا جاتا اور کھانے

والے جن میں حکیم سعید صاحب اور حکیم محمد نبی صاحب مرحوم بھی

ہوتے تھے سب لوگ دسترخوان کے چاروں طرف بیٹھ جاتے اور پیالے

دسترخوان میں الٹ کر رکھ کر سب حکیم صاحب کے سامنے رکھ دی

جاتیں اور وہ گرم گرم چپاتیاں سب کو دیتے جاتے اور دوسرے

ڈونگے ڈھکے رکھے رہتے تاکہ ہر چیز ضرورت کے مطابق کھائی

جاتی رہے۔ شام کے وقت دسترخوان پر پھلوں کا موجود رہنا ضروری تھا

سنترے، سیب، موسمی، اور کیلے کافی تعداد میں آتے، رات کے

کھانے میں کبھی مہمانوں کی تعداد کا اضافہ ہو جاتا، اور پھلوں کی جگہ

متعدد قسم کی مٹھائیاں آتیں، اس وقت حکیم صاحب ایک انگریز

کی طرح جیسے ہزار داستان بن جاتے، وہ باتیں کرتے ہنستے

اور بذلہ سنجی کے موڈ میں ہوتے، تقسیم کے بعد دسترخوان پر مولانا

سجاد صاحب کا ساتھ ہونے لگا۔ ان کی کم خوراکی اور عالمانہ گفتگو

سے قطع نظر مہمان کا وہ عمل جہانگیری بہت زیادہ پسند ہے

جو وہ کھانے کے ساتھ کرنے کے عادی ہیں اور ساتھ کھانے والے

دیکھتے رہ جاتے ہیں حکیم صاحب کے متعلق کسی طرح یہ پتہ نہیں چل سکا

کہ انہیں کون سا کھانا پسند ہے اب تک دسترخوان کے بعد محفلوں میں

ان کا دوسرا پسندیدہ پھل دریافت ہو سکا یعنی شریفہ۔ اب

حکیم صاحب دوپہر کا کھانا چھوڑ چکے ہیں۔ دہلی کے دوران قیام

میں صرف رات کے کھانے پر ہی اجتماع ہوتا ہے جو بڑی دلچسپ

ثابت ہوتا ہے۔ ایک مرتبہ مولانا عبدالرزاق صاحب ملیح آبادی

مرحوم کا ساتھ ہوا، نہایت خوش گو، سرخ و سفید اور تندرست

انسان تھے۔ دیر تک ان کے ریشمی محاورات پر گفتگو رہی،

ایکدم حکیم صاحب نے مجھ سے سوال کیا۔

آپ کی رائے میں مولانا کی عمر کیا ہوگی ؟

میں نے مطلب سمجھ کر جواب دیا۔

میں تو جب سے پیدا ہوا ہوں مولانا کی تخلیقات پڑھ رہا ہوں

اس لحاظ سے، مولانا کسی طرح نوے برس سے کم کے نہیں ہونگے

مولانا کے تیور بگڑ گئے، ایک تیکھی نظر سے مجھے دیکھا لیکن ان کی

نگاہوں کی تلخی، قہقہوں کی شعاعوں میں گھل کر رہ گئی

دہلی کے اکثر ارباب علم سے حکیم صاحب کے گہرے روابط

ہو گئے ہیں، غالب، آزاد، کمبھانی اور شیفتہ کا شہر دہلی اب

دہلی میں حکیم صاحب کی ذات علم اور ادب سے شیفتگی

رکھنے والوں کے لئے مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔

کھانے کی چیزوں کے سلسلے میں حکیم صاحب کے اشارات

نہایت بلیغ ہوتے ہیں۔ ایک مرتبہ فرمایا

"مولانا آپ نے کوثر صاحب کو آئس کریم نہیں کھلائی ؟

اور مولانا نے نہایت ذوق و شوق کے ساتھ نئی دہلی کے مشہور ہوٹل

"وینگر" کے منیجر کو فون کیا، وہاں سے تھرماس میں بہترین

قسم کی آئس کریم (Three in one) آئی

ارباب دہلی کی مہمان نوازی ہمیشہ ضرب المثل رہی ہے، حکیم

صاحب تواضع اور مہمان نوازی میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں ہندوستان کی نامور علمی اور ادبی شخصیتیں آپ ہی کے یہاں مہمان ہوتی ہیں، علامہ نیاز فتحپوری کا قیام بھی دواخانہ میں رہتا تھا، اور میں تقسیم کے بہت پہلے سے دواخانہ ہی کا مہمان رہتا ہوں، اندرونی منزل قیام گاہیں بدلتی رہتی ہیں، کیونکہ آئے دن دواخانہ میں کوئی نہ کوئی جدید عمارت بن جاتی ہے، مگر مرکز ایک ہی رہتا ہے،

ایک بار میں [illegible] کے ساتھ دہلی گیا حکیم صاحب نے اپنے پرانے محلہ میں میرے لئے مکان خالی کرا دیا، جہاں ضرورت کی ہر چیز مہیا تھی، کھانا اور ناشتہ ٹھیک وقت پر پہنچ جاتا تھا، اس کے بعد جب میں دہلی جاتا اور دواخانہ کے مہمان خانہ میں ٹھہرتا تو شیخ ابن حسن صاحب چاندپوری کی ڈیوٹی لگ جاتی کہ میرے ناشتے وغیرہ کا انتظام کریں، ابن حسن مرحوم قائم چاندپوری کے پرپوتے تھے اور [illegible] کے فسادات میں قتل ہو گئے۔

حکیم سعید صاحب کی شادی میں جانے کا اتفاق ہوا، تو دریا گنج والی کوٹھی میں قیام ہوا جو ایک خوبصورت اور پرفضا باغ میں واقع تھی زمانہ [illegible] ہی کا تھا صبح کا خوشگوار، نقرئی دھوپ میں بیٹھ کر دیوانِ غالب پڑھتیں موجیں مرزا بیدل کے اشعار گنگناتی محسوس ہوتیں اس وقت میں سمجھا کہ مرزا بیدل نے پہلے متھرا میں اور پھر دہلی میں سکونت جمنا کے کنارے کیوں گھر بنانا پسند کیا تھا، در اصل گنگا اور جمنا دونوں ہندوستان کی جمالیاتی تصویر کا ایک ایسا آئینہ ہیں جس میں فطرت اپنی پوری خوبصورتی اور جمال ساماں کے ساتھ صاف نظر آتی ہے یہی وجہ ہے کہ دہلی میں ساحلِ جمنا پر مرزا بیدل ابدی نیند سو رہے ہیں اور بنارس میں حزیں آسودۂ خواب ہیں۔

سعید صاحب کی شادی کے انتظامات نہایت شاندار تھے جن میں ملک کے ہندو اور مسلمان معززین کثرت سے مدعو تھے اور قاضی [illegible] صاحب مسیح الملک حکیم اجمل خاں کو بھی [illegible] سے آئے تھے جن کی نازک مزاجی مشہور تھی، قاضی صاحب

انھیں لانے کا اہتمام کیا جس انداز سے ذکر فرمایا اس کا پورا عکس اس شعر میں موجود ہے

لائے اُس بت کو التجا کر کے
کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے

عام طور پر شہر کے چہروں پر مسرت کے آثار تھے۔ وہ حکیم صاحب کی خوشی کو اپنی خوشی سمجھ کر مسرور ہو رہے تھے اور میں دیکھ رہا تھا کہ انھیں دار السلطنت دہلی کے دونوں طبقوں میں وہی مقبولیت حاصل ہے جو کسی زمانہ میں حکیم اجمل خاں مرحوم کا طرۂ امتیاز تھی۔ علامہ تاثر یاکیفی اور مولانا عبد الحق مرحوم سے اسی اجتماع میں میری ملاقات ہوئی تھی۔

ایک اور روح افزا منظر بھی دیکھنے میں آیا تھا، لوگ کرسیوں پر بیٹھے ہوئے تھے، دفعتاً نواب سراج الدین احمد خاں سائل یادگار داغ دہلوی کے تشریف لانے کی اطلاع ہوئی اُس زمانہ میں وہ معذور ہو چکے تھے رکشا میں بیٹھ کر آئے تھے، سر پر زریں ٹوپی تھی، رنگ بہت کھلا ہوا تھا اور جہاں تک مجھے یاد ہے اس میں ہلکی سرخی کی جھلک رہتی تھی، لوگوں نے رکشا کو گھیر لیا حکیم صاحب نے بھی قریب پہنچ کر سلام کیا، سائل صاحب نے ایک ہاتھ اُن کی گردن میں حمائل کر دیا اور نہایت خوش الحانی کے ساتھ تہنیت کا قطعہ پڑھا۔

یہ سب تقسیم سے پہلے کے واقعات ہیں، [illegible] میں دس بارہ ہمراہیوں کے ساتھ دہلی جانے کا اتفاق ہوا، میں [illegible] کی شادی میں چاند پور جا رہا تھا اُن کے متعدد احباب بھی تھے ایک رات ٹھہرنا تھا، قیام کے انتظامات [illegible] خانہ میں ہوئے اس روز گوشت کی ہڑتال تھی آٹھ دس مرغ منگائے گئے اور بڑے اہتمام سے کھانا کھلایا گیا۔

ہمدرد دواخانہ کی تاریخ ارتقا کا ہر باب حکیم عبد الحمید صاحب کی فکر جوان اور جہد [illegible] کے عنوان سے شروع ہوتا ہے انھوں نے بہت [illegible] کا اہتمام سنبھالا تھا اور [illegible] کی نگرانی میں آغاز کیا تھا [illegible]

بھی کئے ہیں جب منزل کے نشانات تقریباً محو ہو گئے اور منظر تک سراب کچھ دھندلکوں کے سوا کوئی چیز نہ رہا، رہبری کے لئے کوئی نقش پا تک باقی نہ رہا لیکن حکیم صاحب نے اپنی ہمت اور عزم کی بیکراں صلاحیتوں ہی کو رہنما بنایا اور آپ ہی خضر راہ بن کر منزل کی جانب گامزن رہے اگر ان مشکلات میں وہ حوصلہ اور استقلال کھو بیٹھتے تو دواخانہ کا وہ آبگینہ جو نفیس وراثت میں ملا تھا چکنا چور ہو جاتا اور سمندر کی ایک کان بن کر آزاد ہندوستانیوں کی قومی ملکیت میں آتا۔ حکیم صاحب نے برسر کار آتے ہی دیانت، سچائی اور ایثار و مذاق کی جو راہیں جاری کیں۔ انہیں اوصاف کو اپنے لئے مشعل راہ بنایا، طب قدیم کی تمام بنیادی خصوصیات کو برقرار رکھتے ہوئے انہوں نے ایک نئے جادے پر نئی منزل کی جانب پیش قدمی شروع کی اور اپنے دماغ کی تمام گرہیں سائنس اور نئے علوم کے لئے کھول دیں۔ ریسرچ اور دوا سازی کے اعلیٰ انتظامات کئے، نئے آلات، اور جدید کار مشینوں کو استعمال کیا، آہستہ آہستہ یہ بندوبست بھی کیا کہ تیاری کے دوران دواؤں کو ہاتھ نہ لگنے پائے ریسرچ کا شعبہ قائم کر کے دیسی ادویہ کی اہمیت اور افادیت کو افسانوی دھندلکوں سے نکال کر ٹھوس حقیقت میں تبدیل کر دیا۔ پیکنگ کے معیار کو بلند کر کے یورپی ادویہ کے برابر کر دیا۔ یہ ترقی صرف فن یا دواخانہ کی نہیں، بلکہ اس آزاد ہندوستان کی بھی ہے جو ابتدا سے علوم و فنون کا مرکز رہا ہے اور جس کے فنی سپوتوں نے بغداد کی اسلامی حکومت سے بھی خراج تحسین حاصل کیا ہے حکیم صاحب نے جس عزم اور حوصلے سے یہ سب کچھ کیا اور جس جانبازی و جوش سے وہ دواخانہ کے گہنائے ہوئے آفتاب کو ترقی کے نصف النہار تک لائے ہیں، اسے توفیق الٰہی کے علاوہ اور کسی نام سے موسوم نہیں کیا جا سکتا۔ ہمدرد دواخانہ جو شہر کے ایک گنجان علاقہ میں واقع ہے، ابتدا ہر ایک چھوٹی سی چیز نظر آتا ہے مگر حقیقت کہ یہ نقطہ پھیلتے پھیلتے بہت بڑا دائرہ بن گیا ہے یہ انہیں کو معلوم ہوتی ہے جو اندر ہی اندر دور تک پہنچ گئے ہیں۔ اس سلسلہ حالات کو غور سے دیکھئے ہمدرد دواخانہ کے مختلف شعبوں کو اپنی آغوش میں لئے ہیں کہیں شعبوں میں دوائیں پکائی جا رہی ہیں، کہیں آپ ہی آپ شربت بوتلوں میں بھرا جا رہا ہے، کہیں پیکنگ کا کارخانہ قائم ہے اور کہیں بوتلیں دھونے کا انتظام ہے ایک ایسی کارگہ شیشہ گری تیار ہوئی ہے جس کی وسعت کو دیکھ کر آدمی دریائے حیرت میں غرق ہو جاتا ہے۔ ملک اور بیرون ملک کے سربراہ، مفکر اور دانشور دوا کے سائنٹیفک انتظامات کو دیکھ کر حیران رہ جاتے ہیں، انہیں اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ ہندوستان انسانی فلاح و بہبود کے راستوں پر بھی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے حکیم صاحب کی مصروفیں نہایت گونا گوں اور اہم قسم کی ہیں، ان کے وقت کا بڑا حصہ ان مشغولیتوں میں صرف ہوتا ہے صبح سویرے بیدار ہو کر وہ اخبارات دیکھتے ہیں، خاص موضوعات سے متعلق اخبارات اور رسائل سے تراشے لیتے ہیں، پھر اپنے ہاتھ سے الگ الگ فائلوں میں چسپاں کرتے ہیں اس طرح بیشمار ادبی علمی اور مجلسی عنوانات پر ایک عمدہ اثاثہ کتاب کا مواد جمع ہو جاتا ہے جس کو سامنے رکھ کر نہایت معلوماتی تصنیف پیش کی جا سکتی ہے میں نے ان قیمتی فائلوں کو دیکھا ہے ایک فائل صرف طب ہی پر تھا جس میں نہایت بیش قیمت معلومات جمع کی گئی تھیں جن اخبارات اور رسائل سے تراشے حاصل کئے جاتے ہیں وہ زیادہ تر عربی، فارسی، انگریزی اور اردو کے ہوتے ہیں ٹھیک ۹ بجے حکیم صاحب مطب میں آ جاتے ہیں جو ہندوستانی اطباء کے لئے مینارۂ نور کی حیثیت رکھتا ہے مریضوں کا اژدحام ہوتا ہے کہ دیکھ کر تعجب ہوتا ہے، ہندوستان کے ہر صوبے سے آئے ہوئے بیمار موجود ہوتے ہیں ایک ایک مریض ان کے سامنے پیش ہوتا ہے اور وہ اس کا نہایت گہرا طبی معائنہ کرتے ہیں، تشخیص میں جدید ذرائع سے بھی کام لیا جاتا ہے ایکسرے تھوک، خون، اسٹول اور یورین وغیرہ کی رپورٹیں دیکھی جاتی ہیں ایک بجے کے بعد تک یہ سلسلہ جاری رہتا ہے پھر حکیم صاحب لیبارٹری اور دواخانہ کے دوسرے شعبوں کی نگرانی کے فرائض انجام دیتے ہیں اس کے بعد تصنیف و تالیف کے مشاغل یا اسکیمیں بنانے میں منہمک ہو جاتے ہیں، اور کوئی اس انہماک میں مخل نہیں ہو سکتا دروازہ بند ہو جاتا ہے یا اس پر چپراسی کھڑا رہتا ہے

— اُن کی یہ عملی مصروفیت کسی طرح ایک فلسفی کی محویت اور خود فراموشی سے کم نہیں ہوتی۔ اتفاق سے ایک مرتبہ میں نے اسوقت ان سے ملنے کی اجازت چاہی اور میرا کارڈ حکیم صاحب تک پہونچا دیا گیا۔ انھوں نے مجھے بلا بھی لیا لیکن پہونچا تو وہ کسی مسئلہ کی تلاش میں اس قدر محو تھے کہ دیر تک میرے آنے کی خبر نہ ہوئی۔ میں نے دانستہ ان کے استغراق میں دراندازی نہیں کی اور خاموش بیٹھ کر ان کی فلسفیانہ تحقیق و جستجو کے اس منظر کو دیکھتا رہا۔ کئی منٹ تک یہی عالم رہا آخر میرے اوپر نظر پڑ گئی اور چونک سے گئے۔ حکیم صاحب گیارہ بجے رات تک اسی طرح کاموں میں مصروف رہتے ہیں۔ ان کے سونے کو مسہری نہیں ہے، نرم و گرم گدے بھی نہیں بلکہ وہ تخت پر ایک معمولی گدا بچھا کر سوتے ہیں۔ مطالعے سے حکیم صاحب کو بیحد شغف ہے۔ ان کی لائبریری نہ صرف دہلی بلکہ ایشیا بھر کی بہترین لائبریری کا ہے وہ نفسیات سے بہت ذوق رکھتے ہیں اور اپنی نفسیاتی مہارت سے علاج معالجہ میں کام لیتے ہیں۔ ایثار و قربانی کا جذبہ ان کے خمیر میں شامل ہے۔ دواخانہ کو وقف کر کے انھوں نے قومی جائداد میں منتقل کر دیا اور پانچ لاکھ سے زائد کی ذاتی جائداد انڈین اکنامی ٹرسٹ آف اسلامک اسٹڈیز کو دیدی ہے۔ دواخانہ کے ہزاروں ملازمین سے ان کا سلوک ایک مربّی اور سرپرست کا سا ہے۔ ان کے لئے وہ ہر ایثار کے لئے آمادہ رہتے ہیں۔ بونس بڑی باقاعدگی سے تقسیم کیا جاتا ہے۔ تدریجی ترقی دی جاتی ہے، ملازمین کی علمی اور ذہنی ترقی نیز جسمانی صحت پر پوری توجہ کی جاتی ہے۔ تفریحی مشاغل کے لئے بھی رقم مخصوص کی جاتی ہے۔ انصاف، مساوات، اور ملازمت کے استقلال کی ضمانت دی جاتی ہے۔ دواخانہ کے وابستگان حکیم صاحب سے سچی عقیدت اور محبت رکھتے ہیں اور ان کے اخلاق انسانی اوصاف کی تقلید کرتے ہیں، اسی لئے ان کے اندر کوئی معاندانہ چشمک یا گروہی رجحان موجود نہیں وہ ٹیم اسپرٹ — Team Spirit — سے ایک ساتھ کام کرتے ہیں اور برادرانہ انداز سے مل جل کر دواخانہ کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔

حکیم صاحب ادب کا نہایت پاکیزہ ذوق رکھتے ہیں اس کی جھلک دواخانہ کی تمام مطبوعات میں نظر آتی ہے۔ کوئی پمفلٹ، فہرست یا اشتہار ایسا نہیں ہوتا جس میں فنی حقائق کو ادبی ڈھنگ سے ادبی زبان میں نہ پیش کیا جاتا ہو۔ حکیم صاحب کے ادبی ذوق ہی کا نتیجہ ہے کہ دواخانہ میں متعدد صاحب طرز ادیب اور شاعر موجود ہیں جو ہندوستان گیر شہرت رکھتے ہیں۔ حکیم صاحب تصنیف و تالیف سے بھی دلچسپی رکھتے ہیں، ان کی متعدد تصانیف چھپ چکی ہیں جو مواد اور موضوع کی اہمیت نیز اسلوب بیان کی انفرادیت کے اعتبار سے نہایت ممتاز ہیں۔ آل انڈیا طبی کانفرنس کے صدر کی حیثیت سے ان کے جو خطبات صدارت شائع ہوئے ہیں ان میں جہاں ایک ہوشمند ذہن اور ترقی پسند طبیب کی نظر کارفرما ہے، وہاں مختلف ہنگامی مسائل کا احاطہ کرنے اور انھیں پیش کرنے کے انداز میں ایک اچھے فن کار اور دانشور کی فنی چابکدستی بھی جھلکتی ہے۔ مقالات کو عوام کے سامنے پڑھتے وقت تو خطیب اور مقرر کا لب و لہجہ بنا لیتے ہیں جس کی دلکشی سامعین کو مسحور کر دیتی ہے۔ موقت رسائل کی ترتیب اور ادارت کا وہ بہت ہی اچھا سلیقہ رکھتے ہیں۔ ایک زمانہ میں ہمدرد صحت کی تدوین اول سے آخر تک خود ہی کیا کرتے تھے پھر یہ ذمہ داری سعید صاحب کے سپرد کر دی گئی۔ دواخانہ کی ترقی کے ساتھ ساتھ حکیم صاحب کی دماغی مصروفیت بہت بڑھ گئی۔ پھر بھی ہمدرد صحت کی ترتیب کا زیادہ بار انھوں نے خود ہی سنبھالا۔ ہمدرد اخبار بھی انھیں کی رہنمائی میں نکل رہا ہے۔

حکیم عبدالحمید صاحب انسان کی تربیت اور ذہنی نشوونما میں بڑی مہارت رکھتے ہیں۔ وہ ایک اچھے آرٹسٹ کے مانند دماغ کے سادہ صفحات پر نقش و نگار بنانے کی قدرت و صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کا طالب علم زندگی کے کسی امتحان میں ناکام نہیں ہوتا۔ وہ ایسے جوہر قابل موجود ہیں جو حکیم صاحب کے فیض تربیت سے کامیاب ترین انسانوں میں شمار ہو سکتے ہیں۔ ایک خود ان کے چھوٹے بھائی حکیم حافظ محمد سعید صاحب جو انھیں کے ہم رتبہ ہیں۔ شہرت، قابلیت اور صداقت کی اسی

۔ اسی بلندی پر فائز ہیں جو حکیم صاحب کے حصہ میں آئی ہے۔ سعید صاحب کراچی میں اسی ہمدرد کا ادارہ انتظام سے چلاتے ہیں اور تمام ادارے انہیں حکیم عبدالحمید صاحب کا عکس کہتے ہیں۔ خود حکیم صاحب کو اپنے اس شاہکار پر ناز ہے۔ انھوں نے زبان سے کبھی اس کا اظہار نہیں کیا، لیکن جب میاں سعید کا نام زبان سے ادا ہوتا ہے تو آنکھوں میں فخر و مسرت کی چمک نمایاں ہو جاتی ہے۔ سعید صاحب بھی اپنے بڑے بھائی سے عقیدت آمیز محبت رکھتے ہیں۔ اپریل ۱۹۶۰ء میں مجھے کراچی جانے کا اتفاق ہوا تھا قیام ہمدرد دواخانے ہی میں آرام باغ روڈ پر تھا۔ ایک روز سعید صاحب نے ناظم آباد کی فیکٹری کی سیر کرائی اور اس کے تمام شعبے دکھائے ہر فن کے اس عظیم و مرتب ادارہ میں جگہ جگہ بالکل نئی ہر چیز کو دیکھ کر سوچ رہا تھا کہ ان دونوں بھائیوں میں دراصل بڑا کون ہے۔ کس دماغ کی جدت اور عقل و شعور کا جواب ایک ہر شعبہ پیش کرتا تھا۔ میں ایک جانب معجون کا قوام ملوں سے گزر کر چاندی کے مانند چمکتے ہوئے ورق دار پر خود بخود بنتا چلا جاتا تھا اور آپ ہی آپ اس کی گیند بنتی جاتی تھی۔ دوسری طرف روح افزا کی بوتلیں خود بخود رقص کرتی تھیں ان پر لیبل چسپاں کئے جا رہے تھے ایک حصہ میں ایک عجیب کار مشین ترازو کا کام انجام دے رہی تھی وہ ادویات کو پوری تول کر ڈبیوں میں ڈالتی اور ڈبیاں نکالنے کے بعد پھینکتا الگ پھینک دیتی تھی۔ یہ سب مشینیں جرمن سائنس دانوں کی دانشوری کا جیتا جاگتا ثبوت تھیں اور انھیں کے مشورے سے جرمن فرم کی بنی ہوئی جو ہمدرد فاؤنڈیشن نے در آمد کی گئی تھیں جنہیں سعید نے بہت دیر سوچ کر لیا۔

ان سب چیزوں کا کریڈٹ بڑے حکیم صاحب کو پہنچتا ہے کہ انھوں نے آپ کی اتنی اچھی تربیت کی۔ سعید صاحب نے بڑی سعادت مندی کے ساتھ اعتراف کیا۔

بیشک! ۔۔۔ یہ سب بھائی جان ہی کی تعلیم کا کرشمہ ہے دوسرے خوش نصیب الحاج عبدالمجید صاحب ہیں جو انہیں (افسوس کہ اب الحاج عبدالمجید صاحب اس دنیا میں نہیں ہیں ۱۹۶۵ء میں ان کا انتقال ہو گیا) جو ادارے میں حکیم عبدالحمید کے اکاؤنٹنٹ مقرر ہوئے تھے اور حکیم صاحب کی نگرانی میں ان کا کام بہت اچھا رہا کا بہترین نمونہ ثابت ہوا حکیم محمد یحییٰ صاحب مرحوم کے کراچی چلے جانے پر ان کی جگہ پر مقرر ہوئے اور ایڈمنسٹریٹر کی حیثیت سے اس ادارے کا انتظام سنبھالا جس کی فروخت ایک کروڑ سے زیادہ ہے اور جو صرف اشتہارات پر ایک لاکھ سے زیادہ کا صرفہ کر رہا ہے۔

حکیم صاحب ہر جگہ کے لئے ایک موزوں آدمی کا انتخاب کرتے ہیں ان کی نگاہ انتخاب سے بمشکل غلطی ہوتی ہے۔

ایک مرتبہ حکیم صاحب نے ایک ملازم رکھا جس نے ان کی گھڑی چرائی۔ چوری کا الزام ثابت ہو گیا۔ مولانا مجاہد صاحب کا بیان ہے کہ حکیم صاحب کو اسی دن خفا ہوتے دیکھا گیا۔ برہمی اس لئے نہیں تھی کہ گھڑی چوری ہو گئی تھی اور اس سے کوئی مالی نقصان ہوا تھا۔ اس خفگی کا رخ چوری کرنے والے کی طرف بھی نہیں تھا۔ غصہ حکیم صاحب کو اپنے اوپر آ رہا تھا۔ وجہ یہ تھی کہ دواخانہ میں جس کی بنیاد ہی تقویٰ و دیانت پر ہے ایسے آدمی کو ملازم ہی کیوں رکھا گیا، اور پھر یہ انتخاب غلط کیوں ہوا ۔۔۔۔ اور کیوں نگاہ انتخاب کی عصمت کو خطرہ لاحق ہوا۔ اور میں سوچتا ہوں کہ یہ انتخاب بجا صحیح ہو جاتا، تو حکیم صاحب کی شخصیت پر لکھا ہوا یہ مضمون لفظی اعتبار سے بالکل ناقص رہ جاتا۔ ان کی شخصیت پر محاسن کا غازہ قدرت نے اس طرح ملا ہے کہ معائب کا سلسلہ ہر طرف سے ڈھک گیا ہے، بلکہ معدوم ہو گیا ہے۔

اب مجھے دو باتیں اور کہنی ہیں۔ ایک تو یہ کہ حکیم صاحب ہر قصور معاف کر سکتے ہیں۔ لیکن بد عملی کے جرم کو کبھی نہیں بخشتے۔ دوسرے یہ کہ شدید اور لگاتار مصروفیت کی تھکن اتارنے کے لئے وہ ہمیشہ سے تفریح منانے کے عادی ہیں۔ پہلے ہر اتوار کو مہرولی قطب صاحب یا کسی اور جگہ سیر و شام کی سیر ہوا کرتی تھی، شام کا کھانا بھی وہیں کھایا جاتا تھا۔ میں کئی بار تفریحی پروگرام میں ساتھ رہا ہوں بعض اوقات دہلی سے دور کسی جگہ چلے جاتے ہیں، میلوں پیدل چلتے ہیں اور شکار بھی کھیلتے ہیں۔ مگر بندوق پر وہ قدرت نہیں جو فن اور قلم پر ہے۔

یہ مضمون جنوری ۱۹۶۴ء میں طاہر صدیقی صاحب ایڈیٹر ہمدرد اخبار دہلی کی فرمائش پر لکھا گیا تھا وہ اس وقت کوئی کتاب مرتب کر رہے تھے کتاب ابھی تک شائع نہیں ہو سکی۔ میں نے باصرار موصوف سے یہ مضمون واپس لے لیا۔

کوثر چاندپوری

شہباد حمید

ہملیٹ

(بورس پاسترناک کی ایک نظم کا عکسِ لطیف)

وہ شور و غل
وہی ہنگامہ تھم گیا آخر!
ہر ایک سمت ہیں گو چھائی سکوت کے سائے
کبھی مگر ابھی سے فرصتِ تماشہ گاہِ حیات
وہیں خروش اٹھتا ہے بازگشتِ صدا!

تماشہ گاہ میں آہستگی سے چلتا ہوا
(شیدا ہو کہ اُٹھیں پُرسکوت کے پیکر)
تماشہ گاہ کے اسٹیج پر میں آتا ہوں!
اور اک کواڑ کی چوکھٹ پہ ساکت و صامت
خلا میں دُور بھٹکتی ہوئی صداؤں سے
جدید عہد کے بارے میں سوچتا ہوں میں
کبھی یہ فکر لگا جانے اس جگہ کیا ہو؟
کبھی یہ سوچ کہ انجام میرا کیا ہوگا؟
اُمید و بیم کی حالت میں ہے تجسس بھی
وہ بازگشتہ پکاریں کہ دُور ہوتی ہیں!

یہ تیرگیٔ شبِ تار آج میری طرف
بغور دیکھ رہی ہے ہزار آنکھوں سے
وہ دیدار مناظر بھی تک رہے ہیں مجھے
تماشہ گاہ کے موٹے دبیز شیشوں سے

مرے پدر!
مرے ابّا! جو ایسا ممکن ہو!
نوشتِ لوحِ مقدر کبھی بدل جائے
جو پیش آنی ہے اُن سے وہ گھڑی ٹل جائے
تو پھر تو اس بزمِ ہستی کے تلخ ساغر کو
مرے وجودِ طلب سے گزر ہی جانے دے

یہ تارِ وپود طلب کا بکھر ہی جانے دے

تری مشیتِ جابر کا پاس ہے مجھ کو
سرِ نیاز جھکائے ارضا و رغبت سے
ترے دیئے ہوئے کردار کو نبھاؤں گا
مگر اب اے ابّا! التجا ہے معاف ہو جا
کہ سرِ وقت کی نیرنگیوں سے ہوتی ہے
تماشہ گاہ کے اسٹیج پر نئی تشکیل
ہر ایک شے سے ٹپکتی ہے اجنبیت سی
ہر اک بساطِ کہن بھی تو ہو گئی تبدیل!
نہ وہ کہانی ہے باقی نہ وہ رہے کردار
وہ بازگشتِ صدائیں بھی ہو گئیں تحلیل

تو صرف اس لیے مجھ کو یہ سعادت دے
کہ سوزِ دل سے جلا لوں نئے چراغوں کو
خدنگ آشنا پھر کر لوں دل کے داغوں کو

یا پھر کہ مکمل ہے اس کا ہر سرا ایک
اور اختتام سے ممکن نہیں ہے راہِ فرار
یہاں بھول اب بھی
میں بے آسرا و تنِ تنہا
ہر ایک شے کو سمجھتا فریبیوں کا نفاق
ہماری طلب و حصول ہے تیرا ایسا
دیارِ قربت سے بسر و جو اب گزرتا ہے
پھر اس قدر نہیں آساں کہ جس قدر سا لگے
کسی بساطِ چمن زار سے گزرتا ہے

۱؎ یہ آخری دو مصرعے ایک روسی کہاوت کا مفہوم ادا کر رہے ہیں [illegible]

شہاب جعفری

پرانے انسان کی کتھا

پرانے موسموں کی آواز — کمار پاشی

میرے ہمعصروں میں کمار پاشی میرے چند پسندیدہ شاعروں میں ہیں۔ ان شاعروں میں نئی شاعری کے دو نئے علمبردار شاعروں کے مجموعے منظرِ عام پر آئے ہیں۔ ایک میرے دوست کا مجموعہ "اسمِ اعظم" اور دوسرا کمار پاشی کا مجموعہ "پرانے موسموں کی آواز"۔ جب نئی نسل یا نئی شاعری کی بات آتی ہے تو خواہ مخواہ اُس تقابل کا اعادہ کرنے کو جی چاہتا ہے جو گزشتہ نسل اور گزشتہ شاعری سے ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دونوں عہدوں کی شاعری میں بنیادی اقدار کا فرق ہے اور پڑھنے والا اس فرق کو سمجھے بغیر نئی شاعری سے پورے طور پر لطف اندوز نہیں ہو سکتا۔

سردار جعفری نے اپنی ایک تقریر اور ایک شائع شدہ انٹرویو میں بھی نئی نسل اور پرانی نسل کے امتیاز کو تسلیم نہیں کیا ہے۔ انھوں نے اس کا تعین شاعر کی عمر اور اس کے زمانۂ شہرت سے کیا اور فراق گورکھپوری اور اختر الایمان کی مثالیں دی ہیں کہ یہ شاعر، جن میں ایک ان سے عمر میں بڑا اور دوسرا اُن کا ہمعصر ہے، بہت بعد میں مشہور ہوئے۔ اختر الایمان اُن کے ہمعصر ہیں، لیکن اُن کو نئی نسل میں گنا گیا۔ سردار جعفری دو نسلوں کے امتیاز کو ختم کرنے میں یہ بھول گئے کہ نئی اور پرانی شاعری کا تعلق شاعر کی عمر سے نہیں، شاعری کی بنیادی اقدار، تصورِ حیات میں اختلاف اور دو رجحانوں کے فرق سے ہے۔ فراق یا اختر الایمان اس لئے جدید نسل سے تعلق رکھتے ہیں کہ وہ جدید ذہن سے قریب ہیں۔ اُن کی وہ آوازیں جو ترقی پسند تحریک کے زمانۂ عروج اور اس کے خروش و خطابت کے شور میں دبی دبی سی تھیں۔ آج اپنے اظہار کا مناسب زمانہ پاکر نمایاں ہو گئیں۔ ان آوازوں کو گوشِ سماعت ہمارے عہد نے عطا کیا۔

نئی شاعری کے لئے، جن حالات نے فضا تیار کی، اس کا تفصیلی ذکر میں اپنے ایک مضمون "جدید ادب" میں کر چکا ہوں۔ ظاہر ہے اس مختصر سے تعارف میں اُن کا اعادہ نہ تو ممکن ہے نہ اس کا موقع ہے۔ صرف چند اشارے کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

زمانۂ قدیم سے اب تک دُنیا کے فن و ادب دیومالائی عقائد، مذہبی تصورِ حیات اور سیاسی مقاصد کے تابع رہے ہیں۔ گزشتہ چند صدیوں سے اس پر سائنسی علم و عمل کے اثرات پڑنے شروع ہوئے جس کے نتیجے میں رفتہ رفتہ انسانی معاشرے کی شکل بدلی، انسانی رشتوں، اخلاقی قدروں، سماج اور فرد کے نظام ہر شکل کے معیاروں میں تبدیلی پیدا ہوئی۔ دیہات شہر بنے، کھیت کارخانے بنے، چھوٹے چھوٹے کنبوں میں زندگی گزارنے والے سیدھے سادے انسان اتنی تعداد میں بڑھے کہ ساری زمین کو چھا لیا۔ ذرائع رسل و رسائل نے زمین کی طنابیں کھینچ دیں، زمین اتنی چھوٹی ہو گئی کہ آدمی کو دوسرا قدم رکھنے کے لئے جگہ کی قلت محسوس ہونے لگی اور اس کی فکر نے اُسے سوچنے پر مجبور کیا کہ —

ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یارب
ہم نے دشتِ امکاں کو ایک نقشِ پا پایا

علم اور دریافت کی برکتوں نے ماضی کے انسان کی طلسماتی دُنیا کو ریزہ ریزہ کر دیا۔ اس کا تخیل مادّی اور محسوس پیکر میں ڈھل گیا۔ دراصل اُن دیکھی چیزوں کی آرزو میں زیادہ لطف ہے۔ پہلے تو انسان نے خواہش اور جدوجہد کی کہ اُس کی آرزوئیں بر آئیں، لیکن آرزوؤں کی مورتیں جب زندہ اور ننگی حقیقتوں کے رُوپ میں سامنے آگئیں تو انسان نے محسوس کیا، جیسے اُس کی آرزو پوری تو ہوئی ہو، بلکہ اُس سے اُس کی متاع چھن گئی ہو۔ اُس کے ذہن میں ایک خلا پیدا ہو گیا۔ سائنس، اور سیاست کے علوم نے جمہور کی دُنیا کے لئے خارجی خلاؤں کی دریافت کی، اور ہر اُس قیاس اور احساس نے فرد کی ذہن کے داخلی خلاؤں کی دریافت کی۔ اِن داخلی خلاؤں کو پُر کرنے کے لئے بے بس فرد ہر طرف ہاتھ پاؤں مار رہا ہے۔ وہ کبھی گمشدہ آدرش کی طرف بڑھتا ہے، کبھی حال کے لمحے کو پکڑتا ہے، کبھی پرانی قدروں، ماضی کے طلسمات اور قدیم انسان کے معصوم بے داغ ذہن کو یاد کر کے آسودہ ہونا چاہتا ہے۔ جدید دُنیا۔ جس پر فلسفہ، مذہب اور روحانیت کے بجائے سائنس، صنعت، سیاست کا غلبہ ہے۔ یہ دراصل کبھی انسان کے آدرشوں اور خوابوں کی دُنیا تھی۔ جب اُس کی جدوجہد کے نتیجے میں حقیقت میں آ گئی تو اُس کو اچانک محسوس ہوا کہ اُس کے سارے خواب، سارے آدرش چھن گئے۔ سائنس کے مقابلہ میں فن اور شاعری بے معنی ہو گئے۔ زمین کا طلسم، چاند کا جادو، فطرت کی تمام رعنائیاں، تسخیرِ فطرت کے نتیجے میں بکھر گئیں، آدمی کے خواب ٹوٹ گئے اور وہ عظیم کائناتوں کا علم حاصل ہونے سے اپنے کو بونا محسوس کرنے لگا ہے۔ یہی سبب ہے کہ آج کی شاعری خود فریب اور احساسِ کمتری کی شاعری ہے، جس کی کچھ اپنی صالح اقدار بھی ہیں۔ یہاں پھر ایک تصادم، ایک کشمکش، ایک ٹکراؤ نے لیا۔ یہی تصادم، کشمکش اور ٹکراؤ جدید فنی تصورِ حیات کا ضامن ہے۔ جدید شاعری، جدید سائنسی دُنیا کے ردِ عمل کا نتیجہ، جدید معاشرے کے خلاف ایک احتجاج ہے اور یہ ردِ عمل اور احتجاج دراصل اُس قدیم انسان کا ہے، جو ازل سے آج تک زندہ ہے۔ یہ انسان اپنی ذہنی خلا کو پُر کرنے کے لئے نئے اقدار، نئے تصورِ حیات اور نئے انسانی رشتوں کی تلاش میں ابھی تک اُس کے ہاتھ بہت کم چیزیں آئی ہیں، ابھی یہ شاعری صرف تلاش کی شاعری ہے، حصول کی آسودگی اور طمانیت کی شاعری نہیں۔

جدید اُردو شاعری میں ہر اچھے فن کار نے اقدار کی تلاش میں اپنی ساخت کے لئے اپنا اپنا ایک راستہ چُنا ہے۔ کچھ دن گزر جانے کے بعد یہی چاروں کھونٹ سے واپس آنے والے درویش کسی الاؤ کے گرد اکٹھا ہو کر بیٹھیں گے اور اپنے اپنے سفر کی متاع پیش کریں گے۔ تبھی ان تمام تجربوں اور نئے جہانوں کے خزف ریزوں کو اکٹھا کر کے زندگی کی نئی صورت ترتیب دی جا سکتی ہے۔ کماربا پاشی بھی چند گوہر آبدار کی تلاش میں نکلے ہیں، اُن کے سفر کی سمت بیشتر ماضی ہے کہ یہی اُن کے مزاج کے مطابق ہے۔ وہ جدید انسان کی رُوح کے سلسلے کو ماضی کی رُوح سے ملاتے ہیں اور جسم یا رشتۂ جسم کو ایک رکاوٹ سمجھتے ہیں۔ اُن کا انسان بہت قریبی ہے، جو صدیوں پہلے پیدا ہو چکا تھا، یہ انسان خانہ بدوش ہے، جو کبھی ننھی چڑیا کی طرح دنیا کا نقشہ بناتا ہے، جو ہوا کے تیز جھونکے میں اُڑ جاتا ہے اور اُس کا گھر بھی مسمار ہو جاتا ہے۔ کبھی وہ اس پھیلی ہوئی کائنات میں سخت گھٹن محسوس کرتا ہے، جس کے چاروں طرف سمندر ہے اور شہروں کا شور ہے۔ یہ انسان رشتۂ جسم کی وجہ سے سمٹ کر محدود ہو گیا ہے، چھوٹا ہو گیا ہے۔ اُس کی رُوح آفاق کی حدوں کو چھونا چاہتی ہے اور یہ جانتے ہوئے بھی کہ میرا یہ جسم ایک دن راکھ کا ڈھیر بن جائے گا، وہ یہ بھی جانتا ہے کہ اُس کی آواز امر ہے اور اُس کی جستجو جاری رہے گی۔ کماربا پاشی کی نظموں میں یہی فضا غالب ہے۔ اسی فضا کے ذیل میں اُن کے یہاں جگہ جگہ موت سے ایک قسم کی وابستگی کا احساس ہوتا ہے۔ وہ بشر کے اس انجام پر دُکھی نظر آتے ہیں، لیکن یہ موت، اضمحلال اور قنوطیت کا نشان ہونے کے باوجود پڑھنے والے کے ذہن پر ایک یاد

...از جھولتا ہے۔ وہ تازہ یہی ہے کہ انسان ازلی ہے، انسان ابدی ہے، وہ بہت نیا ہو کر بھی بہت پرانا ہے۔ اس نظم
...کہ صرف یہ ہے کہ اُس نے تسخیرِ کائنات کر کے اپنی بہت بڑی دولت کھو دی ہے۔ اس کا اُس کو پچھتاوا ہے۔ وہ اس
...لاش میں اپنی کھوئی ہوئی کائنات، بچھڑے ہوئے ماضی، روٹھے ہوئے ماہ و سال کو پھر سے حاصل کرنے کے لئے عمل پیرا
...ہے یہی وجہ ہے کہ اس کو جگہ جگہ دیوتاؤں کا المیہ یاد آتا ہے۔ کمار پاشی کی نظموں میں سب سے زیادہ حاوی علامت
...ہوا" ہے۔ ہوا ان کے یہاں "وقت" کا درجہ لے لیتی ہے۔ ہوا کا تیز جھونکا ہر چیز کو ساتھ بہا لے جاتا ہے ہوا کی حرکت ان کا محب
...وب موضوع ہے۔ غالباً اسی وجہ سے اُن کی نظموں میں ایک اضمحلال کی سی فضا کے باوجود ایک متحرک، جاندار قوت کا
...ساس ہوتا ہے۔ یہی وہ عنصر ہے، جو اُن کی نظموں کو انجماد اور سنگین سکوت سے بچا لیتا ہے۔ کمار پاشی کے یہاں بعض بڑے
...چھوتے طرزِ بیان ہیں۔ ذہن کی بعض بڑی نازک کیفیتوں کو اُنھوں نے بڑے ہی متاثر کن انداز میں پیش کیا ہے۔ اُن کے
...یاں مجموعی احساسات تو صرف چند ہی ہیں اور اُنھیں کے گرد اُن کی ساری نظمیں گھومتی ہیں لیکن ان احساسات سے
...ابھرنے والی فضا، اُس کے گوشے، اُس کے خدوخال کی جزئیات کا بیان جگہ جگہ بہت خوبصورت اسلوب میں ہوا ہے
...کن کی یہی تازگی اُن کو بہتر اور خوب تر شاعری کی طرف لے جائے گی اور تیراہی کو خیرباد کہے گی۔ اُن کے ذہنی افق،
...وس دنیا، نوس احساسات اور فکر کائنات کا ابھی اور وسیع ہونا ہے۔ جیسے جیسے ان میں وسعت پیدا ہو گی۔ اُن کی
...ملوبات اور لفظیات میں بھی رچاؤ اور تیکھا پن پیدا ہو جائے گا۔

دو نظمیں:-

کرشنا پاشی

سوکھے پتے

ٹنڈ منڈ سے پیڑ کھڑے ہیں
جن کی شاخوں پر پتوں کے زرد نگینے جُڑے ہوئے ہیں
گل کا موسم بیت چکا ہے
آؤ — خزاں کے شانوں پر سر رکھ کر رو دیں
یہی اب اپنا درد سُنے گی
یہی اب اپنا دُکھ بانٹے گی

پتوں کو احساس نہیں ہے
اک دن ایسا بھی آئے گا
سُورج غربی آنکھ سے جب ان کو گھُورے گا
وہ شاخوں سے پھسل پھسل کر
سنبھل سنبھل کر
اوندھے منہ دھرتی پہ گریں گے
لو دیکھو وہ سُورج نکلا
نرم نکیلی شاخوں سے ہم
پھسل پھسل کر
گرے زمیں پر

ایک تصویر

آسماں چُپ چاپ تکتا ہے زمیں کو
اور ہیبت ناک بادل
سر پہ چیلوں کی طرح منڈلا رہے ہیں

چاند بھی اب چلتے چلتے
یوں ٹھٹھک کر رہ گیا ہے
جیسے کھائی میں لڑھکنے سے بچا ہو

جل رہا ہے آگ میں دھرتی کا سینہ
بجھ رہا ہے چرخ پر اک اک ستارہ
ہانپتا ہے شہر سارا

مقالہ

کمار پاشی

کچھ اپنے فن کے بارے میں

اپنے فن سے متعلق کچھ کہنا یا لکھنا یا درحقیقت اپنے ضمیر کی عدالت میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرنے کے برابر ہے۔ میرے لئے اس مرحلے سے دوچار ہونا اور سرخرو گزرنا اگرچہ خاصہ دشوار ہے۔ لیکن نئے زمانے اور نئی شاعری کے رسم و رواج نے ادب کے لکھنے والے کے لئے اس عدالت کی پیشی کچھ عادی سی بنا دی ہے۔

جس زمانے میں ترقی پسند شاعری اپنی آخری سانسیں لے رہی تھی اور ترقی پسند شعرا اپنے گناہوں کا طوق گلے میں ڈالے ماضی کے کھنڈروں میں چھپنے کی کوشش کر رہے تھے، انہی دنوں میری شاعری کا آغاز ہوا۔ میرے سامنے ایک عہد دم توڑ رہا تھا۔ اور نئے دور کے خدوخال ابھی اُجاگر نہیں ہوئے تھے۔ لیکن پھر بھی میرے احساس میں نئے زمانوں اور نئی منزلوں کے موسم اپنے ابتدائی رنگوں میں ظاہر ہونا شروع ہو گئے تھے۔ اس زمانے کی اُمنگوں اور ولولوں کو میں نے اپنی نظم دیا داسی میں یوں بیان پیش کیا تھا۔

آکاش پہ بادل چھایا ہے
بوندوں نے ساز بجایا ہے
کیا ایسے بھیگے موسم میں ساون کا گیت نہ گاؤ گی
کیا جام پکڑ کے ہاتھوں میں
محفل میں جھوم نہ جاؤ گی

اس نظم میں، میں نے جس دیا داسی سے خطاب کیا تھا، وہ اس دور کی ایسی بھولی شاعری تھی جو بے حسی کا "برفیلا پیرہن" پہن کر خود کو پتھر کا کوئی مجسمہ بنانا چاہتی تھی۔

احساس کے موسم دھنک رنگ بھی ہوتے ہیں اور فن کار کو زمانوں اور صدیوں کے سفر پر بھی اکساتے ہیں۔ ان موسموں کے تقدس کو اور اس کی کیفیت کو اپنے احساس میں محسوس کر کے میں نے فن کی جن دنیاؤں کی تلاش کا سفر شروع کیا تھا، میں یہ تو نہیں کہتا کہ میں نے اس کی کوئی منزل سر کر لی ہے۔ لیکن اس کربناک سفر پر چل نکلنے سے مجھے ایک فائدہ ضرور ہوا کہ میں نے تاثرات سے بچا کر محسوسات اور جذبات کو دستوں میں پناہ لینے کی کوشش کی۔

اس اعتبار سے میری شاعری میرے عہد کا آئینہ نہیں ہے۔ بلکہ اس عہد کے انسان، اس کی تنہائی، اس کی بے بسی، اور اجنبیت سے نکلے ہوئے خوابوں اور خیالوں کا سفر ہے۔ میں اپنا کوئی خیال یا فلسفہ اپنے پڑھنے والوں پر تھوپنا نہیں چاہتا، لیکن پھر بھی اپنے اور اُن کے درمیان کے فاصلوں کو کم کرنے کے لئے کچھ بہت تھوڑے سے اشارے ضروری سمجھتا ہوں۔ مثلاً یہ کہ میں نے شاعری کو دو دام قرب و وصال اور عاشقانہ اٹکھیلیوں کا ذریعہ نہیں سمجھا، بلکہ اپنی ذات کی تسکین اور طمانیت کا وسیلہ بنایا ہے، اور انسانی زندگی

اور ایک کائی کی شکل میں محسوس کیا ہے۔

نئے سماج اور نئی سوسائٹی نے انسان کو مختلف خانوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ میں نے اس تقسیم سے اپنی داخلی شخصیت کو الگ ایک ایسے IDEAL کی صورت میں دیکھنے کی کوشش کی ہے، جس میں آدمی محض ایک مہذب آدمی ہی نہیں، کائنات بھی ہے اور اس اعتبار سے سماج اور سوسائٹی سے اس کا رشتہ ایک ازلی اور ابدی رشتے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس رشتے کا احساس وہ "نرواں" ہے جسے میں نے اپنی بیشتر نظموں پر استعمال کیا ہے۔ مثلاً امر، رشتہ، جسم، مہا دوش، جنم دن، اور سفر وغیرہ۔ ان نظموں میں تہذیب سے اس خالق کے خود خال اجاگر کرنے کی سعی کی گئی ہے، کہ قافلوں سے بہت دور : اپنی حسرتوں کے صحراؤں میں تنہا رہ گیا تھا۔

اور یونہی اپنی پتھرائی آنکھوں سے ہم
بے خبر، بے صدا
دیر تک، جانے کیا
پھیلے آکاش کی نیلی نیلی فضاؤں میں ڈھونڈا کئے
اور بکھرے ہوئے قافلے وقت کے
دور تک ہم کو حسرت سے تکتے رہے۔

سفر

دراصل میں اس کردار کا وژن (VISION) میری نظموں میں ایک ایسے دیومالائی انسان کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے جس کا زندگی سے بہت ہی پرانا بلکہ ازلی رشتہ ہے لیکن ہمارے دور میں اس کردار کو ایک المیہ سے بھی دوچار ہونا پڑتا ہے اور وہ ہے: اس کا بے صدا ہو جانا، یعنی اس کی آواز پر مشینوں، موٹروں اور "بس کے پہیوں" کی بے ہنگم آوازوں کا چھا جانا۔ کیفیت کو میں نے سفر کے بعد میں اس طرح پیش کیا ہے:

ہزاروں برس کی مسافت کو میں آج طے کر چکا ہوں
تو یہ سوچتا ہوں
کہاں چھوڑ آیا ہوں آواز اپنی

میرے مجموعے "بدلتے موسموں کی آواز" میں شامل بیشتر نظموں میں آپ کو ایک ایسے آدمی کا کردار نظر آئے گا، جو زندگی سے اپنا ابدی رشتہ قائم کئے ہوئے ہے اور پھر کو اپنے وجود اور اپنے EXISTANCE کے جواز کے طور پر پیش کرتا ہے۔ یہ کردار کہیں "یگ" کے طور پر سامنے آتا ہے اور کہیں "دیوتاؤں کا المیہ" کی صورت میں محض اس کی کتھائیں اور عظمت کے نقوش آتے ہیں۔ اور کہیں کہیں اس کے اعمال دیوتاؤں کے اعمال سے مشابہ نظر آتے ہیں۔ جس کی وجہ سے غالباً میرے پڑھنے والے میری شاعری میں اساطیر، دیومالا یا مذہب کو پہچاننے اور تلاش کرنے کا جتن کرتے ہیں۔ لیکن میں اس سلسلے میں صرف اتنا ہی کہنا چاہوں گا کہ یہ کردار میرے احساس کا وژن ہے۔ خود شاعر کی ذات اور اس کے کردار میں جو فاصلہ ہے ہم اسے شاعر کے PERSONALITY کے تصور میں۔

دراصل میں روح کو ہی انسان کی داخلی اور خارجی زندگی کے درمیان ایک ربط کا وسیلہ سمجھتا ہوں، اس لئے ایک ابدی کردار کی تخلیق میں جہاں کہیں میرا تصور روحانی یا مذہبی قسم کا نظر آتا ہے وہ درحقیقت اسی اشتراک کا حامل ہے۔ ورنہ میرا مقصد نہ برہمن ہے، نہ آپ نشد، ...... اور نہ ہی بھگتی سے۔ لہٰذا اس کردار کے متعلق میں نے کسی تحریک کے زاویے کے مطابق عقیدہ کو مرد......

سمجھا بلکہ زوال عمدہ تسلیم کیا ہے۔

جہاں تک میں سمجھ سکا ہوں، اساطیری ادب میں فن کار خود کو واقعات سے الگ تھلگ رکھتا ہے جبکہ اس کے برعکس تمثیلی ادب میں فن کار خود بھی ایک خیالی کردار کے طور پر اپنی تخلیق میں شامل رہتا ہے۔ لیکن میری شاعری کا یہ کردار واقعات، افکار یا نئی شے سے بھی الگ اپنا ایک مخصوص مزاج رکھتا ہے اور عمل کے ساتھ ساتھ سوچنے، سمجھنے اور محسوس کرنے اور محسوس کرانے میں پیش پیش نظر آتا ہے۔

نئے زمانے کا کرب میری خارجی زندگی کا کرب ہے اور میری شاعری میری داخلی زندگی اور داخلی محسوسات کا اظہار ہے، اس لئے میں نے مشینی دور، تنہائی، خوف، اجنبیت، قتل، قتل گاہ، خودکشی، ہجوم، ہجوم کی تنہائی اور ایسے ہی نئے، فیشن ایبل موضوعات سے ہٹ کر اپنے داخلی احساسات کو شعر کے قالب میں ڈھالنا چاہا ہے۔

ایک پرسکون دور میں اب سے بہت پہلے اساطیر، یا دیومالا کی تخلیق ہوئی تھی اور کسی تُلسی نے اپنے خوابوں کو خیالات اور نظریات کو رامائن کا روپ دیا تھا۔ میں نے اپنے احساس کے اس طمانیت بخش موسم میں وہ نئی دیومالا تخلیق کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے؛ جس کا بیان میرے مجموعے کی ایک نظم غنودگی کے عالم میں موجود ہے۔

خواب و خیال سے میرا یہ تعلق اور ویژن پرستی ممکن ہے نئی شاعری کے نقادوں کو نرا خبط معلوم ہو۔ لیکن اس کے جواز میں مجھے بادلیئر کی ایک سطر یاد آتی ہے:

I have cultivated my hysteria with delight and horror

میرے مجموعے کی آخری نظم گنبدِ دوزن کا قصہ ہے۔ بظاہر یہ نظم بہت واضح ہے، لیکن میرے بعض دوستوں نے اکثر اس نظم کے متعلق مجھ سے سوال کئے ہیں۔ ویسے بھی اس نظم کو میں اس مجموعے میں شامل تمام نظموں کا اختتامیہ سمجھتا ہوں۔

دراصل مختلف تہذیبوں کے عروج و زوال اور پھر انتقالی اور ارتقائی رجحانات اس نظم کا پس منظر ہیں۔ انسان جو قدریں بناتا ہے آنے والی نسلیں اُن ہی پر اپنے انقلابی رویے کے "ترشول" سے حملہ آور ہوتی ہیں اور اس کشمکش میں ہمیشہ اپنی قدروں کا زوال اور المیہ سامنے آتا رہا ہے۔ آج ہم جن قدروں کو اپنے سینوں پر تمغوں کی طرح سجائے ہوئے پرانی قدروں اور تہذیبوں پر حملہ آور ہیں بالکل اسی طرح آنے والے دور میں ارتقا کے شہزادے ہماری قدروں کا بھی قتلِ عام کریں گے۔ تہذیب اور اس کے ارتقا کی کہانی کا یہ سلسلہ آج بھی ہمارا المیہ ہے اور کل بھی ہوگا۔ تہذیب کے یہی مختلف دور اور اُس کی کتھائیں اس نظم کا محرک ہیں۔ اور یہ نظم تہذیب کے اُس خالق کا اختتامیہ بھی ہے، جسے میں نے اپنی بیشتر نظموں میں پیش کیا ہے۔

آخر میں مجھے اس بات کا اعتراف بھی کرنا ہے کہ اپنے دور کی گوناگوں شاعری 'ایمجز' 'سمبلز' یا Absurdity پر بچوں کی طرح مچل جانے والی نئی شاعری اور میری شاعری میں ایک فرق ہے اور وہ یہ کہ میری شاعری میری شاعری ہے اور اس سے زیادہ یہ کہ یہ میرا فن ہے اور اس میں میں نے اپنی زندگی کے تمام رنگ، تمام موسم اور تمام ابدیت سمونے کی کوشش کی ہے۔

اس مختصر سے مضمون میں اگرچہ وہ سب باتیں تو نہیں کہہ سکا ہوں جو میں اپنے اور اپنی شاعری کے بارے میں کہنا چاہتا تھا لیکن شاعر کا احساس کہیں کہیں ایک راز بھی ہوتا ہے! ۔ اس راز کا انکشاف میرے بعض جذبوں کی موت بھی ہو سکتا ہے۔ اس لئے آخر میں ہنری جیمز کے لفظوں میں یہی کہنا چاہوں گا کہ:

"ہم نے اندھیرے میں اپنے سفر کی راہیں تلاش کی ہیں۔ ہم صرف وہی کر سکتے ہیں جو ہمارے اختیار میں ہے اور وہی کچھ پیش کر سکتے ہیں جو ہمارے احساس کا سرمایہ ہے۔ ہماری تشکیک ہی ہماری جستجو ہے اور یہی جستجو ہمارا مقصد ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے فن کا باقی ماندہ سرمایہ، فن کی ایسی دیوانگی ہے، جس کا اظہار ممکن نہیں۔"

معصوم سبزواری

غزل

○

آشفتگی پھر آج منانے گئی مجھے
وہ بُوئے رہگذار بُلا لے گئی مجھے

سمجھا تھا یہ کہ میں ترے قدموں کی دھول ہوں
دُنیا سمجھ کے پھول اُٹھانے گئی مجھے

چارہ گروں کو میری ہوا تک نہ لگ سکی
چپکے سے کوئی شام بلانے گئی مجھے

تجھ کو پکارنا تھا نہ دشتِ طلب میں دوست
دُور اور تجھ سے تیری صدا لے گئی مجھے

اب انجمن میں بیٹھا ہوں گم سُم، کہوں بھی کیا
دُزدیدہ اک اداسی چُرا لے گئی مجھے

رکھتا بھی کون تشنہ سوالوں کی آبرو
بس میری خامشی ہی بنھا لے گئی مجھے

اِس میں کسی طلب کا معصوم نہ تھا سوال
میخانے ایک لغزشِ پا لے گئی مجھے

○

شاہد کبیر

غزل

○

بھول بیٹھے ہیں ترے شہر میں گھر کو اپنے
ہر صدا بام سے شرماتے ہیں سر کو اپنے

بھولے راہی کو تو مل جائے گا رستہ لیکن
وہ مسافر جو بھلا بیٹھے سفر کو اپنے

اُن کو کیا ہوگی خبر رُخ ہے ہواؤں کا کدھر
بند کر لیتے ہیں جو روزن و دَر کو اپنے

مطمئن یوں تو نہ ہو پاتا کبھی ذوقِ جمال
کچھ بدلنا پڑا اندازِ نظر کو اپنے

کبھی ذرّے بھی ملا لیتے ہیں تاروں سے نظر
ایک ٹھوکر ہی سہی خاک بسر کو اپنے

ہم سلامت ہیں تو اک روز بہار آئے گی
حوصلہ دیتی ہے ہر شاخ شجر کو اپنے

○

اُردو افسانے کا ارتقا

ڈاکٹر اعجاز حسین سے ایک گفتگو

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب، میں چاہتا ہوں کہ آج کی اس نشست میں صرف نثر سے متعلق بات ہو۔ شعر و شاعری کے مباحث تو ہمیشہ ہی ہوتے رہتے ہیں۔ اور آپ چونکہ نثر کے نقاد بھی ہیں اس لئے یہ بات اور بھی زیادہ بہتر معلوم ہوتی ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: اثر صاحب، سچ ہے میں بھی شعر و شاعری سے تنگ آ گیا ہوں۔ جب دیکھئے شعر سنیے، شعر پڑھئے، داد دیجئے۔ مجھ سے واقف بھی لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ میں شعر بہت کم سنتا ہوں۔ الٰہ آباد میں میں نے [illegible] Club قائم کر رکھا ہے، جہاں شعر پر تو بحث و مباحثہ ہو سکتا ہے لیکن شعر سنایا نہیں جا سکتا۔ یہ کلب تقریباً بیس سال سے اپنا کام کر رہی ہے۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب نے لکھنے والوں کو ہمیشہ [illegible] کے لکھنے والوں سے ہے۔ یہ شکایت ہے کہ ہمارے نقادوں میں زیادہ تر بزرگ حضرات ہی ملیں گے، اپنے خیالات [illegible] ہوتے ہیں اور ان کی تنقید موجودہ ادبی رفتار کا ساتھ نہیں دے پاتی۔ میں خود بھی بڑی حد تک اس رائے سے متفق ہوں۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: اثر صاحب، یہ شکایت کسی حد تک [illegible] نقاد کا کام تخلیق کے وجود میں آنے کے بعد کا ہے۔ اگر تخلیق [illegible] واقعی منظر عام پر آ رہی ہو تو نقاد کا فرض ہے کہ وہ اپنا فرض ادا کرتا ہوگا۔ مگر آپ اس سے یہ توقع نہیں کر سکتے کہ وہ سبھی چیزوں پر ایک وقت نظر ڈال سکے۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب، میرا مطلب تو یہ ہے کہ نقاد صرف اپنے علم اور اطلاع کی بنیاد پر ہی اکتفا کرتا ہے کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ ساتھ ہی ساتھ تلاش اور کھوج کا کام بھی جاری رہے کیونکہ اس بات کے پورے امکانات ہیں کہ ہر زمانہ اپنی ہر تخلیق کی [illegible] تک پہنچ نہ سکے۔ یہ بات بھی درست معلوم ہوتی ہے کہ فنکار [illegible] تخلیق ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: تلاش اور کھوج کا جہاں تک تعلق ہے، نقاد کو بیشتر اس کام کو انجام دینا ہی ہے۔ مگر پھر بھی [illegible] امکانات باقی رہ جاتے ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر نقاد کے سامنے تخلیق آئے تو وہ پوری دیانت اور ذمہ داری کے ساتھ اسے اپنا فرض ادا کرنا چاہیے۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب، بہرحال ایک بات تھی جو میں نے آپ تک پہنچا دی۔ جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں میرا مقصد ہے کہ آج کی گفتگو افسانہ نگاروں کے مسائل، ان کی فکر، ادبی رجحانات، سماجی و تنقیدی شعور اور ان کے فن و خیال سے متعلق ہو۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: اثر صاحب، ہمارے ادب میں افسانہ نگاری نے جتنی تیزی اور سرعت کے ساتھ ترقی کی ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ شعر و شاعری میں زیادہ تر فنکار قافیہ پیمائی کے چکر میں پڑے رہے کہ [illegible] قافیہ [illegible] نہیں ہو سکتا [illegible] تک وزن بحر [illegible] نہیں چھوڑا جا سکتا۔ جس کی وجہ سے مواد کی اہمیت کم ہو کر رہ گئی اور ہمارے فنکار محدود خیالات کی تکرار کرتے رہے۔ مگر جہاں تک نثر اور افسانہ نگاری کا تعلق ہے، اس صنف نے کم وقت میں بے پناہ ترقی کی۔ پریم چند نے اردو افسانے کی ترقی میں جو کردار ادا کیا ہے وہ سب جانتے ہیں۔ ان کی وجہ سے اردو افسانہ اس مقام پر پہنچا جہاں اسے عظمت و وقار کے ساتھ پڑھا گیا۔

منٹو افسانے کی بات پریم چند کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب، پریم چند نے یقیناً اردو افسانے کی بنیاد رکھی اور اس بارے کو یہاں جانے میں [illegible] کوشش کی گئی، تا پریم چند کو منزل قرار دے دیا جائے تو اردو افسانے کی ترقی اور ارتقا کا سوال معرض بحث میں آ جاتا ہے کیونکہ یہ حقیقت ہے کہ پریم چند کے بعد کے آنے والوں نے افسانے کے کام کو [illegible] خوبی اور سلیقہ کے ساتھ آگے بڑھایا ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: ٹھیک ہے۔ اگر یہ بات ہے تو قابل اعتراض ہے۔ کسی بھی شخصیت کو ادب میں منزل قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ اس کی وجہ سے ادب کے رک جانے کا خدشہ ہے۔ مگر ہم پریم چند کا اعتراف اس لئے [illegible] کہ ان کے بغیر اردو افسانے کے ارتقا کی تحریک کا تصور شاید ادھورا ہی رہ جاتا۔ پریم چند کی کردار نگاری، فن کا اسلوب، ان کے موضوعات، افسانے کی ہیئت اور [illegible] وغیرہ یہ سب چیزیں ایسی ہیں جو پریم چند کو اردو ادب میں ایک مستند مقام عطا کرتی ہیں۔ اور آپ نے محسوس کیا ہوگا کہ پریم چند کے طرز کا ان کے بعد کے لکھنے والوں پر گہری چھاپ ہے۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب، کسی بھی ادب میں یہ بات مسلم ہے کہ بڑی شخصیت کے بعد ترقی کی ایک رفتار ہوتی ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: یہ بات ہو سکتی ہے ترقی کی ایک رفتار ہوتی ہے لیکن ان میں سے کسی کو [illegible] قرار نہیں دیا جا سکتا۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب، پریم چند کے بعد ترقی پسند تحریک کے تجربے اور ارتقا اور اس کے ردعمل وغیرہ کے متعلق اتنی باتیں ہو چکی ہیں کہ اب مزید پیش کرنے میں کسی قسم کی کوئی بات مناسب نہیں معلوم ہوتی۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: مگر اثر صاحب جب ترقی پسند تحریک کا ذکر نکلا ہے تو میں ایک بات کہتا چلوں۔ ترقی پسند تحریک کے خلوص و مقاصد اس کے کمالات اور کوتاہیوں کا [illegible] کیا جا چکا ہے لیکن ترقی پسند تحریک میں چند لوگ ایسے [illegible] ترقی پسند تحریک کی چند باتوں کو [illegible] کہتا ہوں مثلاً [illegible] کے متعلق [illegible] مقصدیت نہیں ہے اور اس کی تحریریں [illegible] پرستی کا تحفہ ہیں۔ ہو سکتا ہے [illegible] لیکن [illegible] کے ساتھ یہ [illegible] مقصد [illegible] اور [illegible] ہمارے سماج کی [illegible] کے مسائل کو سامنے لاتا ہے۔ [illegible] کے ساتھ [illegible] پیش کرتا ہے [illegible] ایک [illegible] جیسے [illegible] حکومت [illegible] اور آزادی کی [illegible] سے [illegible] کے ساتھ [illegible] یہاں یہ بات [illegible] اور [illegible] صاحب [illegible] کو [illegible] ایک [illegible] ہے [illegible] محض لذت پرستی میں مبتلا کر کے گمراہ کر رہا تھا۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب میں ایک بات صاف کرنا چاہتا ہوں کہ [illegible] اس بات سے [illegible] ایک عظیم [illegible] کو [illegible] اور [illegible] کو اس [illegible] عظیم [illegible] کے ساتھ [illegible] اب کوئی سوال باقی نہیں رہ جاتا ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین: [illegible] بات [illegible] شخصیت [illegible] اور [illegible] یہ صرف سب سے الگ ہے بلکہ ان کی تحریریں [illegible] افسانے [illegible] ہیں۔

اثر فاروقی: ڈاکٹر صاحب [illegible] احساسات، جذبات، انسان کے [illegible] کے متعلق بات [illegible] معلوم [illegible] آپ [illegible] سے

پیش رو [illegible] سے ذرا مختلف [illegible] ہے ؟

ڈاکٹر اعجاز حسین :- اثر صاحب، [illegible] کا اسلوب [illegible] ضرورت ہے۔ [illegible] کی [illegible] معلوم ہوتی ہے [illegible] [illegible] کی [illegible] ہوتی ہے جس طرح [illegible] سے پہلے [illegible] [illegible] مسلسل [illegible] کے [illegible] کے [illegible] [illegible] کر سکتے ہیں۔

اثر فاروقی :- ڈاکٹر صاحب کیا آپ یہ محسوس نہیں کرتے کہ نئے لکھنے والے اپنے افسانوں میں [illegible] کی [illegible] [illegible] کرتے ہیں جس کا تعلق آج کے معاشرے میں [illegible] عدم مساوات سے ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین :- اثر صاحب میں عرض کر چکا ہوں کہ [illegible] ساری باتیں آج کے افسانے کا موضوع ہیں لیکن میرے کہنے کا یہ مطلب ہے کہ [illegible] [illegible] [illegible] آج کی [illegible] خرابیوں کو [illegible] کی ضرورت ہے کیونکہ آج پہلے سے حالات کی وجہ سے زیادہ واقع حاصل ہیں۔

اثر فاروقی :- ڈاکٹر صاحب کیا آپ ان [illegible] ایسے بتا سکتے ہیں جن کی تخلیقات [illegible] پسندیدگی کا باعث ہوں۔

ڈاکٹر اعجاز حسین :- [illegible] قرۃ العین حیدر، [illegible] جیلانی بانو، [illegible] [illegible] نے بہت سی باتیں [illegible] [illegible] کو کہا ہے۔ ایک افسانہ نگار عورت [illegible] ہندوستانی سماج کی [illegible] کرتا ہے بات [illegible] ہوتی ہی کہ عورت کو اس کی صلاحیت کے مطابق کام کرنے نہیں دیا جاتا تھا۔ رضیہ سلطانہ نے [illegible] [illegible] ظاہر ہو گیا تھا لیکن ہم لوگ اسے برداشت نہ کر سکے [illegible] [illegible] [illegible] یہ بات [illegible] کی [illegible] [illegible] رضیہ سلطانہ کا کسی غلام سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ [illegible] [illegible] صلاحیت [illegible] [illegible] [illegible] ہونی چاہیئے [illegible] تلوار نہیں چلا سکتی لیکن قلم چلا سکتی ہے۔

اثر فاروقی :- ڈاکٹر صاحب، [illegible] نے محسوس کیا [illegible] عورت قلم چلا کر [illegible] [illegible] [illegible] کی عورت [illegible] [illegible] ڈاکٹر صاحب [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] عورت کے اظہار [illegible] [illegible] [illegible] خواہ وہ فنکار عورت ہی کیوں نہ ہو۔

ڈاکٹر اعجاز حسین :- اثر صاحب، [illegible] ہوا ہے۔

اثر فاروقی :- ڈاکٹر صاحب [illegible] افسانہ نگاروں سے [illegible] [illegible] [illegible] خاتون افسانہ نگاروں کے نام گنائے ہیں [illegible] [illegible] ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین :- اثر صاحب [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] مطلب اس طرح کے [illegible] [illegible] سے ہے جو [illegible] [illegible] ہیں۔

اثر فاروقی :- ڈاکٹر صاحب [illegible] کسی بھی فنکار کے لئے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] میرا مطلب کرشن چندر کی [illegible] سے ہے۔

ڈاکٹر اعجاز حسین :- اثر صاحب [illegible] [illegible] فنکار کے پاس جتنا کچھ ہوتا ہے اس کا اظہار کرے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ان کے اپنے [illegible] کا باعث ہے۔

اثر فاروقی :- ڈاکٹر صاحب گفتگو کے اختتام پر اس [illegible] [illegible] افسانہ نگار اپنی تخلیقی قوتوں [illegible] [illegible] شعور [illegible] تنقیدی رجحان کی بدولت قارئین کے علاوہ فنکاروں کو بھی متاثر کر رہے ہیں۔

ڈاکٹر اعجاز حسین :- اثر صاحب، یہ بات [illegible] [illegible] تنقیدی شعور ہر فنکار کے لئے ضروری ہے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

ذکاء الدین شایاں

"ارتقاء"

○

جنوں کے ناخن سے
زندگی کے سیاہ زخموں کو اور کھرچو
لہو نچوڑ دو
گلوں سے، دریاؤں سے، پہاڑوں سے
زندگی کا ——
کمند پھینکو فلک پہ
ماہ و نجوم و یزدان و اہرمن کو اسیر کرلو
اندھیری فطرت کی گھاٹیوں میں
نئے اُجالوں کا رنگ بھر دو!

مگر کبھی، صرف ایک لمحہ کو
یہ بھی سوچو
کہ اِن اُجالوں کی تیز کرنوں میں
روشنی کی بلندیوں میں
یہ قلبِ انساں اُداس کیوں ہے
سیاہ کیوں ہے!

○

وقار صدیقی

"تاشقند کے پھول"

○

یہ حُسنِ امن کے، یہ عشقِ سربلند کے پھول
دیارِ ہند میں ارضِ تاشقند کے پھول
قبول کرتی ہے مریم کی جانفزا تصویر
قبول کرتے ہیں مندر کے دیوتا ان کو
سلام کہتے ہیں مسجد کے رہنما ان کو
دلوں کے پھول محبت کے پھول پیار کے پھول
کھِلے یہ پھول تو پھر برق کا چلن نہ رہا
وفا کی راہ میں اب کوئی راہزن نہ رہا
جنوں کی خیر، کوئی آج بت شکن نہ رہا
یہ پھول وقت کے باغ و بہار ہیں جیسے
نظر کا چین، دلوں کا قرار ہیں جیسے

○

روسی کہانی

میخائیل شولوخوف

مترجمہ۔ صبا اکرام

لازوال تبسم

ترودفم اپنے کمرے سے نکلا اور دروازہ بند کرتا ہوا اصطبل کی طرف بڑھ گیا۔ اصطبل میں داخل ہوتے ہی اس کی نظر نوزائیدہ گھوڑی کے بچے پر پڑی جو گھوڑی کی چھاتی سے منہ لگائے تھنوں کو شدت سے نچوڑ رہا تھا۔ ترودفم بچھیرے کو دیکھ کر مسکرا گیا۔ اس نے اپنی جیب میں ہاتھ ڈال کر تمباکو کا پاؤچ نکالا اور ایک سگریٹ بنا کر ہونٹوں میں دباتے ہوئے بولا۔

"تو، تو تم نے بچھیرے کو جنم دے ہی دیا؟" اس کی آواز میں کرب چھپا تھا۔

گھوڑی جو کی تھیلی میں اپنے خشک ہونٹ ڈالے منہ چلانے میں مگن تھی۔ اور ترودفم دروازے سے ٹیک لگا کر بچھیرے کو گھورے جا رہا تھا۔

"میں اس بچھیرے کا کروں گا کیا؟"

بچھیرا اپنے ڈگمگاتے کمزور پیروں کے سہارے کھڑا لکڑی کا کھلونا معلوم ہو رہا تھا۔ ترودفم اپنی انگلی سے بچھیرے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولا۔

"کیا میں اسے گولی مار دوں؟"

گھوڑی نے یکبارگی منہ گھما کر شرمناک نظروں سے اپنے مالک کو گھورا......

کمانڈر اپنے ہاتھ میں چائے کا پیالہ لئے بیٹھا تھا۔ اس نے پیالے کو اس طرح تھام رکھا تھا جیسے دشمن پر حملہ کرنے سے قبل وہ اپنی بندوق کے کندے کو تھامتا ہو۔

"اس بچھیرے کو گولی مار دینا ہی بہتر ہے۔ ورنہ اسے ساتھ ساتھ لئے پھرنے سے لوگ ہمیں خانہ بدوش کہیں گے۔" ترودفم نے کہا۔

"یہاں تو میں بھی کب سے کہہ رہا ہوں — خانہ بدوش نظر آنا تو اور بات ہے بیکار ٹھہرتی۔ اور اگر کبھی تو اور بھی زیادہ شرمندگی اٹھانی پڑے گی۔ جس روز اگر وہ رجمنٹ کا معائنہ کرنے آیا اور پریڈ کے دوران بچھیرے نے کہیں اچھل کود شروع کر دی تو ساری ڈویژن میں ہماری ہنسی اڑ جائے گی۔.."

دوسری صبح جب ترودفم اپنے کمرے سے نکلا تو اس کے ہاتھ میں رائفل دیکھ کر کمانڈر نے پوچھا۔

"کیا بچھیرے کو گولی مارنے جا رہے ہو؟"

ترودفم نے جواب میں صرف "ہاں" کہا اور اصطبل کی طرف بڑھ گیا۔

کمانڈر سر جھکائے بیٹھا فائر کی آواز کا انتظار کر رہا تھا۔ ایک منٹ... دو منٹ.... کئی منٹ گزر گئے لیکن فائر کی آواز سنائی نہ دی۔ کچھ دیر بعد ترودفم آیا اور کھڑا ہو گیا

"کیا ہوا؟"

"شاید میری رائفل خراب ہو گئی ہے۔"

"دیکھوں کیا خرابی ہے؟"

ترودفم نے بے دلی سے رائفل کمانڈر کی طرف بڑھا دی اور اسے کھولتے دیکھتے ہوئے بولا۔

"اس میں تو کارتوس ہی نہیں ہے!"

"ناممکن!"

"میں سچ کہہ رہا ہوں اس میں ایک بھی کارتوس نہیں ہے۔"

"ہاں... بات یہ ہے کہ میں نے خود ہی کارتوس نکال کر اصطبل کے پیچھے پھینک دیا۔"

"خیر، ابھی فی الحال تو زندہ ہی رہنے دو۔ کچھ دنوں بعد ٹھکانہ لگا دینا" کمانڈر نے رائفل کو ایک طرف رکھتے ہوئے کہا۔

ایک دفعہ گزر گیا اور پھر وہ میدان ٹروفم کی پوزیشن کو ہلا گیا
میں واپس چلا گیا۔ جنگ شام ڈھلے شروع ہوئی۔

اپنے ساتھیوں میں ٹروفم سب سے آگے تھا۔ اس نے فوراً ایک چھلانگ لگا کر گھوڑے کے شکم سے خود کو نکال لیا۔ لیکن گھوڑے نے رفتار تیز کی۔ اکثر وہ پہلے بائیں طرف جاتا رہا۔ اس کا بھیڑیا اس کے قریب پہنچ جاتا تھا تنگ پڑ گئی۔

اس لمحے ٹروفم نے گھوڑے کی پشت سے چھلانگ لگا دی اور اپنی بندوق کا نشانہ لے کر ہاتھوں میں تھام لی۔

نیچے ریت سفید تھی اور دور سے پیلا تیر ڈھلوان پر دو نوجوان ایک دوسرے کو پیچھے دھکیلنے کی کوشش کر رہے تھے۔ لگتا تھا کہ وہ ندی میں کنارے کے پیچھے چھپ رہے ہیں۔ ٹروفم کی چھتری اور ڈھلوان میں گھوڑ سواروں کی مناسبت کو سمجھ رہے تھے۔

ٹروفم نے لوٹتے ہوئے زخمی کو ایک نظر دیکھا اور پھر اپنی گولی بھیڑیئے پر چلا دی۔ لیکن پتہ نہیں گولی لگی یا نہیں۔ وہ ہاتھ کانپ گئے یا کوئی اور وجہ تھی کہ نشانہ چوک گیا۔ اور بھیڑیا بھاگ کر جھاڑیوں میں گم ہو گیا۔

رات ٹروفم کی پوزیشن کے نزدیک گاؤں میں گزری اور رات بھر نوجوانوں نے سگریٹ پینے اور گھوڑوں کی زینیں ابھی نہیں کھولی گئیں۔ آدھی رات کے وقت ایک گشتی دستے نے واپس آ کر بتایا کہ انہیں خبر ملی ہے کہ دشمن کی فوج بڑھ رہی ہے۔

طلوع آفتاب سے کچھ دیر قبل ٹروفم کے پاس آیا اور کچھ دیر تک خاموش بیٹھا رہنے کے بعد بولا۔

"سنو ٹروفم، تم اس بھیڑیئے کو جلدی ٹھکانے لگا دو۔ اگر وہ جنگ کے دوران تمہیں نظر آ جائے تو گولی مار دینا۔"

"میں نے کوشش تو کئی بار کی ہے لیکن پتہ نہیں کیوں مجھے ہمیشہ ہاتھ کانپنے لگتے ہیں اور نشانہ چوک جاتا ہے۔ مجھے شبہ ہے کہ وہ کوئی عام بھیڑیا نہیں ہے۔ اکثر میں سوچ کر کانپ جاتا ہوں کہ کہیں وہ حملے کے وقت فوج کے درمیان آ گھسے"

کہ وہ اس کی باتیں سن کر مسکرایا۔ لیکن ٹروفم اس کی مسکراہٹ کو دیکھ نہیں سکا۔ کیونکہ وہ اندھیرے میں سر جھکائے بیٹھا رہا اور پھر بیٹھا بیٹھا سو گیا۔

دوسرے دن دوپہر کے وقت فوج نے ندی پار کرنا شروع کی۔ ٹروفم نے سب سے پہلے ندی میں چھلانگ لگا دی اور اس کے پیچھے ایک ایک کر کے جوان اور ان کے گھوڑے پانی میں گھس پڑے۔ گھوڑوں کی زینیں کھول کر تین چھوٹی چھوٹی کشتیوں پر لاد دی گئی تھیں۔ اور انہیں کشتیوں میں سے ایک پر ٹروفم سوار تھا۔ اس نے اپنے گھوڑے کی لگام کسی کے حوالے کر دی تھی۔

ٹروفم نے چپو ایک طرف رکھ دیا اور ندی میں تیرتے ہوئے جوانوں اور گھوڑوں کی طرف دیکھنے لگا۔ ان کو پتہ تھا کہ پانی بہت گہرا ہے اور گھوڑوں کا تیرنا بھی ٹھیک سے کچھ ہی دور پر نظر آیا۔ وہ تیر تیر کر کبھی کبھی منہ پانی کے باہر نکال دیتا اور کبھی پانی میں گم ہو جاتا۔ شاید وہ تھک چکا تھا۔ ٹروفم کے کانوں میں ایک بار پھر اس کی مدد کی آواز گونجی۔ "بی۔ او۔ ای"

بھیڑیئے کی بے کسی سے ٹروفم کے دل میں بھی ہمدردی کی لہر دوڑ گئی۔ پانچ سال کی مسلسل جنگی زندگی میں وہ اتنا کبھی بے بس نہیں ہوا تھا۔ لیکن آج ایک ڈوبتے ہوئے بھیڑیئے کی مدد کے لئے اس کا چہرہ کاغذ کی طرح سفید ہو گیا۔

ندی کے تیز دھارے سے بھیڑیئے کو بچا کر کنارے تک لانا ممکن نہیں تھا وہ بھنور میں گھر کر چکرا رہا تھا۔ ٹروفم نے کشتی بھیڑیئے کی جانب موڑ دی۔

دشمن کی مشین گنیں ندی کے کنارے پر گولیاں برسا رہی تھیں۔ پچھلی کشتی میں ایک فوجی نے چلا کر کچھ کہا اور اس کی آواز گولیوں میں دب گئی۔

بھیڑیئے کی آواز آہستہ آہستہ مدھم ہوتی جا رہی تھی۔ ٹروفم نے جھک کر اسے کشتی میں کھینچ لیا اور پانی میں گر گیا۔ پچھلی کشتی والے فوجی نے دیکھا کہ وہ باہر نکل رہا ہے اور چیخ کر کہا "بھاگو! یہ پاگل ہے"۔

ٹروفم کو بھیڑیئے کو بچانے میں پانچ منٹ لگ گئے۔ اس نے بھیڑیئے کو کشتی میں ڈال لیا اور جب کنارے تک پہنچے تو بھیڑیا ٹھنڈ سے کانپ رہا تھا اور اس کے منہ سے خون آلود پانی بہہ رہا تھا۔ ٹروفم نے جب اسے دیکھا تو اس نے ایک نظر ٹروفم کی طرف دیکھا اور آنکھیں بند کر لیں۔ جیسے کہہ رہا ہو کہ تم بھی میری طرح بے بس ہو۔ اس کی آواز ختم ہو گئی تھی۔

دوسری طرف ساحل پر پچھلی کشتی والے فوجی نے بندوق سے نشانہ باندھ کر پھینک دیا۔

بھیڑیئے کے نزدیک ہی ٹروفم بے حس و حرکت پڑا تھا۔ اس کا جسم ٹھنڈا ہو چکا تھا۔ لیکن اس کے ہونٹوں پر ایک ہلکی سی مسکراہٹ ابھی تک باقی تھی جو اس نے پانچ سال سے نہیں دیکھی تھی۔

فتح علی خاں تاب

جدائی کے بعد

رناکی پیار کی حسینِ تن کی آنچ آئی
کلی کلی سے تمہارے بدن کی آنچ آئی

میں سوچتا ہوں شبِ تار کی فصیلوں میں
تمہارے شہر میں شور سا ابھر گیا ہوگا
تمہاری خلوتِ شرم کی فضاؤں میں
تمہارے حسن کا سونا بکھر گیا ہوگا

فلک پہ بکھرا ابر کے روکی ہے سب
کہ جیسے تارا اُجالے کے آئی ہے
ہر اک اداس اندھیرے کا زہر ہے لیکن
نظر نے دور کرن کوئی جگمگائی ہے

شبِ فراق کو خوابوں کے ہار پہنا کر
قدم قدم پہ نئے گیت چن لئے میں نے
ہر ایک لفظ کو اپنے لہو سے چمکا کر
خیال و فکر کے مہتاب چن لئے میں نے

تمام سنہری آرزو کی وادی میں
تمہارے نقشِ قدم کی طرح چمکتے ہیں
تمہاری یاد سے دل کا چمن مہکتا ہے
تصورات کے چہرے ابھی دمکتے ہیں

شعور پھر ستم کو مٹائے گا اک دن
امانتِ خلشِ انتظار رہنے دو
طبیبِ الم کو شبِ وصل سے بدلنا ہے
جو اپنے دل کو یونہی بے قرار رہنے دو

شفیق تنویر (بھوپال)

ہرجائی

تیرے چہرے کے ساتھ ساتھ مجھے
چاندنی تو عزیز ہے اے دوست
سینۂ شب پہ جو لعبۂ انداز
صبح کی کھوج میں نکلتی ہے
ایک قندیل بن کے جلتا ہے
تیری زلفوں کے ساتھ ساتھ مجھے
ان گھٹاؤں سے بھی محبت ہے
جن کی رفتار زندگی کا پیام
جن کی آواز زندگی کا رباب
لے کے پانی سمندروں سے جو
خشک دھرتی کو کرتی ہیں سیراب
تیری باہوں کے ساتھ ساتھ مجھے
دستِ مزدور سے بھی الفت ہے
تیشۂ عزم ہے جو کھودے ہے
موت کی وادیوں میں جوئے حیات
درد و غم کے اداس سائے سے
تاکہ مل جائے آدمی کو نجات
چوڑیوں کی کھنک کے ساتھ مجھے
کارخانوں کا شور بھی ہے عزیز
آج میری نہیں کروڑوں کی
جس سے وابستہ زندگانی ہے
اس گرجتے ہوئے زمانے میں
ارتقا کی جو اک نشانی ہے
خوشبوئے پیرہن کے ساتھ مجھے
سوندھی سوندھی یہ بوئے گل بھی عزیز
کہ جو برسات کے ترشح سے
تن کھیتی سے پھوٹ پڑتی ہے
درحقیقت جو اک علامت ہے
کھیتیوں پر بہار آنے کی
میری محبوب میں ہوں ہرجائی
ہر حقیقت کا دل سے شیدائی



پورا پتہ
لکھنے سے
خط جلدی
پہونچتا ہے
ادھورا پتہ
لکھنے سے
خط دیر سے
پہونچتا ہے
نئی دہلی
بھارتی ڈاک و تار

طنز و مزاح :-

آغا رشید مرزا دہلوی

چاند کی کہانی

• آؤ میں تمہیں سناؤں چاند کی کہانی — •

اور ہم اس کے چاروں طرف بیٹھ گئے۔

چاند کی کہانی [illegible] سمندر [illegible] کی طرح پھیلی ہوئی تھی [illegible] جن میں اس کا چہرہ [illegible] داستان گو کا [illegible] معلوم ہوتا [illegible] کے بعد اس نے کہنا شروع کیا۔

— داستان گو یا افسانہ نگار یا شاعر [illegible] حقیقت سے [illegible] اور تخیل کے سہارے [illegible] خوبصورت محل بنتا ہے اس میں خود بھی بستا ہے اور دوسروں کو بساتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ حقیقت کسی نہ کسی خواب سے شروع ہوتی ہے۔ ہر آدمی پہلے خواب دیکھتا ہے [illegible] خواب اور [illegible] خواب۔ [illegible] حقیقت ہے اور ہر حقیقت ایک خواب بالکل زندگی کی طرح [illegible] نظر آتی ہے اور [illegible] ٹکڑوں سے [illegible] مکمل ہو جاتی ہے۔ •

اس کے بعد وہ کچھ لمحات [illegible] ہو گیا۔ [illegible] خواب آلود دنیا میں [illegible] اور پھر اس نے کہانی اس طرح شروع کی جیسے [illegible] کسی خواب سے بیدار ہو گیا ہو —

— یہ اس چاند کی کہانی ہے جہاں تک پہنچنے کے لئے سائنس برسرِ پیکار ہے۔ ہم سائنس والے ہیں لیکن چاند تک پہنچنے کیلئے [illegible] مرنے [illegible] زندہ [illegible] مرنے کے بعد زندہ [illegible] ہے۔

[illegible] دنیا سے [illegible] دلچسپی [illegible] لیکن کیا کریں [illegible] مشکل ہو [illegible] لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں [illegible] ہر چیز تنگ ہوتی جا رہی ہے۔ یہاں تک کہ [illegible] تنگ، نظر تنگ، [illegible] حالات [illegible] تنگ [illegible] کرتا تو [illegible] زمانے میں [illegible] آخر [illegible] کیا نہ کرتا۔ یہی سوچ کر [illegible] چاند کی دنیا میں [illegible] اور [illegible] دنیا الگ بسا لوں۔ [illegible] سکون اور چین پاؤں۔

سنا تھا کہ لوگ [illegible] پہنچ جاتے ہیں [illegible] شام کی [illegible] یہاں تک کہ اس سرزمین کو [illegible] انہیں [illegible] حاصل ہو جاتی ہے [illegible] جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں۔

دعا کر [illegible] راکٹ میں پہنچ جاؤں۔ [illegible] راکٹ چاند کے گرد چکر لگائے تو اللہ کا نام لے کر کود [illegible] تو بہرحال [illegible] جائے گا۔

[illegible] اخبار میں اشتہار نظر پڑا۔ کسی [illegible] جانے کیلئے ایک پرائیویٹ سکریٹری کی [illegible] تھی۔ یوں تو میں [illegible] اشتہار [illegible] کیونکہ [illegible] اشتہار [illegible]

[illegible] مجھ کو کرتا ہے [illegible] ایک [illegible] ہو جاتا [illegible] [illegible]
دیکھا [illegible] [illegible] کے لیے [illegible] میں معروف ہیں۔ اس کے بعد کچھ [illegible] نظر آئے۔ [illegible]
[illegible] پروفیسر [illegible] کی [illegible] جو [illegible] تعداد [illegible] کا [illegible] ہو گئے۔ اس کے
بعد [illegible] بنگلوں کی قطار آئی جس میں زیادہ تعداد [illegible] [illegible] کی [illegible] جلسا [illegible]
[illegible] زندگی گذار رہے تھے۔ ان میں سے ایک صاحب نے [illegible] ملازمت حاصل کرنے کا گر بتایا اور کہا کہ ملازمت کا
[illegible] ملازمت دینے والے کی گردن دبی ہو یا گردن پکڑی ہو۔ [illegible] کی دنیا [illegible] سے [illegible]

TAKE کے اشاروں پر چل رہا ہے۔

افسوس ہے کہ مجھے ایسا تیر بہدف شفا بخش تو نہ مل سکا لیکن ایک بہر ملاقات قسم کا تعارف ضرور ہو گیا۔ کچھ زمانے میں [illegible] صاحب
کچن کے مالک تاجر صاحب کے ہم نوالہ و ہم پیالہ تھے۔ اگرچہ اب مرحوم ہو چکے تھے لیکن جب زندہ تھے [illegible] صاحب [illegible] خوب [illegible]
[illegible] گئے تھے لیکن اس [illegible] کے [illegible] کے [illegible] زندگی [illegible] سامنے [illegible]
[illegible] صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا [illegible] بدولت [illegible] کے [illegible]
[illegible] ہے۔ آوارہ [illegible] ہوں۔ اگر آپ کی [illegible] ہو جائے تو بیڑا پار ہو جائے۔ اس کے [illegible] ایمانداری کی تمام [illegible]
[illegible] ہے۔ اس کے بعد ایک [illegible] کر لیے۔ [illegible] کو محفوظ [illegible] ایمان [illegible]
[illegible] ہوں [illegible] ضرورت استعمال کرتا ہوں۔ [illegible] استعمال کر [illegible] ہوں۔ اور جہاں تک ممکن ہوتا ہے [illegible]
[illegible] ہوں۔ [illegible] آپ سے [illegible] کہ مجھے ایماندار [illegible] کی ضرورت ہے۔ دراصل مجھے [illegible]
ایمان کی ضرورت ہے۔ [illegible] داستان کی ضرورت ہوتی ہے [illegible]
میں [illegible] کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ کام آپ کے بس کا نہیں۔

اس کے بعد [illegible] کی [illegible] اور میں [illegible] کے [illegible] رہی ہیں۔

بہت [illegible] ہو کر وہاں سے نکلا [illegible] سڑک پر [illegible] کہ ایک فرشتہ [illegible]
سے [illegible] فرشتوں کا خیال آیا [illegible] اس معاملے میں فرشتوں سے مدد [illegible]
[illegible] فرشتوں کی [illegible]۔ لیکن معلوم ہوا کہ
[illegible] ضرورت [illegible] واپس [illegible] ہے۔ [illegible] مسلمان کے
[illegible] کے کام [illegible] ہو گا۔ اب مجھے [illegible] فرشتوں کی [illegible]۔ لیکن معلوم ہوا کہ
[illegible] اور [illegible] معروف ہیں کہ بات کرنے کی بھی فرصت نہیں۔ [illegible]
فرشتوں [illegible] سے [illegible]
واپس [illegible] کی خدمت میں [illegible] کہ [illegible]
[illegible] قیامت سے قبل قیامت [illegible] اٹھا [illegible]
[illegible] کتاب [illegible] ہے۔ [illegible] اور [illegible]
[illegible] بالکل [illegible]۔

اب باقی ہے [illegible] اس سے [illegible] کی [illegible] نہ تھی۔ [illegible]
[illegible] کی [illegible]۔ بقول غالب

الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا

ولایتی انشائیہ:- از۔ نا۔سی۔ پیچرڈکے

ترجمہ۔ نور پرکار

چھتری

میں اپنی گیلری میں کھڑا اُس بچے کو دیکھ رہا تھا۔ جب موسلادھار بارش ہو رہی تھی ہر کوئی اپنی چھتری کو بندوق کی طرح اپنے کاندھے پر رکھے بھیگتا ہوا بہت آہستہ آہستہ چلتے ہوئے۔ [illegible] بہت سارے لوگ اور بچے بھی رفتار سے بھاگ کر واپس ہو رہے تھے [illegible] ایک ایک [illegible] جیسے برسات کی [illegible] جاتا ہو ایسا لگتا تھا [illegible] مگر میری چھتری صحیح و سالم اسی حالت میں میرے کاندھے پر رہی۔ چھتری کی ضرورت تو تھی، مگر اُس کا استعمال ضروری نہیں۔

ذرا اپنی نظر رفتہ کو آواز دیجئے۔ کیا بچے کی طرح آپ بھی اپنے بچپن میں بھیگتے نہیں گئے تھے اور جب کسی شخص نے آواز دی تو کہا تھا چھتری کھول لو۔ تو آپ نے یہ کہہ کر نہیں ٹالا کہ چھتری کا کپڑا پھٹ گیا ہے۔ اتنا ہی نہیں، اس جگہ [illegible] آپ کے سر [illegible] لاتے ہوئے بہتر ہے اس کا کپڑا نہ کھولا جاتا۔ اور اگر آپ نے یہ نہیں کیا تو میں یہ کہوں گا کہ آپ بچے نہیں تھے۔ آپ کا بچپن سرے سے آیا ہی نہیں۔ [illegible] بڑے ہو گئے جوان ہو گئے۔ بچپنے میں [illegible] چھتری کا کیا واسطہ! چھتری کی ضرورت تو ہوتی ہے۔ مگر بارش اور دھوپ سے بچنے کے لئے نہیں اس کا استعمال صرف دل کے بہلاوے کیلئے کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کے پاس چھتری ہے تو کرکٹ جیسا کھیل کھیلا جا سکتا ہے۔ [illegible] بیٹ کے بجائے اس چھتری سے گیند کو اچھالنے میں جو لطف حاصل ہے۔ [illegible] آپ نے چھتری کو [illegible] لگا لیا [illegible] لطف ہے جو کہ فرسٹ کلاس میچ [illegible] حاصل نہیں ہوتا۔ اگر کسی بچے نے آپ کا مذاق اڑانے کی کوشش کی تو چھتری کا [illegible] چھتری کے آگے کوئی وقعت نہیں رکھتے۔ [illegible] چھتری کو اپنے ہاتھوں میں [illegible] محسوس ہوا کہ وہ [illegible] چھتری [illegible] ایک گز [illegible] ہوا۔

گرمی کی تعطیلوں میں [illegible] چھتری کا [illegible] ثابت ہوتی ہے۔ [illegible] ڈالی میں پھنسایا جائے اور [illegible] لوگوں کی نظروں اور [illegible] ایک چھتری اور دو پاؤں والی ہیں۔ میرے پاس ایک چھتری ہے اور اس کے پاؤں [illegible] ہوں۔ [illegible] محسوس کرتے ہیں۔ شاید اسی لئے چھوٹے بچوں کو چھتری زیادہ پسند ہے۔

[illegible] استعمال ہمیشہ [illegible] کرتے ہیں [illegible] نہیں کہا جا سکتا۔ شاید آپ جانتے ہیں۔ البتہ [illegible] مناسب سمجھتا ہوں [illegible] کیلئے چھتری کا استعمال نہیں کیا؟ [illegible] بارش سے زیادہ [illegible] کے لئے چھتری کا استعمال نہیں کرتی؟ [illegible] کے لئے [illegible] استعمال کرنے والوں [illegible] انکار کیا جا سکتا ہے۔ [illegible] البتہ

شاعر بیگا

جب ... [illegible] ... اور ... [illegible] ... تب ... [illegible]
... [illegible] ... سب سے اونچی جگہ ... [illegible] ... ہے جہاں سے ہم
... [illegible] ... نہیں رہ سکتے ... [illegible] ... کا نام ... اگر کوئی مجھ سے پوچھے کہ تم ... کس کو
تو میں صاف صاف کہہ دوں گا ــــــ " چھتری ! "

اس چھتری سے ایک ... [illegible] ... کیا جا سکتا ہے۔ البتہ ... [illegible] ... ہاں - ہاں ... [illegible]
... نہیں ہوں گے اگر آپ ... [illegible] ... پر چھتری کے نیچے ... [illegible] ... کوئی چھتری ... [illegible]
... [illegible] ... کی طرف ... [illegible]
... [illegible] ... دونوں ... [illegible]
... [illegible] ... ساحل پر ... [illegible] ... چھتریاں ... [illegible]
... [illegible] ... دوسری چھتری کی طرف ... [illegible] ... کسی ملک ... [illegible]
... ان چھتریوں اور ان کے نیچے بیٹھے ... عاشقوں کی طرح میں بھی ایسی ہی کسی چھتری تلے تمہارے ساتھ ... [illegible]
... جاتا ہوں۔

کہتے ہیں کئی لوگوں کو قسم قسم کی چھتریاں خرید کر جمع کرنے کا شوق ہوتا ہے۔ مگر ایسا آدمی ابھی تک میری نظروں سے نہیں گزرا ...
... [illegible] ... ایسے بہت سارے لوگ میری نظروں سے گزرے ہیں ... [illegible] ... کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ
... [illegible] ... ہو سکتا ہے ... [illegible] ... جہاں ... [illegible] ... چھتری ... [illegible] ... میرا اندازہ
... [illegible] ... چھتریاں ... [illegible]
... [illegible] ... ایک ... کا ساتھ چند دن سے زیادہ ... نہیں ... [illegible] ... چھتری کی کیا ... [illegible]
... [illegible] ... چھتری کے ایک کونے میں اپنا ... نام ... [illegible]
... رنگ سے ... [illegible]

کچھ ... [illegible] ... چھتری کی دکان ... کی چھتریاں اگر اپنی ... [illegible]
... [illegible] ... ایک کہے گی ... [illegible]
... [illegible] ... کے ہاتھوں میں ... [illegible] ... میرا مالک ... [illegible]
... [illegible] ... تیسری ... [illegible]
... [illegible] ... کیسے کیسے لوگ ... [illegible]
... [illegible] ... ایک ... ساتھ ... لوگوں کے ساتھ ... ہیں۔

چھتری ... [illegible] ... کے قابل ... [illegible] ... بادشاہوں کی نشانی تھا ...
... بادشاہ ... [illegible] ... کوئی چھتری ... ہو سکتا ہے۔ ... [illegible]
... اپنی زندگی کے ... [illegible] ... حکومت ... [illegible]
... [illegible] ... اس کا کیا ثبوت ہے؟ تو میں ... [illegible]

ــــــ چھتری !

عبدالرب صدا سیونوی

غزل

یادوں کا سینہ چھلنی ہے، چھالے دیکھے بھالے کون
چارہ گر سب ہار چکے ہیں غم کی پھانس نکالے کون
دل کے ظلمت خانے میں اک آہ غنیمت ہے یارو
شمعِ اُلفت بجھ جائے تو پھیلائے اُجالے کون؟
جب چاہے یہ رُسوا کر دے جو چاہے الزام یہ دے
یہ دُنیا ہے، اِس دُنیا کے مُنھ پر تالے ڈالے کون!
اُلفت کی تحریکیں تو ہیں منسوبوں کی دنیا میں
لیکن ایک سوال ہے یہ بھی درد جگر میں پالے کون؟
اپنی آگ میں جلنے والو، درد پرایا کیا جانو
میرے غم سے کیا مطلب! تم اِس پر ہنسنے والے کون!
ساحل پر اک بھیڑ لگی ہے طوفانوں کی گھاتوں میں
ایک سے ایک یہ پوچھ رہا ہے پہلے کشتی ڈالے کون؟
ابھی کنگال نہیں ہے، موتی کا بھی کال نہیں
ن صدا صحرا کو چھانے، اور دریا کو کھنگالے کون؟

قیصر صدیقی سمستی پوری

غزل

کتنے عجیب کتنے نرالے ہوئے ہیں لوگ
تہذیبِ نو کی گود کے پالے ہوئے ہیں لوگ
انساں کی دید کو مری آنکھیں ترس گئیں
چہرے پہ اک نقاب سی ڈالے ہوئے ہیں لوگ
ماضی نے جز فریبِ وفا کچھ نہیں دیا
ماضی کی لاش پھر بھی سنبھالے ہوئے ہیں لوگ
خونِ جگر دیا ہے ہمیں نے بہار کو
پھر بھی ہمیں چمن سے نکالے ہوئے ہیں لوگ
جس کی چمک پہ لُٹتی ہیں بہو کی جوانیاں
اس "مہرِ نو" کے پوجنے والے ہوئے ہیں لوگ
سرکش جہاں ہوئے ہیں اندھیروں کے لاڈلے
پیدا وہیں سحر کے اُجالے ہوئے ہیں لوگ
قیصر ملے تو کیسے ملے منزلِ نشاط
جب خود ہی پائے شوق کے چھالے ہوئے ہیں لوگ

مکتوبات

انجم آرا انجم ——— معرفت فضل الرحمٰن صاحب، مقابل مسجد امیر نشان۔ علی گڑھ

۔ نگار کے سالنامہ ۱۹۶۳ء میں لطف الرحمٰن صاحب کا مضمون "ہندی ڈرامہ اور ارسطو کی بوطیقا" نظر سے گزرا۔ اس کے بعض نکات کی طرف صاحب مضمون کی توجہ مبذول کرانا میرا مقصد ہے۔

مضمون کے آغاز کی چند سطور ابھی درست ہیں کہ سنسکرت ڈرامے اسٹیج کے لئے لکھے گئے تھے اور شکنتلا بھی کھیلا گیا تھا۔ یہ کہنا کہ شاید کالی داس کے ڈرامے پڑھنے کیلئے نہیں بلکہ اسٹیج کیلئے لکھے گئے جس کی وجہ سے انہیں کامیابی نصیب ہوئی اسٹیج کی کامیابی ڈرامہ کی زبردست دلیل ہے جس کی تائید لطف الرحمٰن صاحب نے اپنے مضمون میں خود کی ہے۔ کامیاب ڈرامہ نگاری ایشیا سے نکلے ہیں اور اسٹیج کی کا یہ بیان کہ بات مناسب نہیں کہ سنسکرت ڈراموں کو شیکسپیئر کے ڈراموں کو ماتحت جانے [illegible] ڈرامے ہی لکھے گئے ان میں [illegible] کالی داس کا ہاتھ بالکل [illegible] اور خوبصورت ہے [illegible] اسٹیج کی کامیابی کے لحاظ سے بلکہ ادبی حیثیت کیلئے مسلّم ہیں۔ ان ڈراموں میں فکر کی جابجا [illegible] بیان کی شگفتگی، زندگی کے گہرے [illegible] تجربات اور اخلاقی اصلاح کے ایسے نمونے ہیں جن سے کوئی مغربی ڈرامہ [illegible]

ارسطو نے ٹریجڈی کے سلسلے میں وحدت زمان و مکان کا ذکر کیا ہے۔ وحدت عمل اور وحدت زمان کا۔ [illegible] وحدت عمل پر [illegible] چونکہ [illegible] ڈرامہ کا انحصار اسی پر ہے۔ وحدت زمان کی طرف وہ صرف اشارہ کرتا ہے۔ [illegible] کوشش کرنی چاہیئے کہ [illegible] [illegible] اس کے قریب قریب ہو [illegible] کا پابند ہے [illegible] کے بارے میں ارسطو کے یہاں کچھ نہیں ملتا۔ [illegible] اور [illegible] سے منسوب کرنا غلط ہوگا۔

موصوف لکھتے ہیں "ہر چند کہ یہ تینوں وحدتیں ڈرامہ میں موجود نہیں [illegible] سے کامیاب نہیں ہوسکتا" جس طرح یہ بات کہی گئی ہے اس [illegible] صاحب مضمون کا ہے۔ درست یہ ہے کہ اس بات کو تسلیم کرنے کے باوجود شیکسپیئر [illegible] [illegible] یہ ہے کہ [illegible] ڈراموں کی کامیابی [illegible] [illegible] ممکن نہ ہو [illegible] کوئی التزام نہیں رکھتے [illegible] صاحب مضمون خود [illegible] [illegible] انہیں کی تصنیف [illegible] کرتے ہیں [illegible] ڈرامے میں وحدت عمل کو بہت زیادہ اہمیت حاصل [illegible] ڈرامہ نگار کی خواہش اور منشا پر منحصر ہے کیا یہ کھلا ہوا تضاد نہیں ہے۔

موصوف نے [illegible] سے پہلے ڈرامہ نگاری کی [illegible] کا ذکر کیا ہے۔ [illegible] ڈرامہ [illegible] میں [illegible] میں ایک طرح سے شمار کیا گیا۔

(۲) دوسرا دور [illegible] کا ہے جو [illegible] سے پہلے تک [illegible] ڈرامے پیش کرتا رہا۔

(۳) تیسرا دور [illegible] میں [illegible] گیا ہے۔

(۴) اس کے بعد [illegible] کا دور آتا ہے۔

[illegible] کے [illegible] ڈرامے [illegible] جو [illegible] اسٹیج کی زینت بنے [illegible] میں کون سا ڈرامہ کھیلا گیا؟

[illegible] ڈاکٹر عبدالعلیم نامی [illegible] اردو ڈرامہ کی ابتدا [illegible] نہیں [illegible] تحقیق [illegible] ڈرامہ [illegible] جس کا سبب تحقیق کا پہلو تشنہ ہی رہ گیا ہے۔

ملہ ارسطو کی کتاب [illegible] کا ترجمہ بوطیقا — عزیز احمد بی۔ اے (لندن)، انجمن ترقی اردو، دہلی۔ [illegible]

ملہ: [illegible] ڈاکٹر عبدالعلیم نامی۔ انجمن ترقی اردو پاکستان۔ اردو روڈ کراچی۔ ۱۹۶۰ء

[illegible]

[illegible] اُردو [illegible] کی [illegible] ہوا۔ [illegible] [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کیا گیا۔

عبد الرحمٰن خاور ——— ماہنامہ . [illegible] سال . راولپنڈی (ریٹائرڈ)

[illegible] صاحب کے انتقال کی خبر [illegible] ہوا۔ [illegible] تمام اردو والوں کا [illegible] ہے [illegible]
[illegible]
[illegible] ہیں۔

[illegible] آپ نے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] سکتی ہے !!

سعید احمد اکبرآبادی ——— صدر شعبۂ سنی دینیات . علی منزل . ذکی روڈ . علیگڑھ .

ابھی ابھی [illegible] والد صاحب کی وفات حسرت آیات کی خبر معلوم کر کے [illegible] رنج ہوا [illegible] عالم [illegible]
[illegible] لیکن آپ کی [illegible]
[illegible] جائیں گے۔ آخر غالب نے کیا خوب کہا ہے ؎

صبر کرتے ہی بنے گی غالب ——— واقعہ سخت ہے اور جان عزیز

آپ کی [illegible] کے لیے عزم و استقلال [illegible]
[illegible] کی مثالیں کم ہی ملیں گی۔

دعا ہے کہ [illegible] اور اس حادثۂ جانکاہ پر بھی صبر آپ کا
رفیق ہو۔ آمین۔

میری اور [illegible] کی طرف سے [illegible] ۔ میں [illegible] کروں گا۔

مظہر حسین صدیقی ——— [illegible] کراچی

[illegible] ایک ہفتے سے [illegible] عالم ہے [illegible]
[illegible] آپ اپنا [illegible] آخری وقت ہے

۱۔ اردو [illegible] انجمن ترقی اردو پاکستان . اردو روڈ کراچی . ص ۱۹۱ - ۱۹۲

۲۔ [illegible] ص [illegible]

۳۔ " " " [illegible] حصہ اول، تعلیم پریس لکھنؤ [illegible] ص ۱۱۱

ایک [illegible] ہی [illegible] سے [illegible] نصیب نہیں ہو سکتی ہیں۔ [illegible] [illegible] میں [illegible] ہے۔
[illegible] ماہر جمال آسکے۔

(۱۱ اور [illegible] ۔ [illegible])

فضیل جعفری ———— [illegible] ورنمنٹ [illegible] اور [illegible] ۔ اورنگ آباد

• شاعر کا سالنامہ [illegible] کم ضخامت کے باوجود [illegible] ہے۔ آپ [illegible] لکھنے والوں کو [illegible] [illegible] ہے [illegible] کی [illegible]
کے [illegible] ہی [illegible] ہوگی۔

سالنامہ میں شائع شدہ کچھ چیزیں پسند آئیں اور کچھ ناپسند۔ چاہتا تھا کہ بعض مضامین کی خامیوں کی طرف اشارہ کروں مگر طبیعت پر [illegible]
[illegible] سے [illegible] کہ [illegible] دور کے شاعر اور ادیب کچھ ایسی [illegible] میں مبتلا ہو گئے ہیں کہ [illegible] سے [illegible] کی [illegible] ان کے
[illegible] ہوتی ہے۔ [illegible] [illegible] کی [illegible] ہے۔

(دیگر پھر ادب کی حیرت کے لئے کیا ہوگا ؟! — ادارہ)

محمود ہاشمی ———— ۱۲۱۱۔ بلیماران دہلی ۶

آپ کے خط سے تازہ شمارہ [illegible] زبان [illegible] صاحب کے انتقال پر ملال کی خبر معلوم ہوئی۔ [illegible] کہ اس موقع پر آپ پر کیا بیتی ہوگی
[illegible] کے [illegible] کے [illegible] [illegible] ہے [illegible] کتنے دل [illegible] دینے والے [illegible] سامنے آئے [illegible]
[illegible]۔ آپ کا [illegible] اختیار [illegible] گئے۔

[illegible] سے [illegible] ہو سکا۔ [illegible] آپ نے [illegible] اور [illegible] اٹھائے ہیں۔ [illegible] [illegible] ہیں۔ اگر
ہم [illegible] نہیں ہو سکے لیکن آپ کی ہمت و جرأت پر رشک کرتے ہیں۔ آپ کی شخصیت [illegible] تمام مسائل کی [illegible] ہے۔ جن کا تعلق ہندوستان
[illegible] لسانی اور ادبی موضوعات سے ہے۔ آپ ہر [illegible] مسئلہ سمجھتے ہیں۔ اسی لئے پچھلے دنوں آپ کی نظموں میں ہندوستان [illegible]
[illegible] نظر آتی ہے۔

[illegible] شاعر [illegible] کہ [illegible] ادب [illegible] زیادہ [illegible] شائع ہوتے رہیں [illegible] آپ [illegible]
[illegible] آئے۔ [illegible] کا [illegible] پسند آیا۔ [illegible] لوگوں کو [illegible] کرتے [illegible] کی [illegible] سے [illegible]۔
[illegible] زندگی [illegible] شاعر کا [illegible] بنا لینا چاہیئے۔ میرا خیال ہے کہ [illegible] اور تازگی [illegible] میں [illegible] ادیب
[illegible] پسند کرتے ہیں۔ [illegible] ان کے مسائل سے تو [illegible] کو [illegible] بنا لیا ہے اور [illegible] ہو۔ [illegible] ہیں۔

پروفیسر حامدی کاشمیری ———— [illegible] کالج۔ سرینگر (کشمیر)

شاعر کا سالنامہ [illegible] شکریہ! [illegible] کہ [illegible] طبیعت [illegible] ہو گئی۔ اس بار [illegible] معیار کے مطابق [illegible]
اس [illegible] چیزوں کو شامل کیا ہے۔

مجھے افسوس ہے کہ میں ایک [illegible] مدت سے شاعر کی [illegible] رہا ہوں [illegible] یہ ہے کہ میں پی۔ ایچ۔ ڈی کیلئے اپنے تحقیقی مقالے کو مکمل کر رہا
[illegible] شکر ہے کہ میں یہ مقالہ مکمل کرنے میں کامیاب ہوا ہوں [illegible] کے [illegible] ہیں۔ [illegible] ایسے [illegible] نہیں دیا۔ [illegible]
[illegible] مجھے [illegible] کہ [illegible] یونیورسٹی میں پیش کر رہا ہوں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ میں نے اردو نظم پر [illegible]
اثرات کے موضوع پر کام کیا ہے۔

عبدالعزیز خالد ———— ۸ "المسکین" ۸ [illegible]۔ پی۔ ای۔ سی۔ ایچ۔ ایس۔ کراچی ۲۹ (پاکستان)

سالنامہ [illegible] کا شمارہ ملا۔ یاد فرمائی کا تہ دل سے شکریہ
والدہ مرحومہ کے غم میں [illegible] کو [illegible] شریک خیال فرمایئے۔ خدائے تعالیٰ مرحومہ کو جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ لوگوں کو

ف: مرحومہ [illegible] سب سے بڑی [illegible] ہندوستان میں [illegible] [illegible] شام کو انتقال ہوا۔ ۳ [illegible] [illegible]

شاعری

استفسارات۔ حضور آپ کا شمارہ ملا۔ [illegible] آپ نے کتنی مشکلیں اور پریشانیاں جھیلیں اور پھر آپ ہی کا حوصلہ ہے کہ [illegible] ہر ماہ بلا ناغہ [illegible] منتظر رہا ہوں [illegible] ہو گئے ہیں۔

نسیم مظفرپوری ——— ریزرو بینک آف انڈیا، پوسٹ بیگ نمبر ۹، پٹنہ۔ (بہار)

شاعر کا تازہ شمارہ دو روز [illegible] مظفرپور میں ہی دیکھا ہوں۔ آپ کے ادارے کے متعلق اب کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ [illegible] کی حیثیت سے میں کی کتب مقالات [illegible] اور [illegible] اور قرابتا آل کی نظمیں بہت اچھی ہیں۔ [illegible] کی غزل مجھے سب سے زیادہ پسند آئی۔ [illegible] یہ اشعار ـــ

خون دل خون جگر مانگ رہا — اپنا گلشن ہے سنوار جاؤ دو
اور بھی کچھ ہے سکتے کام — حسن طرف ملائے نظر جاؤ دو

افسانوں میں فیض الحسن کا ترجمہ اچھا ہے۔ سید منظور الامین کا افسانہ ۔ [illegible] ایک اچھا افسانہ ہو سکتا تھا اگر وہ اس کے اختتام پر عجلت نہ [illegible]۔ پھول ہے [illegible] قیمت ہے۔ [illegible] کا موضوع کوئی نیا نہیں۔ [illegible] سے قاری اس افسانے کا انجام پہلے سے معلوم ہو جاتا ہے۔

فیض الحسن ——— معرفت ایس۔ اے۔ چوہدری، سپرنٹنڈنگ انجینئر، [illegible] پروجیکٹ۔ پورنیہ، بہار

حصہ نثر میں سید حبیب الرحمن [illegible] کا مقالہ رنگوں کا [illegible] پس منظر خوب ہے۔ آندھرا پردیش میں اردو موقف پڑھ کر تو طبیعت خوش ہو گئی۔ کاش! حیدرآباد کی طرح بھارت کے اور صوبوں میں بھی اردو علاقائی زبان تسلیم کر لی جاتی۔ جہاں اردو کا جائز حق ہے۔ سید منظور الامین کی کہانی بھی پسند آئی۔

——— بقیہ :۔ چاند کی کہانی ۔ صفحہ ۶۰ سے آگے ———

اس طرف دیکھا ہی جاتی ہوگی۔ [illegible] میں یا دنیا میں مصروف ہوگا۔ [illegible] اللہ میاں کو رحم آیا یا کسی فرشتہ کا دل پسیجا۔ ایک مدہم آواز آئی آنکھیں بند کر لو۔ آنکھیں بند کی ہی تھیں کہ پھر آواز آئی۔ آنکھیں کھول دو۔ آنکھیں کھولیں تو خود کو چاند کی دنیا میں پایا۔ لیکن دیکھا کہ اس دنیا میں بھی کچھ [illegible] ہے۔ [illegible] میں نے ایک ایک سے پوچھا لیکن کسی نے [illegible] دیا۔ [illegible] تک نہ کی۔ آخر میں نے ایک بزرگ سے کہا کہ میں [illegible] سے آیا ہوں جہاں [illegible] رہتا ہے جو اشرف المخلوقات ہے اور حسن کی [illegible] ہے۔ ان بزرگ نے مجھے سر تا پا اس طرح دیکھا جیسے میں انسان نہیں کوئی خطرناک شے ہوں۔ [illegible] بالکل بے خبر [illegible] خود انسان سے بھاگ کر یہاں آ گئے [illegible] تم بھی [illegible] ہو۔ تمہاری انسانیت [illegible] بیٹھے دیکھ رہے ہیں۔ [illegible] ظلم، حق تلفی، بے انصافی، [illegible] فساد، خونریزی، جنگ و جدل اور رنگ و نسل کے جھگڑے [illegible] کہ ہماری دنیا [illegible] ہے [illegible] انسانیت [illegible] تم [illegible] کر رہے ہو لیکن [illegible] ہماری دنیا میں [illegible] کے درمیان کا خلا [illegible] کرنے کی کوشش [illegible] اپنی [illegible] سائنس کے [illegible] دنیا سے [illegible] کرے۔ [illegible] چاند کی داستان [illegible] ہو چکی تھی۔

سائنسدان کہتے ہیں کہ چاند میں آبادی نہیں ہے۔ لیکن اس کی حقیقت آج تک کسی کو نہیں معلوم۔
چاند کی ویرانی دیکھ کر میرا دل بھی گھبرایا اور بقول غالب مجھے بھی ؏
دشت کو دیکھ کر گھر یاد آیا ـــ

ادارہ: —— محفل اپنی ....!

یہ تازہ "شاعر"

کئی اعتبارات سے "شاعر" کا یہ تازہ شمارہ پچھلے شمارہ سے زیادہ جاذبِ نظر ہے۔ پچھلا شمارہ کتابت و طباعت کے اعتبار سے کچھ گرا ہوا تھا علاوہ ازیں وہ ۱۴۴ صفحات کا تھا اور یہ پورے ۲۰۰ صفحات کا ہے۔ گذشتہ سال سے شاعر کے ۲۰۰ صفحات مستقل کر دیئے گئے تھے۔ اس کے باوجود منتخب مضامین کے لئے حجم بہت کم معلوم ہوتا تھا اور ارادہ تھا کہ شاعر کو تھوڑی سی قیمت کے اضافہ کے ساتھ اتنے صفحات پر نکالا جائے لیکن دیکھا یہ گیا کہ ہر چیز کا بھاؤ آسمان پر پہنچ گیا۔ اخبار کا کاغذ بھی بہت مہنگا ہو گیا۔ اب سات روپیہ سالانہ چندے اور اس آٹھ آنے فی کاپی میں ۲۰۰ صفحے کا پرچہ نہیں دیا جا سکتا جس میں عام رسائل سے زیادہ مواد ہو اور جس کی کتابت و طباعت بھی اچھی ہو۔ گذشتہ شمارہ ۱۴۴ صفحات کا پیش کیا گیا تھا لیکن اس نے مطمئن نہیں کیا۔ بہرحال یہ بہت اہم سوال ہے کہ آیا "شاعر" کا حجم کم کیا جائے یا اس کی قیمت میں اضافہ کیا جائے۔

چونکہ یہ شمارہ پورے ۲۰۰ صفحات کا ہے، اس لئے اس میں بہت کافی مضامین، نظم و نثر شامل کئے گئے ہیں۔ اس بار مندرجات کی ہر چیز اہم ہے "سحر سیاب" میں ایک گم شدہ کتاب کا جائزہ ہے۔ "ایک طرزِ نو میں نیا لہجہ" نفسیات کا علم و ادب سے کیا گہرا تعلق ہے، کی زندگی ہے۔ "راہِ حق" تحقیقی مضمون ہے اور اس بات کی شہادت دیتا ہے کہ ہم دونوں کیسی بلند پایہ نادر زبان کے شاعر تھے۔

جدید تر نسل کے اہم شعراء کو ایک تسلسل کے ساتھ "شاعر" میں پیش کرنے کے متعلق بہت دنوں سے سوچا جا رہا تھا۔ اس بار ایک ایسے ہی شاعر نے خود اپنے فکر و فن پر روشنی ڈالی ہے۔ پرکھنے والا کیا کہتا ہے اور کچھ اپنی جھلک دیتے ہیں، اسی ذیل کے مضامین ہیں۔

"اردو افسانے کا ارتقاء" ڈاکٹر اعجاز حسین کا ایک اہم مقالہ ہے۔ اس میں کرشن چندر کے متعلق بھی ایک معیاری انداز کا سوال دہرایا ہے۔ یہ المیہ ضرور ہے کہ کسی فنکار کا معیار یکساں نہیں رہتا۔ کرشن چندر اس قسم کی باتیں اب غیر فنی بنتی جا رہی ہیں۔ اس کے پس پشت بہت سے اسباب ہیں۔ یہ موقع ان کے اظہار کا نہیں ہے۔ کرشن چندر کا فن بہرحال تجزیہ طلب اور مستقل ہے۔

اس بار ایک مراٹھی زبان کا انشائیہ "مچھری" اور مشہور روسی افسانہ نگار میخائیل شولوخوف کی کہانی کا ترجمہ "لازوال تبسم" بھی قارئین کو پسند آئے بغیر نہ رہے گا۔ طنز و مزاح کے ذیل میں "چارہ گر کی کہانی" لطف دے گی اور طبع زاد افسانوں میں "تیدری نقطہ" اور "یہ سادہ دل بندے" قارئین کو بہت متاثر کریں گے۔

اس شمارہ کی نظموں، غزلوں اور قطعات میں فکر کی توانائی اور فکر و فن کی بلندی ملے گی۔ ان میں سے بعض میں بلا کا موضوعاتی تنوع اور نیا پن ہے۔

شاعر کا آئندہ شمارہ بھی کئی اہم تخلیقات لے کر آ رہا ہے۔ شاعر کے خوش ذوق قارئین انتظار فرمائیں۔

توسیعِ اشاعت کی مہم

کسی مہم کو سر کرنے کے لئے بڑی توجہ اور سرگرمی کی ضرورت ہے۔ شاعر کی توسیعِ اشاعت کی مہم میں ابھی وہ گرمی پیدا نہیں ہوئی ہے۔ بہرحال جو اردو دوست اور شاعر نواز اس میں حصہ لے رہے ہیں وہ نہ صرف ادارۂ شاعر بلکہ پوری اردو دنیا کے شکریہ کے مستحق ہیں۔

۱	جناب بدیع الزماں خاور	(دھاولی)	۴	خریدار
۲	جناب آغا رشید مرزا دہلوی	(کلکتہ)	۴	"
۳	جناب نسیم گوالیاری	(احمدآباد)	۶	"
۴	جناب متین سروش	(پونہ)	۲	"
۵	جناب شیخ مجتہدی	(احمدآباد)	۱	"
۶	جناب جیون لعل گوہر	(مہو)	۱	"
۷	جناب ظفر شمیم	(کلکتہ)	۱	"
۸	جناب یعقوب راہی	(بھاؤ)	۱	"
۹	اشرف سعودی صاحب	(بنگلور)	۲	"

"شاعر" ہندوستان کا وہ ادبی ماہنامہ ہے جسے ہم دوسری زبانوں کے رسائل کے مقابلے میں پیش کر سکتے ہیں۔ ضرورت ہے کہ اردو کے شیدائی اس کے ساتھ پورا پورا تعاون کریں۔

شاعر

نقد و نظر

(تبصرہ کے لئے ہر کتاب کی دو جلدیں آنا ضروری ہیں)

چند ادبی مسائل

از ——— پروفیسر شاہ مقبول احمد ایم اے

شاہ مقبول احمد صاحب شعبۂ اردو مولانا آزاد کالج کلکتہ سے متعلق ہیں اور اردو زبان و ادب کے مسائل پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ کتاب کے نام سے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ادبی مسائل کے متعلق کوئی علمی یا نظریاتی مباحث ہوں گے لیکن یہ بات ہے کہ اس میں فاضل مصنف کے کئی دو چار مختلف مضامین ہیں مقالات کا تعلق بنگال میں اردو یا ہندوستانی مباحث کا نام دیا ہے۔ زبان کی ہندی جاری رہی۔ بہار کے چند شعراء و بیان کا ذکر ہے اپنے مضامین ہیں۔ پہلا مضمون اردو زبان کی ... ہے۔ حالانکہ مرحوم کے افسانے ... لیکن یہ الہام ہے۔ اس میں تاریخی ترتیب کا گزر ہو گئی ہے اور بعض مسائل کا اساس بہت سی مضمون الجھ کر رہ گیا ہے۔

اس کے بعد صاحب مقالہ لسانی مضامین میں سے ایک مضمون بہار کے چند مشہور بیانی محاورے سے ہے جو مصنف کا ایک عنوانی ہے۔ مصنف کے محاورات کی جو ایک بڑی تعداد دی ہے اور بعض بیانی محاورے ہیں جو اضلاع بہار میں ہیں ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے شہروں اور قصبوں میں بھی بولے جاتے ہیں بعض بلا تغیر اور بعض تھوڑے سے اختلاف کے ساتھ۔ اس موضوع پر اگر کام کیا جائے اور تمام صوبوں کے محاوروں کا تقابلی مطالعہ ہو تو بڑے اچھے نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

کتاب کے بقیہ مضامین کلکتہ کے ادیب و شاعر سلیم عظیم آبادی، داستانِ امیر حمزہ، ہماری ماحول اور اردو ادب، جمیل مظہری کے بعض افکار، میر تقی میر کی شاعری کے بعض پہلو کا جائزہ ہیں۔

کتاب کی ضخامت ۲۰۰ صفحات ہے۔ ادارہ کا پتہ چھاپی گئی ہے۔ قیمت دو روپے ہے۔ ملنے کا پتہ مکتبہ "منظم" سبزی باغ پٹنہ ۴

(۱) **یادگارِ جگر**

(۲) **نگارشاتِ جگر**

از ——— **محمد اسلام**

محمد اسلام صاحب نے جناب جگر مرادآبادی کی شاعری پر مقالہ لکھا ہے اس سے پہلے الہ آباد کی ایک ادبی انجمن سے جگر کے منظوم شائع ہوا تھا مگر انہوں نے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی ہے۔

(۱) یادگارِ جگر میں جگر مرادآبادی مرحوم کے وہ اشعار جمع ہیں جو شعلۂ طور، آتشِ گل یا داغِ جگر میں شامل نہیں تھے۔ اشعار کو خود جگر صاحب نے حذف کر دیا تھا یا دوسرے رسائل میں چھپ گئے تھے۔ ایسے اشعار کے علاوہ بعض نظمیں اور مرثیے بھی ہیں جو احباب اور معتقدین کی بیاضوں میں تھے۔ کچھ کلام خطوط اور رسائل میں تھا۔ محمد اسلام صاحب نے بڑی تلاش اور جستجو سے یہ سب جمع کیا ہے۔ اس سے قطع نظر اس میں معنوی اعتبار سے کوئی خاص بات نہیں ہے: اشعار، نظمیں اور غزلوں کی تعداد اتنی ہے کہ یہ نہیں کہا جا سکتا صرف جگر کا گم شدہ کلام جمع کر دیا گیا ہے بلکہ ان کے مجموعوں سے نکال کر حاشیے میں تبدیلیاں اور دوسرے امور کے متعلق مفید حوالے بھی دیئے گئے ہیں۔ کچھ بیانات کے عنوان سے کتابوں، خطوط، غزلوں اور رسائل کی تفصیل ہے۔

۱۲۶ صفحات۔ قیمت دو روپے

(۲) نگارشاتِ جگر — اس کتاب میں محمد اسلام صاحب نے جگر مرادآبادی کی وہ نثری تحریریں جمع کی ہیں جو شعر و شاعری کے بارے متعلق ہیں یا تقریریں، مختصر دیباچے اور مقدمے ہیں۔ با فانی بدایونی، اصغر گونڈوی اور دوسرے نوجوان شعراء کی شاعری پر اظہار خیال کیا ہے۔ جگر صاحب نثر نگار نہیں تھے۔ یہ نثری تحریریں انھوں نے دوسروں کے تقاضوں سے مجبور ہو کر لکھی تھیں اس لئے یہ تبرکات کی حیثیت رکھتی ہیں اور ان کا ایک جگہ جمع ہو جانا جگر مرادآبادی کے نظریات شعری کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔

۱۱۱ صفحات۔ قیمت دو روپیہ۔ دونوں کتابیں دانش محل، امین الدولہ پارک، لکھنؤ نے شائع کی ہیں۔

بہادر شاہ ظفر

از ——— منجو قمر زیدالحق

یہ ایک مکمل ڈرامہ ہے۔ جسے آندھرا پردیش ساہتیہ اکیڈمی کی طرف سے ہندوستان کے اردو ڈراموں میں بہترین ڈرامہ قرار دیتے ہوئے اکیڈمی کی طرف سے انعام دیا گیا۔

اگرچہ ڈرامہ نگار منجو قمر زید الحق کا صرف یہ ڈرامہ کتابی شکل میں

تاثر پیدا کرنے میں صرف اسی انداز تخلیق کا اعتبار حاصل کیا جاتا ہے۔
لیکن ڈرامہ کے پیش لفظ میں مصنف نے جن صفحات میں ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے پس منظر کا مطالعہ پیش کیا ہے ان میں اس ڈرامہ کی مقصدیت کا ذکر کیا ہے۔ ان تحریروں سے جنگ آزادی کی مکمل تاریخ نہایت دلچسپ انداز میں ہمارے سامنے آتی ہے جس کا احساس ہوتا ہے کہ خود ڈرامہ نگار کی اپنی منصفی کتنا درک سامل ہے۔ ایک ڈرامہ نگار کو تاریخ کے نظری اور عملی دونوں پہلوؤں پر گہری نظر رکھنا اس کے تاریخی تسلسل اور عروج و زوال سے واقف ہونا فن ڈرامہ نگاری کی بنیادی ضرورت ہوتا ہے۔ قمر رئیس صاحب نے اپنے مقدمہ میں اپنے تجربات اور ادبی و علمی وابستگی کا ذکر کیا ہے۔ جس کی روشنی میں ڈرامہ کی تخلیق اور تاریخی پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔ ڈرامہ نگاروں اور دیگر کرداروں کے نام اور ان کے خصوصیات اور ان کی تاریخی روشنی ڈالی ہے۔ اسی کے ساتھ ہندوستانی تہذیب و ثقافت کا بھی تاریخی نقطۂ نگاہ سے ذکر کیا ہے۔

اسی طرح دوسرے اہم کرداروں کا بھی ذکر اور ان کی مختصر اور مفصل تشریح کی ہے جس سے ڈرامہ میں عملی اور نظری بصیرت کا ثبوت ملتا ہے۔ [illegible]

جہاں تک ڈرامہ کا تعلق ہے وہ آخری مغل تاجدار بہادر شاہ ظفر کی زندگی کا مکمل تصور پیش کرتا ہے۔ بہادر شاہ ظفر کی قید اور ان کی آخری زندگی کے واقعات کو ڈرامہ میں پیش کیا گیا ہے۔ انہوں نے تاریخی واقعات کو کہیں بھی نظر انداز نہیں کیا ہے۔ ضرورت کے مطابق ان کے تمام کرداروں میں اہم رول ادا کیا گیا ہے۔ [illegible] کے مطابق ہیں۔ ڈرامہ میں بہادر شاہ ظفر کے تمام متعلقین اور عزیزوں کا ذکر ہے۔ [illegible] کی فہرست کے علاوہ ایک شاعر کی حیثیت سے ڈرامہ نگار نے [illegible] معلوم ہو جاتا ہے۔ [illegible] بہادر شاہ ظفر اور [illegible] احسن اللہ خاں وغیرہ بھی ہیں۔ [illegible] شیخ محمد ابراہیم ذوق، مومن، آزردہ، داغ، [illegible] ہیں۔

ساتھ ہی شاعر کے ذریعہ نشست و برخاست ہیں۔ ڈرامہ کے [illegible] اور ان کے اعتبار سے خود بہادر شاہ ظفر کی شاعری کے نمونے بھی پیش کئے گئے ہیں۔

ڈرامہ میں بہادر شاہ ظفر کی عمر کے ابتدائی دنوں سے جنگ آزادی ۱۸۵۷ء تک دکھایا گیا ہے۔ اور یہاں ڈرامہ نگار کو [illegible] ہوتی ہے۔ [illegible] لیکن [illegible] قریب سے [illegible]۔ ڈرامہ میں [illegible] تھی۔ وہ یقیناً ختم ہو گئی۔

تہذیبی اور ڈرامائی اعتبار سے یہ مطالعہ کی چیز ہے۔ ڈرامہ میں [illegible] کی ضرورت ہے۔ اس کی فہرست کی دی گئی ہے جو ایک اچھا عمل ہے جو اسٹیج پر پیش کیا جا سکتا ہے۔

کتابت، طباعت صاف ستھری اور سرورق بہت اچھا ۱۰۰ صفحات، قیمت دو روپیہ پچاس پیسے۔
ملنے کا پتہ: [illegible] پبلیکیشنز، ملتانی پورہ، [illegible]

متاعِ شوق

از ——— شاغل قادری

شاغل قادری صاحب کا مجموعہ کلام ہے۔ اس مجموعہ میں [illegible] شاغل صاحب کی [illegible] کا مطالعہ کرنے سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ بہت [illegible] کلام صاف اور سنجیدہ ہے۔ مجموعہ کے شروع میں نعتیں ہیں، غزلیں۔ درمیان میں حمد، نعت و منقبت کا [illegible] احمد حسن صاحب نے تعارف میں [illegible] منتخب اشعار [illegible] غزل کے چند شعر بطور نمونہ یہاں دیئے جا رہے ہیں۔

کلی کلی کا تبسم چمن چمن کی بہار ، تیرے جمال کا ہر رنگ
قادری [illegible] ، مجھکو [illegible]
[illegible] ، [illegible]
[illegible] ، [illegible]

[illegible]
صفحات ۱۱۰، طباعت اچھی، قیمت [illegible]
ملنے کا پتہ: [illegible]

— بقیہ افسانہ "پسماندہ دل" بقیہ صفحہ سے آگے

ماموں کہاں ہیں؟ وہ سلام کے بعد بولا۔

ماموں! سب سے پہلے ایک سوال کیا۔ پھر سناٹا سا چھا گیا۔

— کچھ دیر کے بعد ایک متزلزل ہوتی آواز میں کہا: "وہ انتقال کر گئے"

"انتقال کر گئے۔" جن کے وہ ماموں تھے کہا گر پڑی اور اس کے ہاتھ سے وہ تھیلی گر پڑی جس میں وہ دو تولے سونا ... کسی دوست سے قرض لے کر جن کو واپس کرنے کیلئے آیا تھا۔ ●●

— بقیہ "اردو افسانے کا ارتقاء" صفحہ سے آگے۔

کمی ہو لیکن افسانہ کے لکھنے والوں میں سماجی شعور موجود ہے بہرحال مختصر اردو افسانے کے ارتقا کے متعلق یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ پریم چند سے اب تک اس نے کافی ترقی کر لی ہے۔ اردو کے چند افسانے عالمی ادب کے دوش بدوش رکھے جا سکتے ہیں۔

نوٹ: ڈاکٹر سید اعجاز حسین شعبۂ اردو مدراس یونیورسٹی نے ... منعقدہ توسیعی لکچروں کے سلسلے میں ... آباد آئے تھے اس موضوع پر ان سے روز تین ... میں اردو افسانے اور اردو زبان کے بارے مسائل پر گفتگو ہوئی تھی۔ افسانہ کی بات جو یک اشاعت ہے۔

علمی - ادبی اور تہذیبی خبریں

خالصہ کالج (دہلی یونیورسٹی) میں راجندر سنگھ بیدی کا استقبال

اردو کے مشہور افسانہ نگار راجندر سنگھ بیدی کو ان کے ناولٹ "ایک چادر میلی سی" پر ساہتیہ اکیڈمی کا ۱۹۶۵ء کا اردو انعام ملنے پر خالصہ کالج دہلی یونیورسٹی کی بزم ادب نے ان کے اعزاز و استقبال میں بڑے پیمانے پر ایک جلسہ منعقد کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمعصر اور دوسرے مشہور افسانہ نگار کرشن چندر، ترقی پسند تحریک کے بانی سجاد ظہیر اور شاعر غلام ربانی تاباں بھی موجود تھے۔ جلسے کی صدارت سجاد ظہیر صاحب نے کی جلسے کا افتتاح کرتے ہوئے صدر شعبۂ اردو جناب شہاب جعفری نے مہمانوں کا تعارف کرایا۔ ساہتیہ اکیڈمی انعام کی نوعیت اور اہمیت کا ذکر کیا اور بیدی صاحب کی

رفتار

عظمت اور ان کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس کے بعد بزم ادب کے صدر عبدالرحمٰن نائب صدر سلطانہ پروین قریشی سکریٹری محمد خورشید عالم اور بزم ادب کے کنوینر جناب شہاب جعفری نے مہمان خصوصی کو ہار پہنائے۔ بزم کی طرف سے نائب صدر سلطانہ پروین نے سپاس نامہ پیش کیا جس میں کہا گیا کہ آپ کو انعام دے کر ساہتیہ اکیڈمی نے در اصل غلط فہمی کو دور کیا ہے جس کے ہم برسوں سے منتظر تھے۔ تقریباً دو سال قبل اسی بزم ادب نے اظہار عقیدت کے طور پر آپ کی پچاسویں سالگرہ کا جشن منایا تھا۔۔۔ ہمیں آپ پر ناز ہے آپ کو اندر [illegible] اردو [illegible] ہے جس نے اردو کے تخت اور درخت کی صدیوں سے نشو و نما کی ہے۔۔

سپاس نامہ پیش ہونے کے بعد کرشن چندر نے بیدی کے فن پر ایک ادیب کی حیثیت سے جامع تقریر کی۔ اس کے بعد بیدی صاحب نے اپنے افسانوں کے فن کے بارے میں خیالات کا اظہار کیا۔ آخر میں سجاد ظہیر صاحب نے بیدی کی افسانہ نگاری پر تقریر کی۔ جلسے کے اختتام پر جناب شہاب جعفری اور جناب غلام ربانی تاباں نے بیدی صاحب کی فرمائش پر اپنا کلام سنایا۔ جلسے کی کامیابی کے لئے سکریٹری بزم ادب نے پنجابی شعبے کے اساتذہ کا شکریہ ادا کیا۔ طلبہ نے بیدی صاحب کے ساتھ جلسے کا ایک فوٹو بھی کرایا۔

محمد خورشید عالم، سکریٹری بزم ادب

چیلوکن میں اردو پروگرام!

چیلوکن (راجستھان) میں گذشتہ ۲۵ فروری کے روز ڈاکٹر [illegible] کے شعبۂ اردو فارسی کی طرف سے پروفیسر [illegible] کی صدارت میں ایک شعری پروگرام کا اہتمام کیا گیا تھا۔

پروفیسر [illegible] صاحب نے اردو اور قومی یکجہتی کے موضوع پر پُر مغز تقریر فرمائی۔ اور اردو فارسی کی اہمیت کو واضح کیا۔ اس پروگرام میں شوکت کمالی اور حسرت کرکی جیسے مشہور مقامی شاعروں کے علاوہ بدیع الزماں خاور بھی شریک تھے۔ اور انھوں نے اپنی نظمیں سنا کے علاوہ کرشن، اقبال اور کلکرنی کی مراٹھی کہانیوں کے منظوم ترجمے سنائے جو بے حد پسند کیے گئے۔

"آگ اور پانی"

ہند و چین جنگ سے متاثر ہو کر عالمی امن کے موضوع پر بھارت بھیل کا مشہور ڈرامہ "آگ اور پانی" میرٹھ کالج کی بزم اردو کے سالانہ جلسے کے موقع پر منعقد کی جانے والی تقریب میں اسٹیج کیا گیا۔ یہ ڈرامہ عنقریب ہی کتابی صورت میں منظر عام پر آ رہا ہے۔ پروفیسر اختر قادری صدر شعبۂ اردو بہار یونیورسٹی نے صدارتی تقریر میں "آگ اور پانی" کو جنگ اور امن کے موضوع پر ایک نہایت کامیاب تجربہ قرار دیتے ہوئے پروفیسر بھارت بھیل کو اس عظیم تخلیق کیلئے مبارکباد بھی دی۔ اس شہر میں اس ڈرامہ کا دوبارہ اسٹیج کیا جانا اس کی مقبولیت کا بین ثبوت ہے۔

> **کل ہند اردو کانفرنس بھوپال میں ہوگی**
>
> [illegible] انجمن ترقی اردو کے زیر اہتمام [illegible] میں کل ہند اردو کانفرنس منعقد ہوگی۔ اس موقع پر [illegible] ہوگا۔ اردو کانفرنس میں مرکزی اور ریاستی وزراء اور [illegible] شرکت کریں گے۔ [illegible]

اُردو ٹریننگ کالج مجاہد پور (اورنگ آباد) پھر کھول دیا گیا

انجمن ترقی اُردو مہاراشٹر کی کوششوں کا نتیجہ

پچھلے سال اُردو ٹریننگ کالج مجاہد پور ضلع اورنگ آباد [illegible] کی کمی کے سبب بند کر دیا گیا تھا۔ اس نامناسب حکم کے خلاف انجمن ترقی اُردو مہاراشٹر نے کمشنر ٹریننگ سے نیز حکومت مہاراشٹر سے احتجاج کیا تھا۔ چنانچہ شری [illegible] اسپیشل کمشنر ٹریننگ [illegible] جب اورنگ آباد تشریف لائے تو جناب سکندر علی وجد صدر انجمن ترقی اُردو مہاراشٹر اور شری [illegible] ڈپٹی ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشنز مرہٹواڑہ سے اس مسئلہ پر تبادلہ خیال کیا۔ شری [illegible] نے یقین دلایا کہ اس سال جیسے ہی سرکاری احکام آئیں گے اُردو ٹریننگ کالج پھر سے کھول دیا جائے گا۔ ساتھ ہی ساتھ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ حکومت مہاراشٹر اُردو کی تعلیم کا انتظام کرنے میں کافی دلچسپی لے رہی ہے۔ اس سلسلے میں صدر انجمن ترقی اُردو مہاراشٹر نے شری [illegible] چودھری وزیر تعلیم حکومت مہاراشٹر سے ملے۔ وزیر موصوف نے اس فیصلے کی توثیق کرتے ہوئے فرمایا کہ آئندہ طلباء کی سہولت کے پیش نظر یہ اطلاعات اخبارات میں شائع کر دی جائیں گی۔ اُردو ٹریننگ کالج مجاہد پور کا تعلیمی سال جون سے شروع ہوتا ہے اس لئے امیدواروں کو چاہئے کہ وہ ۱۵ مارچ ۱۹۷۰ء تک [illegible] سیکشن ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن مرہٹواڑہ اورنگ آباد کو درخواست دیں۔ اس کی ایک کاپی سید سکندر علی وجد صدر انجمن ترقی اُردو مہاراشٹر پن چکی روڈ اورنگ آباد کو روانہ کر دیں۔

مولانا امتیاز علی عرشی کی خدمت میں کتابچہ

مجلس تذکرہ عرشی دہلی کی طرف سے جس کے کنوینر ملک رام صاحب ہیں اُردو کے مشہور و ممتاز محقق مولانا امتیاز علی عرشی کی خدمت میں ان کی [illegible] سالگرہ پر ۸ مارچ ۱۹۶۹ء کو شام کے ساڑھے پانچ بجے ایک خاص جلسہ سپرو ہال دہلی میں کیا گیا۔ اس میں نائب صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر ذاکر حسین نے مولانا عرشی کو ایک کتابچہ پیش فرمایا۔

دلی میں اُردو کی ترقی و ترویج کیلئے ایک لاکھ روپے منظور

دہلی ۱۳ مارچ (یو این آئی): جن سنگھ کی زبردست مخالفت کے باوجود میونسپل کارپوریشن کے بجٹ اجلاس میں اُردو کی ترقی کے لئے ایک لاکھ روپے کی تجویز بھاری اکثریت سے منظور کر لی گئی۔ یہ تجویز بجٹ میں ترمیم کے طور پر پیش کی گئی تھی جو مسٹر عبدالستار نے پیش کی اور اس کی تائید حکیم محمد شریف خاں صاحب نے کی۔

بیگم سیماب کی رحلت پر بھوپال میں تعزیتی جلسہ

بھوپال ۴ دسمبر (ڈاک سے) کل شب کو یہاں بھوپال میں بیگم صاحبہ علامہ سیماب اکبرآبادی کی رحلت پر ایک تعزیتی جلسہ جناب حضرت تابش کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مقامی دانشوروں نے شرکت کی۔ جناب [illegible] نے ایک تعزیتی قرارداد پیش کرتے ہوئے مرحومہ کے [illegible] اور علامہ سیماب مرحوم کے تمام عزیزوں خصوصاً حضرت اعجاز صدیقی جناب مظہر صدیقی اور جناب [illegible] صدیقی سے اظہار ہمدردی ظاہر کی۔ آخر میں تمام حاضرین نے بیگم سیماب کیلئے دعائے مغفرت کی۔

شرکاء میں حضرات مظفر حنفی، ڈاکٹر [illegible]، منصور [illegible] قریشی سکریٹری بزم [illegible]، [illegible]، سید اختر علی اختر، شفق تنویر، قاسم نیازی، مسعود [illegible]، سلطان [illegible]، فضل تابش، نعیم کوثر اور شاد سلطان پوری کے نام قابل ذکر ہیں۔ (نامہ نگار)

کُل ہند اُردو سمپوزیم اُدے پور

اُردو دوستوں کو یہ جان کر مسرت ہوگی کہ شہر اُدے پور میں ساہتیہ اکیڈمی راجستھان کی زیر سرپرستی اور انجمن ترقی اُردو [illegible] کے زیر اہتمام ۲۸، ۲۹، ۳۰ مارچ ۱۹۷۰ء کو ایک کل ہند اُردو سمپوزیم [illegible] اُدے پور میں منعقد ہو رہا ہے جس کی صدارت جناب آل احمد سرور فرمائیں گے اور جس میں ملک کے ممتاز ادیبوں اور شعراء کی شرکت متوقع ہے۔

۲۹ مارچ کی شب میں ایک کل ہند مشاعرہ بھی ہوگا۔

شکیل تنویر (نامہ نگار)

شعبۂ اُردو علیگڑھ مسلم یونیورسٹی میں

راجندر سنگھ بیدی کا استقبال

علی گڑھ ۴ مارچ۔ شعبۂ اُردو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی خصوصی دعوت پر اُردو کے ممتاز افسانہ نگار راجندر سنگھ بیدی علی گڑھ تشریف لائے۔ ساڑھے تین بجے سہ پہر میں انجمن اُردوئے معلی کی طرف سے ایک جلسہ [illegible] آرٹس کے لاؤنج میں منعقد کیا گیا جس میں علی گڑھ یونیورسٹی کے اساتذہ، طلبہ، ادیبوں، دانشوروں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ صدر جلسہ پروفیسر آل احمد سرور نے اپنی تقریر میں بیدی صاحب کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں ساہتیہ اکیڈمی کا انعام ملنے پر مبارکباد پیش کی۔ انھوں نے کہا کہ انہیں

اختیار کے مقصدیت [illegible] عظمت میں تو استاد ہیں لیکن ان کی
[illegible] ایسے فنکار کی طرح جو اس کا مستحق ہے [illegible]۔
بیدی صاحب نے فنکاروں میں [illegible] زندگی پر ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔
انھوں نے انسانی زندگی کو بہت قریب سے دیکھا اور برتا ہے اور اس کی گہرائیوں
تک پہنچے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انھوں نے کبھی اپنے افسانہ نگاری میں فارمولے
یا فیشن کو استعمال نہیں کیا۔ وہ نارمل اور فطری زندگی کے افسانہ نگار
ہیں۔ ان کے یہاں جو حقیقت پسندانہ رویہ ملتا ہے اس کی مثال
دوسرے افسانہ نگاروں کے یہاں نہیں ملتی۔ یہی وجہ ہے کہ بیدی مقبول عام
افسانہ نگاروں میں کبھی نہیں رہے۔ ان کے افسانوں سے لطف اندوز ہونے
کیلئے ایک خاص طرح کی سنجیدگی اور ذہنی تربیت کی ضرورت ہے۔ میں یہ کچھ
برا نہیں سمجھتا کہ منٹو اور عصمت نے، گو وہ عالمی پایہ کے فنکار ہیں،
اردو افسانے پر بعض منفی اثرات چھوڑے ہیں۔ ان کے اثر سے افسانے میں
کچھ بے راہ روی کا عنصر بڑھا ہے جس طرح ابوالکلام آزاد کی تقلید میں ایک
غیر فطری اسلوب کو رواج ملا۔ جدید افسانہ میں موضوع اور ہیئت کی
جو تبدیلی ملتی ہیں لیکن اب معلوم ہوتا ہے کہ یہ افسانہ اپنی پٹری سے کچھ اتر گیا
ہے۔ بیدی کی یہ خصوصیت ہے کہ انھوں نے اردو افسانہ کی گاڑی کو پھر اس
کی پٹری پر کر دیا ہے۔ [illegible] کہانی "اپنے دکھ مجھے دے دو" [illegible] کی ایک
عمدہ مثال ہے۔ یہ افسانہ فن کا ایک معجزہ ہے۔ [illegible] تعلیم [illegible] اور فطرتاً
خیالات سے متاثر ہو کر ہمارے یہاں جو افسانے لکھے گئے ہیں ان میں بھی یہ بات
دیکھی جا سکتی ہے کہ افسانہ نگاروں نے اپنا توازن کھو دیا ہے۔ [illegible]
[illegible] ہے۔ بیدی کی کہانی "لاجونتی" اس سلسلے میں ایک استثنائی
حیثیت رکھتی ہے۔ بیدی کے جس ناولٹ پر انھیں ساہتیہ اکیڈمی کا انعام
ملا ہے یعنی "ایک چادر میلی سی" وہ بیدی کی فنکاری اور زندگی کے گہرے
مشاہدے اور انسانی ہمدردی [illegible] کی بنا پر ہمارے افسانوی
ادب کا ایک شاہکار ہے اور بلا شبہ ایک زندہ رہنے والا فن پارہ ہے۔
بیدی کی [illegible] اردو افسانوی ادب کا ایک بیش بہا [illegible] ہے۔

سرور صاحب کی استقبالیہ تقریر کے بعد راجندر سنگھ بیدی نے
حاضرین سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا جب تک سرور صاحب تقریر کرتے
رہے میں یہی سوچتا رہا کہ میں اپنی تقریر کس طرح شروع کروں۔ [illegible]
[illegible] پیش آئی ہے اس کا پہلا فقرہ میرے نزدیک [illegible]
اہمیت رکھتا ہے۔ اور جب تک [illegible] زندگی [illegible]

[illegible] ایک چادر میلی سی [illegible]
[illegible] زندگی [illegible]
[illegible] بہت [illegible]
[illegible]
[illegible] فنکار [illegible]
[illegible] کی [illegible] ہے۔
میرے [illegible] اس مشورہ پر [illegible] عمل کیا ہے میں [illegible] کے
عظیم فنکاروں کا ایک مطالعہ کیا ہے [illegible] پڑھ کر مجھے ہمیشہ احساس ہوا
[illegible] ان فنکاروں کی گرفت زندگی پر [illegible] مضبوط ہے وہ بات [illegible]
نہیں ملتی۔ ہمارے ناول [illegible] تفصیلات اور بے معنی جزئیات کا شکار
ہوتے ہیں۔ [illegible] ایک [illegible] نہیں بن پاتے۔ ناول نگار [illegible] ناول سے
[illegible] بحثیں [illegible] یا علمی مسائل پر تقریریں لکھنے بیٹھ جاتے تو
[illegible] عیب ہے۔ [illegible] اور [illegible] دونوں کے یہاں یہی کمی [illegible]
[illegible] مغرب کے ناول نگاروں نے آہستہ آہستہ اس عنصر کو کم کیا ہے۔ وہ
اپنے ناولوں میں اب سیاسی تقریریں نہیں کرتے۔ [illegible]
[illegible] اور [illegible] الفاظی کرتے ہیں۔ البتہ [illegible]
موسیقی اور [illegible] کی [illegible] بہت [illegible]
جس سے ناول کی تاثیر میں اضافہ ہوتا ہے۔ [illegible] کے بعض ناول
[illegible] اس کی [illegible] اور [illegible] حیات [illegible]
[illegible] گرفت کو بیدی نے [illegible] اور [illegible] میں [illegible] اس طرح کا
ناول لکھوں جو ایک مدت تک [illegible] زندگی سے [illegible] حقیقی اور گہرا
ہو۔ ایک چادر میلی سی میں میں نے یہ کوشش کی ہے [illegible] اور ناول
لکھ رہا ہوں جو مجھے امید ہے کہ ایک سال کے اندر مکمل ہو جائے گا۔ اس
کا نام [illegible] ہے۔

[illegible] ناولٹ ایک چادر میلی سی کے بعض اقتباسات بیدی صاحب
[illegible] اور [illegible] کی [illegible]۔

آخر میں سرور صاحب اور [illegible] صاحب نے [illegible] متعلق بعض سوالات
کئے۔ ایک سوال [illegible] ایک چادر میلی سی کا [illegible] ایک حصے سے متعلق اپنا شبہ
ظاہر کیا [illegible] کچھ نظری [illegible]۔ بیدی صاحب نے ان کا
[illegible] سرور صاحب نے بیدی صاحب کا شکریہ ادا کیا اور یہ جلسہ
برخاست ہوا۔ [illegible]

The "SHAIR" Bombay 8
(37 Years of Publication)
THE MOST POPULAR OLDEST LITERARY & CULTURAL URDU JOURNAL

علامہ سیماب اکبر آبادی

کی چند حیات افروز تصانیف

کلیم عجم (غزلیات) چار روپیہ آٹھ آنے

سدرۃ المنتہیٰ (غزلیات) چار روپیہ

کار امروز (نظمیں) چار روپیہ آٹھ آنے

شعر انقلاب (نظمیں) تین روپیہ

عالم آشوب (رباعیات) تین روپیہ

[illegible] (غزلیں نظمیں اور سلام) دس روپیہ

جلدوں پر خوبصورت اور رنگین گردپوش

(مکمل سیٹ کی خریداری پر نصف محصول ڈاک معاف)

منیجر ، شاعر ، مکتبہ قصر الادب پوسٹ بکس ۵۲۶ بمبئی ۸

Only cover printed at Adabi Printing Press, Bombay 3



جاری شدہ ۱۹۳۰ء

بانی علامہ سیماب اکبرآبادی مرحوم

اردو کا سینتیس سالہ علمی ادبی اور تہذیبی ماہنامہ

شمارہ — ۶

۱۹۶۶ء

شاعر

بمبئی

ادارہ

اعجاز صدیقی

مہندر ناتھ

فی پرچہ	ممالک غیر سے	زر ششماہی	زر سالانہ
۱۰ آنے (۶۲) پیسے	۱۶ شلنگ	چار روپے	آٹھ روپے

مکتبہ قصر الادب

پوسٹ بکس ۵۲۶ ، بمبئی ۸ بی سی

کرشن چندر نمبر میں خود

کرشن چندر

کے اپنے قلم سے
ایک تازہ اور غیر مطبوعہ شاہکار

ناول

کے علاوہ

تین تازہ کہانیاں
ایک ڈرامہ
ایک مزاحیہ
میرے ادبی نظریات
میرے تنقید نگار
میری ادبی زندگی کا آغاز و انجام

کرشن چندر کے شب و روز
(تصاویر کے ذریعہ)
اور

عکسِ تحریر

کرشن چندر کے
اہم خطوط

ادارۂ "شاعر" فخر و مسرت کے ساتھ
اُردو کے شہرۂ آفاق افسانہ نگار

کرشن چندر

پر نہایت ضخیم، شاندار اور مثالی نمبر پیش کر رہا ہے
کرشن چندر کی منفرد شخصیت اور اُس کے ہمہ گیر فن پر نہ صرف ہندوستان کی
کئی زبانوں کے مشہور قلمکاروں بلکہ دُنیا کے کئی بڑے مصنفین اور مفکرین
کے مضامین و تاثرات

کرشن چندر نمبر

میں
پیش کئے جائیں گے

کرشن چندر

کی ادبی زندگی کی لافانی تاریخ

اُس کی عظمت کی کہانی، اُس کی تصانیف کا جائزہ

اُس کے زندہ اسلوب، فکر اور شاہکار افسانوں، ناولوں اور
ڈراموں پر تنقیدی نظر
درجنوں تصاویر
تفصیلات اور تاریخ کا انتظار کیجیے

ارباب قلم اپنے مضامین کرشن چندر پر جلد از جلد روانہ فرمائیں

ترتیب

ماہنامہ شاعر

مکتوبات

نفیسہ شبنم — اقبال بیجاپوری — مجیب الرحمٰن ساحر
نسیم صدیقی — عتیق احمد عتیق — اعجاز صدیقی
شفیقہ فرحت — مسعود قمر تاباں — پرویزہ انجم سیف
عزیز احمد عزیز — ساغر مہدی — شوکت محمود

اور دوسری باتیں

جذبات :-

ہندی اور انگریزی میں اُردو کا کیس

اس عنوان سے ۹ مئی ۱۹۶۶ء کے اخبار "ہماری زبان" میں ایک اداریہ لکھا گیا ہے۔ اس میں اس امر کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ اردو زبان کے حقوق اور اس کے مسائل کے متعلق اردو میں تو بہت کچھ لکھا گیا ہے لیکن ہندی اور انگریزی میں اس کے لئے مناسب انتظامات نہیں کئے گئے۔ یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ ہندی اور انگریزی کے اخبارات میں دلائل و براہین کے ساتھ اردو کے مقدمہ کو پیش کیا جائے۔ نہ صرف ہندی اور انگریزی بلکہ دوسری علاقائی زبانوں کے اخبارات و رسائل کے ایڈیٹروں کو خطوط لکھے جائیں۔ انہیں مضامین بھیجے جائیں۔ ان میں اردو جلسوں کی رُوداد بھی چھپوائی جائے۔ [illegible] کر لکھا گیا ہے کہ انجمن ترقی اُردو (ہند) ہندی اور انگریزی میں چھوٹے چھوٹے رسالے چھپوا رہی ہے۔ ان رسالوں میں اردو زبان کے مسائل ہوں گے۔

"ہماری زبان" نے یقیناً ایک ضروری امر کی طرف اُردو والوں کو متوجہ کیا ہے۔ لیکن سوچنا یہ ہے کہ کتنے لوگ اُردو کے مسائل سے واقف ہیں کتنے ہندی اور انگریزی زبانوں میں لکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور جو صلاحیت رکھتے ہیں انہیں کوئی دلچسپی ہے یا نہیں۔ [illegible] کیا اس سے مسئلہ حل ہو سکے گا۔ کیا دوسری زبان والے اُردو کے مقدمے، اُس کی دیرینہ خدمات اور اُس کی عظمت و ضرورت سے واقف ہو جائیں گے؟

کئی سال پہلے جب انجمن کے جنرل سکریٹری جناب آل احمد سرور صاحب [illegible] تھے تو ایک پریس کانفرنس میں کسی دوسری زبان کے نمائندے نے یہ سوال کیا تھا کہ "ہمیں نہیں معلوم اردو کے کیا مسائل ہیں۔ کیا آپ نے دوسری زبانوں میں اردو کے مسائل اور اس کی اہمیت کو کبھی پیش کیا ہے؟" سرور صاحب نے اس کے جواب میں کہا تھا کہ "انجمن کچھ ایسا ہی [illegible] اور جلد ایسے کتابچے مختلف زبانوں میں شائع کرے گی"۔ لیکن وہ کتابچے ابتک شائع نہ ہو سکے۔ اب پھر یہ احساس جاگا ہے۔

ہم اردو والوں کے سوچنے کا ڈھنگ کچھ عجیب ہی ہے۔ اور جو کچھ ہم اچھا سوچتے بھی ہیں تو بدقسمتی سے اس پر عمل نہیں ہوتا۔ گزشتہ آٹھ دس سال میں ہماری زبان میں بے شمار اہم کاموں کے سلسلے میں لکھا گیا۔ تجویزیں ہوئیں، کمیٹیاں بنائی گئیں۔ کیا اُن میں سے کوئی ایک کام بھی ابتک ہوا؟ ہندوستان میں اردو کی بے پناہ ترقی ہو سکتی ہے۔ اُسے تمام حقوق مل سکتے ہیں۔ کروڑوں اردو سے ناآشنا لوگ اس سے آشنا ہو سکتے ہیں۔ اردو کے لئے [illegible] پہنچا دیں۔ مگر [illegible] ایک سیدھا سا نسخہ [illegible] ہے۔ رونا اور [illegible] ہم اردو والوں کا شیوہ بن گیا ہے [illegible] کے انتظار میں ہیں۔ ہماری فکر [illegible] !!

انجمن ترقی اُردو (ہند) کے اراکین سے توقع [illegible] اپنے انداز فکر [illegible] بہتر یہ ہے کہ اردو کے سب بڑے ادارے ادارہ کی حیثیت سے [illegible] خود اقدام [illegible] سے کام لیا جائے۔ انجمن کا [illegible] اگر [illegible] تو [illegible] ہیں [illegible] کی نیت کا احساس ہوتا ہے۔

انجمن نے اردو کے مقدمہ کو دوسری زبان والوں تک پہنچانے کے لئے جن کتابوں کی اشاعت کا پروگرام بنایا ہے وہ کس طرح [illegible] انجمن کتنے اور کب تک یہ کتابچے چھاپے گی۔ کیسے کیسے بھیجے گی۔ کون توجہ سے پڑھے گا۔

اس سلسلے میں عمل کی یہ راہ [illegible] سکتی ہے کہ انجمن کی طرف سے فی الحال صرف انگریزی اور ہندی میں ایک پندرہ روزہ "بلیٹن" شائع ہو [illegible] "انڈین لینگویجز بلیٹن" (INDIAN LANGUAGES BULLETIN) ہو۔ ہندی کے لئے [illegible] تجویز کیا جائے [illegible] دلچسپ [illegible] انگریزی اور ہندی والے ذوق و شوق سے پڑھیں۔ ہندوستان کے [illegible] بلیٹن [illegible] ہندوستانی زبانوں کو ایک دوسرے سے قریب [illegible] کی کوشش کی جائے۔ اردو کی بہت [illegible] مسائل کو حقیقت پسندانہ [illegible] انداز میں پیش کیا جائے [illegible] یہ بلیٹن انجمن کے لئے ایک بڑی آمدنی کا [illegible] اس کی اشاعت پچاس ہزار تک [illegible] آسانی سے پہنچائی جا سکتی ہے اور بہت کافی اشتہارات بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

[illegible]

اعجاز صدیقی

آہ ـــــ مولانا نیاز فتحپوری

۲۲ مئی ۱۹۶۶ء کو بمقام کراچی (پاکستان) میں مولانا نیاز فتحپوری انتقال فرما گئے۔
پورے ۸۲ سال کی بیقراریوں کو آخر قرار آگیا۔
مسلسل ساٹھ سال تک انشائے لطیف سے لے کر ادب و تنقید، افسانہ و ترجمہ اور مذہب و تاریخ کو اپنی مضبوط گرفت میں لینے والا قلم رُک گیا۔ ایک روایت کو نیند آگئی اور ایک اسلوب کا خاتمہ ہوگیا۔

بہت چھوٹی سی عمر میں میرے ادبی شعور نے اپنے بال و پر نکالے تھے۔ نثر و نظم میں کسی کے اسلوب سے متاثر ہونے یا نہ ہونے کی بات الگ ہے۔ مجھے یہاں صرف اِس بات کا ذکر کرنا ہے کہ میں نے کام کرنے کے جس سلیقے، انہماک اور جدید کاوش کو اپنا آدرش بنایا، اُس میں والدِ مرحوم علامہ سیماب، بابائے اُردو مولوی عبدالحق اور مولانا نیاز فتحپوری کی شخصیتوں کو بڑا دخل ہے۔ جب ادب و صحافت کی عملی دنیا میں قدم رکھا تو مولانا نیاز کے ماہنامہ "نگار" پر ایک نکھار سا چھا چکا تھا۔ میرے یہاں پنجاب، دہلی، لکھنؤ اور دوسرے شہروں والے اور بھی رسائل آتے تھے۔ لیکن "نگار" کی سیدھی سادی ترتیب کے باوجود اُس کے وہ مضامین جو مولانا نیاز کے اپنے قلم ہوتے تھے مجھے اپنی طرف متوجہ کر لیا کرتے تھے۔ یوں بھی "نیاز اور آگرہ" کی نسبت سے "نگار" میرے ہی وطن سے نکلنے والا ایک ادبی صحیفہ تھا۔ جو شاہ دلگیر کے "نقاد" کے بعد آگرہ سے شائع ہونے والا دوسرا معیاری ادبی جریدہ تھا۔ "نگار" فروری ۱۹۲۲ء سے دسمبر ۱۹۲۶ء تک آگرہ سے نکلنے کے بعد بھوپال منتقل ہوا تھا۔ لیکن پھر بھی تین چار سال تک اُس کی طباعت آگرہ ہی میں ہوتی رہی۔ یہ داستان ذرا طویل ہے۔ "نگار" صرف ایک ہی سال کا تھا کہ میرے یہاں سے بھی ایک جدید تر ماہنامے کا اجراء ہوگیا، جس کا نام "پیمانہ" تھا۔ اور جو "نگار" سے زیادہ جدت و شگفتگی لئے ہوئے تھا۔ "نگار" اور "پیمانہ" کے بہت سے قلم کار مشترک تھے۔

یوں تو اُس زمانہ میں عام طور پر شاعری ہی کا ہر طرف چرچا تھا۔ لیکن والدِ مرحوم علامہ سیماب کے قائم کردہ قصر الادب ۱۹۲۳ء میں نثر نگاری کو بڑی اہمیت تھی۔ مجھے یہ لکھنے میں ذرا بھی تامل نہیں کہ مولانا نیاز کے ذوقِ انشا پردازی کو بڑھانے اور ابھارنے والے اُن کے آگرہ کے وہ دوست تھے جو خود جدید اور خوبصورت نثر نگاری کا آغاز کر چکے تھے۔ یہ شاہ دلگیر، لطیف الدین احمد (ل۔ احمد)، ضیاء عباس ہاشمی، سید محمود مخمور اکبرآبادی، امام اکبرآبادی، مقدس اکبرآبادی وغیرہ تھے۔ "نگار" بھی انہی دوستوں کے جدید ذہن کی پیداوار تھا۔ ل۔ احمد اور مخمور اکبرآبادی کی نثر آج بھی ہمارے ادب میں ایک خاص درجہ رکھتی ہے۔ ل۔ احمد نے خصوصیت کے ساتھ انشائے لطیف کی تحریک کو مقبول بنایا۔ ہر چند مولانا نیاز خود مہدی افادی اور سجاد حیدر یلدرم کے اسلوبِ نگارش سے متاثر تھے۔ لیکن اِس تاثیر کو تیز کرنے میں زندہ دلانِ اکبرآباد ہی کا ہاتھ تھا۔ یہ میرے سنِ شعور تک پہنچنے سے بہت پہلے کی بات ہے۔ لیکن مولانا نیاز سے میری ادبی وابستگی کا زمانہ ۱۹۳۲ء کہا جا سکتا ہے۔ فروری ۱۹۳۰ء میں میرے یہاں سے رسالہ "شاعر" کا اجراء ہو چکا تھا۔ اُس سے پہلے "پیمانہ"، ہفتہ وار اخبار "تاج" اور رسالہ "ثریا" بھی نکل چکے تھے۔ "شاعر" کے بعد رسالہ "کنول" اور روزنامہ و ہفت روزہ "ایشیا" کے اجراء نے ہماری علمی، ادبی اور صحافتی وابستگیوں کو اور بھی گہرا کر دیا تھا۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ اُس وقت متحدہ ہندوستان میں دو ہی ادارے ایسے سمجھے جاتے تھے جو نئی نسلوں کے ذہنوں کی تربیت کر رہے تھے۔ نثر میں مولانا نیاز کا ادارہ اور شاعری میں علامہ سیماب کا اسکول۔

مختصر ان ہی ادبی داستانوں میں جو تحریر و تخلیق کی چنگاریاں تھیں وہ ہوائیں مولانا نیاز کی صحبت نے انھیں بھڑکا کر روشن کیا۔ میں اُس دور کے اساتذۂ سخن اور ادب میں مولانا نیاز کا بے حد احترام کرتا تھا اور مولانا نیاز کی تحریروں کے علمی، ادبی، لسانی، فنی اور معنوی پہلو میرے لئے کشش ہوتے تھے، کئی سال تک میں بلا استیعاب اُن کے مضامین کا مطالعہ کرتا رہا۔ اُس وقت تک اُن کی کتابیں چھپ گئی تھیں جو ستایق یک وطن سے میرے یہاں تبادلہ میں آیا کرتی تھیں۔ آہستہ آہستہ یہ محسوس ہوا کہ وہ ہر صنف سخن پر قدرت رکھتے ہیں اور ادبی و شعری کاوشوں کو وہ کسی اور رنگ میں دیکھتے ہیں۔ ایک وقت ایسا آیا کہ اُن کے اس تاثر میں تلخی ہو گئی جب انہوں نے فقہ و ادب کے خلاف انھوں نے ایک مستقل محاذ بنا لیا۔ پھر بھی اُن میں میری دلچسپی بدستور رہی۔ "نگار" کی بعض تحریروں سے مجھے اختلاف پیدا ہوا۔ میں نے مولانا کو متوجہ کیا۔ اُن کی عظیم ادبی شخصیت، وسیع خدمات اور احسان کے ادب و احترام کے باوجود مجھے اُن کی فنکارانہ پسندی اور مصلحت اندیشی سے تکلیف ہوتی تھی۔ چونکہ میں پوشیدہ طور پر اساتذۂ شعر و ادب کی زبردست قربتیں اور محبتیں ملتی تھیں۔ "قصر ادب" ایک بہت بڑا علمی و ادبی ادارہ بن چکا تھا۔ والد مرحوم علامہ سیماب کی سنجیدگی اور ادب و شعر میں اُن کے اونچے مقام، القاب و خطابات نے چھوٹی سی عمر میں میرے ذہن کو بڑا بنا دیا تھا اور میں سب سے بے تکلف باتیں کرنے لگا تھا۔ مولانا نیاز سے مجھے بعض امور میں تحمل کی خط و کتابت ہوئی۔ میں نے اندازہ لگایا کہ وہ مجھ سے خوش نہیں ہیں۔ مولانا کی شخصیت اُس وقت بھی مسلمات سے تھی اور اب بھی اور آئندہ بھی رہے گی۔ اُن کے کارہائے نمایاں بھلائے نہیں جا سکتے لیکن جب اُن کی بہت سی تحریروں کا واقعات کے پس منظر میں جائزہ لیا جاتا ہے تو ایک طرح کا دکھ ہوتا ہے۔ مجنوں گورکھپوری کی یہ بات ـــ

"وہ سنسنی خیز باتوں کی تجارتی قیمت کو ایک معاملہ بیچ کی حیثیت سے مجھ سے بہتر سمجھتے ہیں۔"

کتنی تلخ معلوم ہوتی ہے، لیکن کیا کیجئے کہ اسے جھٹلایا نہیں جا سکتا۔

مذہبی معتقدات ہوں یا علمی و فنی نکات، تنقید ہو یا تبصرہ، فرد ہو یا جماعت۔ مولانا نے جس موضوع کو بھی ہاتھ لگایا، اپنے مخصوص طرزِ تحریر کی تمام تر رعنائیوں کے باوجود کہیں نہ کہیں سنسنی خیزی ضرور پیدا کی۔ انھیں ایسا ہی تیز غیر معمولی شہرت نصیب ہوئی، "نگار" کے پڑھنے والے خاص طور پر انہی کی تحریروں سے مرعوب و متاثر ہوتے۔ اسلوب میں ایسی جان کہ قاری کھنچتا چلا جائے، علم و قوت کا یہ حال کہ مختلف زبانوں کی کتابوں کا نچوڑ اس طرح پیش فرمائیں کہ وہ خود اُن کا معلوم ہو۔ یوں لگتا تھا کہ معلومات کا ایک بحرِ ذخار موجیں مار رہا ہے۔ اُن کی بعض باتیں سب ہی کو بڑی عجیب سی لگتی تھیں۔ کبھی تو جوش ملیح آبادی پر علی اختر حیدر آبادی کو ترجیح دے رہے ہیں، کبھی بربنائے تعلقات خصوصی مہاراجہ کو اردو کا سب سے بڑا غزل گو ثابت کر رہے ہیں۔ کبھی ایسی باتیں لکھ رہے ہیں جن سے کفر و الحاد کی بو آئے۔ اُردو زبان کو نقصان پہنچانے کی زبردست کوششیں کی گئیں لیکن نیاز صاحب نے کبھی "نگار" کے صفحات میں اردو کے لئے کچھ نہیں لکھا۔ ہندوستانی سیاست کو چھوڑ کر وہ اپنے صفحات میں پاکستانی سیاست سے بحث فرمایا کرتے تھے۔ سیماب، جوش، جگر، فانی، یگانہ اور اپنے قد و قامت کے دوسرے مسلم الثبوت اساتذۂ شعر و ادب کے یہاں انھیں خامیاں ہی خامیاں نظر آتی تھیں۔ ایک زمانہ میں فراق کا سیلاب شروع کیا تو "نگار" کا کوئی شمارہ ایسا نہیں ہوتا تھا جس میں فراق کا ذکر نہ ہو۔ اور بعض وجوہ کی بنا پر جب اُن سے ٹھن گئی تو پھر فراق جیسے بڑے شاعر کا نام لینا بھی پسند نہ کیا۔ اقبال، جوش، فانی، داغ، جگر کی اشاعتوں کا مقصد ادبی حلقوں میں ایک طوفان کا ہیجان اور سنسنی پیدا کرنا ہی تھا۔ تعمیر و تخریب اور تخلیق و تحریر کے اس سنسنی خیز عمل سے بہت سے لوگ لطف اندوز ہوتے تھے اور بہت سے ہوتے بھی۔ لیکن میرے ہم عصر قلم کار اور شاعر اُن کی تحریروں کو لوگ پڑھتے ضرور تھے۔ اُن کے بعض مضامین پر سینئر لوگوں کو سر پکڑتے ہوئے بھی دیکھا گیا۔ کتابوں کا ایک نہایت دلچسپ سلسلہ شروع کیا۔ انھوں نے "نگار" میں شروع کیا استفسارات کے باب میں وہ نہایت تر ایسے موضوعات کو چھیڑتے تھے جو پڑھنے والوں میں دلچسپی پیدا کریں۔ مجنوں گورکھپوری نے ایک جگہ لکھا ہے ـــ

"نیاز ایک زبردست قوتِ اخذ کے مالک تھے۔ وہ بڑے سلیقے کے ساتھ دوسروں کے مواد سے کام لے سکتے ہیں، اور اپنے انفرادی اسلوب"

[illegible] نکلتی ہیں:

[illegible] بھوپال کے ایک [illegible] کے لئے سیاہ کر کے [illegible] عبرت [illegible]
[illegible] اعتراضات کا "نگار" میں جواب دیا [illegible] انہیں [illegible]
[illegible] آخری [illegible] جہاں وہ
[illegible] بہت تحت تھے۔

[illegible] ان کا تعلق [illegible] سے ایک [illegible] انہوں نے اردو نثر [illegible] اختیار کیا [illegible]
[illegible] لطیف [illegible] کیا [illegible] ترجمہ [illegible] انہوں نے [illegible]
۳۵-۳۰ [illegible] تصانیف چھوڑی ہیں [illegible] انشائے لطیف سے لے کر افسانہ، ناول، [illegible] مذہب، تاریخ، فلسفہ
سبھی کچھ ہے۔ ان کے [illegible] خطوط کے بھی شاید دو مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ مولانا نیاز سے بعض نظریاتی اور مسلکی اختلافات کی وجہ
ان کی تصانیف [illegible] پڑھی جاتی ہیں۔ [illegible] ان کی تصانیف کی آمدنی ہی سے [illegible] تھا۔ حکومت ہند نے انہیں پدم بھوشن کا خطاب دیا
اور بعد میں انہیں وظیفہ بھی ملتا تھا۔

مولانا نیاز [illegible] ابتدائی زندگی محکمۂ پولیس کی ملازمت میں گزری۔ [illegible] کی وجہ سے
ان میں [illegible] سکتا تھا جیسا [illegible] ادب [illegible] بحیثیت [illegible]
تھے۔ انہوں نے اپنے [illegible] شاعر کو [illegible] اعتراض [illegible] شعراء [illegible] لیکن
کبھی انہوں نے کسی [illegible] اچھے [illegible] "نگار" میں نہیں لکھے۔ کوئی مرنے والا ان کے نزدیک قابلِ ذکر نہ تھا۔

[illegible] وہ لہجہ، اسلوب، فکر و نظر [illegible] کے اعتبار سے [illegible] لکھتے تھے۔ [illegible] ادب پر ان کی فکر و نظر [illegible]
[illegible] کے ساتھ لکھنے والے ادبا پر [illegible] ایک بڑا حلقہ تھا۔ [illegible]

"وہ حیاتِ انسانی کی ایک مکمل تاریخ اور اُس کے تجربات کا مکمل اظہار تھے۔"

اگر مولانا نیاز خود اتنے بڑے اور [illegible] ادب [illegible] ہوتے ہوئے صرف "نگار" کے ایڈیٹر بھی ہوتے تو بھی یاد کیے جانے کے قابل تھے۔
کس [illegible] نے اتنی طویل عمر اور اتنا معیار پایا ہے؟؟؟

[illegible] ملاقاتیں ہوئیں۔ البتہ خط و کتابت [illegible] خطوں کے جواب میں ان کی [illegible]
تھی۔ ان کا جواب کبھی کبھی ایک [illegible] بن جایا کرتا تھا۔ بعض ادبی مسائل میں ان سے کافی نرم گرم باتیں ہوئیں۔ تقسیم ملک کے بعد [illegible]
[illegible] خط و کتابت بھی بہت کم ہو گئی۔ پاکستان جانے سے پہلے [illegible]
ذوق ایک بار [illegible] کے ساتھ اُبھر آیا تھا چنانچہ "نگار" میں انہوں نے "طرحی مشاعرہ" شروع کیا۔ اچھے اچھے شعراء نے اپنی غزلیں بھیجیں لیکن
[illegible] انتخاب نے [illegible] اشعار کو نظر انداز کر دیا۔ کسی کا ایک شعر
لیا، کسی کے [illegible] شعر لئے۔ در اصل وہ خود اس [illegible] سے اپنی فکر کا [illegible] پیش کرنا چاہتے تھے اور بتانا چاہتے تھے کہ —

"دیکھو اس طرح سے کہتے ہیں سخنور غزلیں"

چنانچہ [illegible] انہوں نے [illegible] غزلیں پیش کئے۔ بعض لوگوں نے مجھ سے شکایت کی۔ میں نے ایک [illegible]
[illegible] کی طرح کا مشاعرہ "نگار" اور [illegible] کے [illegible] لیکن مولانا نے توجہ نہیں فرمائی۔ [illegible]
[illegible] "طرحی مشاعرہ" کی [illegible] کئی سال تک [illegible] ارتقا کی انتہائی منزل پر لا کر چھوڑ دیا تھا۔ اگست [illegible] میں [illegible]
شمارہ نمبر [illegible] ادب کی تاریخ میں یادگار رہے۔ اُس میں بیشمار [illegible] اور دوسرے شعراء کی طرحی غزلیں تھیں [illegible]
اس مشاعرہ [illegible] آرزو لکھنوی، علامہ سیماب اکبر آبادی، [illegible] اور جہاں تک یاد آتا ہے ایک دوسرے مشاعرے کی غزلوں کے
کچھ اشعار میں [illegible] کہ مولانا نیاز نے "نگار" میں اعتراضات فرمائے تھے اور [illegible] ادب و علوم [illegible] ایک نوٹ لکھا
پڑا تھا۔ مولانا [illegible] علامہ سیماب تو [illegible] اُس وقت کراچی میں فالج کا شکار ہو گئے تھے۔ اُسی زمانہ میں علامہ آرزو
لکھنوی کراچی تشریف لے گئے تھے۔ میں بھی دس بارہ دن کے لئے والد صاحب کو دیکھنے کراچی گیا تھا۔ یہ جنوری ۱۹۵۱ء کی بات ہے۔ احباب نے
[illegible] کسی دوسرے ہال میں (نام صحیح یاد نہیں) میرے استقبال کا انتظام کیا تھا۔ میرے انتہائی محترم بزرگ علامہ آرزو کو بھی دعوت
[illegible] حضرت آرزو بڑی شفقت فرماتے تھے۔ چنانچہ اُس جلسے [illegible] آئے۔ میں نے موصوف کو اپنے [illegible]
ادب و احترام [illegible] مولانا نیاز فتحپوری کے متعلق تھا۔ حضرت آرزو حد درجہ برہم تھے۔ اتنے کہ میں
نے اس سے پہلے کبھی ان کی زبان سے اتنے سخت اور [illegible] الفاظ نہیں سنے تھے۔ اُنہیں مولانا نیاز کے اعتراضات کا سخت [illegible]

شاعری کی تعریف و تنقید نہ کر سکیں ۔ ہمارے دیرینہ معاون نیاز نے کیا خوب کہا ہے کہ گفتگو یہاں شعر و ادب پر ہے ۔ مولانا نیاز کا یہ … مضمون ہیں ۔ ان کی جگہ حاصل ہے کیوں کہ اُن کے ساتھ ختم ہو گئیں ۔ وہ اپنی جگہ بہت سی خوبیوں اور کمزوریوں کے باوجود ہمیشہ اردو ادب کے محسن شمار کیے جائیں گے ۔

مشاعروں کے مشاعرہ بازی کے سلسلے میں جو تلخی ابھری تھی وہ ادب کی ناسازگاری … نگار کا اردو میں چھپنا رہا اور ہمیشہ شاعر کا تذکرہ بھی کرتا رہا ۔ یہ بات کم لوگوں کو معلوم ہے کہ مولانا پاکستان ہجرت کر گئے ۔ دل بیٹھ سا گیا ۔ کسی اور کے جانے کا اتنا ذکر نہیں ہوا تھا جتنا مولانا نیاز کے جانے کا ہوا ۔ اس لیے کہ وہ جس ملک کو چالیس پچاس سال سے نہ چھوڑ سکے تھے ۔ وہ ہندوستان میں اردو کے لیے سہارا تھا ۔ وہ خود اس ملک میں اردو کا ایک مجاہد تھے لیکن شاید ان کی تیز نظروں نے اندازہ لگا لیا تھا کہ ان کے نگار کو ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی ۔ جیسا کہ اب اندیشہ … خوف ہی سب ہو رہا ہے ۔ انہیں اپنے ادارہ کی طرح اپنے نگار کی بھی فکر تھی ۔ آج وہ دور آگیا ہے کہ ہندوستان کے اردو ادبی رسائل … ہیں ۔ پاکستانی شاعر ادیب اور شعراء ان سے قلمی تعاون تک نہیں کرتے ۔ پھر بڑے ادیب و شاعر پاکستان کے رسائل میں لکھنا باعث فخر سمجھتے ہیں ۔ خوش نصیب کرو کہ اپنے ہی پیر ہیں ۔ لیکن ہندوستان کے ادبی رسائل کی طرف بھی تو نظر التفات کریں ۔ اب تو سب یہ … ہے کہ … گروہ کے ہیں اور وہیں سے فخر محسوس کر رہے ہیں ۔ کسی کی خدمات کا اعتراف اور اردو کے اجتماعی مفاد کا احساس !!

پاکستان جانے کے ۱۶ سال بعد ماہ نومبر ۱۹۶۵ء میں مجھے بھی اپنی بیمار اہلیہ کے ساتھ ۔ اور صاحب فراش بڑے بھائی حضرت منظر صدیقی اکبر آبادی کو دیکھنے نیز دیگر احباب سے ملنے کے لیے کراچی جانے کا اتفاق ہوا ۔ ایک ماہ کے مختصر سے قیام میں سب سے پہلے مولانا نیاز نے بھی … کراچی … مصروفیات تھیں ۔ … پارٹیاں تھیں … وقت نکالا کہ … مولانا نیاز … اسی دوران میرے … حضرت صبا متھراوی نے … اردو کی طرف سے ایک شاندار … شعری نشست کا اہتمام کر لیا … مولانا نیاز … تھے میں … انہوں نے اپنے پاس ہی بٹھا لیا ۔ میں نے پہلی ہی نظر میں اندازہ لگا لیا کہ … مولانا کی مزاجی کیفیت کو بدل دیا ہے ۔ … کراچی کے … مقتدر اور بڑے شعرا شریک تھے ۔ مولانا نے دوران گفتگو میں فرمایا ۔ میں تو بعض وجوہ سے ہندوستان سے چلا آیا لیکن آپ ہندوستان میں جس ہمت و استقلال سے اردو کے لیے کام کر رہے ہیں ۔ اس سے میں بہت متاثر ہوں ۔ وہاں … ختم ہو گئی تھی ۔ اب آپ جیسے مجاہدوں کی ضرورت ہے ۔ مولانا کے اس طرح کے اظہار خیال سے مجھے اطمینان ہوا اور … خدمات کو خاموشی کے ساتھ … کرتے رہے ہیں ۔ ان کے دل میں … تھوڑی دیر میں وہ شعری نشست شروع ہو گئی ۔ مولانا نیاز ہی نے اس کی صدارت فرمائی ۔ آخر میں جب میں اپنے اشعار پیش کر چکا تو مولانا مرحوم نے سامعین سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں نے اعجاز میاں کا اور چند شعر کہے ہیں ۔ پہلے وہ سنا دوں اس کے بعد غزل سناؤں گا ۔ وہ یادگار اشعار حسب ذیل میں درج کر رہا ہوں ۔ جو میرے ہندوستان آنے کے بعد حضرت صبا متھراوی نے مجھے بھیج دیے تھے ۔ غالباً کراچی کے بعض اخبارات میں بھی اس شعری نشست کی رپورٹ کے ساتھ شائع ہوئے تھے ۔ مولانا جیسے آگے جلوہ گر ہے تھے ۔ ماضی و حال کا ایک طویل ادبی سلسلہ خواب میری آنکھوں میں ناچ رہا تھا ۔ میں اپنی … کسی موقع پر … مولانا نے جب آخری شعر پڑھا تو میری آنکھیں نم ہو گئیں ۔ بزرگوں کی آنکھیں دیکھنے کو کہاں ملتی ہیں ۔ یہ بزرگ آنکھیں بھی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ہو گئیں ۔ ہاں تو وہ اشعار تھے ؎

بہت خوش ہوں یہ سن کے آئے ہیں اعجاز — خدا کا شکر ہے پھر میں نے ان کو دیکھ لیا
عزیز میرے ایک دوست کے فرزند — ادیب و ناقد و … شاعر فرزانہ
خدا کرے وہ جئیں خوب اور شاد رہیں — یہی ہے میری تمنا یہی ہے میری دعا
سنا ہے یہ بھی کہ وہ جلد جانے والے ہیں — یہ بات ہے بہت افسوسناک درد افزا
کہوں بجز … الفاظ میرزا غالب — انہی کے ساتھ مجھے یہ بھی ان سے ہے کہنا

فراق و وصل جداگانہ لذتے دارد
ہزار بار برو، صد ہزار بار بیا

(نیاز فتح پوری)

سامعین نے بھی دل کھول کر مولانا کو ان کے قطعے کی داد دی ۔ نشست ختم ہوئی ۔ مولانا نے عصرانہ میں شرکت فرمائی ۔ … اور آشکار … گفتگو میں وہی علمی انداز ۔ صحت بھی اچھی خاصی تھی ۔ کیسے معلوم تھا کہ … یہ شمع باقی ۔ اتنی جلد خاموش ہو جائے گی ۔۔۔ رہے نام اللہ کا !!

علیم اختر مظفر نگری

غزل

جفا و جور و ستم آزمائے ہیں کیا کیا
یہ آئینے ترے غم نے دکھائے ہیں کیا کیا

یہ کس کی یاد نے چھیڑا ہے دل کے تاروں کو
ربابِ شوق پہ نغمے سنائے ہیں کیا کیا

کبھی جو روٹھ گئی ہے نگاہِ شوق اُن سے
پیام اُن کے مرے نام آئے ہیں کیا کیا

جبینِ ناز کو کچھ بل بھی عرضِ غم نے دیئے
وہ دل ہی دل میں مگر مسکرائے ہیں کیا کیا

وہ ایک شمعِ فروزانِ شوق بجھ نہ سکی
وفا کی راہ میں طوفان آئے ہیں کیا کیا

جنونِ شوق نے منزل کو جا لیا تنہا
خرد نے رہزن و رہبر بنائے ہیں کیا کیا

سنا کہ مجھ سے ہے تمنا کی ہست و بود
ترے خیال نے آنچل اُڑائے ہیں کیا کیا

مری نگاہ پہ الزامِ دید ہے لیکن
جمالِ ناز پہ بھی حرف آئے ہیں کیا کیا

مرا خلوصِ محبت تو تھک کے بیٹھ گیا
ترے فریب نے جادو جگائے ہیں کیا کیا

وہ اک نظر کہ جسے التفاتِ ناز کہیں
اُس اک نظر نے فسانے بنائے ہیں کیا کیا

ادائے ناز سے اکثر گلابیاں بھر کر
نگاہِ مست نے ساغر پلائے ہیں کیا کیا

خود اپنے عکس پہ اُن کا گماں گزرا ہے
فریبِ چشمِ تماشا نے کھائے ہیں کیا کیا

حضورِ حسن میں اک نذرِ شوق دینے کو
مری نگاہ نے موتی لٹائے ہیں کیا کیا

بہارِ لالہ و گل، جانِ رنگ و بو بن کر
نظر میں حسن کے جلوے سمائے ہیں کیا کیا

چھڑا جو ذکرِ وفا اُن کی بزم میں اختر
سنا ہے آپ اُنھیں یاد آئے ہیں کیا کیا

ڈاکٹر اسلم فرخی

سیماب اکبرآبادی کے فنّی نظریات

مولانا سیماب اکبرآبادی ہمارے عہد کے جلیل القدر شاعر اور انشا پرداز تھے۔ قدرت نے انھیں غیر معمولی قوتِ شعری سے نوازا تھا اور انھوں نے اپنی اس خداداد صلاحیت سے اردو شاعری کے سرمایہ میں گراں قدر اضافہ بھی کیا۔ مولانا سیماب اس اعتبار سے بھی اردو شاعری میں اہمیت کے حامل ہیں کہ انھوں نے فنِ شعر کے متعلق ایک خاص نظریے کی تبلیغ و اشاعت کی اور اپنی شاعری میں بھی ہمیشہ اسے ملحوظِ خاطر رکھا۔ فنِ شعر و شاعری کے متعلق مولانا کے خیالات بڑے واضح اور حقیقت پسندانہ ہیں۔ انھوں نے جا بجا بڑے واشگاف انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور مولانا کی شاعری اور فن کو سمجھنے کے لیے ان کا تفصیلی مطالعہ ناگزیر ہے۔

مولانا سیماب کی شاعری کا آغاز روایتی ماحول اور سمی غزل سرائی سے ہوا۔ یہ داغ و امیر کا عہد تھا اور پورے ملک کی فضا میں انھیں کے نغمے گونج رہے تھے۔ مولانا سیماب نے بھی داغ کا تلمذ اختیار کیا۔ اس عہد کا کوئی شاعر داغ و امیر کے اثرات سے بے نیاز نہیں رہ سکتا تھا۔ مولانا سیماب کے ابتدائی کلام میں داغ کا اثر بھی نمایاں ہے۔ اور طرزِ لکھنؤ کے اتباع میں "ہلکا سا اک کفن ہو شہیدِ بہار کا" اور "مجھے پسند نہ کیوں آئے صحنِ صافِ قفس" جیسی غزلیں بھی مولانا کے مجموعۂ کلام میں ملتی ہیں۔ تقابلی مطالعے کے سلسلے میں مولانا کا یہ مطلع ؎

جو پھول گر پڑا ہے کہیں ان کے ہار کا
غازہ بنا ہے چہرۂ صبحِ بہار کا

امیر مینائی کے اس شعر ؎

پھولوں سے فرشِ خاک پہ تارے بکھر گئے
دھاگا کہیں جو ٹوٹ گیا ان کے ہار کا

کے ساتھ رکھا جا سکتا ہے۔ ہر بڑے شاعر کی طرح داغ بھی اپنے رنگ کے موجد اور خاتم تھے۔ مولانا سیماب نے داغ سے اثر یقیناً قبول کیا، لیکن ان کی تقلید کو اپنا شعار نہیں بنایا اور نہ وہ زیادہ مدت تک قدیم رنگِ تغزل سے وابستہ رہ سکے۔ غور و فکر، مشاہدے، مطالعے اور تجربے نے مولانا سیماب کو ایک جدید رنگِ تغزل کی طرف مائل کیا۔ جس کی تفسیر انھوں نے یوں بیان کی ہے۔

"تغزل کی روح واردات و جذبات ہیں جو کیفیتاً حقیقتاً ہم پر طاری ہوں اور جو واقعات ہمارے مشاہدے اور مطالعے میں آئیں وہی ہماری غزل کا اصلی موضوع ہیں۔ یہ لازمی نہیں کہ اگر ایک شاعر کسی کے فراق میں مضطرب الحال نہیں ہے تو وہ فراقیہ اشعار ضرور ہی لکھے اور ایک دولت مند فارغ الافکار شاعر بھی ایک گداگر کی طرح فقر و فاقہ کے مضامین لکھ کر لوگوں کو اپنی تضحیک کا موقع دے۔ اس قسم کی شاعری یا غزل گوئی نقالی سے زیادہ کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ تاثیر صرف اس شعر میں پیدا ہو سکتی ہے جو شاعر کے جذبات کا آئینہ، احساس کی کیفیاتِ حقیقی کا ترجمان ہو۔ جب تک کہنے والا خود کلام کا اثر نہ لے، دل و

معاشرے پر محسوس اثر کرے، اُس وقت تک وہ دوسروں کی سماعت کو متاثر نہیں کرسکتا۔ یہی محسوس شاعری کی ضرورت ہے۔ مفروضہ خیالات کے اظہار کی ضرورت نہیں۔ اِسی کے ساتھ ساتھ طرزِ ادا، پیرایۂ تبیین، اسلوبِ بیان، طریقہ اچھوتا، زبان دلکش یا عامیانہ بازاری اور زبردست، محاورات برمحل، ترکیب چست، الفاظ بے ساختہ اور جملے شستہ ہوں۔ کہ حرف و لب نہ زبان اُلجھے۔ نیز تقلیدی مضامین اور عام موضوعات سے احتراز ہونا چاہیے۔"

مولانا کا یہ سارا بیان بہت اہم ہے۔ حالی نے ملٹن کے حوالے سے اصلیت، سادگی اور جوش کو لوازمِ شعر قرار دیا تھا۔ لیکن جس عنصر کو حالی نے جوش سے تعبیر کیا تھا اُسے دراصل احساس سمجھنا چاہیے۔ اصلیت، سادگی اور جوش یقیناً شعر کے لئے نہایت اہم ہیں۔ اِن کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ مولانا سیماب نے بھی حالی کے انھیں خیالات سے چراغ روشن کیا ہے۔ مگر انھوں نے اِس پر اضافہ بھی کیا ہے۔ حالی نے معنویت کو مدِنظر رکھا ہے لیکن شعر کے ظاہری خدوخال کے متعلق انھوں نے کچھ کہنا ضروری نہیں سمجھا۔ مولانا سیماب نے شعر کی معنوی اور صوری دونوں کیفیتوں کو مدِنظر رکھا ہے اور اسی وجہ سے انھوں نے شعر کی زبان پر بھی اظہارِ خیال کیا ہے۔ گویا اُن کے یہاں حسنِ معنویت کے ساتھ حسنِ ظاہر بھی واضح ہے۔ زبان کو بلاشبہ شاعری میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔ کوئی اچھا شاعر زبان کی طرف سے اغماض نہیں برت سکتا اور نہ اُس کی اہمیت سے منکر ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مولانا سیماب نے زبان، اسلوب، طرزِ ادا سب کی اہمیت کو واضح کیا ہے۔ اگر اُن کے یہاں زبان و بیان کی اِس اہمیت کے متعلق ایک واضح تصور موجود نہ ہوتا تو پھر مولانا کے خیالات کو حالی کی صدائے بازگشت سے زیادہ حیثیت نہ دی جاتی۔ لیکن انھوں نے نہ صرف حالی کے خیالات کو اپنایا ہے بلکہ اُن پر اضافہ بھی کیا ہے۔ مولانا کا یہ جملہ کہ "ہمیں محسوس شاعری کی ضرورت ہے۔" رسمی اور تقلیدی انداز کے خلاف بغاوت کے اعلان کی حیثیت رکھتا ہے۔ تاویلیں تو ہر قدم پر ہوتی آئی ہیں۔ ویسے بھی تاویلوں میں ہمیں خصوصی امتیاز حاصل ہے۔ لیکن امرِ واقعہ یہ ہے کہ اُردو شاعری کا بڑا سرمایہ رسمی اور تقلیدی شاعری پر مبنی ہے۔ اِسے ہماری کوتاہی کہئے یا محرومی۔ یہ دوسری بات ہے کہ ہم اپنی کوتاہی اور محرومی کا اعتراف ضروری نہیں سمجھتے۔ مولانا نے ہر جگہ رسمی اور تقلیدی انداز کو اُردو شاعری کے لئے سمِ قاتل قرار دیا ہے۔ انھوں نے جہاں کہیں بھی اُردو شاعری کے متعلق اظہارِ خیال فرمایا ہے وہاں اِس انداز سے پیدا ہونے والے مضرات کی نشاندہی بھی کی ہے اور ایک جگہ تو انھوں نے بڑے صاف الفاظ میں کہا ہے۔

"عام اُردو شاعری کے موجودہ انحطاط کا ایک بڑا سبب کورانہ تقلید بھی ہے۔ شعراء کی اجتہادی قوت مرورِ ایام سے سلب ہو چکی ہے اور وہ ایک دائرۂ محدود سے نکلنا اور ترکِ اختیار کی مقررہ قیود سے باہر آنا کفرِ شاعری سمجھتے ہیں۔"

اِسی ضمن میں مولانا آگے چل کر کہتے ہیں۔

"جب اُردو شاعری کا یہ حال ہو تو خاموش بیٹھنا گناہِ عظیم ہے۔ اِس خرمنِ فرسودہ میں آگ لگا دینے کی ضرورت ہے۔ اِس انبارِ قدامت آلود سے بزمِ سخن کو پاک کر دینا مناسب ہے۔ بقول اقبال "جو نقشِ کہن تم کو نظر آئے مٹا دو۔""

اُردو شاعری کے تقلیدی انداز کے خلاف سب سے پہلے محمد حسین آزاد نے آواز بلند کی تھی۔ حالی نے اِس سلسلے میں انتہائی قابلِ قدر کام انجام دیا۔ مولانا سیماب بھی اِس سلسلے کی ایک کڑی ہیں۔ افسوس یہ ہے کہ مولانا کی شاعری کے متعلق تو بہت کچھ لکھا گیا ہے لیکن اُن کے فنی نظریات اور نقد و تنقید کا جائزہ لینے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی۔ فن کے بارے میں فنکار کے خیالات ہمیشہ نہایت اہم سمجھے جاتے ہیں۔ یہ صرف اُس کے فن ہی کو سمجھنے میں مدد نہیں دیتے بلکہ

ان کی وجہ سے فن کا فنی اور خصوصی جائزہ بھی لیا جا سکتا ہے۔ نئے اصول بھی منضبط کیے جا سکتے ہیں اور نئے افکار و نتائج کو سامنے لا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔

ایک اور جگہ مولانا سیماب نے تغزل کے متعلق اپنا نقطۂ نظر اس طرح بیان کیا ہے۔

" تغزل اس رنگ اور اسلوبِ بیان کو کہتے ہیں جو غزل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ تغزل کا تعلق انسان کی لطیف ترین روحانیت اور نفسانیت سے ہے۔ حسن و عشق، یاس و امید، وصل و فراق، انتظار و ناکامیابی اور اسی قسم کی مختلف حالتوں کو گہرے تاثر کے ساتھ مصور کرنے کا نام تغزل ہے۔ غزل کی تعریف میں با معشوق سخن گفتن اور تغزل کی تعریف میں معاملہ بندی کہہ کر خاموش ہو جانا غزل اور تغزل دونوں کی توہین ہے۔ تغزل کو فقط تحریر نفسانیت سے پاک اور روحانیت سے لبریز ہونا چاہیے۔ تغزل کے مختلف شکول ہیں۔ لیکن حقیقی تغزل وہی ہے جس کی بنیاد ہی جذباتِ لطیفہ پر قائم کی گئی ہوں اور جس میں ابتذال و رکاکت کا شائبہ تک نہ ہو۔"

اس بیان سے مولانا کا نقطۂ نظر پوری طرح واضح ہو جاتا ہے۔ تغزل کو نفسانیت سے پاک ہونا چاہیے یا نہیں، یہ جگہ پر ایک علیحدہ بحث ہے اور شاید اسے درست مان لینے کی صورت میں ہمیں اپنی شاعری کے ایک بڑے حصے سے محروم ہو جانا پڑے، لیکن مولانا کے خلوص میں شبہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بات بالکل صحیح ہے کہ تغزل کو صرف معاملہ بندی نہیں کہا جا سکتا۔ مولانا کا یہ خیال درست ہے کہ مختلف حالتوں کو گہرے تاثر کے ساتھ مصور کرنے کا نام تغزل ہے۔ یہ تعریف بڑی حد تک جامع اور مانع کہی جا سکتی ہے۔ حالتوں کی وضاحت میں اختلاف ممکن ہے۔ ان میں نفسانیت اور روحانیت دونوں کا امتزاج بھی ہو سکتا ہے اور دونوں علیحدہ علیحدہ بھی ہو سکتی ہیں۔ شرط گہرے تاثر کی ہے۔ خود مولانا نے اپنی غزل میں اپنے بیان کردہ تغزل کو ہمیشہ ملحوظِ خاطر رکھا ہے۔ ابتدائی دور کے کلام سے قطع نظر ان کی غزل ان کے معیارِ تغزل پر پوری اترتی ہے۔ بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا کہ مولانا سیماب کی غزل کا مجموعی تاثر روحانیت اور نفسانیت کا لطیف امتزاج ہے، جس میں نفسانیت کا شائبہ بھی نہیں۔ مولانا کی غزل لطیف جذبات سے فروغ پاتی ہے۔ اس میں سوز و گداز اور حرارت تو ہے، ابتذال اور پستی نہیں۔ بلکہ ان کے پورے کلام میں مبتذل اور پست شعر شاید ہی کہیں ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ مولانا سیماب نے جو کچھ کہا ہے اس پر خود عمل بھی کیا ہے اور یہ کہ وہ نظریۂ شعر پر حقیقی معنوں میں ایمان رکھتے تھے۔ اسی سلسلے میں مولانا آگے چل کر کہتے ہیں۔

" میں غزل میں پاکیزہ تغزل کا مخالف نہیں، لیکن شاعری کو تغزل ہی محض تک محدود رکھنا بھی نہیں چاہتا۔ میں جانتا ہوں کہ اردو شاعری میں غزل اس وقت ایک مدقوق مریضہ کی حیثیت رکھتی ہے اور اندیشہ ہے کہ اسے اگر صحیح صورت میں زندہ رکھنے کی کوشش نہ کی گئی تو وہ ہمیشہ کے لئے فنا ہو جائے گی۔"

مولانا کا یہ بیان ۱۹۳۰ء کا ہے۔ میں نے سن کی وضاحت یوں ضروری سمجھی کہ اس وقت تک علامہ اقبال کی غزلیات کا کوئی مجموعہ شائع نہیں ہوا تھا۔ غزل کو مدقوق مریضہ کہنا مولانا کی قوتِ اظہار کا جرات مندانہ ثبوت قرار دیا جا سکتا ہے۔ لیکن مولانا جیسے کٹر غزل گو اور غزل کی فضا میں پروان پانے والے شاعر کی یہ حقیقت پسندی قابلِ داد ہے کہ انہوں نے حقیقت کے اظہار میں اپنی محبوب صنفِ سخن کا پاس نہیں کیا۔ غزل ہماری تہذیب کا حسن اور ہماری شاعری کی آبرو ہے، لیکن حسن اور آبرو برقرار رکھنے کے لئے خونِ جگر کی ضرورت پڑتی ہے۔ "نقش ہے سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر" اور "معجزۂ فن کی ہے خونِ جگر سے نمود" مولانا کا غزل کو مدقوق مریضہ قرار دینا اس امر کا بدیہی ثبوت ہے کہ غزل کو نئے خونِ جگر اور دلِ گداختہ کی ضرورت تھی۔ اسی کی جانب مولانا نے اشارہ کیا ہے اور تا بمقدور انہوں نے اپنے خون سے اس کی آبیاری بھی کی۔ غزل آج بھی زندہ ہے۔ مدقوق مریضہ کی حیثیت سے نہیں بلکہ

صنف سخن کی حیثیت سے کہ اُسے مولانا جیسے بزرگوں کے خونِ جگر نے نئی زندگی بخش دی ہے حیات تازہ ملی اور افکارِ تازہ سے نمود ملی اور یہ افکارِ تازہ ہی غزل کی نئی زندگی کے ضامن ہیں۔

فنِ شعر کے متعلق مولانا کا نظریہ ہمیشہ حقیقت پسندانہ رہا ۔ غزل اور تغزل ہی اور تقلیدی انداز اور اس سب بارے میں انھوں نے ہمیشہ سوچ سمجھ کر اور مستحکم شعر کہے۔ مولانا نئی دستوں کے جویا اور غیر ضروری فنی قیود سے بیزار تھے۔ قیود سے بیزاری کو عام طور پر بے راہ روی اور کم علمی کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ ستم ظریفی سہی لیکن صورتِ حال اکثر یہی رہا۔ مولانا غیر معمولی قوتِ شعری کے حامل ہونے کے با وجود غیر ضروری پابندیوں کو جذبات وواردات کے بیان کے لئے رکاوٹ سمجھتے تھے۔ چنانچہ ایک جگہ "ایطا" پر بحث کرتے ہوئے انھوں نے لکھا ہے ۔

"عربی شعراء ایطا سے بچتے تھے۔ فارسی شعراء بچتے رہے اور اردو شعرائے متقدمین و متاخرین بھی اسی احتیاط کے اسیر نظر آتے ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ ایطا سے مطلع کی کیفیات اور معنویت پر کیا اثر پڑتا ہے۔ نزدی کے بعد قافیہ با معنی باقی رہے یا بے معنی۔ آخر اس قید سے اور شاعری سے کیا تعلق ؟ مگر نہیں ۔ اگر آپ ایسا کوئی مطلع کسی ماہرِ فن شاعر کے سامنے پڑھیں گے تو وہ آپ کی قابلیت سے ضرور منکر ہو جائے گا اور منھ پر نہیں تو دل میں ضرور سمجھے گا کہ قدیر قادر الکلامی معلوم شد۔ شاعری کا تعلق حقیقت میں روحانیت سے ہے اس لئے اُسے زیادہ سے زیادہ وجدانی ہونا چاہئے۔ اگر وجدانی نہ ہو تو کم سے کم ایسی غیر ضروری قیود اور پابندیوں سے تو اُسے ضرور آزاد ہو جانا چاہئے۔ جو اُس کے پیکرِ لطیف پر آہنی زنجیروں سے زیادہ گراں معلوم ہوتی ہیں۔"

یہاں کسی فنی بحث کا موقع نہیں اور نہ یہ بحث ضروری ہے صرف یہ کہنا مناسب ہے کہ مولانا نے جس خیال کا اظہار کیا ہے اُس سے اُن کی سلامت روی اور سلیم الطبعی کا احساس ہوتا ہے۔ اس مثال سے یہ نتیجہ نکالنا غلط ہوگا کہ مولانا سرے سے فنی قیود کے قائل ہی نہ تھے۔ اُنھوں نے ساری زندگی فنی قیود کی پوری پوری پابندی کی لیکن ذاتی طور پر وہ لفظ و مضمون کو پیکر پر قربان کرنے کے لئے تیار نہیں تھے۔ اُن کا مسلک "من ندانم فاعلاتن فاعلات" نہ تھا بلکہ انھوں نے ماہرِ فن کی حیثیت سے فنی قیود پر نظر ڈالی تھی اور بڑے غور و فکر کے بعد نتیجہ پر پہنچے تھے، اسی سلسلے میں وہ آگے چل کر کہتے ہیں۔

"اگر سوسائٹی کا دباؤ تیور بدل کر آنکھیں نہ دکھاتا اور اُردو شعراء کے مذہب کی اساس روشن خیالی پر ہوتی تو میں آج سب سے پہلے یہ اعلان کرتا کہ ایطا کا ترک اختیار کیا جائے اور اس غیر ضروری قید و بند کو شاعری سے اُٹھا دیا جائے۔ مگر مجھے اپنے ایک دوست کا یہ قول ہمیشہ یاد رہے گا کہ انسان کا ضمیر اُس کے ماحول میں رہتا ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ میرا ماحول ابھی تاریک ہے اور قدامت اپنی تمام سخت گیریوں کے ساتھ ہنوز کار فرما ہے۔"

مولانا کا یہ خیال بالکل صحیح تھا۔ آج بھی ماحول میں تاریکی کا کچھ نہ کچھ اثر باقی ہے اور شاید اسی وجہ سے ابھی تک اُن کی رائے پر پورا پورا عمل نہ ہو سکا۔

زبان کے متعلق بھی مولانا کا نظریہ ہمیشہ حقیقت پسندانہ رہا۔ اُنھوں نے زبان کو ہمیشہ اظہارِ خیالات کا ایک ذریعہ سمجھا اور اُسے اپنی شاعری کی بنیاد نہ بنایا۔ زبان کے بارے میں اُن کے خیالات ضمنی طور پر پہلے بھی بیان ہو چکے ہیں۔ ایک اور جگہ زبان کے متعلق اُنھوں نے لکھا ہے۔

"ٹکسالی زبان کے حامیوں کا ایک گروہ ہے جو چاہتا تو یہ ہے کہ زبان کی وسعت پر حرف نہ آئے مگر فی الحقیقت اُس کی ترقی کی راہیں بند کرنے کا خواہش مند ہے۔ نئے الفاظ، نئے معنی، نئے اسالیبِ بیان"

سے صرفِ نظر کرنا ایک زندہ زبان کے لئے اِس سے کچھ کم ہی مہلک ہے جتنا کہ اِن خطرات کی قطعی روک تھام نہ کرنا۔"

میرا خیال ہے کہ مولانا کی اِس تلخ نوائی پر اہلِ زبان حضرات نے ضرور لے دے کی ہوگی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ مولانا کا مشورہ بہت صائب ہے۔ دُنیا کی کوئی زبان خالص نہیں اور نہ کوئی زندہ زبان خالص رہ سکتی ہے۔ نئے الفاظ، نئے معانی اور نئے اسالیبِ بیان کے بغیر کوئی زبان زندہ نہیں رہ سکتی۔ نئے الفاظ کو قبول نہ کرنا زبان کی ترقی کو روکنا ہے۔ دُنیا کے بڑے شاعر اور ادیب نے اپنی زبان کو اظہارِ خیال کا ایک نیا سانچا اور نئے اسالیب عطا کئے ہیں۔ نئے الفاظ کو اپنایا ہے اور پرانے الفاظ کو نئے معنے پہنائے ہیں۔ یہ ایک فطری معاشرتی عمل ہے۔ اِسی وجہ سے مولانا نے اِس کے بارے میں بڑی واضح اور [illegible] رائے دی ہے۔

مولانا سیماب کا تنقیدی نقطۂ نظر مابعد الطبیعیات اور مادیت دونوں سے ہم آہنگ ہے۔ کیونکہ وہ شعر میں روحانیت اور نفسانیت دونوں کا امتزاج پیدا کرنے کے قائل ہیں۔ روحانی احتراز اور اثر پذیری دونوں پر اُنھوں نے اپنے شعری نظریات کی بنیاد رکھی ہے اور اپنی شاعری میں بھی اُنھیں ملحوظِ خاطر رکھا ہے۔ لیکن تعجب ہے کہ حالی کے متعلق اُنھوں نے ایک جگہ اِس خیال کا اظہار کیا ہے کہ

"مولانا حالی عمر بھر شعر کہتے رہے، ایک باخبر استاد کے شاگرد تھے، کلام میں پختگی تھی مگر ایک متغزل کی حیثیت سے اُنھیں کبھی قبولیتِ عام حاصل نہ ہوئی۔ تبع حالی مرحوم صرف اپنے مقدمۂ شعر و شاعری اور ایک مسدس کی وجہ سے شعرائے ہند میں متعارف و مقبول ہیں۔ اِس کے علاوہ کیا اُن کے تمام سرمایۂ فکر کی ایک کڑی ایسی بھی ہے جو لوگوں کی زبان پر یا دماغ میں محفوظ کہی جا سکتی ہو۔"

یہ رائے حالی جیسے غزل گو کے بارے میں درست نہیں۔ جس شاعر نے

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں   اب بھاگتے ہیں سایۂ زلفِ بتاں سے ہم

اور

اُس کے جاتے ہی یہ کیا ہو گئی گھر کی صورت

جیسی غزلیں کہی ہوں اُس کے تغزل کے بارے میں اختلافِ رائے ممکن نہیں، بلکہ ایک نقاد نے حالی کے تغزل کو [illegible] انفرادیت سے تعبیر کیا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ اردو غزل میں حالی کا رنگ و آہنگ اُنھیں ایک متغزل کی حیثیت سے ہمیشہ زندہ رکھنے کے لئے کافی ہے۔ لیکن اِس قسم کے خیالات مولانا کے یہاں خال خال ہی نظر آتے ہیں۔

مولانا سیماب نے صرف تنقید کے نظریاتی پہلوؤں کی طرف توجہ نہیں کی بلکہ عملی تنقید کے بھی اچھے نمونے پیش کئے ہیں۔ معاصر شعراء کے متعلق کچھ لکھنا جان بوجھ کر خطرے کو دعوت دینا ہے۔ مولانا اِس خارزار سے بھی گزرے اور اُن کا دامن سلامت رہا۔ اُنھوں نے اپنے معاصرین کے کمالات کا اعتراف ہمیشہ کشادہ دلی سے کیا۔ یہ اُن کے سچے فن کار ہونے کا بدیہی ثبوت ہے۔ ضرورت اِس امر کی ہے کہ مولانا کی نظری اور عملی تنقید کو جو ابھی بکھری ہوئی ہے یکجا کیا جائے اور اُن کے متعلقاتِ شعری اور تنقیدی نقطۂ نظر پر سیر حاصل بحث کی جائے۔ یہ اُردو ادب کی خدمت بھی ہوگی اور مولانا کی ادبی بصیرت کا صحیح اعتراف بھی اِسی ذریعے ممکن ہے۔

اعجاز صدیقی

غزل

خوشبو کے رسُول بن گئے ہیں
وہ زخم، جو پھُول بن گئے ہیں

کیا کیجیے، بے اصولیوں کے!
پہلے سے اصُول بن گئے ہیں!

آیا اُن تک سلامِ منزل
جو راہ کی دھُول بن گئے ہیں

چاہا جب بھی دلوں نے ہنسنا
کچھ اور ملُول[1] بن گئے ہیں

اُن کو طوفان میں ڈبو دو
جو مدِّ فضُول بن گئے ہیں

بیٹھی نہ بٹھائے سے جو اب تک!
ایسی ہم چوُل[2] بن گئے ہیں!

یہ سادہ دلانِ عصرِ حاضر
سوکھا ہوا پھُول بن گئے ہیں

آیاتِ وفا کی جب چھڑی بات
ہم شانِ نزُول بن گئے ہیں

شیخانِ حرم ہوں، یا برہمن
سب اُولِ حلُول بن گئے ہیں

لاؤ ایمان ہم پہ لوگو،
ہم غم کے رسُول بن گئے ہیں

ارماں جینے کے ہوں، کہ ہوں جینے کے
اک شوقِ فضول بن گئے ہیں

ایسے بھی ہیں کچھ حسین و عدے
جو یاد کی بھُول بن گئے ہیں

بہکو نہ بہت، بہکنے والو!
مستی کے اصول بن گئے ہیں

سوکھے ساکھے، تیاں، نکیلے
اِنسان، ببُول بن گئے ہیں!

رکھ دی جن پر زبان ہم نے
کانٹے وہی، پھُول بن گئے ہیں

اعجاز کے نا قبول تیور
معراجِ قبول بن گئے ہیں

[1] "ملُول ہونا" کے مقابلے میں "ملُول بننا" شاید خلافِ محاورہ معلوم ہو۔ — اعجاز
[2] معمولی سی اصلاح سے کمزوری سے کمزوری کا پہلو شاعری کا کمال یہ بن سکتی ہے اور اس سے بڑے سے بڑے مقصد کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے۔ — اعجاز

افسانہ

شکیب

ایک شام

جب مخدوم اور ندوی شہر جانے کیلئے اپنے ہوسٹل سے باہر نکلے تو یونیورسٹی کیمپس کے ماحول پر ایک پُرسکون خاموشی چھا چکی تھی۔ اطراف کے ہوسٹلوں سے بھی کوئی اِکا دُکا ہی باہر نکلتا ہوا نظر آتا تھا۔ اکثر لڑکے اِدھر اُدھر گھومنے کیلئے ہفتے کے آتے ہی دن ہی سے شہر اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کے یہاں نکل جایا کرتے تھے۔ اس وقت یونیورسٹی کی پچھلی گراؤنڈ پر بھی خاموشی چھائی ہوئی تھی۔ ورنہ یہاں کسی نہ کسی ٹیم کے دو چار کھلاڑی اپنے اپنے کھیل کی مشق میں مصروف دکھائی دیتے۔ بعض تنہائی پسند لڑکے اپنے ہوسٹلوں سے نکل کیمپس سے دور کھیتوں میں تفریح کے لیے نکل جاتے۔

یونیورسٹی کیمپس کا ماحول یونیورسٹی کی کلاسوں سے زیادہ دلچسپ و خوشگوار ہوتا ہے۔ یونیورسٹیوں کے طالب علم اپنے کورس کی کتابوں سے کہیں زیادہ کیمپس کے ماحول اور لائبریری سے بہت کچھ سیکھتے تھے۔ مخدوم کا تو پہلے یہ خیال تھا کہ شہر [illegible] رہنے والے لڑکوں اور عادی مجرموں کو جیلوں میں بند رکھنے کے بجائے اگر کیمپس کے ماحول میں رکھا جائے تو ایسے لوگ بہت جلد اچھے شہری بن سکتے ہیں۔ کیونکہ پچھلے چار پانچ برس کے تجربے سے یہ بات ظاہر ہو گئی تھی کہ بہت سے شریر اور چھچھورے طالب علم یہاں آنے اور پُر وقار غور و فکر کے عادی ہو چکے تھے۔ مگر پچھلے ایک دو برسوں میں اچانک کچھ ایسے طالب علموں کی بھرمار سی ہو گئی تھی کہ یونیورسٹی کا ماحول اچھا خاصا شور شرابا و ہنگامہ بن گیا تھا۔ ایسے طالب علموں کو خاموشی سے زیادہ ہنگامہ، پڑھائی سے زیادہ باتیں، لائبریری سے زیادہ بیئر اور [illegible] سے کہیں زیادہ میلے [illegible] کی طرح تھی۔ اکثر لڑکے علمی مباحث سے زیادہ فلمی گفتگو میں الجھے رہتے.....

مخدوم نے ابھی یہ بات بیان کی تھی اور ندوی اکثر کہا کرتا تھا کہ یونیورسٹیوں کو اب بالکل جیل خانوں میں تبدیل کر دینا چاہئے۔ جب وہ کینٹین سے ہو کر گزرنے والے راستے پر پہنچے تو انہیں کینٹین سے دو بیروں کے لڑنے کی آواز سنائی دی۔ وہ بیرے ایک دوسرے کو بات بات پر [illegible] رہتے تھے جب سے کینٹین کا مالک بدل گیا تھا۔ اکثر بیروں میں لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا تھا۔ ان دنوں کھانا بھی کچھ ٹھیک نہیں بن رہا تھا۔ چائے تو بالکل ہی خراب ہو گئی تھی۔ سستے قسم کے سگریٹ کا عام [illegible] ملنے لگے تھے۔ سابقہ مالک کو بدلنے میں کچھ شریر لڑکوں کا ہاتھ تھا۔ جب کچھ لڑکوں کی تعداد زیادہ ہو گئی اور اس نے [illegible] تو اتفاقاً لڑکوں نے [illegible] لڑکوں کے دستخط کر کے [illegible] ایک شکایتی درخواست سپرنٹنڈنٹ کو [illegible] جس پر مختلف الزامات لگائے گئے تھے کہ کینٹین کا مالک چوری کا [illegible] کینٹین میں خراب [illegible] بازاری عورتیں بھی [illegible] جاتی ہیں۔ اگر مالک کو نہیں ہٹایا گیا تو ساری یونیورسٹی میں ہڑتال کر دی جائے گی۔ [illegible] درخواست [illegible] میں لگائے گئے سنگین الزامات [illegible] کے لئے [illegible] کینٹین کے مالک سے [illegible] کی وجہ سے اس کی کینٹین بھی [illegible] دی گئی۔

نیلا ملک نہایت خوش اخلاق اور ملنسار آدمی تھا۔ اس کی خوش اخلاقی عام طور پر مالدار اور فضول خرچ طالب علموں کے لئے ہوتی تھی۔ کچھ لوگوں سے تعلقات ہو گئے تھے کہ کیمپس میں ہو ہو ہا کی سرسراہٹ سنائی دینے لگی تھی اور کینٹین کے چھجے میں رات اچھی خاصی جلتی رہتی۔ کبھی کبھار لگنے والے قہقہوں سے کیمپس کی پرسکون فضا پُراسرار اور ہیجان انگیز ہو جاتی تھی۔ آخر کار کے نیلوں پر سنگ پوش کمروں میں الکحل کی بو آتی۔ جب کچھ لڑکے دوسرا گلاس منگوا کر پانی پیتے تو ایسے موقعوں پر مقامی متمول گھرانے کے لڑکے جنہیں نجات پانے کیلئے ان کے والدین نے انہیں ہوسٹلوں میں چھوڑ رکھا تھا۔ ایک دوسرے کی طرف معنی خیز انداز سے دیکھ کر مسکرا دیتے۔ یونیورسٹی کے یہ اندرونی حالات ناقابلِ اصلاح حد تک خراب ہو گئے تھے۔

دن بھر کا تھکا ماندہ سورج مغرب کی پیشانی پر جھک رہا تھا۔ اس کی تمازت میں اب وہ شدت باقی نہیں رہی تھی جو ہر چیز کو بھی بے بزہ کر دیتی ہے۔ بلکہ یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے کوئی الہڑ دوشیزہ اس بے جان کائنات کو اپنی باہوں میں لئے اپنے نرم و گداز جسم کی حرارت بخش رہی ہو۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے ہلکے ہلکے جھونکے فضا کو نم کر رہے تھے۔ دور افق پر سیمل کرنوں نے دن بھر کا ہولوں سے بھاگا، رنگ و تند و تیز رنگ پھیلا دیا تھا۔ بوٹانیکل گارڈن کے بے برگ و گل درخت کچھ اس طرح کھڑے تھے کہ معلوم ہوتا تھا وہ اپنے ہاتھ اٹھائے مالکِ ارض و سما سے اپنا اترا ہوا لباس مانگ رہے ہوں۔ دن بھر کے تھکے ماندے پرندے بھی اپنے پروں کو پھیلائے اور درختوں کی طرف رین بسیرے کے لئے لوٹ رہے تھے۔

بوٹانیکل گارڈن سے گزرنے کے بعد شہر جانے والے قریب ترین کچے راستے پر جب مڑنے لگے تو مخدوم اور روبی نے بے اختیار یونیورسٹی کی عمارتوں پر نظر ڈالی۔ لڑکے غیر شعوری طور پر اس مقام سے گزرتے وقت پلٹ کر یونیورسٹی پر ایک نظر ضرور ڈال لیتے تھے۔ دراصل یہاں سے یونیورسٹی کی عمارتیں، اس کا نشیب و فراز، خاموش درختوں سے ہو کر گزرنے والا پرسکون ماحول اور یونیورسٹی کے لان میں پھیلی ہوئی ہریالی بڑی ہی بھلی معلوم ہوتی تھی۔ اس وقت فضا میں پھیلا ہوا سرخ رنگ یونیورسٹی کی عمارتوں میں جذب ہو گیا تھا۔

یہاں سے شہر تقریباً ایک میل کے فاصلے پر تھا۔ وہاں سے پھر انہیں بیچ شہر میں جانے کے لئے بس پکڑنی تھی۔ اب تک تو وہ خاموش چلے آ رہے تھے لیکن جوں ہی وہ ڈھلان کی طرف چلنے لگے۔ روبی نے اس طویل خاموشی کو توڑتے ہوئے کہا۔ "کچھ تو کہو یار راستہ بور ہو رہا ہے۔" مخدوم گنگنانے لگا۔ مخدوم کا گنگنانا روبی کی توقع کے خلاف تھا۔ کہنے لگا۔ "شام کے وقت گنگنانا کچھ اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ ایسے وقت میں تو جیسے ہم کسی موضوع پر گفتگو ہونی چاہئیے۔ اور"...... مخدوم نے قطع کلام کرتے ہوئے کہا۔ "اور پھر موضوع گفتگو کسی معاشرے یا سیاست سے ہٹ کر ہونا چاہئیے۔"!

مگر روبی کی کمزوری تو یہی تھی کہ وہ معاشرے اور سیاست سے ہٹ کر کوئی بات ہی نہ کر سکتا تھا۔ اس نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا۔ "میں تو یہی کہنے والا تھا کہ آج ثمینہ سادے اور سیدھے سادے لباس میں کتنی اچھی معلوم ہو رہی تھی۔" مخدوم سگریٹ جلاتے ہوئے بڑی سنجیدگی سے کہنے لگا۔ "اسی وجہ سے وہ ایک امیر باپ کی بیٹی ہونے کے باوجود سیدھے سادے کپڑے پہنتی ہے حالانکہ بہت سی شمس کی لڑکی ثمینہ اس سے کہیں زیادہ خوبصورت اور حسین ہے۔ سادگی آج کی ضرورت نہیں بلکہ سب سے بڑا فیشن ہے۔ ثمینہ تو صرف اس لئے سادے کپڑے پہنتی ہے کہ وہ ان ہی کپڑوں میں قابلِ کشش ہے۔ اور لشا میں کا پورا لوازمات بھی ہے۔ ورنہ وہ پچاس روپیوں کی ساڑی پر تین سو روپیوں کی گھڑی کبھی نہ باندھتی۔ البتہ وہ حسین ہے مغرور نہیں۔ جیسا کہ ہم بے حیا نہیں سا ہیں صرف رنگ و تمرد ... مجھے بھی پسند ہے اور تیرے لئے" مخدوم نے بھی روبی کی طرف مسکرا کر دیکھتے ہوئے کہا۔ "اور تیرے لئے شاید اس کی کوئی چیز بھی قابلِ کشش ہے۔"

روبی کا چہرہ شرمگین احساس کے ساتھ کہنے لگا۔ "مجھ ایسی کوئی برا خیال نہیں رکھتا۔" مخدوم نے قطع کلام کرتے ہوئے کہا۔ "خیر کچھ بھی ہو، تجھے ان کے غیر سنجیدگی کی ایسی باتیں ٹھیک نہیں معلوم ہوتیں، اور [illegible] کے معاملے میں تو

استعمال کرنا چاہیے۔

روبی کو ابھی یہ ہدایات پر کچھ افسوس ہوا اور وہ فوراً موضوع بدلتے ہوئے کہنے لگا۔ آج سائیکالوجی کی کلاس میں پالمر نے ایک غیر مطلوب سوال کا غیر مطلوب جواب کے عنوان کے تحت ہم لڑکوں سے کچھ سوالات کیے۔ اور بتایا کہ کسی کی ذہنی حالت معلوم کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ اس سے کسی بھی شخص کی ذہنی کیفیت کا اچھی طرح مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

مخدوم نے روبی سے پوچھا۔ "تم نے کیسے جوابات دیے؟"

"میں تو بالکل ناکام رہا البتہ راکھو نے بڑے دلچسپ جوابات دیے۔ اور وہ فرسٹ رہا۔" روبی نے بتایا۔

مخدوم نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "یہ کون سا مشکل کام ہے۔ صرف سوال کا غیر مطلوب جواب ہی تو دینا ہے کوئی بھی جواب دیا جا سکتا ہے۔"

روبی: "مگر شرط یہ ہے کہ جواب بھونڈے اور غیر دلچسپ نہ ہوں۔"

مخدوم: "دلچسپ سے دلچسپ جواب دیا جا سکتا ہے۔"

روبی: "یہ ناممکن ہے۔"

مخدوم: "کوئی بات ناممکن نہیں۔"

روبی: "اسی بات پر شرط لگائی جائے۔"

مخدوم نے بڑے اعتماد سے کہا۔ "منظور۔"

روبی نے بھی بڑے اطمینان سے کہا۔ "تو پھر شرط لگائی جائے۔ اگر تم ہار جاؤ تو آج رات کے کھانے اور پکچر کے تمام اخراجات تمہارے ذمے ہوں گے۔ اگر تم نے سارے جوابات غیر متعلق دیے تو پھر تمام اخراجات میں ادا کروں گا۔ اور پھر میری طرف سے ایسے تین جوابات کی چھوٹ دیتا ہوں جو سوال کے مطابق ہوں گے۔ اگر چوتھے سوال کا جواب تم نے سوال سے متعلق دیا تو پھر شرط ہار جاؤ گے۔"

مخدوم نے اپنا سگریٹ پھینکتے ہوئے کہا۔ "مجھے منظور ہے۔" اور پھر وہ اپنے حافظے کو یکجا کرنے لگا۔

روبی نے کہا۔ "اب کیا وقت ہو رہا ہے؟"

مخدوم: "غالباً انقلاب ضرور آئے گا۔"

روبی مسکرا کر کہنے لگا۔ "اس جملے کا تعلق میرے شرطیہ سوالات سے نہیں ہے۔ بلکہ میں حقیقتاً وقت معلوم کرنا چاہتا تھا تاکہ ہم وقت اور فاصلے کا تعین کر سکیں۔"

اب فضا سہانی ہو گئی تھی۔ ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی ... کی بتیاں روشن ہو گئی تھیں ... کیمپس کے درختوں سے ... مثلاً ... اس لیے ... اسی وجہ سے کیمپس کے لڑکے رات کو کبھی کسی وقت بغیر کسی خوف و خطر کے بڑے اطمینان سے سیر کرنے کے عادی ہو چکے تھے۔

اگر ہم اسی طرح اطمینان سے چلتے رہے تو ابھی سات بجے کی بس آسانی سے مل سکتی ہے۔ روبی نے یہ جملہ کہتے ہوئے اپنے سوالات شروع کیے.....

روبی: "ہم کہاں جا رہے ہیں؟"

مخدوم نے فوراً جواب دیا۔ "چاند سے دولت تو حاصل کی جا سکتی ہے مگر غالباً انسانی خون سستا ہو جائے گا۔"

روبی نے اتنے وقفے میں دوسرا سوال سوچ لیا تھا۔ کہنے لگا۔ "مخدوم تمہیں کیا نظر آ رہا ہے؟"

"سمندر کا پانی ... اور ... خاموش ہو جاتا ہے مگر ... کے سامنے ... نہیں جھکتے۔"

مخدوم نے اسی طرح فوراً جواب دیا۔

تاثرات

روی نے ملزم کے جواب سے مطمئن ہوتے ہوئے کہا ۱۵۔ مجھے معلوم ہے میں نے کتابیں کی کتاب ڈاکٹر وزیر نے چرائی تھی۔ ملزم اس کتاب کی حالت کو سمجھ گیا اُس نے سنبھل کر کہا سر وہ تو صحیفے والے جانور کا رکارڈ نہیں ہوتے اور سانپ کے انڈے کاٹ نہیں جاتے۔ اور ملزم اپنے دل میں اطمینان کی سانس لی کہ اس کا نقل کی گڑبڑی بھی اسی سے چرائی تھی اس کے بعد ہی یہ بات اس نے اتوار کے دن تم ہو جانا چاہئے تھا۔

اب مقصد یہ تھا کہ ملزم سے ایک معمولی سوال کیا جائے کہ ملزم غیر شعوری طور پر فطری جواب دے دے۔

روی: ایک دن تو کہہ رہا تھا کہ تیرے والد اپنی زمین پر فرنیچر کے کچھ پڑھا رہے ہیں۔

روی کے اس سوال پر ملزم کچھ بے چین سا ہو گیا جیسے محسوس کر رہا ہو کہ اس کا بھید کھل گیا۔ وہ اس بات پر کڑھ رہا تھا کہ آخر تعلیم حاصل کرنے سے کیا فائدہ ہے فرسٹ کلاس پاس ہوں تو باپ بچوں کا کام کرو سیکنڈ کلاس پاس ہو تو نوکری کرو۔ قوم کی خدمت کے شعبوں میں کام کرنے کیلئے کامیابی کا معیار ہونا چاہئے۔ اور جب کامیابی ہونے وقت کام آ سکتی ہے جب قریبی رشتہ داروں میں کوئی منسٹر یا افسر ہو۔ اور اس کے ساتھ ساتھ یہ شرط بھی لازم ہے کہ ان سے تعلقات بھی اچھے ہوں۔ اگر تعلقات بہت اچھے ہیں تو پھر ایک ہی شرط پوری کی جائے یعنی ان کی بیٹی یا لڑکیوں کے ساتھ اپنی زندگی کا سودا کرو۔ روی کا یہ سوال ملزم کیلئے گم بالکل اللہ کا حکم کرتا تھا۔ یعنی پھر یہ سوچ کر کہ ملزم لوگ تم کیا کر رہے ہو۔ تم سے کوئی بھی تو نہیں چھوڑتی ہے تم آپس میں ایک دوسرے کو دھکے تو نہیں دے رہے ہو۔ ملزم تو پہلے ہی جان گیا تھا کہ وہ اور اس کے والد ایک دوسرے کو دھکے دے رہے ہیں اور یہ کہا جاتا تھا کہ اس کے والد اس طرح سے ایک طرف زمین بھی کھو رہے ہیں اور دوسری طرف اپنی اولاد سے بھی ہاتھ دھو رہے ہیں۔ وہ جانتا تھا کہ اس کی تعلیم بے مقصد ہے اس سے بہتر تو یہ تھا کہ کوئی بھی ہنر سیکھ لیتا یا کوئی ٹیکنیکل تعلیم حاصل کرتا۔ بے مقصد تعلیم بے مقصد زندگی کی طرف دھکیل رہی ہے اور ساری زندگی اذیت ناک ٹیس بن کر رہ جاتی ہے۔ ہندوستانی کسانوں کے بیٹے صرف کلرک بننے کیلئے ہیں جہاں تو وہ ہی لڑکے ڈاکٹر یا انجینئر بن سکتے ہیں جن کے باپ دادا ڈاکٹر یا انجینئر ہوں۔ تاکہ ان کی اولاد ہی صنعت کار اور تاجر بن سکتی ہے۔ جب سے ہماری حکومت ان کسانوں کے بچوں کو ڈاکٹر یا انجینئر بنانے میں کامیاب تاجر بنانے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ عدم مساوات ختم ہو جائے۔ تب سے تو اور بھی تباہی آ گئی ہے۔ یعنی ایک طرف کسانوں کے بچے شہری بن کر بیکار بے روزگار ہو رہے ہیں تو دوسری طرف کھیت بنجر ہو کر ویران ہو رہے ہیں۔ وہ تڑپ رہا تھا اس کے جی میں آیا کہ وہ چلا کر کہے قوم کے خود ساختہ خداؤں سے کہ کیوں تم اپنے ناقص، غیر واضح اور ادھورے نظریات کی تشہیر کیلئے اپنی ہی اولاد کو تباہ و برباد کر رہے ہو۔ کیا ان سے صرف تمہاری ہی جیبیں بھر سکتی ہیں۔ تمہاری دہانت صرف تمہاری ہی شہرت کا سرچشمہ بن سکتی ہے۔ کیونکہ وہ تو نونہال ہیں وہ بے نام ہوتے جا رہے ہیں۔

مقصد کے ایسا سوال کرنے کے۔ تیرے والد زمین پر فرنیچر کر کے بچے پڑھا رہے ہیں: ملزم کے دل و دماغ میں ایک ہیجان پیدا کر دیا تھا۔ ان کے والد نے ہمیشہ صبر و تحمل کے ساتھ ہی سبق دیا: ہم کب تک SIMPLE LIVING HIGH THINKING کا تبلیغ کرتے رہیں گے۔ یہ مقصد تو NOBLE STRUGGLE کا مقصد ہے۔ ہم سب کو اس میں شریک ہو جانا چاہئے۔

روی اپنے سوال کے تاثرات کو ملزم کے چہرے پر پڑھ رہا تھا وہ محسوس کر رہا تھا کہ اس سوال سے ملزم کو مزید ذہنی صدمہ ہوا ہوگا۔ وہ دل ہی دل میں افسوس کر رہا تھا کہ اسے یہ سوال کرنا تھا۔

روی۔ اب تک کتنے سوالات ہوئے؟

ملزم نے فوراً جواب دیا۔ "تین۔"

ملزم کا یہ جواب سوال کے مطابق تھا روی نے فوراً کہا، یہ جواب تم نے صحیح دیا ہے۔ یاد رہے جب میں نے یہ سوال

[illegible]

مخدوم کو اپنی قابلیت و دماغی استعمال کی ضرورت کا مطلب سمجھ آگیا۔ اس نے شکریہ ادا کیا [illegible]

روسی :۔ آج کی اہم خبر کیا تھی۔

مخدوم :۔ ورت حقیقت بہت ہوتی ہے۔ [illegible] سب سے پہلے [illegible] جائے گی۔

معلم۔ مخدوم کے اس جواب سے متفق تھا کہ [illegible] کے تعلق سے اس کی اپنی رائے کم اہم تھی۔ [illegible] حسن کا پہلو ہی ہے اور ظاہر داری کو اس کی حالت سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ وہ چاہتا تھا کہ مخدوم سے اسی موضوع پر [illegible] مزید سوال کرتا تھا اور سنتا رہتا تھا۔

معلم :۔ اگر زمین الٹا گھومنا شروع کر دے تو کیا دنیا کا جغرافیہ بدل جائے گا؟

مخدوم نے فوراً کہا :۔ نہیں۔

حسینی :۔ جواب مختصر ہے [illegible] اس طرح جو ہر شے کے سوالوں میں سے ایک سوال ہو گا۔ گذشتہ برسوں میں اس بات پر غور کرتا رہا تھا کہ زمین کے الٹا گھومنے سے کیا جغرافیہ بدل سکتا ہے؟ اور اس سلسلے میں غور و فکر کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا تھا کہ زمین کے الٹا گھومنے سے دنیا کا جغرافیہ نہیں بدل سکتا۔ اگر زمین الٹا گھومنا شروع کرے تو دنیا صرف ۲۴ گھنٹوں کے لئے [illegible] اس دوران زمین کے ایک حصے میں ۲۴ گھنٹوں کی رات اور روشنی والے حصے میں ۲۴ گھنٹوں کا دن ہو گا۔ اور پھر کوئی فرق نہیں ہو گا۔ صرف مغرب مشرق ہو جائے گا اور مشرق مغرب۔

مخدوم اپنے اس نظریے کو تفصیلی طور پر پیش کرنا چاہتا تھا مگر روسی کو تو اپنی شرط سے مطلب تھا وہ اس پر کیا غور کرتا۔

ڈاکٹر نے مخدوم کو یاد دلایا کہ اب وقت کا صرف ایک ہی سوال باقی رہ گیا ہے۔

مخدوم نے مسکرا کر کہا۔ ہاں۔ ہاں۔ کوئی بات نہیں تو سوال کرتا جا۔

روسی :۔ ان لوگوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جنہوں نے سب سے پہلے [illegible] اور مادہ کو تقسیم کیا۔

مخدوم روسی کے اس سوال سے محظوظ تو ہوا مگر اس کا خیال تھا کہ روسی استاد ذہین نہیں ہو سکتا۔ یہ سوال صاف مستعار معلوم ہو رہا تھا۔ ممکن ہے پروفیسر نے آج سائیکولوجی کی کلاس میں یہی سوال کیا ہو۔

مخدوم کو تو فوراً مطلوبہ جواب دینا تھا۔ اس نے سوال سے بھی زیادہ دلچسپ اور تحقیق طلب جواب دیا۔

مخدوم :۔ سقراط کا فلسفہ اس کی زہر نوشی میں پنہاں نہیں ہے۔ بلکہ تمام کی تمام اہم ترین نکتوں میں پوشیدہ ہے جو اس نے ہمیشہ [illegible] کے ساتھ گفتگو میں۔ اور اس کے دوسرے شاگردوں نے ان نکتوں کو قلم بند کر کے لوگوں کی [illegible] راہوں کیلئے چھوڑ رکھا ہے۔

روسی کو سقراط کے بارے میں اتنی معلومات نہ تھیں۔ وہ تو صرف یہ جانتا تھا کہ سقراط نے اپنے نظریہ کی حمایت میں زہر کا پیالہ پی کر [illegible] نظریہ کو ہمیشہ کی زندگی بخش دی۔ اور سقراط کو تنہا سمجھا جاتا ہے۔ اگر سقراط کے مخالفین کیا اس کے تعلق سے کوئی [illegible] لکھتے۔ تو اس کی شخصیت صاف ظاہر ہو جاتی۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ اس نے اپنے زمانے کے مروجہ عقائد سے بغاوت [illegible] سماج میں انتشار پھیلا رہا تھا۔ جو مصلح سماج کا الزام ہوتا ہے۔ اس لئے ہمیں سقراط سے ہمدردی یا اس وقت کے [illegible] نفرت نہیں ہونی چاہیے۔ روسی نے قطع کلام کرتے ہوئے سوال کیا۔ اس ایک خدا اور جنگ الگ موجود ہوتی ہے۔ [illegible] خیال ہے؟

مخدوم نے کہا کہ اس سوال کا جواب اگر دیا جائے تو بحث ختم نہیں ہو سکتی۔ بلکہ تمام قوموں کی [illegible] تاریخ [illegible] گر اس کا کوئی جواب ملے اور سوال اپنی جگہ سوال ہی رہے گا۔

اس کے بعد مخدوم نے کہا۔ نیز روسی کا قصہ بہت لمبا نہیں ہے [illegible]

پیدا کرتا ہے۔ اور انسان کی مہذب دنیا اسی کا انتظار کر رہی ہے۔

روزی نے اتنا محسوس کیا کہ مخدوم کبھی کبھی کسی امیگریشن کے بارے میں گفتگو کرنے سے احتراز کرتا ہے اور اپنے نقطۂ نظر کیوں ظاہر (؟) ہے۔ روزی کو یقین ہو گیا کہ مخدوم پر فلسفیانہ موڈ طاری ہو گیا ہے اب یقیناً وہ شتواؤ (؟) ہے منزل کے قریب ہے۔ مگر وہ چاہتا ہے کہ مخدوم کو کچھ دیر اور اسی طرح مصروف رکھا جائے۔

اس نے کہا۔ کیا یہ ممکن ہے کہ روح کے مسائل کو ختم کر دیتی ہو؟

مخدوم نے بھی محسوس کر لیا تھا کہ روزی دلچسپ سوالات کر کے اسے مصروف رکھنا چاہتی ہے۔

اس نے کہا۔ کبھی کسی سپاہی نے دل کی محبت کا گیت نہیں گایا۔ یہ تو ان شاعروں کا مشغلہ ہے جنہوں نے کبھی موت کا منہ یا سامنا نہیں دیکھا۔

روزی۔ موجودہ دنیا کو امن کی ضرورت ہے۔ یہ امن کس طرح حاصل کیا جا سکتا ہے؟"

مخدوم اس سوال کا منتظر تھا اب یہ مزدوری کہتا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ اس طرح گفتگو کے تمام سوالات ختم ہو جائیں گے مگر اس نے بڑے اطمینان سے کہانی کے انداز میں جواب دیا۔

موجودہ دنیا کو امن اسی وقت نصیب ہو سکتا ہے جب تک کہ روس امریکہ اور ہماری دنیا کو اناج اور دوائیں سپلائی کرنے کے قابل ہو جائے۔ اور امریکہ اپنی ڈالر ڈپلومیسی اور ہتھیار بیچنے کے ذرائع نہ معلوم کرے۔ اور برطانیہ کو اس کے معیارِ زندگی کی سلامتی کی ضمانت نہ دے سکا جائے۔ اور ایشیائی قوموں کو محنت کا عادی نہ بنایا جائے۔ اور اس وقت تک جب تک دنیا کے ذہین لوگوں کو مختصر سے نہ روکا جائے گا۔ انسانوں کے اس مہذب دور کو امن کی ضرورت باقی رہے گی جیسے ہر ملک کے دور دراز گوشوں میں آج بھی لوگ اس فکر ان کی زندگی کا سفر کر رہے ہیں۔ اور وہ اپنے آپ کو اپنے اجداد سے زیادہ خوشحال اور ترقی یافتہ سمجھتے ہیں۔

روزی نے خوش ہو کر کہا۔ بالکل صحیح ہے، مگر مخدوم اب تیرے ملک کے تمام سوالات ختم ہو گئے۔

مخدوم شتابی بھی ہو رہی تھی مگر … کہ وہ … جلاتے ہوئے کہا۔ کوئی بات نہیں۔ ہماری شرط تو یہاں سے شروع ہو گی۔ اب دیکھیں کون ہارتا ہے۔

وہ جانتے تھے کہ اب تحفظ ملے پر وہ لگے تھے کہ انہیں اسٹیشن … دکھائی دے رہا تھا۔ روزی نے فوراً ارادہ کر لیا کہ وہ نہایت سلسلہ وار مختصر سوالات کرے گی اور مخدوم سے بھی مختصر جواب کی توقع رکھتی تھی۔

روزی نے کہا۔ سوشلزم کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟"

مخدوم نے مسکرا کر کہا۔ سوشلزم صدی کی اصطلاحات کی ترکیب کا فلسفہ۔ سوشلسٹ اس کے اور کیا ہے کہ زمیندار اور زرخیز زمینوں پر قوت کا اور … کے نتیجے کو تسلیم کرنا۔ اور کمزور کو مجبور و سخت زمین عطا کر کے اس کا وصول کر لینا ہے وہ زرد چاہے کیوں نہ ہو۔ کیونکہ آگے چل کر انہیں … آسانی سے بدلا جا سکتا ہے۔

روزی نے جواب میں کہا کہ اب روزی صرف گاڑی کے ختم ہونے کا انتظار کر رہی تھی تاکہ فوراً دوسرا سوال کرے۔

روزی: آزادی کس مقدر چیز ہے، یا کس کی؟"

مخدوم کا موڈ … اس نے … اطمینان سے جواب دیا۔ کینیڈی کو اس لئے قتل نہیں کیا گیا کہ اس وقت ایشیا اور یورپ کے بہت سے سربراہوں کو قتل کئے جانے کے اندیشے بڑھ گئے تھے۔ بلکہ امریکی قوم خود ہلاک ہونا چاہتی تھی۔"

روزی نے کہا اس سال … ارادہ … ہونے کا ہے؟"

مخدوم: زندگی تو بہت تنگ کی چیز ہے۔ اگر کہنا چاہتے ہو تو ہم لوگ … سے ہٹ کر ہمیشہ زندہ رہنے کے تعلق سے سوچو۔

مخدوم نے یہ جملہ کچھ اس انداز سے ادا کیا کہ ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے وہ نہایت درد سے اپنے کے اظہار کیلئے موقع کا متلاشی رہا ہو۔

روبی:۔ کبھی تم نے کسی لڑکی کو نہیں چاہا ہو گا۔

مخدوم کے لئے یہ سوال نہایت بیہودہ سا تھا۔ مگر اس سے قاتل روبی کا ذہنی معروضیت کا پتہ چل رہا تھا۔

مخدوم نے اپنے چہرے پہ بغیر کسی تاثر کا اظہار کرتے ہوئے یوں جواب دیا۔ "مجھے لگتا ہے کہ [illegible] زندگی ایک جیل میں سمٹ کر رہ جائے گی۔ اُس نے کہا۔ جو انسان آٹھ بجے گھر کے آنگن میں کھڑا ہو [illegible] کہ اس کا گھر کے دریچوں میں سے پہلے کس کا علاج کرائے۔ بیل کا یا بیٹے کا۔؟

روبی کہہ گئی کہ اب مخدوم کو اس طرح کے سوالات کرنے کے بجائے ہر اپنا مشکل ہو گا۔ اس نے سوچا تو پھر کوئی ایسا سوال کیا جائے جو مخدوم کی کمزوری ہو سکے۔ وہ کہنے لگی کہ تم کس کی طرف دیکھا اور کہا۔ مستقبل کا ہندوستان کیسا ہو گا؟

مخدوم کسی قدر جھلا کر کہنے لگا۔ اگرچہ میں یہ بیرطلب رسالہ ہوں۔ لیکن مجھے اس کی پروا نہیں۔ میں یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ مستقبل کا ہندوستان عوام ہی کا ہوگا۔ بیک پاس۔ اور اس کے گزشتہ دنوں پیچھے طاہر ہو گا کہ ایک ہمارے ملک میں جو ہوتا ہے خود غرض لیڈروں کا کوئی [illegible] بیک ملک کی حکومت والوں کے ہاتھوں اور حکومت کی سب سے بڑی خواہش اور فرقہ پرستوں کے ہاتھ بڑے ہم دماغ شامل ہوتا ہے۔ روبی اپنا جیت کی خوشی میں مسکرا کر کہنے لگی۔ "ویسے تم تو شرطیہ ہی جیت گئے۔ تم اس آخری جواب سے پوری طرح متفق ہوں۔"

بس اسٹینڈ ابھی چند قدموں کے فاصلے پر تھا کہ بس رک گئی۔ اور یہ دونوں دو ڈنڈے پکڑے بس میں سوار ہو گئے۔ بس کچھ دور چلی تھی کہ ایک شخص پولیس والے نے بس کو روک دیا اور انسپکٹر نے کنڈکٹر سے کہہ دیا کہ تمام مسافروں کو کہیں پہنچا دو۔ شہر میں کرفیو لگا دیا گیا ہے۔

بس کنڈکٹر نے لوگوں سے اترجانے کیلئے کہا۔ لوگ آپس میں چہ میگوئیاں کرنے لگے لیکن ان میں سے کوئی اترنے کیلئے تیار نہ تھا۔ سب لوگ جاننا چاہتے تھے کہ بس کیوں نہیں جائیگی۔ کیا بات ہے؟

بس کنڈکٹر نے کہا۔ انسپکٹر صاحب نے یہ بتایا نہیں۔ لیکن اب یہ بس نہیں جائیگی۔ جلدی جلدی اترو۔

پچھلی سیٹ سے ایک شخص سارے منظر کو دیکھتے ہوئے اتر گیا۔ اس میں تعجب اور حیرت کی کیا بات ہے۔ شہر میں کوئی فرقہ وارانہ فساد ہوا ہوگا۔ سیاسی جھڑپوں اور حکومت میں ٹھن گئی ہوگی۔ لوگ خود اس فساد کا نام سن کر دم بخود اتر گئے۔ بس میں بیٹھے دو لوگ ایک دوسرے کو مارنا شروع کر دیں۔

روبی اور مخدوم بھی اتر گئے۔ مسکراتے ہوئے دونوں کے چہرے اداس ہو گئے تھے۔ لیکن دونوں کی آنکھوں میں [illegible] اس خود غرضی اور فساد کا نام سن کر ان کے ذہن و دماغ ماؤف اور جسم شل ہو گئے تھے۔ وہ بس سے اتر کر خاموشی سے شہر کی طرف آہستہ آہستہ پیدل چل پڑے۔ فضا کی خاموشی سا یہ گہری ہو کر تاریک ہو گئی تھی۔ پیچھے اسٹیشن کی بتیاں بھی بجھا دی گئی تھیں۔ ہر طرف سکوت اور سناٹے کے سوا کچھ محسوس نہ ہوتا تھا۔ ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ موت کا ہاتھ فطرت کی نبض سے کھیل رہا ہے۔ [illegible] شدت سے آنے والی موت کی آہٹ سنائی دے رہی تھی۔ مخدوم اور روبی نے اپنی رفتار اور تیز کر دی۔ آہستہ آہستہ زمین کی وحشت انگیز آواز پوری فضا پر چھا گئی۔ اور وہ دونوں شہر کی طرف تیز رفتار سے زمین میں چھپنے والے اور لاش کو شدت سے محسوس کر رہے تھے۔ ●●

شعر بینہ

اسرار اکبر آبادی

موڑ

آپ اپنی جستجو میں کھو گئی ہیں منزلیں
زندگی کو راستوں پر کچھ نظر آتا نہیں
آسماں کی جنبشوں سے چھن رہی ہیں الجھنیں
کس طرف جانا ہے مجھ کو کوئی بتلاتا نہیں

دور تک گہرائیوں میں رک گئے ہیں قافلے
مغربی اونچائیوں پر بستیوں کا ہے دھواں
کچھ پرندے جم گئے ہیں وقت کے پھیلاؤ پر
منجمد خاموش چہروں پر ہیں حیرت کے نشاں

خوشنما خوابوں کے خاکے جل رہے ہیں خاک میں
حال و مستقبل پہ ہوتا ہے اندھیروں کا گماں
بھولے بھٹکے دائروں میں آس ہے الجھی ہوئی
ناامیدی کے خلا میں کشمکش کا ہے سماں

دستکوں کی سنسناہٹ سے فضا میں ارتعاش
روح مضطر پھر رہی ہے راستہ بھولی ہوئی
کروٹوں پر کروٹیں ہی لے رہے ہیں فاصلے
عظمتوں کے ارتقا کی سانس ہے پھولی ہوئی

آج کے ٹوٹے ہوئے سینے میں کل کا درد ہے
زندگی کو ڈس رہی ہے گرم لوہے کی لکیر
پتھروں کے [illegible] پر چھا[illegible] ہیں سرنگوں
ٹھوکریں کھا کر چلے آتے ہیں صدیوں کے سفیر

ڈگمگاتی الجھنیں یہ گردشوں کے سلسلے
وادیوں کے پیچ و خم میں تیرگی کا موڑ ہے
قافلے والو سنبھل کر مشعلیں روشن کرو
عظمتِ پرواز کے آغاز کا یہ توڑ ہے

ظلمتوں میں زندگی کی آبرو لٹنے نہ پائے
ہاں نئے بڑھتے اجالو راستہ چھٹنے نہ پائے

محمود واجد

بچن ——— ہندی کا خیّام

"کھاؤ پیو اور خوش رہو" یہ قول ایک کہاوت کی طرح مشہور ہو گیا ہے۔ ادب کی تاریخ میں ایسے تصور رکھنے والے کم نہیں۔ عربی شاعر ابو نواس کا کلام شراب میں شرابور ہے۔ فارسی کے عمر خیام کی رباعیاں ان کے لفظوں سے غسل کر کے نکلی ہیں۔ انگریزی کے ہیرک اور ٹنگ کے سانیٹ نشے میں سرمست ہیں۔ اردو کے ریاض خیرآبادی اور جگر کے شیشے میں آج تک رندی کے اشعار پرتے ہوئے ہیں۔ مگر ان سب میں سب سے عظیم خیام کا فلسفہ ہے۔ کل کا فکر فضول ہے۔ آج کا اور جینے کا حق ادا کرو۔ یہاں تک کہ وہ اس مستی میں خدا کو بھی نہیں بخشتا ۔

ابریق مئے مرا شکستی ربّا ——— بر من در عیش را ببستی ربّا
بر خاک بریختی مئے گلگون مرا ——— خاکم بدہن کہ تو مستی ربّا

(اے خدا تو نے میری شراب کی صراحی توڑ دی۔ مجھ پر عیش کا دروازہ بند کر دیا۔ میری سرخ شراب کو خاک پر گرا دیا۔ خاکم بدہن تو بھی مست ہے اے رب) وہ تو یہاں تک کہتا ہے کہ ۔

چوں فوت شوم بہ بادہ شوئید مرا ——— تلقین ز شراب و جام گوئید مرا
خواہید بروز حشر یابید مرا ——— از خاک در میکدہ جوئید مرا

(جب میں مروں تو شراب سے مجھے غسل دو۔ اور بوقت مرگ جام و شراب ہی سے تلقین کرو۔ اگر چاہتے ہو کہ قیامت کے دن مجھے پاؤ تو در میکدہ کی مٹی میں مجھے تلاش کرو۔)

ہندی شاعر بچن بھی کم و بیش یہی تخیل رکھتا ہے ۔

میرے ادھروں پر ہو انتم وستو نہ تلسی دل پیالا ——— میری جیہوا پر ہو انتم وستو نہ گنگا جل ہالا
میرے شو کے پیچھے چلنے والو یاد اسے رکھنا ——— رام نام ہے ستیہ نہ کہنا کہنا سچی مدھوشالا

(میرے ہونٹوں پر آخری وقت تلسی کی پتی نہ ہو بلکہ جام ہو اور میری زبان پر آخری شے گنگا جل نہ ہو بلکہ شراب ہو۔ اے میرے جنازے کے پیچھے چلنے والو یاد رکھو کہ رام نام ستیہ ہے نہ کہنا بلکہ کہنا کہ میخانہ کا نام سچا ہے)

اس طرح سے دنیا کی مختلف زبانوں کے کئی بڑے شاعر ایک دوسرے کے قریب ہیں۔ غالب نے کہا ۔

مے سے غرض نشاط ہے کس رو سیاہ کو ——— اک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیے

مے بیخودی کا غم سے نجات پانے کا ذریعہ ہے۔ بچن بھی اسی عقیدے کو مانتے اور بے اختیار پکار اٹھے ۔

یاد نہ آئے دکھ مے جیون اس سے پی لیتا ہالا ——— جگ چنتاؤں سے رہنے کو مکت اٹھا لیتا پیالا
شوق سادھ کے اور سواد کے ہیتو پیا جگ کرتا ——— پر میں وہ روگی ہوں جس کی ایک دوا ہے مدھوشالا

میں شراب اس لیے پیتا ہوں کہ دکھ بھری زندگی یاد نہ آئے۔ دنیا کی فکر سے نجات پانے کو جام اٹھاتا ہوں۔ لوگ شوق کے لئے اور سواد کے لئے

پیتے ہیں، لیکن میں وہ بیمار ہوں جس کی دوا ہی شراب ہے)

حضرت جگر نے بھی کچھ ایسی ہی بات بڑے پیارے انداز میں کہی ہے ـــ

اس واسطے پیتا ہوں کہ مل جائے جوانی ۔۔۔ واللہ کسی شوق کے مارے نہیں پیتا

لیکن بیسویں صدی یا اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ ہر جگہ شراب کا مقصد حقیقی شراب ہے۔ بعض حالات میں یہ محض علامتی شے ہے۔ شراب سے مراد [illegible] ہے۔ فارسی اور اردو کے بیشتر اساتذہ نے اسے انھیں معنوں میں لیا ہے۔ ہاں بعض نے اسے مجازی معنی پہنائے ہیں۔ یہ بات بڑے وثوق کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ انھوں نے زندگی کی بے راہ روی کو اپنے فن پر پڑنے نہیں دیا۔ (میرا مطلب بے راہ روی سے ہے)۔ یہ کردار کا جوہر ہے۔ لیکن سب سے زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ عملی زندگی میں کسی نے شراب کو ہاتھ بھی نہ لگایا ہو اور شراب پر بے شمار پہلوؤں سے اشعار کہے ہوں۔ اردو میں ریاض اس کی تابندہ مثال ہیں جن کے یہاں خمریات پر شاید سب سے زیادہ (ہزاروں اشعار) ہیں۔ ـــ

مجھ سے مینا یہ کہتا ہے، آوازِ بلند ۔۔۔ میرے ہوتے ہوئے اندیشۂ فردا کیا ہے

خیام کہتا ہے ـــ

مے خور کہ چنیں عمر کہ غم در پئے اوست ۔۔۔ آں بہ کہ بخواب یا بمستی گذرد

(شراب پی تاکہ زندگی میں جو غم ہے وہ اس میں ڈوب جائے۔ ہر فکر کو مستی میں محو کر ٹال دے!)

غم بھلانے کو شراب پینے کا جواز تقریباً سبھی شاعروں نے ڈھونڈا ہے۔ لیکن ہر ایک کا انداز منفرد ہے۔ کوئی شراب کو شراب سمجھ کر پیتا ہے، کوئی خونِ دل پیتا ہے اور کہتا ہے کہ شراب پی لی۔ اپنا اپنا ظرف ہے۔ لیکن ان معنوں میں ہندی کے ریاض ہیں کہ انھوں نے خود شراب کو ہاتھ نہیں لگایا۔ اپنے مجموعۂ کلام "مدھوشالا" میں وہ کہتے ہیں۔

* "مدھوشالا کی بہت سے پاٹھک (قاری) اور شروتا (سامعین) ایک سمے (وقت) کہا کرتے تھے کچھ شاید اب بھی کہتے ہوں کہ اس کا لیکھک (مصنف) مدیرا (شراب) کے نشے میں چور رہتا ہے۔ واستوکتا (حقیقت) یہ ہے کہ مدیرا نام دھاری دَرو (شراب نامی جنس) سے میرا پریچے (تعارف) اکھرشہ (لفظاً) ہوائے نام ہے۔ نشے سے انکار نہیں کروں گا۔ زندگی ہی ایک نشہ ہے۔ کویتا (شاعری) بھی ایک نشہ ہے اور بھی بہت سے نشے ہیں۔ اپنے پریمیوں کا بھرم دور کرنے کے لئے ایک سمے (وقت) میں نے ایک رباعی لکھی تھی۔

سویم نہیں پیتا اوروں کو کنتو پلا دیتا ہالا ۔۔۔ سویم نہیں چھوتا اوروں کو پر پکڑا دیتا پیالا
پر اُپدیش کشل بہتیروں سے میں نے یہ سیکھا ہے ۔۔۔ سویم نہیں جاتا اوروں کو پہنچا دیتا مدھوشالا

(میں خود نہیں پیتا لیکن اوروں کو شراب پلا دیتا ہوں۔ خود نہیں چھوتا لیکن دوسروں کو جام پکڑا دیتا ہوں۔ لیکن یہ نصیحت میں نے بہت سارے ماہروں سے سیکھی ہے کہ خود نہیں جائے لیکن دوسروں کو مے خانہ تک پہنچا دیتے ہیں۔)

مجھ سے اکثر یہ سوال پوچھا جاتا ہے: آپ پیتے نہیں تو آپ کو شراب پر لکھنے کی پریرنا (تحریک) کہاں سے ملتی ہے؟ یہ پرشن بھولا بھالا ہے اور ایک حد تک [illegible] (خیال)، آیا کاشستھوں کے کل (خاندان) سے جنما (پیدا ہوا) ہوں جو پینے کیلئے پرسدھ (مشہور) رہا ہے۔ سو چھوڑ کر بزرگوں کا آباؤ اجداد کا کیا [illegible] (نتیجہ) مجھ پر سنسکار (روایت) نہ چھوڑ گیا ہوگا۔ ایک رباعی تھی ـــ

میں کاشستھ کلودبھو میرے پرکھوں نے اتنا ڈھالا ۔۔۔ میرے تن کے لہو میں ہے پچھتر پرتی شت ہالا
پشتینی ادھیکار مجھے ہے مدیرالے کے آنگن پر ۔۔۔ میرے دادوں پردادوں کے ہاتھ بکی تھی مدھوشالا

(میں کاشستھوں کی اولاد ہوں میرے باپ دادا نے اتنا ڈھالا کہ میرے جسم کے خون میں پچھتر فیصدی شراب ہے۔ میرا حق میخانے کے آنگن پر خاندانی ہے کیونکہ میرے دادوں پردادوں کے ہاتھ میخانہ بکا تھا۔)

لیکن سچ تو یہ ہے کہ ہم لوگ اس دور کے کاشستھ ہیں جن کے یہاں کہاوت (کہاوت) ہے کہ اگر کوئی شراب پی لے تو کوڑھی ہو جائے گا۔ یہ بھاگیہ (قدرت) کا ایک ویَنگیہ (طنز) ہے کہ مجھ جیسوں نے مدیرا (شراب) نہ پینے کی قسم کھا رکھی ہے (صہبا) کی [illegible] کے [illegible] اور [illegible]

مدیرا کی اتنی وکالت کی ...!"

دراصل کاتن ایک مخصوص بحر و وزن رکھتا ہے جو آہنگ و نغمگی رکھتا ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ فارسی الاصل ہے۔ [illegible] اس کا تتبع سب کم ہوا ہے۔ سب سے اہم کوشش بچن نے کی اور انہے لیے [illegible] اسکے تتبع [illegible] ایک ہی التزام [illegible] کو برجستہ مصرعے میں مدھوشالا اور [illegible] کی شکل ہے۔ [illegible] کے لحاظ سے [illegible] رباعیاں [illegible] کو ہندی کے قریب لانا [illegible] کہ ہندی کو اردو کے قریب لے گئے۔ ہندی شاعری میں اردو و فارسی کی بحر کے علاوہ [illegible] جنس [illegible] کا فرق ہے۔ [illegible] ہندی اور اردو شاعری کا جہاں اردو میں [illegible] اور آہنگ ہے وہاں ہندی میں [illegible] اور عالمانہ پن ہے۔ جہاں جہاں ہندی نے اردو اور فارسی کے اثرات قبول کئے ہیں وہاں وہاں [illegible] کی ہم آہنگی ملتی ہے۔ بچن کی بنیادی [illegible] اور [illegible] کا حامل ہوتا ہے۔ اردو دو بہت معنوں میں [illegible] کے تہذیبی [illegible] اثرات اردو میں سب سے زیادہ ہیں، اپنا مخصوص مزاج رکھتی ہے اور ہندی کا اپنا۔ حالانکہ دو تنہا نہیں ہیں۔

اصل واقعہ یہ ہے کہ بچن کی رباعیاں عمر خیام کی رباعیوں سے اثر انداز ہوئی ہیں۔ فرق صرف عقیدوں اور تہذیبوں کا ہے ...
[illegible] کا اصل [illegible] مزاج رکھتا ہے جو واقعیت حیات کے اعتبار سے الگ ہے۔ بچن نے خود کہا ہے۔

"میں عمر خیام کے ہر مصرعہ [illegible] جذبات کا ہم [illegible] کے بعد میں پڑھ کر چھلکا دیتی [illegible] ہے۔ عمر خیام کی رباعیاں بظاہر [illegible] ہوں مگر [illegible] فکری اور فنی اعتبار سے اتنی بلند ہیں کہ ان کا [illegible] سال [illegible] میں [illegible] کی مقبولیت کا باعث ہے۔ بچن کی ہندی ادب میں کم [illegible] ایک تصنیف مدھوشالا کے [illegible] ایڈیشن نکل چکے ہیں اور پچھلے تیس برسوں سے آج تک کسی کتاب کو [illegible] مقبول عام [illegible] ہے۔ عمر خیام کی طرح [illegible] فلسفہ حیات نہیں [illegible] فکری گہرائی اتنی زیادہ نہیں ہے [illegible] بچن کے سب قریب [illegible] اور دل و جان سے [illegible] کی طرح [illegible] ایک جگہ [illegible] ہیں۔

مدھوشالا [illegible] سے متعلق [illegible] شاعری [illegible] کے [illegible] کا سبب [illegible] (اللہ) [illegible] ہوگئیں۔ بچن کی [illegible] سے موازنہ کرتے ہوئے آگے [illegible] لکھتے ہیں۔ "ایک کا [illegible] عاشق [illegible] ایک [illegible] (مدیرا) [illegible] ایک [illegible] (مدیرا عالم)۔"
کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک [illegible] پر پڑتا ہے تو دوسرے کا دل [illegible]۔ ایک سے [illegible] تو دوسرے سے [illegible] ہے اور یہ دوسرا [illegible] کہ مدھوشالا [illegible] اصل [illegible] دل میں [illegible] وہ [illegible] بچن کے نزدیک اصل [illegible] ہے۔ اسی میں انسان [illegible] ہو جائے۔ [illegible] تو آپ [illegible] کی رباعیاں عمر خیام کی رباعیوں کی طرح عام میں [illegible] ہیں۔ بچن نے خود [illegible]۔

[illegible] مدیرا (شراب) [illegible] (دخت) [illegible] کال (مالی) کے [illegible] دشمنی [illegible] ہو جاتے ہیں۔ جیسے [illegible] اور [illegible] (دولت) [illegible] ہو جاتا ہے [illegible] (زندگی) کی [illegible] (تکلیف) اور [illegible] کو [illegible] (مادی) [illegible] (محنت)، [illegible] (مصیبت)، [illegible] (اذیت) [illegible] ہے۔ [illegible] مدیرا (زندگی کی شراب) [illegible] کتنی کڑوی ہے! یہ مدیرا (شراب) [illegible] کو اُتار دے گی۔!"

[illegible] بچن کی [illegible] نظر [illegible] ہوتا ہے۔ زندگی بڑی سخت ہے [illegible] کی ایک [illegible] کہ انسان [illegible] جائے۔ شراب کے نشے میں [illegible] جائے۔ شراب اور [illegible]

بچن کی مدھوشالا میں جو شراب ہے وہ عقیدہ اور مذہبوں سے بھی اونچی ہے ... اس کے علاوہ ... جیسا کہ انہوں نے بیان کیا نہیں مدھوشالا میں ہندو مسلم کا جھگڑا ختم ہو جاتا ہے جہاں ہر کسی کو جام ملتی ہے جس جگہ ہر کوئی اپنا غم بھول جاتا ہے انسان کا انسان سے ملاپ ہو جاتا ہے۔ کہتے ہیں ___

مسلمان اور ہندو ہیں دو ایک مگر ان کا پیالا   ایک مگر ان کا مدیرالیہ ایک مگر ان کی ہالا
دونوں رہتے ایک نہ جب تک مسجد مندر میں جاتے   بیر بڑھاتی مسجد مندر میل کراتی مدھوشالا

(مسلمان اور ہندو دونوں مگر ان کا جام ایک ہے ایک ہی میخانہ ہے۔ ایک ہی شراب ہے۔ دونوں ایک ہیں لیکن نہیں رہتے کیونکہ مسجد میں ایک نہیں ہونے دیتے جھگڑا پیدا ہو جاتا ہے لیکن میخانہ ان میں میل کراتا ہے)۔ اسی طرح مدیرا (شراب)، مدھوشالا، میخانہ، پیالہ اور ساقی کی علامات سے جو کام لے کر بچن نے اپنی رباعیوں میں بڑا تنوع پیدا کیا ہے۔ خیام اس معنی میں ان سے آگے بڑھ جاتے ہیں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ زندگی قضا و قدر کے ہاتھوں میں ہے۔ دو روزہ عمر خوش ہو کر کیوں نہ گزاری جائے۔ لہٰذا وہ غم کو بھی شراب کی طرح [illegible] جاتے ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ مستی و سرشاری میں وہ بہت دور چلے جاتے ہیں۔

خیام اگر ز گناه این ماتم چیست   وز خوردن غم فائده بیش و کم چیست
آن را که گنه نکرد غفران نبود   غفران ز برای گنه آمد غم چیست

(اے خیام اگر تم نے گناہ کیا ہے تو غم کیا ہے۔ حق کے کرم کو اظہار کا بھی تو موقع ہے۔ جو گناہ نہیں کرتا اس کی مغفرت کا سوال کہاں پیدا ہو گناہ کے سبب مغفرت ہے تو غم کس بات کا!)

بچن کہتے ہیں ___

پاپ اگر پینا، سم دوشی تو تینوں ساقی بالا   نتیہ پلانے والا پیالا، پی جانے والی ہالا
ساتھ انہیں بھی لے چل میرے نیائے یہی بتلاتا ہے   قید جہاں میں ہوں کی جائے قید وہیں پر مدھوشالا

(پینا اگر گناہ ہے تو تینوں ہی گناہگار ہیں ساقی، ہمیشہ پلانے والا جام اور پی جانے والی شراب۔ انصاف یہی کہتا ہے کہ انہیں بھی میرے ساتھ لے چل۔ جہاں میں قید ہوں وہیں میخانہ بھی قید ہو)۔ انہیں احساس ہے کہ شراب اور ساقی کے لوازمات دراصل [illegible] ہیں اگر انہیں زندگی کے دروازے بند ہو جاتے ہیں تو زندگی کس کام کی۔ میرے لئے تو یہی سب کچھ ہے۔ زندگی سے اگر خلوص و محبت کا [illegible] دینے والا کیا رہ جاتا ہے۔

غم کے باب میں خیام کہتے ہیں ___

تا کی ز غم زمانه محزون باشی   با چشم پر آب و دل پر خون باشی
مے نوش و دمے بعیش کوش و خوشدل باش   زان پیش که زین دائره بیرون باشی

(کب تک زمانے کے غم میں پریشان ہوگا۔ کب تک چشم نم اور دل پرخون لے کر رہے گا۔ مستی و شراب میں ہر غم کو ڈبو دے اور خوش رہ! کل کی کیا خبر کیا ہوگا!)

خوش اوقات ہونے کی یہاں ایک بات ہے خیام کا اس میں جواب نہیں۔ لیکن خوش نصیبی کے ساتھ ہم سفری کا احساس بچن کو ہے۔ وہ میخانے کو ایسی آنکھوں سے دیکھتے ہیں جن میں کوئی تفریق نہیں۔ ما و تو کا جھگڑا باقی نہیں رہ جاتا۔ سب برابر ہو جاتے ہیں خیام پر خوش اوقاتی کا غلبہ ہے اور بچن [illegible] خیال میں کا [illegible] ہے۔ جو بلا امتیاز این و آن سب کچھ ایک کر دیتا ہے [illegible] بچن کے یہاں بھی کم نہیں ہے۔ شراب اور ساقی کا ذکر ہی لطیف شے ہے اور پھر اس کا والہانہ اظہار [illegible] کو اس اظہار کا لہجہ۔ بچن کی آواز سیکڑوں میں پہچانی جا سکتی ہے۔ ان کا منفرد لہجہ ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ہندی شاعری [illegible] مقبولیت ملی۔ [illegible] اور اس میں وہ ایک مخصوص مقام رکھتے ہیں۔ [illegible] ہندوستان کی کسی دوسری [illegible]

شفیقہ کوثر

غزل

محبت پھول بھی ہے خار بھی ہے
جمالِ طور بھی ہے، دار بھی ہے
تمھارا منتظر میں ہی نہیں ہوں
چمن میں نرگسِ بیمار بھی ہے
نفس ہی اک نہیں رستے میں حائل
حجابِ روح کی دیوار بھی ہے
اسے تم قہقہا سمجھو نہ میرا
شکستِ دل کی یہ جھنکار بھی ہے
سکونِ روح بھی ہے اشکِ غم بھی
محبت لطف بھی آزار بھی ہے
زباں ہے مرہمِ زخمِ جگر بھی
زباں چلتی ہوئی تلوار بھی ہے
فنا ہونے پہ ہے مجبور انساں
جو تیرا عکس بھی شہکار بھی ہے

طاہرہ قریشی

غزل

لہو دل کا لئے پلکوں پہ اشکِ لرزہ تاب آیا
مری آنکھوں کی بینائی چرا لینے آفتاب آیا
حرم سے میکدے میں کون بہرِ احتساب آیا
بڑھا مینا کا دل، جام و صراحی پر شباب آیا
وہ کیوں چھپتے گل و لالہ و انجم کے پردوں میں
ہماری بے حجابی دیکھ کر اُن کو حجاب آیا
تمھارے شوقِ بیتاب بے صبح تک بیدار رہنا ہے
خیالِ یار پر تکیہ کئے آنکھوں میں خواب آیا
کہاں تھا پہلے دنیا کے خط و عارض کا یہ عالم
جبیں چومی تمھاری جب کہیں رنگِ شباب آیا
زمیں بدلی، زمیں پر بسنے والے تو نہیں بدلے!
پڑے ملبے محل ہی چیخ اُٹھی انقلاب آیا
تپتی دوپہر اور یہ درختوں کے گھنک سائے!
کسی کے گیسوؤں کی چھاؤں لیکر آفتاب آیا
مجھے چھونا ظرفتہ کیوں نہ اپنی باریابی پہ
گیا با آب و تاب اس بزم میں با آب و تاب آیا

شاہکار

مراٹھی کہانی — مترجم ـ نور پرکار — از:۔ آشا بھاجیکر

سنگیتا

جانتی ہو اس کے بعد کیا ہوا۔؟

اس کی بچی نے سے پرندے نے اپنے پر تول لئے۔ اور راج محل کے گنبد کے اوپر ہوئے جھٹکا سا شروع ایک عجیب سا انتباہ رہی۔ کئی لاکھوں جو اتنی جلدی ہوئے اس احساس اور پریشان دل کی آنکھوں پر نیند کے سائے اتر آئے اور وہ نیند کی آغوش میں گویا دنیا و مافیہا سے بے خبر ہوگئی۔ سنگیتا کی پیشانی پر الجھے ہوئے بالوں سے کھیلتے ہوئے میں اسے کہانی سنا رہی تھی۔ وہ دوپہر اور رات سونے سے قبل اسے کہانی سنانی ہوتی ہے۔ جب تک اسے کہانی نہ سنائی جائے سونے کا نام نہیں لیتی۔ اس لئے دوپہر میں کسی بھی ضروری کام کو پرے رکھ کر کہانی کی ابتدا کرنی ہوتی تھی۔ پہلی کہانی تو پوری ہو جاتی مگر دوسری کہانی جب تک اپنے اختتام کو پہنچتی۔۔۔ سنگیتا سو چکی ہوتی۔ لیکن آج پہلی کہانی بھی ابھی پوری ہونے بھی نہ پائی کہ نیند کی پری نے اسے آدبوچا۔ میں نے اسے چھوٹی سی کھاٹ پر لٹا کر مچھر دانی گرادی۔ ہمارے گھر میں گاؤں کے باہر ہونے کی وجہ دن میں بھی کھٹمل اور مچھر [illegible] اپنا راگ الاپتے رہتے ہیں۔ اس لئے مچھر دانی کا دن میں بھی استعمال نہایت ضروری ہے۔ میں نے کھڑکی میں [illegible] کے لئے اپنی آنکھیں [illegible] سے ٹکرا رہی۔ میں نے اپنا رخ دیوان خانے کی طرف کر دیا۔ دیوان خانے کے دروازے میں ایک لفافہ [illegible] ۔ مگر اسی لمحے مجھے یاد آگیا [illegible] سے [illegible] گئی تھی۔ [illegible] کا خط آج آنا چاہئے تھا مگر تحریر اجنبی سی تھی اس لئے میں نے لفافے کو چاروں طرف سے اور جب [illegible] بات کا یقین ہو گیا کہ یہ خط شناسا لوگوں میں سے کسی کا نہیں ہے تو میں نے لفافہ چاک کیا۔ لفافے میں ایک چھوٹا سا کاغذ کا ٹکڑا اس [illegible] صرف پانچ سطریں۔ لیکن اتنی مختصر سی تحریر پڑھتے وقت مجھے محسوس ہوا جیسے دھیرے دھیرے کوئی میری روح قبض کر رہا ہو!

....."نہیں نہیں، بالکل نہیں۔ سنگیتا میری ہے، صرف میری۔ وہ اس پر کسی کا کوئی حق نہیں۔" میں نے اپنے آپ سے کہا اور اٹھ کر [illegible] سنگیتا [illegible] نیند سو رہی تھی۔ میں نے اسے اپنے ہاتھوں میں لے کر اس قدر اپنے سینے سے بھینچا کہ سوئی ہوئی سنگیتا بھی [illegible] دھیرے دھیرے پھر نیند کی آغوش میں [illegible] دیا۔ وہ سو گئی مگر میں نہ سو سکی میں جاگ گئی تھی، میرے خیالات جاگ گئے!

اس کہانی کو شروع ہوئے آج تین سال ہو رہے ہیں۔ میں بڑی خاموشی سے اس امریکہ سے آئے ہوئے ڈاکٹر کی طرف دیکھ رہی تھی اور اس بات کا یقین ہو چلا تھا کہ یہ ڈاکٹر بھی جو انہوں نے کی بات منظور کریں گے کیونکہ ایک ایک کر کے ساری امیدیں ختم ہو چکی تھیں۔ اس [illegible] کہ [illegible] سے [illegible] کا جھکا ہو اچہرہ آنسو اداس تھا۔ ڈاکٹر نے یکایک اپنا لہجہ بدلا۔ اور مجھ سے پوچھا کیا بچپن میں تم کو حادثے کا شکار ہونا پڑا تھا!

"جی ہاں؟"

ڈاکٹر نے بڑی گمبھیرتا سے کہا: آپ کی آنتوں کو سخت نقصان پہنچا ہے اس لئے اب بچے کا جنم لینا ناممکنات میں سے ہے۔"

میں [illegible] نے مجھے دلاسہ دیتے ہوئے کہا۔ زندگی میں ہر شخص کو سب کچھ میسر نہیں ہوتا۔

[illegible] ... !
[illegible] ؟
[illegible] کریں گے؟
اور اگر حالات ایسا کرنے پر مجبور کریں تو؟ [illegible]
[illegible] اپنے بچے کی ماں [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] ؟
مولوی!
[illegible] ؟
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

دوڑیں تو مجھے کا موقع ملا۔ بیگم کی نہیں کی آج میں [illegible] بھی میں نہ ہوئی تھی کہ ان کو بات ہوئی مٹھا
بے کل رہے تک [illegible] سے کہ ہم سب گھنٹے ہوئے رہے تھے۔ ہم نے پہلا گھر پہنچنے ہی ملنے والے۔ [illegible]
رکشا کو لے لیا۔ کیسے کیسے حسرت جیتے رشتے آج ہوا کہ اس وقت نے میرے گھر پہنچ کی آگ دی۔
"سنگیتا کی ماں شیشے سے جھانک رہی ہے"
لیکن کیوں اور [illegible] آج کل سے جیسے بیٹھے بنی ہوں کہ وہ دن شام ہی ہر وقت کسی کو جا کے دیکھا گیتا کی ماں
آتی ہی ہوگی۔ گر اب کیا میں اس کا حال ہے۔؟
ابھی وقت کال ہی [illegible]۔ میں نے اپنی کمرے بولا آنٹ کو کہ سب مال کھول کر دیکھا تو سامنے پلنگ پر سنگیتا بیٹھی
کی ماں کا رنگ اور اس کا چہرہ آئینہ جیسا کیسے ہی اس کی آنکھیں [illegible] ہیں کھو سی سامنے تھی۔
میں نے استعمال [illegible] سامنے کی کرسی پر بیٹھ گیا۔ پھر اس کی [illegible] شروع تھے [illegible]
ہے کہ اس نے سنگیت [illegible] میرا خیال ہوگا۔
میں اس کا جواب سوچ رہا تھا کہ اس کے بعد [illegible] کیے گئے خیالات میں اپنا سر ہلایا۔
"وہ پھر کیسے [illegible] کر باہر نکل رہی ہے" اس کے بعد [illegible] اس کی [illegible]
پر دیا [illegible] بھی کہا۔ مجھے [illegible] ہوئی بولا: "میں [illegible] کی اس [illegible]
کیا [illegible] زندگی کے [illegible] ختم کر کے [illegible] یادوں کو [illegible]
کیا۔ "کیسے [illegible] بات ہے [illegible] ماں نے آکر [illegible] ہے۔ اور تمہارے پاس ہے۔ [illegible]
تم اس کا ذکر نہ کرو۔"
یکایک وہ رک گئی اور پوچھ بیٹھی۔ "کیا آگئی ہے وہ میری طرح پاگل کی طرح؟"
میں اس کی [illegible] کر رہا تھا [illegible] سے نکال کر دیا [illegible]
آنا ہوں [illegible] گر بات [illegible] ہے۔ البتہ [illegible] اپنے [illegible]
ابھی وقت [illegible] لیٹ گا۔ میں نے [illegible] لگایا۔
اور [illegible] اس [illegible] کو دیکھ کر [illegible] میرے قریب آگئی۔
سنگیتا نے [illegible] اس [illegible] اس کی آنکھیں بھر آئیں۔
رات بھر سنگیتا میرے [illegible] میں [illegible] خیالات کی ایک [illegible] سنگیتا اس کی ہے۔ اس لئے [illegible]
پاس [illegible] میرے [illegible] اور [illegible] تمہارے پاس کیا رہے گا۔ کیسے کیسے [illegible]
جیسے ہیں تم نے اس کے لئے [illegible] کیا؟
رات بھر [illegible] اس بات کا اندازہ لگا لیا۔ اس [illegible] میں جانتی ہوں
بن تمہیں بھی تکلیف ہو رہی ہے۔ مگر میں مجبور ہوں۔"
[illegible] سنگیتا کو لے جا رہی ہو" میں نے اپنے سینے پر پتھر رکھتے ہوئے کہا۔
اگلی شام [illegible] سنگیتا کو [illegible] حسب معمول میں رات بھر اس کے سرہانے بیٹھی دوائیں پلاتی
رہی۔ [illegible] اس لئے وہ زیادہ دیر [illegible] سکی تھی۔
آخر [illegible] میں سنگیتا کے کپڑے بیگ میں بھر رہی تھی اور [illegible] کو ہدایات دے رہی۔ ایسے دو وقت
[illegible] بالکل [illegible] لیکن [illegible] کہ وہ [illegible] ہو لے کے جلتے ہیں اسے گرم کپڑے

[illegible]

[illegible] ایک ہے بس اور [illegible] اس کے علاوہ اور کر ہی کیا سکتا ہے؟


[illegible]

[illegible] پیاسی ہیں!

[illegible]

[illegible] تمہاری —— ارونا

[illegible] جیسے زندگی کی ایک نئی کہانی کا آغاز ہو رہا ہے...!



بشر نواز

غزل

اس شہر کی گلیوں میں چرچے ہیں مرے دل کے
افسانہ در افسانہ قصے ہیں مرے دل کے

کس حد کے چہرے سے الٹوں میں نقاب آخر
ہر حد سے نکل جانے فتنے ہیں مرے دل کے

اک قیدِ مسلسل ہے اس شوخ کی چاہت بھی
اب تو مری آنکھوں پر پہرے ہیں مرے دل کے

بچھڑے ہوئے خوابوں کو ڈھونڈو تو کہاں ڈھونڈو
رستے تو کئی دن سے سونے ہیں مرے دل کے

کیفیتیں کچھ کچھ تو شعروں سے ہوئیں ظاہر
کچھ رنگ جبیں سے بھی جھلکے ہیں مرے دل کے

شاہد صدیقی (لکھنوی)

غزل

معجز بیاں ہیں نطقِ گہربار کی طرح
ہم وہ کہ چپ ہیں سایۂ دیوار کی طرح

نادانیوں نے دل کی ہمیں در بدر کیا
ہم بھی گراں تھے ورنہ ترے پیار کی طرح

ٹھہرا نہ گل فروش جہانِ خراب میں
موسم کوئی بھی موسمِ دیدار کی طرح

بربادیوں سے کھیل کے اے خودسری تجھے
ہم کر چلے عظیم غمِ یار کی طرح

سوچیں ہیں بار بار یہ بولیں ہیں گاہ گاہ
ہم کم سخن ہیں ندرتِ افکار کی طرح

شاہد مہک رہی ہے خیالوں کی انجمن
اب تک کسی کی زلفِ طرحدار کی طرح

مضامین

یعقوب یاور

اردو مرثیہ کا تدریجی ارتقاء

مرثیے دراصل مرنے والے کی یاد میں لکھے جاتے ہیں۔ عزیزوں اور دوستوں کے بچھڑ جانے کے بعد جو خلا پیدا ہوتا ہے وہ بہت محسوس ہوتا ہے۔ عمر کا بہت سا حصہ ساتھ گزارنے کے بعد جدائی کوئی بھی خوشی سے قبول نہیں کرے گا۔ دنیا کی محبت کچھ ایسی ہوتی ہے کہ انسان کسی کو چھوڑنے پر آمادہ نہیں ہوتا۔ اس کی دولت، اس کے عزیز اور اس کا اثاثہ سب اسے کھینچے رکھتے ہیں۔ دوست اپنے رفیق کو، بچے اپنے عزیز کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنا چاہتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ جب تک ان کا دم قائم ہے وہ بھی ساتھ رہیں۔ لیکن قضا کسی کی نہیں سنتی۔ عزرائیل آتے ہیں اور اچانک کسی پیارے کو اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ پسماندگان کے لئے یہ جدائی ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ یہ غم انسان کی فطرت کا حصہ ہے۔ چنانچہ کوئی دل اسے ضبط نہیں کر سکتا۔ کبھی یہ غم آنسو بن کر بہہ جاتا ہے۔ الغرض رنج و غم کا اظہار بہت سے طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ مرنے والے کی خوبیاں گنوائی جاتی ہیں۔ اس کے کارناموں کی یاد تازہ کی جاتی ہے۔ غرض اس کی زندگی بھر کی خوبیوں اور اچھائیوں کو گنا گنا کر ماتم کیا جاتا ہے۔ ان میں تصنع اور بناوٹ کو دخل نہیں ہوتا۔ کیونکہ مرنے والے پر غم دل کی آواز ہوتا ہے۔ کسی کو شاعرانہ اور جذبات کی خاطر قلم داری نہیں کرتا۔

یہی غم، درد اور رنج و الم شاعری کی زبان میں مرثیہ کہلاتا ہے۔ سب سے پہلے ہمیں عربوں کے یہاں مرثیے کے نقوش ملتے ہیں۔ اسلام سے قبل ہی عربوں کے یہاں مرثیہ نگاری موجود تھی۔ اپنے عزیزوں کے مرنے پر شاعر مرثیے لکھتے تھے۔ جن میں رونے رلانے کی باتیں ہوتی تھیں۔ لیکن اسلام سے پہلے یہ صنف اتنی ترقی یافتہ نہ تھی۔ "واقعہ کربلا" اس صنف شاعری میں ایک اہم موڑ ہے۔ امام مظلوم کی شہادت کا سانحہ ایسا تھا کہ جس کا بیان کرنا آسان نہیں لیکن اتنا ضرور ہے کہ نواسۂ رسول خدا کے قتل پر ہر ایک قلم رو گیا۔ ستم کا یہ عالم تھا کہ آسمان تھرا گیا، زمین کانپ اٹھی اور مسلمانوں نے خون کے آنسو بہائے۔ یہ ایک قومی سانحہ تھا۔ سارے عالم کے مسلمانوں کے دلوں میں یزید کی خلافت کے خلاف نفرت کی آگ بھڑک اٹھی۔ عرب شاعروں نے بہت سے مرثیے لکھے۔ جن کا مقصد یہ تھا کہ لوگ سن کر بیقرار ہو جائیں۔ اور مجالس میں ماتم اور نوحہ و زاری کرتے۔ غرض واقعۂ کربلا نے مرثیے کو ایک نیا موڑ دیا۔ عرب شاعر حقیقت پسند تھے۔ چنانچہ ان کے مرثیوں میں بھی مبالغہ نہیں تھا۔ لیکن جب یہ صنف شاعری ایران میں آئی تو ایرانی ماحول میں رنگ گئی۔ شاعری کی اور اصناف کی طرح اس میں بھی تصنع اور بناوٹ داخل ہو گئی۔ مبالغہ پسند ایرانی شاعر مرثیہ نگاری میں حقیقت کو نباہ نہ سکے۔ یہاں سے عربی مرثیے اپنا مقام کھو چکے تھے۔ چنانچہ ایرانی شاعروں کا انداز دکھایا گیا۔ کیونکہ اس سے عوام کے جذبات بر انگیختہ ہونے کا خطرہ تھا۔ ایران پر تاتاریوں کا حملہ ایک آسمانی مصیبت تھا۔ اکثر انسان موت کے گھاٹ اتار دیے گئے۔ علم و ادب کی شمعیں گل کر دی گئیں۔ اور اسلامی تہذیب و تمدن کا سرمایہ خاک میں مل گیا۔ یہ خونچکاں منظر وہاں کے لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے۔ چنانچہ ان کی زندگی میں گریہ کے آثار پائے جاتے ہیں۔ یہ وہ زمانہ ہے

جب حضرت سے واقعات کا مطالعہ کیا جاتا ہے تو تعجب ہوتا ہے کہ کیسا ہوتا ہے [illegible] جتنا کہ یہ [illegible]
بنا رہا تھا چنانچہ اس دور میں عقیدت کی جگہ مرثیے نے لی۔ اس دکنی شاعری میں اسلامیہ مرثیے لکھے گئے۔

اسی دور میں بہت سے [illegible] کی سرپرستی حاصل تھی۔ اس کے دور میں [illegible] تھا کہ آخر میں امام [illegible]
استعمال ہوا کرتے تھے۔ بیجاپور اور گولکنڈہ میں شیعیت کا رجحان تھا اور ان میں امام [illegible] شاعروں کی
تھی۔ بیجاپور اور گولکنڈہ دونوں میں مرثیہ گوئی کی ابتدا دکن سے ہوئی۔ اس دور کے مرثیہ نگاروں میں محمد قلی قطب شاہ، [illegible]
عبداللہ قطب شاہ اور بیجاپور کے علی عادل شاہ ثانی، مرزا، غواصی [illegible] [illegible] کی مرثیہ [illegible]
سے حضرت مرثیہ گوئی کا آغاز ہوا بلکہ ایسے شاعر بھی پیدا ہوئے جو صرف مرثیے ہی کہتے تھے۔ لیکن شاہی مرزا [illegible]
مرثیہ کہنے والوں [illegible] سے مثال کا ہے جس کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ ان کے آخری [illegible]
میں مرثیے کہے گئے۔ جو ابتدائی کا شاعر نے کے مرثیوں کے مطالعہ زیادہ تر مسلسل ہیں۔ جذبات و خیالات کا اظہار [illegible]
ہے۔ زبان کسی قدر [illegible] مسلسل اور واقعہ نگاری کی جھلک [illegible] ہے۔ یہ مرثیے ماتم کی مجلسوں میں پڑھنے کے لیے [illegible]
مگر ان کا مقصد صرف رلانے کے سوا کچھ نہیں۔ غوث [illegible] شاعر مرثیہ گو اور دوسرے مرثیے [illegible]
دور کے مرثیوں کی خصوصیت یہ ہے کہ ان میں واقعات کربلا کا ذکر جزوی حیثیت سے ملتا ہے۔ الگ الگ شخصیات [illegible]
کو پیش کرنے کا طریقہ دوسرے عہد کی اختراع ہے۔

مرثیہ نگاری کا دوسرا عہد اورنگ زیب کی فتح دکن سے شروع ہوتا ہے۔ بیجاپور اور گولکنڈہ اورنگ زیب کے زیر نگیں [illegible]
لیکن عادل شاہی اور قطب شاہی سلاطین کے ختم ہونے کے بعد بھی اردو شعر و شاعری دکن میں ویسے ہی مقبول رہی۔ البتہ [illegible]
بیجاپور اور گولکنڈہ کے بجائے اب شاعروں کا مرکز اورنگ آباد بن گیا۔ دکن میں مغلیہ سلطنت کا [illegible]
تبدیلی اردو مرثیے کے پہلے اور دوسرے دور کی حد فاصل قرار دی جا سکتی ہے۔ دوسرے دور کے مرثیے کی زبان [illegible] اظہار [illegible]
[illegible] ہوگئی۔ جس کی وجہ سے کلام میں صفائی اور ہمواری آگئی۔ مناسب بحروں کا انتخاب [illegible] ترتیب [illegible]
واقعات [illegible] مرثیوں کی [illegible] ہیں۔ پہلے دور کے مرثیوں میں [illegible]
[illegible] حضرت قاسم، حضرت حرؑ اور حضرت علی اصغر کے متعلق [illegible]
کئے۔ [illegible] کے دور سے مکالمے، گفتگو اور رسوم کے رنگ بھر کر ان مرثیوں کو ہم سے قریب لائے۔ جناب شہربانو کا اپنے [illegible]
[illegible] حضرت زین العابدین کی بیماری اور ضعف اور بی بی سکینہ وغیرہ سے مرثیہ کے [illegible]
سے [illegible] اضافہ ہوا۔ [illegible] مرزا کے بعد دوسری صدی سید [illegible] کے یہاں ملتی ہے جنہوں نے [illegible] کربلا میں [illegible]
سیاست ترتیب دیا۔ حسن بیان اور بحر کے مناسب انتخاب نے اس مرثیے میں بڑی تاثیر پیدا کی۔ اس دور کے مشہور مرثیہ نگاروں میں
ذوقی، احمد، اشرف، [illegible] اور [illegible] کے نام نمایاں ہیں۔ ہاشم علی کی شخصیت دکنی مرثیہ گویوں میں ممتاز ہے۔ انھوں
نے اپنا [illegible] ردیف وار مرتب کر کے اس کا نام دیوان حسینی رکھا۔ دیوان حسینی میں ۳۰۰ مرثیے اور سلام ہیں۔ اس دور کے
مرثیوں میں مکالموں نے راہ پائی۔ اور مکالموں کی وجہ سے نہ صرف اصل منظر آنکھوں میں ابھر آتا ہے۔ بلکہ کرداروں کے [illegible]
ہیں۔ دوسرے دور میں جب شہیدوں کے حال کے الگ الگ مرثیے لکھے گئے تو ان میں جذبات کی ترجمانی، رخصت، جنگ، شہادت اور
بین کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ اس طرح ان تمام عناصر کی جھلکیاں دکھائی دیں جو لکھنؤ پہنچ کر اردو مرثیے کے اجزائے ترکیبی قرار پائے۔ ان مرثیوں
کے کردار اور جذبات نگاری میں ہندوستانی ماحول و فطرت کا خاص خیال رکھا گیا۔

دکن کے مرثیہ گویوں سے شمالی ہند بھی واقفیت رکھتا تھا۔ میر و سودا کا زمانہ اردو شاعری کا عہد زریں ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب
شعر و شاعری [illegible] ہوتے تھے۔ [illegible] اسی زمانے [illegible]

کا عام رجحان تو غزل کی طرف تھا لیکن مرثیہ گوئی کا رواج بھی بہت تھا۔ لوگ حصولِ ثواب کے خیال سے مرثیے لکھتے اور بڑی بڑی مجلسیں منعقد کرتے تھے۔ [illegible] ثواب کے خیال سے لوگ مرثیوں کی طرف [illegible] تھے [illegible] ادب نہیں سمجھتے تھے۔ مذہب کا احترام اور عقیدت پیدا کرنے والے ہوتے ہیں مگر شاعروں نے تو مرثیہ گوئی کو ایک ذریعہ معاش بنا لیا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ اہلِ شعر و ادب کی نگاہ میں [illegible] شاعر مرثیہ گو کو ناکام قرار دیا گیا — اس زمانے کے مرثیہ گویوں میں [illegible] سکندر، مرتضیٰ، گلین [illegible] وغیرہ مشہور ہیں۔ ان مرثیہ گویوں نے بہت سے ایسے الفاظ مرثیوں میں استعمال کئے جو [illegible] استعمال نہیں کئے گئے تھے۔

مرثیہ کا مقصد [illegible] مرثیے اب بھی بہت سیدھے سادے لکھے جاتے تھے۔ میر صاحب کے زمانہ میں مرثیہ گوئی میں کوئی خاص ترقی نہ ہوئی [illegible] اس لئے مرثیے میں بھی سلام اور مجرے داخل ہوئے۔ یہ صنف جب لکھنؤ پہنچی ہے تو بگڑا ہوا ماحول پاتی ہے [illegible] ہو چکا تھا۔ لیکن اب بھی کچھ [illegible] ایسے تھے جنہیں [illegible] کے زمانے میں سلام [illegible] اس زمانہ میں میر حسن کے صاحبزادے میر خلیق مرثیہ کی شمع جلائے ہوئے تھے [illegible] میر خلیق کے زمانہ میں [illegible] مرثیہ کے لئے مسدس [illegible] میر ضمیر [illegible] میر خلیق کی طرح غزل سے دست بردار ہو کر مرثیہ گوئی کے لئے وقف ہو گئے۔ اس وقت تک [illegible] پایا [illegible] میر ضمیر نے مرثیہ لکھا ہے

کس نور کی مجلس میں مری جلوہ گری ہے

اس میں شاہزادہ علی اکبر کی شہادت کا بیان ہے۔ پہلے ایک تمہید ہے، مرثیہ کا چہرہ باندھا، پھر سراپا لکھا، پھر میدانِ جنگ کا نقشہ کھینچا۔ اور پھر شہادت پر ختم کر دیا [illegible] تعریف کی آوازیں دور دور تک پہنچیں۔ تمام شہر میں شہرہ ہو گیا اور اطراف و اکناف سے [illegible] یہ صنف مرثیہ گوئی میں ایک انقلاب [illegible] روش متروک ہو گئی۔ اور سب اسی نئی طرز کی پیروی کرنے لگے۔ اسی دور میں میاں دلگیر اور میاں فصیح بھی نامور مرثیہ گو تھے۔ مرزا فصیح [illegible] ہجرت کر گئے اور [illegible] سکونت پذیر ہو گئے۔ میاں دلگیر کی زبان [illegible] میر ضمیر اور میر خلیق [illegible] خالی رہا [illegible] میر خلیق کے یہاں [illegible] میر ضمیر ایک ہی مجلس میں اپنا کلام نہیں سناتے تھے۔

اس کے بعد مرثیہ گوئی کا سنہرا دور آتا ہے۔ یہ انیس و دبیر کا دور ہے۔ ان اساتذہ نے مرثیہ گوئی کو ترقی کے نصف النہار تک پہنچا دیا۔ میر ضمیر اور میر خلیق کی طرح اس دور میں بھی مرزا دبیر اور میر انیس میں مقابلے ہوتے رہے۔ دبیر نے اپنے استاد میر ضمیر کے نام کو چار چاند لگا دیئے اور میر انیس بھی اپنے باپ میر خلیق کی مسند پر بیٹھے [illegible] شاعروں کے [illegible] دو حصوں میں بانٹ لیا۔ آدھے دبیر کے [illegible] انیس کے۔ میر انیس صاف کلام [illegible] زبان، محاورہ کی چاشنی [illegible] اسلوب، مناسبتِ مقام [illegible] اور سلسلہ کی ترتیب [illegible] مرزا دبیر شوکتِ الفاظ، مضامین کی آمد [illegible] الفاظ اور [illegible] دونوں اپنی اپنی [illegible] بادشاہ تھے۔

اس دور میں لکھنؤ کے [illegible] کہتے تھے اور [illegible] کے عاشق۔ چنانچہ دونوں استادوں کے باہمی مقابلوں نے مرثیہ گوئی [illegible] غزل سے [illegible] ان اساتذہ نے مرثیہ گوئی کو اتنی بلندی پر پہنچا دیا کہ اب اس سے زیادہ [illegible] غیر ممکن معلوم ہوتی ہے۔ ان اساتذہ نے مرثیہ گوئی کو دوسرے اصنافِ شاعری کے مقابل لا کر رکھ دیا بلکہ اردو میں [illegible] مرثیہ گوئی [illegible] رنگینی پیدا کر دی [illegible] تشبیہ، استعارہ اور [illegible] سے زبان کو [illegible] کیا۔ انیس و دبیر کے جانے [illegible] کی [illegible] کرتے رہیں گے [illegible] ادب میں [illegible] ہے [illegible] مرثیہ [illegible] رکھے گا۔

چراغ بجھتے چلے گئے۔ احساس جو احول کی روشنی میں مستقبل کا مرثیہ گویا ہی منزل کا نشان پا سکا۔

۱۸۵۷ء کے بعد سیاسی سماجی اور اخلاقی بیداری ہوئی۔ سرسید اور ان کے رفقا کار نے اپنی قوم کو بیدار کرنے کی ازحد کوشش کی۔ مولانا حالی بھی اس مالا کے ایک چمکیلے موتی ہیں۔ حالی نے اردو شاعری کا رخ بدلا اور مسدس مدوجزر اسلام جو مسدس حالی کہلاتی ہے قوم کا مرثیہ ہے۔ اس میں حالی نے اپنی قوم کی تاریخ لکھی۔ مسلمانوں کے زوال پر آنسو بہائے۔ اسلاف کے شاندار ماضی سے موجودہ حال کا مقابلہ کیا۔ حالی کا ہر شعر درد و تاثیر سے بھرا ہوا ہے۔ پڑھنے والے کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اور اپنی قوم کی بدحالی پر آنسوؤں کا سیلاب امڈ آتا ہے۔ اسی طرح حالی نے شخصی مرثیے بھی لکھے۔

سرسید اور غالب پر لکھے ہوئے مرثیے آج بھی لوگ پڑھتے ہیں۔ اور غالب و سرسید جیسی باکمال شخصیات کی یادوں سے اپنے دلوں کو منور کر لیتے ہیں۔ اسی طرح علامہ شبلی نے بھی اپنے بھائی محمد اسحاق کی وفات پر ایک مرثیہ کہا۔ یہ مرثیہ نہ صرف مولانا شبلی کی شاعری کا حاصل ہے بلکہ اردو کے چند بہترین مرثیوں میں سے ایک ہے۔ اس کا ایک ایک لفظ اور ایک ایک حرف اثر اور درد میں ڈوبا ہوا ہے۔ ناممکن ہے کہ کوئی اسے پڑھے اور متاثر ہوئے بغیر رہ سکے۔ اور مولانا شبلی کے درد و غم میں برابر کا شریک نہ ہو۔ مولانا شبلی کے اس مرثیہ میں میر انیس کا رنگ صاف جھلکتا ہے۔

شاد عظیم آبادی نے بھی مرثیہ نگاری کے میدان میں جوہر دکھائے ہیں۔ شاد کے مرثیوں میں انداز تحریر کا نیا مسلک پایا جاتا ہے۔ خاص طور پر شاد عظیم آبادی کے قومی مرثیے توجہ کے مستحق ہیں۔ لیکن ان کے مرثیوں کے مطالعہ سے یہ بات نمایاں طور پر ظاہر ہوتی ہے کہ انہوں نے اپنے مرثیوں میں میر انیس کا تتبع کیا ہے۔ اور اس میں وہ کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ ان کے مرثیوں میں فصاحت، مضمون آفرینی اور بلند پروازی پائی جاتی ہے۔ کردار نگاری اور منظر کشی وغیرہ خصوصیات بھی شاد کے مرثیوں میں نمایاں طور پر نظر آتی ہیں۔

اردو مرثیہ کے سرمایہ میں آج کے دور (بیسویں صدی) میں تقریباً ہر خوش فکر شاعر نے قومی اور شخصی مرثیے لکھ کر گراں قدر اضافے کئے ہیں۔ اس سلسلے میں علامہ جمیل مرحوم کی تخلیقات کافی اہم ہیں۔ مرحوم نے شخصی مرثیے بہت لکھے ہیں۔ ان کے تمام مرثیے اثر و درد میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ان کو پڑھ کر ہر شخص متاثر ہو جاتا ہے۔

اردو مرثیہ کے تدریجی ارتقاء میں اعجاز صدیقی کے "کرب خود کلامی" کا ذکر نہ کرنا بہت بڑی ادبی کوتاہی ہوگی۔ "کرب خود کلامی" ہندوپاک کے تناؤ کی پیداوار ہے۔ یہ اپنے وقت کا نوحہ اور ذاتی مرثیہ ہے احساس کا ہر مصرع درد و غم میں ڈوبا ہوا ہے۔ ●●

بقیہ صفحہ ۲۹ . . . . . "بچن ـــــ ہندی کا خیام"

زبان اردو جو فارسی سے اتنی قریب ہے وہ بچن کے ایسا شاعر بھی ان معنوں میں پیدا نہ کر سکی جس میں اپنی مکمل انفرادیت کے ساتھ اپنی مخصوص آواز کا کوئی شاعر ہمارے سامنے پیش کیا جا سکے۔ یہ ہندی کی خوش نصیبی ہے۔!

لیکن بچن کے ساتھ یہ بڑی ٹریجڈی ہے کہ ہندی والے انہیں اردو کا اور اردو والے انہیں ہندی کا شاعر سمجھتے ہیں۔ ہندی والے ناراض ہیں کہ ان کی (بچن کی) شاعری کی بنیاد اردو کلچر پر ہے۔ اور اردو والے ان کے یہاں کوئی نئی بات نہیں پاتے۔ چونکہ خیام کے اثرات اردو میں یوں بھی کم نہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔

بچن کی شاعری میں جو خیام کے خیالات کی بازگشت سہی، وہ ہندی ادب کو متنوع جذبات کی قوس و قزح سے روشناس کرواتی ہیں۔ اردو والوں کے لئے وہ قابل احترام اس لئے ہیں کہ زبان و بیان کا ایسا گنگا جمنی رنگ پیدا کرتے ہیں کہ دل جھوم اٹھتا ہے اور جدید ادب میں زبان و بیان کا مسئلہ کم اہم نہیں۔ اس حیثیت سے وہ اردو والوں کے لئے قابل تقلید بھی ہیں۔

شاعر

نظیر صدیقی

اے سبک سارانِ ساحل

بحر کی بیکراں پہنائی نگل لے نہ ہمیں
موجۂ آب کی تلوار انھیں کاٹ نہ دے
ہم کہ ہیں کشتیٔ جزب
سیلِ امواجِ بلاخیز کی زد میں کہیں آ جائے
اس لیے
موجِ گستاخ کے بے باک جو منہ زور تھپیڑے
ریگ زارِ لبِ ساحل پہ بناتے ہیں نقوش
چند لمحوں کے لیے
اُبھرتے ہیں پریشان خیالوں کے نقوش
ریگ زارِ لبِ ساحل پہ بکھر جاتے ہیں
پھر [illegible] سے کوئی موج آ کے
اور مٹا جاتے ہیں موہوم نقوش
اور [illegible] کو
بحرِ بے پایاں کی آغوشِ عمل لیتی ہے

- - - - - - -

اب نہ ساحل پہ ہیں نقاش نہ باقی ہیں نقوش
حلقۂ موج میں آ الجھے ہوئے سرگرداں تھپیڑے
تیرتے پھرتے ہیں بے جان سے تنکوں کی طرح

گرمیٔ خونِ عمل خونِ یقیں سے جاری
لحم و دم سے مرکب کوئی ڈھانچہ جیسے
ایک بے جان عمل
زندگی نام نہیں ہے اس کا

یوں ہی یہ جسم کا ڈھانچہ ہے نفس کا مرہون
آمد و شدِ نفس کی یہ کراماتِ حیات
ہاں مگر زیست کی ضامن تو نہیں
کیونکہ یہ موت کی ہمراز بھی ہے

گو جنونِ عمل مخزنِ یقیں ہو لیکن
سانس رکتی تو نہیں
موت اک لمحہ ٹھہرتی تو نہیں
عمر دو دن کو بھی
خضر کی عمر میسر تو نہیں !

بند شریانوں میں کچھ قطرۂ خون بکھرے ہیں
زندہ ہائے بگرسستہ ہیں محرومِ روانی و عمل
گرمیٔ عزم و یقیں مرداں کو
برف پگھلے گی تو اک سیلِ رواں
کتنی امواجِ حوادث میں بدل جائے گا
زندگی پھر انہی موجوں کے تھپیڑوں میں جگہ پائے گی
موت برحق ہو نہیں اس سے مفر
ہاں مگر
موت آئی اگر اس کشمکشِ طوفاں میں
زندگی سے تو حسیں تر ہوگی

(طنز و مزاح)

یوسف ناظم

عاشقی صبر طلب.....!

جو لوگ عشق وغیرہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ان کے لئے ہمارا پہلا مشورہ تو یہ ہوگا کہ وہ اپنی عقل کو کچھ عرصے کے لئے طاق پر رکھ دیں۔ چودھری شیرازی کی ریسرچ کے مطابق دمشق میں بھی جب قحط پڑا تھا تو عوام نے عشق کرنا بند کر دیا تھا۔ صرف چند مالدار گھرانوں کی حد تک عشق محدود ہو کر رہ گیا تھا۔ عشق کے لئے خوشحالی پہلے بھی ضروری تھی اور آج بھی ضروری ہے۔ بلکہ ہمارا خیال ہے عشق کے لئے پہلے زیادہ سہولتیں حاصل تھیں۔ وہ لوگ قناعت پسند ضرور تھے لیکن آسودہ حال تھے۔ ایک ہی وقت میں کئی کئی عشق کر سکتے اور انھیں خوش اسلوبی کے ساتھ نبھانے کی استطاعت ان میں تھی۔ آج عشق کے مواقع تو بہت ہیں لیکن استطاعت کے نام صفر سا ہے۔ اس کے علاوہ لوگ کچھ سست اور کاہل بھی ہو گئے ہیں۔ محنت کرنے کا جذبہ ان میں رہا ہی نہیں۔ پہلے زمانہ کے عاشق راتوں میں اللہ اللہ کر کے آہیں کھینچا کرتے تھے۔ آہ نیم شبی عشق کا لازمہ ہوا کرتی تھی۔ دن کے اوقات میں وہ بڑی سخت محنت کرتے اور عشق کے امتحان میں کامیاب ہونے کے لئے جان تک لڑا دیتے تھے۔ عشق کا ایک امتحان کامیاب کر لیا تو دوسرے امتحان کی فکر میں مبتلا ہو جاتے۔ ان عاشقوں کی محنتیں بھی ان کی تھیں۔ اصل بات یہ ہے کہ وہ بچپن سے اچھا کھاتے پیتے ہوتے تھے۔ اگر گریبان میں آپ کا منہ سما سکتا ہے تو اس میں منہ ڈال کر دیکھئے اور دیکھئے کیا آپ کی صحت اجازت دیتی ہے کہ آپ عشق کر سکیں۔ ہمارے سارے نوجوان بلڈ پریشر کے مریض ہیں۔ اور بلڈ پریشر والا کیا عشق کرے گا۔ اچھی صحت کے علاوہ پہلے کے عاشق پہننے کے لئے درجنوں جوڑے اپنے پاس رکھتے تھے۔ روزانہ کم سے کم ایک قمیص کا گریبان تو وہ چاک ہی کر ڈالتے تھے۔ بعض اوقات تو عشق اتنا شدید ہو جاتا تھا کہ قمیص کسی کام کی نہیں رہ جاتی تھی۔

اب کے جنوں میں فاصلہ شاید نہ کچھ رہے دامن کے چاک اور گریباں کے چاک میں

لیکن کل تو کپڑا اتنا مہنگا ہو گیا ہے کہ ہم نہیں سمجھتے کوئی سمجھدار آدمی عشق کے نام پر ایک آدھ قمیص بھی قربان کر سکے۔

کس درجہ تنگ ہوں ترے ہاتھوں سے اے جنوں لاؤں کہاں سے روز گریباں نئے نئے

سراج اورنگ آبادی کچھ زیادہ دولت مند نہیں تھے۔ عاشقی کے لئے ان کے پاس مناسب لباس نہ تھا لیکن چونکہ ان کا عشق کرنا بہت ضروری تھا انھوں نے اپنے لئے لباس برہنگی کا انتخاب کر لیا۔

شہ بے خودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی نہ خرد کی بخیہ گری رہی، نہ جنوں کی پردہ دری رہی

عاشقی کے لئے وسیع مطالعہ بھی بہت ضروری ہو گیا ہے۔ عشق میں کیا کرنا چاہئے اور کیا نہ کرنا چاہئے ان باتوں کو جانے بغیر عاشقی کرنا ایسا ہی ہے جیسے کسی ریسٹورنٹ میں کھانا کھانا۔ عشق صرف خوشحالی کا نہیں اصول اور آداب کا بھی تابع ہے۔ عشق کے دوران میں آہیں بھرنا، گریہ و زاری کرنا، نالہ و فریاد و فغاں سے کام لینا، صحرا کا رخ کرنا، آبادی کی طرف لوٹنا، سنگ در جاناں پر اپنا ماتھا رگڑنا، خط لکھنا، خط کو کبوتر کو دینا۔ رقیب سے لڑنا، بیمار ہونا، نزع کی تکلیف برداشت کرنا، عاشق کے لئے یہ سب ضروری افعال ہیں۔ اور ان سب کاموں میں آداب کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے مثلاً آہ کی بات ہی کو لے لیجئے۔ اکثر لوگ آہوں کے معاملے میں دھوکا کھا جاتے ہیں۔

آہوں کے معاملہ میں نقل کرنا تو جیسے سب کا پیشہ ہو گیا ہے۔ آہ بھرنا اپنی بداعمالی کی وجہ سے آدمی نہ صرف اپنی ذات کو نقصان دہ کرتا ہے ذات کیوں دے بلکہ اپنی آل و اولاد کو بھی خطرے میں ڈال دیتا ہے۔ گرم آہ کے موقع پر سرد آہ استعمال کرنا یا اس کے موقع پر لاعلمی کی وجہ سے آہ سرد اس کو صرف میں لاتا ایک عام غلطی ہے جو عادتاً ہوں یا اتفاقاً، مثلاً یوں آہ کا سر سے سرزد ہو جاتا ہے ہر ہو گی جب کہ خود اس بات پر بھی افسوس کے اظہار کے لئے لوگ جو آہ کھینچتے ہیں وہ عام طور پر گرم ہوا کرتی ہے۔ حالانکہ شعراء اور ناقد کی مستند کتابوں میں افسوس اور ندامت کے موقع پر آہ سرد کھینچنے کی تاکید ہے۔ واقف کار لوگ دوسرے کی بے بسی کی طرف دیکھ کر بیٹھے آہ سرد کھینچا کرتے ہیں۔ اس آہ میں عاشق کا عنصر کم اور حسرت کی مقدار زیادہ ہوتا ہے۔ سرد آہ کھینچنا زیادہ مشکل کام نہیں خود بھی آہوں سے آس پاس کے لوگوں کو تکلیف نہیں پہنچتی۔ آہ کھینچنے والے کے دل کو البتہ تقویت پہنچتی ہے مثلاً بس آ کر آگے نکل گئی آپ وہیں کھڑے رہ گئے۔ یا بس میں چڑھ جانے کے بعد کنڈکٹر نے آپ کو اتار دیا تو آپ بجائے گالی دینے کے سرد آہ کھینچ سکتے ہیں گالی دینے سے آپ کے اعصاب کا تناؤ دور نہیں ہوگا لیکن ایک آہ سرد آپ کی کوفت کو دور کر دے گی۔ اسی لئے آپ نے دیکھا ہو گا کہ سہارے پر کھینچنے کا شوق رہتا ہے۔ ہر شخص آہ سرد جو کھینچتا رہتا ہے ــــ آہ سرد کھینچنے کیلئے آپ کی قدرت نے بکثرت مواقع فراہم کئے ہیں۔ سرد آہیں کھینچنے میں ہمارے بزرگوں نے بڑا نام پیدا کیا ہے۔ ایک اہل اللہ ہر موقع پر سرد آہ کھینچتے ہیں اور آسمان کی طرف دیکھا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ شعر وابستہ یا نہیں۔ ان کا ماننا ہے کہ آدمی کے لئے یہی روزی کافی ہے مگر حاصل ہوتی ہے۔ اب تو عقیدہ یہ ہو گیا ہے کہ اگر کوئی دو شعر بھی نہیں سنتا تو اس بات پر بھی ہم آہ سرد کھینچتے ہیں کہ یہ کیا غضب ہو گیا۔

سب سے کشش ناک قسم کی آہ "سادی آہ" ہوتی ہے۔ یہ نہ گرم ہوتی ہے نہ سرد۔ یہ آہ کھینچی نہیں بلکہ بھری جاتی ہے۔ سادی آہ کرنے سے آدمی بدنام ہو جایا کرتا ہے۔ اکبر الہ آبادی نے اپنے ایک شعر میں لکھا ہے۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام   وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

عاشقوں کو سادی اور سردی دونوں قسم کی آہوں سے پرہیز کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ عاشق کی شان آہ سوزاں میں ہے۔ پہلے زمانے میں تو موسم سرما میں عشاق گرم آہوں سے آتش دان کا کام لیا کرتے تھے۔ کہ ان انگیٹھی جلانے کے بجائے ایک آہ گرم کھینچی اور سر سے پاؤں تک آگ لگ گئی۔ عاشقوں کے جسم خود کھانا گرم کرنے کے کام آیا کرتے تھے بلکہ یوں سمجھئے عاشق انگیٹھی کے تنور کی طرح گرم رہا کرتا تھا۔ اب یہ گرمی، آج کے لوگوں کے دل سے اٹھ گئی۔ یعنی با آواز گنبد رونا بھی نہیں آئے گا۔ رونا آیا بھی تو ہمسائے بری طرح جز بز ہوں گے۔ میر کے زمانے میں تو مکان بڑے وسیع ہوا کرتے تھے اور ایک مکان سے دوسرے مکان کا فاصلہ بھی زیادہ ہوا کرتا تھا لیکن میر کے ہمسائے سو نہیں سکتے تھے کیونکہ بحیثیت عاشق میر کیلئے "آواز گنبد رونا" ضروری تھا۔

جو اس شور سے میر روتا رہے گا   تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا

آج تو مکانات کی وسعت جاتی رہی کا طرز تعمیر ایسا ناقص ہے کہ پڑوسی کے کان میں بھی کوئی بات کہو تو پڑوسی کا سن لے۔ با آواز بلند رونا تو الگ بات رہا۔ عاشق ہونے کا یہ نہیں تو کیا دم سادھے گا کر رہے ہیں گا چلئے رونے کی سہولت سے بھی محروم ہو گئے۔ عہد عشق کے لئے درمیان لانا بھی لازمی ہے دلی اور تنہائی کے ساتھ محبوب کی یاد اور تصور میں ڈوبا رہنا چاہیئے کہ آدمی کو اپنی خبر نہ آئے۔ عاشق اپنے تصور کی اس میں پرورش کرتا ہے اور آہستہ آہستہ اس منزل پر ہے اکثر جہاں تصور میں ہی وصل کا لطف آ جاتا ہے۔ جلیل نے اس معاملہ میں سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔

ہائے پوچھو نہ تصور کے مزے   گود میں ان کو لئے بیٹھے ہیں

ہمارے ایک دوست کو پہلے یقین ہی نہیں آیا کہ یہ شعر محبوب کی شان میں کہا گیا ہے۔ ان کا اصرار تھا کہ یہ شعر شاعر نے اپنے بچوں کی یاد میں لکھا ہوگا۔ جمع کا صیغہ استعمال کر کے شاعر نے عاشقی غلط فہمی پیدا کر دی۔ آج کے عشاق تو خود گود میں بیٹھ جانے کے قائل ہو گئے ہیں۔ گود اور تصور۔ ینڈی عاشقوں نے عشق کا سچا ناس مار دیا ہے۔ آخر ہیر رانجھا صاحب کے عشق سے

(بقیہ صفحہ ۴۷ پر دیکھئے)

اقبال بیجاپوری

غزل

جب سے بیدار ہو گئی دنیا
شہرِ آزار ہو گئی دنیا

خوف رہتا ہے جس کے گرنے کا
ایسی دیوار ہو گئی دنیا

دھول اڑاتی ہے یاس وحشت کی
دشت پُرخار ہو گئی دنیا

جب کبھی نامِ خلوص ہم نے لیا
ہم سے بیزار ہو گئی دنیا

پا بجولاں ہے حسن کی دیوی
شہر کی سرکار ہو گئی دنیا

ہر قدم مشکلات ہیں، یارو!
راہِ دشوار ہو گئی دنیا

ابنِ مریم کی یاد آتی ہے
اتنی بیمار ہو گئی دنیا

ایک بھی تو نہیں دکانِ خوشی
غم کا بازار ہو گئی دنیا

بھول بیٹھی ہے جبرِ قدرت کو
اتنی مختار ہو گئی دنیا

ہم پڑے ہیں ابھی وہیں کے وہیں!
تیز رفتار ہو گئی دنیا!

خاک چھنوا رہی ہے اے اقبال
کوچۂ یار ہو گئی دنیا

ظفر غوری۔ کوٹہ (راج)

غزل

تری نظر کی کرن شب کدوں کا ساز بنی
ہمارے خوں کی شفق، صبحِ نو کا راز بنی

وہ اک نگاہ جو شرما کے رقصِ جام ہوئی
وہی نظر جو اُٹھی عرش کا فراز بنی

ہم اہلِ درد کو دنیا کی ہر ادائے ستم!
خیالِ دوست کے پرتو سے دلنواز بنی

جنوں نے کر دیا باہم ہزار عالم کو
خرد دلوں کے لئے حدِّ امتیاز بنی

یہ زندگی کہ گنہگارِ غم ازل سے تھی
حریمِ مے سے جو گزری تو پاکباز بنی

کسی کی یاد کبھی چاندنی کے بستر پہ
کسی حسیں کا مہکتا سا جسمِ ناز بنی

ہمارا ذکر ہے ماتم کسی گلستاں کا
تمھاری بات خرابے میں گل طراز بنی

ظفر وہ بات جو لوح و قلم سے فاش ہوئی
دلوں کا سوز بنی اور روح کا گداز بنی

افسانہ

شیام کنولی

ایک جھونپڑی کی کہانی

اِس ویران اور بے رونق سڑک سے دُور اُس اونچے ٹیلے پر ایک [illegible] کب سے [illegible] میرا مالک [illegible] کی [illegible] اور [illegible] اس طرح [illegible] کی آرزو [illegible] [illegible] تھے۔ [illegible] بچوں سے محروم ہو گیا لیکن اس کی [illegible] میرے مالک کو [illegible] [illegible] بہت [illegible] میرے مالک کو [illegible] اور میں [illegible] اسی طرح میری [illegible] شاید اس لئے کہ وہ [illegible] تنہائی سے [illegible] لیکن میرا وجود بھی اس [illegible] کو توڑ سکا ہے۔ [illegible] روشنی [illegible] کر سکی [illegible] یہاں [illegible] [illegible] میرے دامن [illegible] میری آغوش [illegible] میں دو [illegible] آغوش میں [illegible] ہوں۔ ایک میرا مالک اور دوسری اس کی [illegible]۔

میری مالکن شام ڈھلنے سے کچھ پہلے ہی آ جاتی ہے۔ اس کے کچھ دیر بعد میرا مالک۔ [illegible] لیکن [illegible] آواز سننے [illegible] کرتا [illegible] میری مالکن اپنے [illegible] زندگی کی [illegible] آگے [illegible] ہے اور میرا مالک [illegible] اپنے سر سے [illegible] لکڑیوں کی گٹھڑی اتار کر [illegible] جہاں [illegible] اور [illegible] آگ کی [illegible] ہیں۔ [illegible] شعلوں کے قریب بیٹھی میری مالکن کے ساتھ [illegible] لرزنے لگتی ہیں [illegible] میرا مالک [illegible] زندگی [illegible] کر کے اپنا بستر [illegible] کے چہرے پر [illegible] آنکھوں سے [illegible] کے ساتھ [illegible] [illegible] میری مالکن کی آواز [illegible] تو وہ چونک [illegible] مالکن ایک [illegible] پیالہ [illegible] کے ٹکڑے [illegible] ہیں۔ جب میرا مالک [illegible] تو میری مالکن اندر آتی ہے [illegible] کیونکہ ان کے پاس [illegible] کرنے کیلئے کوئی موضوع [illegible] مستقبل [illegible] کبھی کبھی کوئی [illegible] کسی کے [illegible] اور پھر [illegible] میرا مالک اپنے [illegible] مالکن [illegible] جب وہ [illegible] میری آغوش میں [illegible] رات کی سیاہ چادر تن جاتی ہے۔

[illegible] ایک واقعہ سناؤں! مجھے وہ دن آج بھی یاد ہے جب [illegible] ایک خواہش ظاہر کی تھی۔ [illegible] خواہش جس

[illegible] ہے کسی لرزش کی آنچ [illegible] کے وقت [illegible]
[illegible] ... [illegible] ... انگلیوں کی [illegible]
[illegible]
[illegible] بیٹھا [illegible] اس [illegible] کی [illegible]
[illegible] اس نے [illegible] کر دی [illegible] ایک طرف رکھ [illegible] کیا [illegible]
[illegible] کر اس پر [illegible] آنکھوں [illegible]
[illegible] اسی طرح [illegible] تھی ۔ " کرنا ! " [illegible]
[illegible] آج [illegible] گئی ؟ " [illegible] کوئی بات نہیں ۔ " [illegible]
[illegible] گئی [illegible] کر [illegible]
[illegible] ... [illegible] ہو [illegible] ہے [illegible]
[illegible] جنم لینے سے پہلے [illegible] دم توڑ دیتی ہیں ۔ [illegible] دم توڑ دیتا ہے [illegible]
[illegible] لیکن [illegible] تاریک [illegible]
[illegible] ..... [illegible] ایک کرن [illegible]
[illegible] ... کب تک [illegible] جنم لینے والی زندگی کا دم گھٹتا رہے گا ! [illegible]
[illegible] ..... [illegible] ایک خیال آیا [illegible] سے [illegible]
[illegible] " نہیں ۔ " " مجھے [illegible] : " کوئی بھی انسان [illegible]
[illegible] ..... [illegible] کیا [illegible] ہے ؟ " [illegible] آواز میں [illegible]
[illegible] ..... [illegible] کیا [illegible]
[illegible] لیکن اس آواز میں پہلے [illegible]
اس آواز میں [illegible] ۔ شاید [illegible] انسان کی [illegible] کی [illegible]
[illegible] ..... [illegible] ..... پتہ نہیں کسی اور چیز کی ..... اور [illegible]
[illegible] آواز ..... [illegible] ..... میں [illegible] تھی ۔ [illegible] اس وقت [illegible]
آواز [illegible] تھا ۔ [illegible] کرتا [illegible] ہے ؟ [illegible]
[illegible] ..... اور آنکھوں میں [illegible] اپنی معصوم [illegible]
[illegible] ..... [illegible] ہے ۔ " کرنا ! " [illegible] سب جانتی ہے نا ! " [illegible]
[illegible] ... میں [illegible] ..... میرے آنگن میں [illegible] ۔ میری ... میری گود ..... " اور کرن کی آواز [illegible]
[illegible] ۔ ایسی [illegible] آواز اپنی ماں کی [illegible] پہلے [illegible] اور نہ بعد میں ۔ شاید [illegible]
[illegible] ۔ [illegible] اس کی آواز [illegible] ۔ وہ نہ جانے کیا کیا سوچ رہا ۔ خیالوں کی دنیا
[illegible] اس کی آواز اُبھری [illegible] ۔ [illegible] کرن تیری [illegible] ...
[illegible] ... کیا [illegible] ! ہماری [illegible] جنم لینے سے پہلے
[illegible] پہلے ہی سے [illegible] ۔ [illegible]
[illegible] ... [illegible] مستقبل کو حیات بخشنے اور ... اور [illegible] ہاتھوں میں [illegible]

ٹھیک ... [illegible] ہم [illegible] اپنے مستقبل کیلئے [illegible] ہو جائیں گے۔ [illegible]

[illegible] نئی زندگی [illegible] مستقبل [illegible] ہم [illegible] کریں گے۔ [illegible]

[illegible] ... ایک بات بتاؤں ... [illegible] آواز [illegible]

[illegible] ... میں ... [illegible] ... کاش ... [illegible] ایک [illegible] کیلئے [illegible] ...

[illegible] ...!

[illegible]

ایک دن ... شام [illegible] ...

[illegible]

شائد ساتواں دن [illegible]

[illegible]

[illegible]

مالکن ایسی حالت میں مکمل صحت یاب کیسے ہو سکے گی؟ اب تو وہ بیمار بھی رہنے لگی ہے۔ کئی کئی دن کام پر نہیں جاتی۔ دن رات بستر پر پڑی کھانستی رہتی ہے جیسے سینے کا سارا دھواں نکل رہی ہو۔ اس کا جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ گیا ہے۔ بالکل ویسے میں ——

رات بھر بارش ہوتی رہی ہے اور خوب زور و شور سے۔ اور صبح ہونے سے پہلے گرجتے برستے بادل کالی گھٹا پھٹ گئی۔ کی تہہ کی پہلے لگی ہے۔ میرے گھیرے میں مالکن چپ چاپ بے حس و حرکت پڑی ہے اور مالک ایک ٹک اسے دیکھ رہا ہے۔ اب لگتا ہے اس نے کچھ یاد کیا ہے جب کہ اس کو بھی کبھی میری مالکن کو اپنی بیوی کی شکل میں دیکھنا یاد ہے۔ اسے دیکھتا رہا اور رونے کی لڑکی بھی لڑکی رہی۔ بکھرتے رہے۔ اور... بہت دیر بعد... وہ چونک پڑا۔ وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور اپنے بدن سے لپٹا ایک چیتھڑا، پھٹا پرانا کمبل اتار کر مالکن کے جسم کو ڈھانپنے لگا۔ اب وہ صرف ایک جسم ہے۔ اس جسم کو ڈھانپتے ہوئے اس کی خشک اور ویران آنکھوں میں جانے کہاں سے دو موتی آئے اور ٹوٹ پڑے۔ پھر وہ انہیں پونچھ کر باہر نکل گیا۔ وہ جب لوٹ کر آیا تو اس کے ساتھ چند آدمی اور تھے بالکل اسی کی طرح۔ ان کے تن پر بھی برائے نام ہی کپڑا تھا۔ سب مل کر لکڑیاں اکٹھی کرنے لگے۔ گیلی سوکھی لکڑیاں۔ ایسی لکڑیاں جو رات بارش کے پانی سے بھیگ گئی تھیں یا وہ جو جھاڑیوں کی شکل میں پھیلی ہوئی تھیں۔ اور پھر... دور دور تک پھیلے شمشان میں ایک چتا تیار ہونے لگی۔

ٹھیک... چار کندھے... میری مالکن کو اٹھا کر لے جا چکے ہیں۔ اب میرا مالک تنہا رہ گیا ہے مجھے محسوس ہو رہا ہے۔ اب میرا کوئی وجود نہیں ہے کوئی فائدہ نہیں۔ تنہا ہی اکیلے کے بھروسے پر مالک اب مجھے مالکن کی چتا کی طرف لے جا رہا ہے۔ اب وہ اپنی مالکن کے جسم پر چادر کی طرح پھیلا دیا گیا ہوں اور... نیچے گیلی لکڑیوں میں آگ لگا دی گئی ہے۔ وہ اب سلگنے لگی ہیں۔ نہیں... دھواں دیتی ہوئی جیسے... میری مالکن کی زندگی سے دھواں اٹھا کرتا تھا... ٹھیک ویسا ہی دھواں ان لکڑیوں سے اٹھ رہا ہے۔ کچھ دیر بعد دھواں چھٹ جائے گا اور شعلے جل کر مالکن کے جسم کو میرے وجود کے تنکے تنکے کو اپنی لپیٹ میں لے لیں گے۔ ہم خاک ہو جائیں گے اور... یہ کہانی ختم ہو جائے گی۔ چند لمحوں میں۔ لیکن۔ ایسی ہزاروں لاکھوں کہانیاں یہاں بکھری پڑی ہیں۔ جب تک یہ تنگ و تاریک جھونپڑیاں ہیں، جب تک یہ بیک وارڈ جیسے لوگ ان جھونپڑیوں میں بسیرا کرنے پر مجبور رہیں گے، ایسی کہانیاں ہر روز جنم لیتی رہیں گی، ختم ہوتی رہیں گی اور پھر جنم لیتی رہیں گی۔

بقیہ صفحہ ۴۲ "عاشقی صبر طلب"

بقیہ صفحہ ۴۲

عاشق ہو کر تصور کرنے کے لئے بیٹھتے تو رات رات بھر تصور ہی میں مبتلا رہتے۔ وہ قسم قسم کے نقشے دیکھا کرتے تھے۔

رات بھر ان کا تصور دل کو تڑپاتا رہا
ایک نقشہ سامنے آتا رہا جاتا رہا

عشق میں تصور کے علاوہ بے شمار دوسرے امور سے بھی کام لینا پڑتا ہے۔ مثلاً دونوں ہاتھ اٹھا کر وصل کی دعائیں مانگی جائیں یا پھر ایک ہاتھ سے اپنا دل تھامے اور ایک ہاتھ سے محبوب کا دامن۔ داغ نے یہ شعر لکھا:

ہاتھ نکلے اپنے دونوں کام کے —— دل کو تھاما ان کا دامن تھام کے

اگر عاشق صرف ایک ہاتھ استعمال کرے تو دل اور دامن دونوں میں سے ایک کا نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔

منظور احمد تنہا چاند پوری

گل شرح

بھیگی آنکھوں سے سوچتی کیا ہو؟
چشمِ حیراں سے دیکھتی کیا ہو!
آسماں کچھ نہیں خلا کے سوا،
آسمانوں میں ڈھونڈتی کیا ہو؟

خواب پلتے ہیں صرف دھرتی پر
خواب جلتے ہیں صرف دھرتی پر
کتنی صدیوں سے ابنِ آدم نے
خواب دیکھے ہیں صرف دھرتی پر!

اپنے خوابوں کی کوئی بھی تعبیر
ماہ و انجم کی زرد کرنوں میں
ڈھونڈنا بھی تو ایک سپنا ہے
آدمی پھر بھی گم ہے سپنوں میں

کیسے کہہ دوں زمین اپنی ہے؟
چاند اپنا، ستارے اپنے ہیں!
ہم ہی انساں خدا کے نائب ہیں۔
دونوں عالم ہمارے اپنے ہیں!!

آسمان و زمیں کے ربِّ جلیل
ہم سے اعزازِ دو جہاں لے لے
ہیں جو آنکھوں میں کچھ خموش سوال
صرف اُن کا جواب لوٹا دے!!

رؤف خلش

خرابہ

یہ گماؤں کا حسین خرابہ
جہاں ہزاروں سلگتے لمحوں کی آنچ میں
خوشبوؤں کے اجسام جل گئے ہیں
جہاں ابھی کونپلوں کی مہکار
سنولی سنولی رُتوں کی تعبیر تا میں گم ہے
الجھتے تاروں میں کھو گئے ہیں
جواں نظر کے جواں اُجالے
چلتی پنہاریوں سے خالی ہیں سارے پنگھٹ

یہ گرم آنچلوں کی طرح تپتی ہوا کے جھونکے
یہ تلملاتی سی دھوپ، جیسے اُچٹتی نیندیں
کہاں اُفق پر ایک سکیں گے
نشیلے بادل
نہ سنگھ ملہار کی چھما چھم
نہ پائلوں کی لرزتی چھم چھم

گگنوں کے باسیو!
یونہی چلیں گے یہ گرم جھونکے
یہ دھوپ پھیلی رہے گی تنہا
نہ شعب تک یہاں کوئی خوشبوؤں کا گھائل
چلو دھوپ میں بھی
ہمارے اپنے کنول کھلا دے
کنول کی ان نرم ٹھنڈکوں سے
جو اس خرابے میں چھاؤں کر دے
اور اس کے دامن کو اپنے ہی آنسوؤں سے بھر دے!

ضیا حسنی

عمر انصاری سے ایک ملاقات

ملاقات کا مقابلہ اس وقت ہوا جب ہم نے ممتاز اور خوش فکر شاعر عمر انصاری کو قریب سے دیکھا۔ ان کی پرخلوص شخصیت ان کی شاعری کی طرح دلکش و دلربا ہوتی جس سے میری ذہنی وابستگی کافی دنوں سے تھی۔ پہلے وہ غریب خانے پر شعر و ادب کے موضوعات پر بات چیت کرتے رہے۔ اس غیر رسمی گفتگو کے درمیان ایک ایسا انسان ابھر کر سامنے آیا تھا جس کے خلوص کی گرمی میں اب بھی محسوس کر رہا ہوں۔ گفتگو طویل ہوتی گئی۔ اسی دوران میں جناب ہلال بستی تنویر خواجہ تشریف لے آئے اور ہم دونوں کو چائے پلانے کیلئے لے گئے۔ وہاں چائے پیتے ہوئے میں نے عمر صاحب سے گفتگو شروع کی۔

ض: آپ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟

ع: لکھنؤ میرا اصل وطن ہے۔ میں ۲۰ ستمبر ۱۹۱۲ء کو وہاں پیدا ہوا۔ اور وہیں کی خاک کے ذرّوں میں اپنی زندگی کی تلاش جاری ہے۔

ض: تعلیم کہاں تک حاصل کی؟

ع: میں نے لکھنؤ یونیورسٹی سے بی اے (آنرز) کی ڈگری حاصل کی۔

ض: گہوارۂ شعر و ادب کی روایات خیز اور رنگین فضاؤں نے آپ کو پروان چڑھایا اور لکھنؤ بہ دعوےٰ استاتذہ ملے۔۔۔ وہاں کی ادبی اور یہاں کی ادبی فضا آپ کو لکھنؤ کی ادبی فضا سے ملیں۔ عمر صاحب! ایسا لگتا ہے کہ کوئی دلکش شام اور ... آپ کے شاعر کا مزاج بن گئی۔

ع: مصحفی، میر، آتش، ناسخ، آرزو، ثاقب، اثر اور صفی کے لکھنؤ نے یقیناً مجھے بہت کچھ دیا لیکن میں فطری طور پر موسیقی سے کافی رغبت رکھتا تھا اور گا نا سننے کے بعد جو کیفیت طاری ہوتی تھی وہی مجھے شعر کہنے پر اکساتی تھی۔

ض: زحمت کرکے ابتدائی دور کی طرف نظر کر دیجئے اور کوئی ایسا واقعہ سنائیے جو خاص طور پر آپ کی شاعری پر اثر انداز ہوا ہو۔

ع: ضیا صاحب! مجھے کوئی ایسا واقعہ یاد نہیں جسے میں شعر گوئی کا موضوع کہہ سکوں۔ میں نے جس ماحول میں آنکھیں کھولیں وہ جدید اثرات کا دور تھا۔ اس وقت صرف ایک خاموش تماشائی نہ تھا اور حالات نہایت تیزی سے بدل رہے تھے۔ ذہنوں میں نئے خیالات نئے اسالیب اپنانے کی کوشش شروع کر دی تھی۔ حالی اور آزاد کی دکھائی ہوئی شاہراہوں پر چلنے والے شروع ہو چکے تھے۔ اقبال اور جوش کے ترانے فضا میں گونج رہے تھے۔ مجاہدین آزادی نے مجھے بھی متاثر کیا اور وہی میری نظموں کے پیرو بنے۔

ض: شاعری کے میدان میں کس قابل قدر ہستی نے آپ کی رہنمائی کی تھی؟

ع: میں نے تین اساتذہ سے استفادہ کیا جن کے اسمائے گرامی ہیں۔ (۱) مولانا ابو ارشد رشید لکھنوی (۲) لسان الہند مرزا عزیز لکھنوی

(۳) حضرت صدر ملا تا عبدالباری آسی

ض: اس وقت آپ کن شعراء سے زیادہ متاثر تھے؟

ع: مجھے میر، غالب اور مومن کا بیک وقت مطالعہ کرنے کا موقع ملا اور میں ان کی عظمت کا قائل ہوں۔ حسرت، سیماب، جگر اور جوش کو بہت قریب سے دیکھا اور ان شعراء کو میں پسند کرتا ہوں۔

ض: اب آپ کن شعراء کو پسند کرتے ہیں؟

ع: فیض اور فراق کو

ص: کن اصنافِ سخن میں آپ نے طبع آزمائی کی ہے۔

ع: یعنی میں غزل میرے دل کی آواز ہے نظم میری فکر کی جولانگاہ اور رباعی میری ذہنی آوارگی کا میدان۔

آپ کے کتنے مجموعے منظرِ عام پر آچکے ہیں۔

ع: دو "تریں کارواں" اور "سازِ بےخودی" شائع ہو چکے ہیں۔ غزلیات کا مجموعہ "صنم کدہ" بہت جلد شائع ہونے والا ہے۔

ص: رشید احمد صدیقی فرماتے ہیں بہترین شعر وہ ہے جو ضرب المثل بن جائے۔ آپ کے نزدیک اچھے شعر کی تعریف کیا ہو سکتی ہے؟

ع: میں اس شعر کو سب سے بہتر سمجھتا ہوں جو اپنے عہد کا ترجمان ہو۔ اچھے شعر کی ہزاروں تعریفیں بیان کی گئی ہیں۔

ص: آپ نے کافی خوبصورت اور مکمل نظمیں کہی ہیں۔ "ہمارا وطن"، "جنتِ کشمیر"، "دھان کے کھیت کی ایک شام"، "رہبرِ اعظم" بطورِ خاص قابلِ ذکر ہیں۔ براہِ کرم بتائیے کہ آپ نظم کس طرح کہتے ہیں۔

ع: نظم کہنے کے لئے کسی تحریک کی ضرورت ہوتی ہے اور مجھے یاد نہیں کہ میں نے کوئی نظم بغیر تحریک کے کہی ہو۔ خواہ وہ داخلی ہو یا خارجی۔ میری نظمیں میری زندگی کے مختلف ادوار کی یادگار ہیں اور میرے احساسات، مشاہدات اور تجربات کی آئینہ دار۔

ص: نظم کو کیا چیز مؤثر بناتی ہے۔

ع: میرے نزدیک نظم کے موضوع کے ساتھ شاعر کی صحیح وابستگی ہو تو وہ اسے جاذبِ نظر اور مؤثر بنا سکتا ہے۔

ص: سماجی اور سیاسی تبدیلیوں نے اکیلے نظم کو نہیں غزل کو بھی متاثر کیا۔ نئی غزل اپنے آہنگ اور طرزِ اظہار کے اعتبار سے مجھے کافی اچھی لگتی ہے۔ فیض، احمد ندیم قاسمی، اعجاز صدیقی اور مخدوم محی الدین کی غزلیں فوراً ہی میری توجہ مبذول کر لیتی ہیں — اور میں انہیں بہ شوق پڑھتا ہوں۔ زحمت کر کے بتائیے کہ آپ غزل کے موجودہ معیار سے پوری طرح مطمئن ہیں یا نہیں۔

ع: آپ کا پسندیدگی کا کیا سوال ہے۔ خود جدید ادب کا رجحان غزل کی جانب ہے۔ میرے نزدیک غزل ہر دور میں ایک نئے موڑ میں داخل ہوتی چلی آ رہی ہے۔

ص: براہِ کرم جدید ادب کے متعلق کچھ فرمائیے۔ کیا کسی خاص دورِ شعر و ادب کو جدید کہا جا سکتا ہے۔

ع: ہر دور میں کچھ نئی قدریں ادب میں آتی ہیں جنہیں جدید ادب کے نام سے موسوم کیا جا سکتا ہے۔ کسی خاص دورِ شعر و ادب کو جدید نہیں کہا جا سکتا۔ میرے نزدیک غالب اور اقبال اپنے عہد کے ترقی پسند شاعر تھے۔

ص: اختر کی بہاریہ نظمیں مجھے کافی پسند آئیں اور اکثر میں نے وہی جاذبیت اور انداز [illegible] دیکھی جیسی میں چاہتا تھا۔ اس سلسلے میں آپ کی رائے کیا ہے؟

ع: ہمیشہ ادب میں لاتعداد تجربے ہوتے ہیں اور ان میں سے چند ہی پنپنے پاتے ہیں اور کامیاب ثابت ہوتے ہیں۔

ص: شاعری کے علاوہ آپ کن دوسری اصنافِ ادب سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور انہیں پڑھنا پسند فرماتے ہیں۔

ع: تنقیدی اور افسانوی ادب کو میں بشوق پڑھتا ہوں۔

ص: کیا اردو تنقید سے آپ مطمئن ہیں؟

ع: تنقیدی کام خوب ہو رہا ہے اور مستقبل خوشگوار دکھائی دے رہا ہے۔

ص: صحافت نگاری سے آپ کی توجہ کبھی مبذول ہوئی تھی اور کیا آپ کسی اخبار یا رسالے سے متعلق رہ چکے ہیں۔

ع: ایک مختصر عرصہ میں نے صحافت کی طرف بھی رجوع کیا تھا۔ ماہنامہ "ساقی"، ہفت روزہ "قلم سنگار"، پندرہ روزہ "ترقی" اور روزنامہ "الہند" کی ادارت کے فرائض ادا کر چکا ہوں۔ بہت سی کہانیاں بھی لکھی ہیں۔ ان میں سے پہلی کہانی "پنچھی" ہفتہ وار "ہلال" میں ۱۹۵۵ء میں شائع ہوئی تھی۔

(بقیہ صفحہ ۲۴۲ پر دیکھئے)

غزلیں

کیف احمد صدیقی

دلِ خاموش جب نذرِ سبو معلوم ہوتا ہے
بجھا سا کچھ تری آواز کا معلوم ہوتا ہے
مرے دل کی نزاکت سے بہاروں کو نہیں نسبت
یہ وہ گل ہے جو پامالِ صبا معلوم ہوتا ہے
مجھے تو آخری شب کا یہ حسرت ناک سناٹا
کسی ٹوٹے ہوئے دل کی صدا معلوم ہوتا ہے
ہوائے غم سے جب افکار کے شعلے بھڑکتے ہیں
مرا احساس اک جلتی چتا معلوم ہوتا ہے

صاحبزادہ میر فدا علی خاں مست نرگس

اپنے ہر زخمِ تمنا کو تمنا کہیے
وقت قاتل ہے مگر اس کو مسیحا کہیے
چاند نکلے نہ سحر ہو، نہ شبِ غم گزرے
یوں کوئی روٹھ کے جائے تو اسے کیا کہیے
چند لمحے ہیں سما بھی ہیں افسانے بھی
کس طرح اے دلِ تنہا تجھے تنہا کہیے
پھول پامال، خفا گیت، سحر افسردہ
کوئی ایسا بھی نہیں اب جسے تجھ سا کہیے
دل پہ کھلے ہے جسے تلخیٔ دوراں نرگس
زندگانی کو وہ اک حرفِ تمنا کہیے

مدحت الاختر

گل کی جگہ خار لٹائے گئے
جشن بہاروں کے منائے گئے
اُن کے دلوں میں تھا اندھیرا بہت
دیپ مرے خوں سے جلائے گئے
منزلِ پُرکیف نگاہوں میں تھی
دار و رسن سامنے لائے گئے
دھوپ ترے ہجر کی پھیلی رہی
دور تلک درد کے سائے گئے
غیر کا کیا ذکر کرو مدحت یہاں
ہم بھی سدا غیر سے پائے گئے

(انگریزی سے ترجمہ)

انجمن آرا انجم

خط

مالا کو خوش ہونا ہی چاہیئے تھا کیونکہ دو سال بعد اُس کی بیٹی گھر آ رہی تھی۔ دو سال کے اس عرصہ میں مالا کی زندگی جس اذیت اور پریشانی میں گذری تھی اُسے صرف وہ جانتی تھی۔

دن کسی طرح آفس میں گذرتے۔ دفتر کا یہ کام جس سے اُن دنوں وہ راہِ فرار اختیار کرتی رہی تھی اب اُس کے لئے ذہنی سکون کا باعث بنا ہوا تھا مگر شامیں اُسے تنہائی کی دنیا میں گھسیٹ لاتیں اور راتیں نیم خوابی کے عالم میں بیت جاتیں۔

تنہائی کا شدید احساس اُس کے لئے بڑا تکلیف دہ تھا۔ یہ احساس اس وقت اور زیادہ ہو گیا تھا جب چترا سیلش میں دلچسپی لینے لگی تھی۔ اُسے یہ لگا تھا کہ اب اُس کی بیٹی چترا اُس سے دُور چلی جائے گی جو گذشتہ سالوں میں اُس کی بہترین دوست ثابت ہوئی تھی۔

شروع کے چند برسوں میں اُس کی زندگی کا انحصار چترا پر اتنا نہ تھا کیونکہ اُس کی ماں زندہ تھی مگر جب سے ماں کا انتقال ہوا تھا چترا اُس کی زندگی بن گئی تھی۔

اصل میں چترا ہی اُس کا سب کچھ تھی۔ جب اُسے دفتر سے چھٹی ملتی تو وہ تمام وقت اپنی بیٹی کے ساتھ گذارتی تھی۔ اُس کے ساتھ کھیلتی، اُسے جانوروں کی کہانیاں سناتی۔ اُسے گھمانے لے جاتی اور اُس کی پرورش میں ہر طرح کا خیال رکھتی۔ وہ بیک وقت اُس کی ماں بھی تھی اور باپ بھی۔

مالا کے چہرے پر تمام واقعات میں سے ایک واقعہ اُس کے دل کی گہرائیوں کو چھوتا ہوا ابھر آیا۔ وہ زیرِ لب مسکرائی۔ [illegible] اپنی بچی کی سالگرہ پر جیسے پیلے رنگ کی فراک سی لائی تھی کیونکہ یہ اُس کی بیٹی کی پسند تھی۔ اور جب چترا نے انتہائی مسرت میں مالا کے گلے میں بانہیں ڈال کر پیار کیا تھا اور کہا تھا اگر یہ فراک وہ نہ سیتا تو میں کچھ نہ پہنتی بلکہ نفرت کرتی۔

اپنے شوہر کی عدم موجودگی میں اپنی بیٹی سے اتنا زیادہ پیار پا کر وہ مطمئن سی ہو گئی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ چترا اُس کا سب کچھ بن کر رہ گئی تھی۔ عام طور سے بچے اپنی ماؤں کے بجائے دوستوں میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں مگر چترا کی دوست تو اُس کی اپنی ماں تھی۔

اور اب چترا گھر واپس آ رہی تھی۔ مالا نے ہاتھ میں [illegible] خط پر ایک نظر ڈالی۔ [illegible] مگر اُس نے خط [illegible] اور اُس کو ڈریسنگ ٹیبل پر چترا اور سیلش کے فوٹو کے قریب رکھ دیا جو اُن کی شادی کے فوراً بعد کھینچا گیا تھا۔

اُس نے فوٹو اٹھایا اور کافی دیر تک دیکھتی رہی۔ ایک دلکش لڑکی کا مسکراتا ہوا چہرہ [illegible] کے پہلو میں ایک سنجیدہ نوجوان کا چہرہ جو اپنے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ کا مظاہرہ کر رہا تھا۔

مالا جب پہلی بار سیلش سے ملی تھی اُس وقت [illegible] اُس کے لہجے سے اُس نے اُس کی شرافت کا اندازہ لگا لیا تھا۔ اُس نے محسوس کیا تھا کہ چترا اُس کے ساتھ اچھی طرح رہ سکے گی۔ وقت کے ساتھ ساتھ اُن کی دوستی بڑھتی جا رہی تھی۔ سیلش کو جب دہلی میں ایک اچھی ملازمت مل گئی تو مالا کو ایک اطمینان سا سکون ملا تھا۔

چترا اور سیلش کے خطوط کثرت سے آتے تھے۔ ہر خط میں چترا کے [illegible] محبت ہوتی۔ [illegible]

تھوڑی دیر کے بعد جب چترا آئی تو عجیب حالت تھی۔

ماتا کو وہ دل ہی دل میں عجیب محسوس ہو رہی تھی۔ چترا کو دیکھ کر ماتا سے کچھ کہتے نہ بنا تھا۔

سلیش نے اس کو دیکھ کر تعجب سے پوچھا اتنی جلدی کیسے آ گئے۔ مجھ کو خوشی ہے کہ آپ آ گئیں۔ تم کیسے ہو۔ جلدی سے اپنے بارے میں سب کچھ بتاؤ۔

سلیش بولے اب سے ابھی ہم کچھ کہہ رہا تھا۔ مگر چترا کا یہ حال تھا کہ وہ بستر پر بیٹھی ہوئی چترا کو بڑی بے قراری سے دیکھ رہی تھی۔ اضطراب کا اندازہ لگاتے ہوئے کہہ دیا۔

جی۔ سلیش تم ہم سے کچھ کہنا چاہتے ہو۔

وہ وقت آ چکا تھا جب اتنا ... ماتا نے جیسے اس وقت کو نظر انداز کرنے کی کوشش کی تھی۔ وہ خاموش ہی رہی تھی۔ مجھ میں بھی ہمت تھی کیا اب کیا نہ کہے۔

مجھے اچھی ملازمت مل گئی ہے۔ میں پوری طرح چترا کا خیال رکھوں گا اور اسے خوش رکھنے کی ہر امکان کوشش کروں گا۔

ماتا نے مشکل سے کہا۔ مجھے بڑی خوشی ہے سلیش۔ خدا پر بھروسہ رکھتے ہوئے کہا۔ مجھے یقین ہے چترا کو خوش رکھو گے۔ تم دونوں کو میری مبارک باد۔

چترا اپنی ماں کی گردن میں بانہیں حمائل کرتے ہوئے خوشی و مسرت سے چیخ اٹھی ممی تم کتنی عجیب اور اچھی ہو۔

اپنی بیٹی کی بے پناہ خوشی محسوس کر کے ماتا کا دل ٹوٹ گیا۔ رنج و مسرت کے آنسوؤں سے بھیگے چہرے کو اس نے دوسری طرف موڑ لیا۔ اس وقت کا اس کے جذبات سے کوئی خاص لگاؤ نہ تھا خوش تھی کہ ہر کام انجام ہو جاتا ... شادی کا سارا انتظام ... ٹھیک تمام سامان جہیز اور ... سلیش کو رخصت کیا۔

اس کا دل ٹوٹ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ وہ اپنے بستر پر گر پڑی اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔ اپنی عزیز ترین بیٹی کی جدائی پر اس کا دل ... سے وہ اپنی بیٹی ہی کو اپنی زندگی کی پونجی سمجھتی تھی۔ مگر اب وہ رشتہ بھی ٹوٹ گیا تھا اور زندگی کا صرف ... باقی رہ گیا تھا۔

اب وہ صرف اپنی بیٹی کے خط پڑھ کر زندہ رہ رہی تھی۔ دفتر سے واپسی پر ہر روز وہ لیٹر بکس کا دروازہ کھول کر سب سے پہلے لفافہ پر نظر ڈالتی۔ ہفتہ میں اس کا ایک خط آتا تھا اور دوسرے ہفتے تک اس خط کو وہ کئی بار پڑھتی رہتی تھی۔

گزشتہ دو برس میں چترا دو دفعہ آئی تھی لیکن دونوں مرتبہ ... چترا اپنی زندگی کے بارے میں خاموش رہتی تھی۔ اور ماتا نے بھی اس سے پوچھنے کی کوشش نہ کی تھی۔

دوسرے دن ماتا چترا کے خط کا جواب دینے بیٹھی تو اس نے قلم ہاتھ میں لیا اور سامنے پڑے ہوئے کاغذ کو دیکھنے لگی۔ ابھی تک کچھ نہیں لکھا تھا۔ اس نے ... اور انتہائی محبت سے چترا کو لکھنا چاہا کہ یہ اس کا اپنا گھر ہے۔

کچھ سوچ کر اس نے قلم رکھ دیا اور پھر خط اٹھا کر دوبارہ پڑھنے لگی۔

پیاری ممی۔

مجھے احساس ہے کہ یہ بات آپ کیلئے انتہائی تکلیف دہ ہوگی جب کہ ... سے آپ نے ... زندگی ... سلیش اور میں ایک دوسرے کے ... ہماری شادی ایک بہت بڑی غلطی تھی ہم دونوں ہر ایک بات پر لڑنے جھگڑنے لگے ہیں۔

... سے ... ہیں ... چاہتی ہوں ... آپ ... ذرا ... دیجئے۔

آپ کی بیٹی —— چترا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] قلم اٹھا کر لکھنا شروع کیا۔

پیاری چترا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نیک خواہشات کے ساتھ

تمہاری پیاری [illegible]

مہدی پرتاپ گڈھی

مُعَاھَدَہ

گو کہ نا واقفِ آدابِ جنوں ہے اب تک
اور مجھ کو بھی نہیں عقل و خرد کا کوئی پاس
مشغلۂ عشق پہ نازاں ہے تری فکرِ جمیل
اور خودداریٔ احساس ہے میری بھی اساس

تجھ سے جو ہر تعمیرِ محبت نے اجالا پایا
تاج کو میں نے بھی تیرے حسن پہ عظمت دی ہے
راستہ زیست کا گل بیز کیا ہے تو نے
میں نے بھی تیشۂ فرہاد کو عزت دی ہے

کیف دستی کا طرب خانہ ہے تجھ سے آباد
عارض و زلف کا افسانہ سنایا میں نے
زندگی تجھ سے عبادت، مری فطرت ایثار
ولولۂ زیست کا اک حسن بڑھایا میں نے

آ کہ ہم مل کے نئے دور کا آغاز کریں
ٹوٹ پامال سنگینیں مل جائیں تمناؤں کے خواب
تشنہ لب کلیوں کو شبنم کی نمی مل جائے
اور کھل جائیں ہر اک گال پہ مسرت کے گلاب

حنیف کیفی بریلوی

مِعْرَاج

(دو سانیٹ بطرزِ پیٹرارک)

پھر ہُوا شور کہ پھر اِک طرحِ اُفق کے اُس پار
آج پھر برسرِ پیکار ہے قدرت سے بشر
چیرتا آگیا انساں خلاؤں کا جگر
مختصر سا ہے نظامِ فلک کی رفتار
پھر فضاؤں میں نظر آئے جنوں کے آثار
چاند کی سمت ہوا پھر کوئی سرگرمِ سفر
اور یہ سوچ رہا ہوں میں سرِ راہگذر
کتنے طوفان اُٹھا سکتی ہے اک مشتِ غبار!

میں کہ ہوں دورِ تمدن کا اک ادنیٰ انساں
ذرۂ خاک کی معراج مجھے ہے معلوم
میں کہ لا حاصلِ بشر کی مری نظروں میں حدود
تنگ ہے دامنِ فکر و نظر بے پایاں
دشتِ ظلمات میں ہے نقشِ تجلی معدوم
عدم آباد کی حد میں ہے شبستانِ وجود

مکتوبات

رفیعہ شبنم عابدی۔ بی۔ اے۔ بی ٹی ______ بی۔ آئی۔ ٹی۔ بلاکس بمبئی ۸

اس ماہ کے شمارے میں آپ کا اداریہ خاصا طلب ہے۔ واقعی اب اردو بولنے والے طبقہ کا یہ دعویٰ ریزہ ریزہ ہو چکا ہے حال ہی میں اردو [illegible] سے کچھ توقعات بندھی ہیں۔ مگر پھر خدشہ ہے کہ کہیں اس کو بھی مجبوریوں کا سامنا کرنا پڑے جو گذشتہ کئی سالوں سے انجمن ترقی اردو کو کرنا پڑ رہا ہے۔ اس سلسلے میں آنند نرائن ملا کی وہ تقریر یادگار رہے گی جو انہوں نے انجمن اسلام کے [illegible] سال میں [illegible] والے مشاعرے اور انتخابات [illegible] ایک اہم مسئلہ ہے اور اس جانب خاطر خواہ عمل کی گزارش کرنا نہایت ضروری ہے۔

نظم کے حصے میں شہاب جعفری، مظفر حنفی، عتیق شمیم، ممتاز راشد اور [illegible] کی غزلیں قابل تعریف ہیں۔ خصوصاً مظفر صاحب کی غزل کے یہ دو شعر بہت پسند آئے۔

غیروں سے متعارف اجالوں کو کیا کریں — آنکھوں میں پڑ نہ جائیں کہیں روشنی کے زخم
کوشاں رہے ہیں ہم کہ نہ آئینہ دیکھ لے — آئینۂ غزل میں ہماری صدی کے زخم

[illegible] غزل کو بعض [illegible] گل و بلبل تک محدود کر دیں تو اس میں غزل کا کوئی قصور نہیں [illegible] جہاں تک [illegible] کا تعلق ہے [illegible] عاشق صاحب نے اپنے مقالے میں حیات [illegible] کے اقتباسات زیادہ دیئے ہیں اور [illegible] کے متعلق بہت کم لکھے ہیں۔ [illegible] اور لیڈر رشید الوزیر کا افسانہ طنز کے خوبصورت لبادہ میں ایک تلخ حقیقت کو چھپائے ہوئے ہے اور کافی اچھا ہے۔ فن گفتگو میں [illegible] مردوں کی محفلوں کا نقشہ [illegible] خوبصورت طنز [illegible] میں کھینچا ہے [illegible] عورتوں کی محفلوں کا نقشہ کھینچ دیتے جہاں سگریٹ کے بجائے [illegible] حکومتوں کے تختے تک الٹ دئے جاتے ہیں۔ عورتیں [illegible] فن گفتگو میں ماہر ہیں [illegible] معززین اور [illegible] سے تعلق رکھتے ہیں۔ [illegible] "کہہ مکرنی" [illegible] خوبصورت بنایا جا سکتا تھا۔

[illegible] رنگ حنا پر تبصرہ کرتے ہوئے قیصر الجعفری کے متعلق [illegible] کے اس جملے پر کہ "رنگ حنا" کا شاعر [illegible] شاعری کا کاروان تیس سال سے سفر کر رہا ہے نقاد نے لکھا ہے۔ شاعر کے مستقبل کی پہچان نئی راہیں [illegible] ہوتی ہے نہ کہ بنے بنائے راستے پر چلنے سے۔ اگر "رنگ حنا" کا بغور مطالعہ کیا جائے تو پتہ چلے گا کہ قیصر الجعفری نے [illegible] نئے راستے [illegible] کوشش کی ہے بلکہ تنہا [illegible] ہیں۔ ان کی نظمیں "صلیب" "سوال" "اولاد" "کھنڈر" [illegible] اور [illegible] نئے راستوں کا پتہ دیتی ہیں۔

آپ نے اپنے مقالہ میں "ادب اور مقصدیت" [illegible] اور اس سلسلہ میں جو مشورے دیئے [illegible] قبول [illegible] کی جا سکتی ہے۔

پروفیسر پیرزادہ اقبال بیجاپوری ______ ہاشم پیٹھ [illegible] بیجاپور

شاعر کا تازہ شمارہ موصول ہوا۔ واقعی پچھلے شماروں سے کچھ مختلف ہے۔ نثری حصے میں [illegible] قابل تعریف ہے۔ انہوں نے "[illegible]" کا جائزہ نئے انداز میں تجزیہ کیا ہے۔ مقالہ [illegible] ہونے کے باوجود تنقیدی پہلو [illegible] صاحب کا مضمون پڑھ کر [illegible] دیکھنے کا شوق [illegible] ہے۔ [illegible] کا مضمون [illegible] کے اشعار کی وضاحت کرنا مناسب ہے۔

مظفر حنفی کی غزل کی تعریف کرنے کے لئے میرے پاس مناسب الفاظ نہیں [illegible]

[illegible]

پسند آئے ۔

لما سکم نظر سے کچھ احتیاط " سے — یوں دیکھنے کا جرم نہیں زندگی کے ہم
پوچھیں گے آپ کیوں یہ نشیمن جلا دئیے — ہم آپ کو دکھائیں اگر تیرگی کے زخم

عبدالرحیم نشتر، محمد اعظم اور اقبال ظاہر اکلوتی کی غزلیں بھی اچھی ہیں۔

"ترشحات" میں اس بار بہت سی کام کی چیزیں ہیں۔ اردو والوں کا فرض ہے کہ وہ اسے اپنے حلقے میں عام کرنے کی کوشش کریں [illegible] دوسری ریاستوں کی طرح مدھیہ پردیش میں بھی اردو کی حالت بہت خستہ ہے۔ اردو کے طالب علموں کی [illegible] اب بہت [illegible] کا بقا بہت ہی مایوس کن ہے [illegible] کی طرف توجہ دیجئے۔ اردو کی [illegible] اردو [illegible] اپنا حلقے میں آپ مزید کچھ لکھئے

بدیع الزماں خاور ——— ایم اے فیل الہ دالپلی (ضلع رتناگری)

آپ نے اشتہار عام انتخابات میں ہر علاقے سے اردو کے آزاد نمائندوں کو کھڑا کرنے کی جو تجویز پیش کی ہے اسے اردو والوں کی تائید حاصل ہونی چاہئے۔ اس سے زیادہ مؤثر اور مفید طریقہ کوئی اور نہیں ہو سکتا۔ مرکزی انجمن ترقی اردو، ریاستی شاخوں کے اشتراک و تعاون سے اس سلسلے میں جلد از جلد ایک لائحہ عمل مرتب کرے تا کہ کام کے آغاز ہی تاخیر نہ ہو۔ اردو کے [illegible] [illegible] کے نہ لیے کئے جا رہے ہیں۔ یہ بات ہمارا صبر آزما ہے !!

"شاعر" کا تازہ شمارہ [illegible] بڑے [illegible] کی کاوش اور معیاری ہے۔ اور اس کے لئے آپ کی [illegible] قابل داد ہے۔

"سورج کا شہر" شہاب جعفری کی بہترین شعری تخلیق ہے۔ یہ نظم اسلوب کے اعتبار سے اچھوتی ہے۔ مظفر حنفی صاحب کی زمین میں [illegible] غزل کہی ہے۔ رفعت نواز اور [illegible] عاشق کے مقالات موضوعات کے لحاظ سے جامع اور فکر انگیز ہیں۔ [illegible] کی نظمیں گہرے تاثرات کی حامل ہیں۔ [illegible] نے شیکسپیئر کی "کنگ لیر" [illegible] کا ترجمہ کیا ہے۔ رفیعہ شبنم، شہاب مالوری اور رشید انجم کے افسانوں کے علاوہ "آخری ملاقات" اور "فن گفتگو" میں بڑی [illegible] تعلیقات ہیں۔ [illegible] کی غزل سے بھی آج کل عام طور پر رسالوں میں چھپنے والی [illegible] غزلوں ہی کی طرح [illegible] کیا۔ رسول [illegible] اس شمارے کی جان ہے۔

نعیم صدیقی چنوری ——— معرفت وارث میاں صاحب۔ کڑپہ

جیسا کہ آپ نے [illegible] شاعر کے اداریے میں تحریر فرمایا ہے اب وقت آ گیا ہے کہ انجمن ترقی اردو (ہند) اور [illegible] مل کر ایک متحدہ محاذ بنائیں اور انتخابات کے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ اردو کے مقاصد حاصل کرنے کے ذرائع و وسائل کو اپنانے کی سعی بلیغ فرمائیں۔

ہوڑا کا پل آج بھی اسی طرح [illegible] سے بہہ رہا تھا۔ نالے کے اس پار آج کوئی نہیں تھا۔ سورج کب کا غروب ہو چکا تھا۔ ہوا میں کافی تیزی تھی۔ رتنا کمل بار بار اپنی زلفوں کو سنبھال رہی تھی، بکھرنے سے روک رہی تھی۔ لیکن زلفوں نے بھی شاید ہواؤں سے سازش کر لی تھی۔ [illegible] کے بعد سے اب تک [illegible] مگر آج کی خاموشی نے عجیب کیفیت پیدا کر رکھا تھا ۔۔۔ میں ہمیشہ ایسی خاموشی سے گھبراتا ہوں۔ آج بھی میرا دل گھبرا رہا تھا۔

"کیا تم اس لئے یہاں لائی ہو کہ مجھے اپنے گھر نہیں لے جاؤ گے؟"

"پہلے مجھے تو منظور کر لو!"

"لیکن تم نے تو ابھی [illegible] کی درخواست بھی نہیں دی ہے؟"

"تو اب دے رہا ہوں ۔۔۔"

"کب ۔۔۔؟"

"آخر اتنی جلدی کیا ہے؟" (میں [illegible] گیا)

"جلدی ہے! ۔۔۔ تمہیں دھوکہ [illegible] ڈر ہے!!"

میں حیرت سے رتنا کمل کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اور وہ میرے دونوں ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں سے دبائے عجیب نظروں سے مجھے دیکھ رہی تھی۔

ہوڑا کے نالے کے قریب آج بھی [illegible] کا احساس ہوتا ہے! [illegible] غروب ہو چکا ہے لیکن [illegible] ہے۔ [illegible] مختار

سے کہہ رہا ہے ہمارے [illegible] کی [illegible] ہو گی جو [illegible] لاش کی [illegible] آ جاتی ہے تو [illegible] لگتا ہے۔ [illegible] یہاں سے اٹھنے کو نہیں چاہتا۔ ۔

آج تو میرے قریب رتنا کمل بھی نہیں۔ ورنہ اس کی شیریں رسیلی آواز ۔۔۔ جس کا [illegible] پچھلے سال [illegible] پارسی نالے میں ڈوب کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مجھ سے جدا ہو چکی ہے۔ وہ برسات کا موسم تھا۔ اور اس نالے میں غضب کا سیلاب تھا۔ برسات کا پانی اتنا بڑھ گیا تھا کہ پل کے پائے بھی ڈوب گئے تھے۔ کہتے ہیں جب برسات کا پانی اس نالے سے ہو کر بہتا ہے تو [illegible] سنائی دیتی تھی۔ میں سوچ رہا تھا [illegible] رتنا کمل نے اس میں [illegible] ہو گی تو اس کی [illegible] کیسی [illegible] ہو گی ۔۔۔؟!

●●

نعیم صدیقی مستی پوری

رات

میں ہوں تاریکیوں کا گہوارہ

اپنے دامن میں ہوں چھپائے ہوئے
کتنے خلوت کدوں کے رازِ نہاں
اپنے سینے میں ہوں دبائے ہوئے
کتنے زخمی دلوں کی آہ و فغاں

کتنی مجبور کی جوانیوں کی پکار
کتنی دوشیزہ آرزوؤں کے غم
کتنے لٹتے ہوئے سہاگوں کا سوز
کتنی مجبور حسرتوں کے چراغ

کتنے بہکے ہوئے نقوشِ قدم
کتنے چھلکے ہوئے لبوں کی شراب
کرب سہمی ہوئی نگاہوں کا
درد کچلی ہوئی امیدوں کا

کتنی ماؤں کی آنکھ کے آنسو
بھائیوں کے ضمیر کی آواز
کتنے باپوں کی چیختی تردیں
کتنی معصوم دھڑکنوں کا راز
اپنے دامن میں ہوں چھپائے ہوئے

میں ہوں تاریکیوں کا گہوارہ

عتیق احمد عتیق

غزل

لازم مجھے ہے سارے زمانے کا پیار بھی
میرے لئے ہی سلسلۂ طوق و دار بھی
جب سے تمہارے غم کو گلے سے لگا لیا
دل پر گراں نہیں ہے غمِ روزگار بھی
اتنی حسین کب تھی رعنائیِ کائنات
ہے اس میں اپنے حسنِ نظر کا وقار بھی
نیرنگیٔ لطافتِ گلزار ہی نہیں
ہے خار و خس سے آتشِ گل کا نکھار بھی
اس دورِ ارتقا میں کچھ ایسے بھی لوگ ہیں
جن پر پڑی نہ فکر و نظر کی پھوار بھی
زیرِ قدم ہوں سارے زمانے کی راحتیں
دل سے کرو تو رشتۂ غم استوار بھی
ہاں ہاں بفیضِ امن ہی بزمِ حیات میں
پھیلی رہی ہے تیرگی انتشار بھی
چھیڑا جو میں نے بربطِ احساس تو عتیق
نغموں کی لے سے ٹوٹ گئے دل کے تار بھی

ضیا حسنی

نیاز فتحپوری ـــ چند یادیں

ضیا صاحب کی توقیع دلنشیں اور جاذب انداز تقریباً نصف صدی سے زیادہ عرصہ سے شعر و ادب میں گونج رہا ہے۔ اس انداز کی دلکش گونج سے ہماری سماعت اس قدر مانوس ہو چکی ہے کہ اس طرزِ بیان کے ایک جملے کو بھی سنتے ہی ہم اس کے خالق کو پہچان لیتے ہیں۔

دنیائے شعر و ادب میں نیاز فتحپوری کا نام محتاجِ تعارف نہیں۔ وہ منفرد اسلوبِ نگارش کے مالک، کامیاب ادیب و صحافی، بلند پایہ محقق، اچھے نقاد اور مقبول شاعر و افسانہ نگار تھے۔ آج میں اُن کی ہشت پہلو شخصیت کو موضوع بنانے نہیں جا رہا ہوں، اس لئے کہ ابھی آپ ان کی گوناگوں جہتوں کے تذکرے نیاز نمبر میں ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ اس وقت میں اُن چند یادوں کو پیش کرنا چاہتا ہوں جو میرے ذہن کے کسی گوشے میں محفوظ تھیں، اور آج اُن کے سانحۂ ارتحال کو تقریباً ایک [illegible] کی مانند میری نگاہوں کے سامنے تیزی سے چل رہی ہیں۔

پہلی بار میں نے نیاز صاحب کو مقامی مسلم ہائی اسکول کی منعقدہ مشاعرہ کے موقع پر مسندِ صدارت پر بیٹھے ہوئے دیکھا تھا۔ وہ میرا زمانۂ طالب علمی تھا۔ اور میں ساتویں جماعت میں پڑھتا تھا۔ لیکن میں نگار برابر پڑھا کرتا تھا اور کچھ دن پہلے ہی میں نے اُن کی دو طویل کہانیاں 'شہاب کی سرگزشت' اور 'شاعر کا انجام' پڑھی تھیں۔ میں اُن کے منفرد قلم اور دلکش اسلوبِ نگارش سے کافی متاثر تھا اور اسی تاثر نے میرے دل میں یہ خواہش ابھاری تھی کہ میں انہیں قریب سے دیکھوں۔ لیکن اس خواہش کی تکمیل اس محفلِ شعر و سخن میں نہ ہو سکی؛ البتہ دوسرے دن میں اپنے دو دوسرے ساتھیوں کے ساتھ اُن کے قریب پہنچ جانے میں کامیاب ہو گیا۔ وہ واپس جا رہے تھے۔ اس وقت نیاز صاحب نے ہم لوگوں کو کوئی خاص لفٹ نہیں دی تھی۔ بلکہ جتنی باتیں انہوں نے کی تھیں اُن سے کبر و نخوت کی بُو آتی تھی۔ لہٰذا ہم لوگوں نے اُن کے متعلق یہ رائے قائم کی تھی کہ وہ متکبر اور مغرور ہیں۔ لیکن یہ رائے صحیح نہیں تھی۔ اس سلسلے میں حضرت [illegible] نے اچھی بات کہی ہے کہ 'ناجنسوں کی موجودگی میں اپنے اوپر ایک تکبرانہ انداز طاری کر لیتے ہیں' اور اس بات کا اندازہ مجھے بعد میں ہوا تھا۔

دوسری بار نیاز صاحب فتحپور تشریف لائے تو میرے ماموں (پرنسپل ریاض الدین احمد) کو شرفِ میزبانی حاصل ہوا۔ وہ میری انتہائی خوشیوں کا دن تھا۔ میں اپنے محبوب قلم کار کو قریب سے دیکھ رہا تھا اور اُن کی پُرلطف اور پُرمغز باتیں سن رہا تھا۔ نیاز صاحب ٹیک لگا کر باتیں کر رہے تھے۔ اُن کی کم آمیزی اور کم گوئی نہ جانے کہاں گم ہو گئی تھی۔ [illegible] نکتہ چینی اُن کی گفتگو کا موضوع اور وہ مولوی کی پگڑی برابر اچھالے جا رہے تھے۔ لیکن گفتگو کا موضوع [illegible] بھی تھیں۔ کچھ سفرِ حیدرآباد کا ذکر بھی چل نکلا۔ وہ تازہ تازہ حیدرآباد سے لوٹے تھے۔ انہیں حیدرآباد کے دورانِ قیام میں ایک کوٹھی میں جانے کا بھی موقع ملا تھا۔ وہ تمام حیدرآباد کے کسی لڑکی کی تقریبِ سالگرہ کا آنکھوں دیکھا حال افسانوی انداز میں بیان کر رہے تھے۔ مگر یہ دلچسپ تذکرہ نیاز صاحب کے مخصوص اسلوبِ نگارش میں ڈھل کر منظرِ عام پر آ جاتا تو ایک دلکش رپورتاژ بن جاتا اور قارئینِ نگار کے

اور ان سے محظوظ ہوتا۔ اسی نشست میں اُن کی تجویز پر "اُردو" کے مستقبل کے متعلق بھی سوالات کئے گئے جن کے کامل جواب جو خندہ پیشانی سے
پیدا ہونے والے شک تھے پر نیاز صاحب نے فوراً جواب دیا تھا۔

"اُردو کو کبھی حکومت کی سرپرستی حاصل نہیں ہوئی۔ ہمیں کو اسے پڑھنا لکھنا اور اپنے بچوں کو پڑھانا ہے۔" یہ اُس وقت کی بات ہے جب ملک آزاد نہیں ہوا تھا۔

تیسری بار میں اپنے عزیز دوست اختر سعید زیدی کے ساتھ لکھنؤ میں اُن کے یہاں گیا تھا۔ اُن دنوں میں اور زیدی جوبلی کالج میں ٹیچر ملازم تھے۔ زیدی پرائیویٹ طور پر بی۔ اے کا امتحان دے رہے تھے اور نیاز صاحب سے اُردو پڑھنا چاہتے تھے۔ زیدی نے مختصر گفتگو کی۔

"قبلہ! میں آپ سے اُردو پڑھنا چاہتا ہوں۔"

"ضرور پڑھو۔"

"کب حاضر ہوں؟"

"سال بھر میں ایک گھنٹہ روز کا بھی مشکل سے ملے گا!"

اس کے آگے بات نہ چل سکی اور ہم دونوں سلام کر کے واپس چلے آئے تھے۔

نیاز صاحب فتح پور کم آتے تھے۔ ۱۹۶۲ء میں وہ لکھنؤ سے پاکستان تشریف لے گئے۔ ادھر آخر عمر کا ایک واقعہ ہے، ان کا قیام اپنے آبائی مکان واقع محلہ خیل دار میں تھا۔ مامون صاحب نے مجھ سے کہا "نیاز صاحب آئے ہوئے ہیں اور رات کا کھانا یہیں کھائیں گے۔" میں سرشام ہی سے اس آراستہ کمرے میں بیٹھا ہوا نیاز صاحب کا منتظر تھا جہاں انہیں کھانا کھانا تھا۔ وہ وقت مقررہ پر تشریف لے آئے۔ مامون صاحب نے بڑھ کر ان کا استقبال کیا۔ وہ مسکراتے ہوئے کمرے میں داخل ہوئے اور ایک کرسی پر بیٹھ گئے۔ میں نے انہیں سات آٹھ سال کے بعد دیکھا تھا۔ جاڑے کا زمانہ تھا۔ وہ اچکن اور دیوانگی رومال اور سیاہ ٹوپی پہنے ہوئے تھے۔ ہاتھ میں چھڑی بھی تھی۔ کُرتے اور اونی بنڈی پر کوٹ زیب تن کئے ہوئے تھے۔ آنکھوں پر موٹے سیاہ کمانی کا چشمہ لگا ہوا تھا۔ پندرہ سال پہلے ان کا چہرہ بھرا بھرا تھا اور اب پیرانہ سالی چہرے سے نمایاں تھی ویسے تندرستی میں کوئی فرق نہیں آیا تھا۔ دسترخوان پر مجھے بھی انہیں کے کباب یاد آگئے جو انہیں بہت مرغوب تھے۔ کہنے لگے: "ریحان صاحب! بھی کے کباب منگوائیے۔ کیا بتاؤں یہ لکھنؤ چھوڑنے کے بعد نہیں ملتا ورنہ تو مٹنے سے زیادہ اس کے کباب مشہور ہوتے۔"

نیاز صاحب نے اپنی طویل زندگی کا بیشتر زمانہ فتح پور سے باہر گزارا تھا لیکن وطن سے دلچسپی ہمیشہ باقی رہی۔ جب کبھی تشریف لاتے تو نہ جانے کتنی یادیں اُن کے ذہن میں اُبھر آتی تھیں اور وہ مزے لے لے کر بیان کرتے تھے۔ کھانے میں ایک مقامی وکیل بھی شامل تھے۔ اُن سے لڑکیوں کی تعلیم کے متعلق بھی باتیں ہوتی رہیں۔ نیاز صاحب نے فرمایا:

"یہاں لڑکیوں کے انٹر کالج کی بڑی ضرورت ہے۔ اگر آپ میرے ہم خیال ہوں تو میں اپنی ادبی اور مدیرانہ مصروفیت کے باوجود مالی اعانت کے سلسلہ میں لکھنؤ اور بمبئی بھی جا سکتا ہوں اور اپنے متمول دوستوں کو اس کارِ خیر کی طرف متوجہ کر سکتا ہوں۔"

"لڑکیوں کے کالج کی اشد ضرورت ہے۔ اگر آپ بھرپور توجہ کریں تو اچھے نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔" اُن وکیل نے جواب دیا تھا۔

اسی نشست میں نیاز صاحب نے مسلم کالج کی لائبریری کو کتابیں دینے کا وعدہ فرمایا اور پھر جلد ہی پہنچایا۔ اس کے بعد وہ تشریف لائے تھے اور لائبریری بھی دیکھی تھی۔ شاید یہ کتابیں اس وقت تک کیٹلاگ (CATALOGUE) میں درج نہیں ہو سکی تھیں۔ اس بات سے نیاز صاحب کو تکلیف پہنچی تھی اور پھر یہ سلسلہ انھوں نے بند کر دیا۔ اگر یہ سلسلہ جاری رہتا تو کالج لائبریری قیمتی کتابوں سے مالا مال ہو جاتی۔ اس وقت بھی یہ لائبریری متعدد اچھی کتابوں سے بھری ہوئی ہے اور ضلع کی بہترین لائبریری کہی جا سکتی ہے۔

اسی دوران میں فہرست سے پہلے نیاز ایک [illegible] ادبی شخصیت کا تذکرہ نکل آیا۔ ابرار حسین [illegible] مرحوم اچھے مترجم اور افسانہ نویس تھے لیکن نیاز صاحب کے قریبی دوست ہونے کے [illegible] انہیں ایک وکیل کے محرر کی حیثیت سے جانا جاتا تھا۔ لیکن

[illegible] فروش [illegible] کہلاتے تھے [illegible] لکھنؤ کا کباب فروش۔

نگار و مفتی سلیم کے حال ہی میں۔ نیاز صاحب نے پہلو بدلتے ہوئے کہا۔

"میں ابرار ہاشمی سے ملنا چاہتا ہوں"

"یہیں اُن کو بلوا لیا جائے گا۔ مومن صاحب نے جواب دیا۔

"میں اپنی وضع کے مطابق اُن کے یہاں خود جاؤں گا۔

نیاز صاحب ابرار ہاشمی کے یہاں چلے گئے تھے، اور میں اُس ملاقات کا عجیب و غریب تاثر اپنے ذہن میں لئے ہوئے گھر چلا آیا تھا۔ یہ بات موضوع سے ذرا ہٹ کر ہے لیکن اس کا تذکرہ بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ میں دسویں جماعت کا امتحان دے چکا تھا اور چھٹیوں میں میں نے مولوی کی کتابیں گلستان اور بوستان بھی پڑھ لی تھیں۔ اور اس عرصہ میں نگار کے جو پرچے نہیں پڑھ سکا تھا، انہیں بھی پڑھ رہا تھا۔ میرے ایک بزرگ عزیز مطالعہ نیاز سے مجھے دور رکھنا چاہتے تھے۔ اور مجھے نگار کو رغبت سے پڑھتے دیکھ کر سختی سے منع بھی کرتے تھے۔ وہ نیاز صاحب کے خاص نکتہ چیں تھے۔ انہیں لامذہب کہتے تھے۔ لیکن خود انہیں بھی نگار کا بے چینی سے انتظار کرتے اور اسے بشوق پڑھتے دیکھا ہے۔ ایک دن وہ نگار کے تازہ شمارے کے پڑھنے میں مستغرق تھے مجھ سے نہ رہا گیا اور میں نے کہہ دیا۔

"بھلا! اس بگڑے ہوئے پرچے کو آپ خود پڑھتے ہیں اور مجھے منع کرتے ہیں۔

"بیٹا! تم میں ابھی پختگی نہیں آئی، میں تمہیں اس کی مضرتوں سے بچانا چاہتا ہوں، اس لئے منع کرتا ہوں۔ نیاز لکھتا خوب ہے، اس پرانے سال میں بھی وہ مجھے متوجہ کر لیتا ہے۔

نگار کی بات چلی تو ایک بات اور یاد آ گئی۔ نیاز صاحب کو نگار بے حد عزیز تھا، وہ اعلیٰ معیار کے ساتھ اس پرچے کو اب تک چلاتے رہے اور اب کہ ادارت فرمان فتحپوری کے ہاتھوں میں آ گئی ہے، اس کی زندگی کی امید باقی ہے۔ وہ جب تک جیتے رہے اپنے پرچے کے بلند معیار کو قائم رکھا۔ اس سلسلے میں وہ صرف کلام دیکھتے تھے، نہ کسی کی سفارش سنتے اور نہ ہی کسی کے دباؤ میں آتے تھے۔ میرے ایک نیک دل اور مخلص دوست کے کئی مقالے نگار میں چھپ چکے تھے اور وہ مضامین معیاری ہی تھے۔ میں نے ان مضامین کو بڑی اہمیت سے بشوق پڑھا تھا۔ اور جب میں ان کا ذکر تعارف نویس سے ملاقات اُن کی اس کامیابی پر تہنیت پیش کی، وہ صاف گو اور اچھے ادیب بھی تھے۔

"نیاز صاحب کے التفات کو دیکھ کر میرے دل میں خیال آیا کہ نگار کی ترسیع اشاعت میں اُن کا ہاتھ بٹاؤں، اس سلسلے میں مجھے کامیابی بھی ہوئی۔ اور میں نے نگار کے دس خریدار بنا کے لیکن نیاز صاحب اس بات سے خوش ہونے کے بجائے کبیدہ خاطر ہوئے اور اب ان کا پہلا سا التفات باقی نہیں رہا۔

نیاز صاحب کی کسی ادیب کی طرف سے بے نیازی زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکی۔ اور میں اُن کی شعری اور نثری تخلیقات نگار میں دیکھتا۔ چند ادب ہم پاشماروں میں زندگی سے تو ہم جگہ لیتے ہیں۔

اب میں جو واقعہ لکھنے جا رہا ہوں اُسے میں نے نیاز صاحب کے ایک قریبی دوست سے سنا تھا اور کافی متاثر ہوا تھا، اس واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کو اپنے کلام سے کتنی دلچسپی تھی۔ نیاز صاحب کو اپنی محبوب بیٹی شوکت کے عین عالم شباب میں دنیا سے اٹھ جانے سے کافی تکلیف پہنچی تھی۔ اور اس اندوہناک حادثے سے متاثر ہو کر انہوں نے ایک نوحہ مضمون بھی سپرد قلم کیا تھا۔ جس کی یاد قارئین نگار کے اذہان سے محو نہیں ہوئی ہوگی۔ یہ المناک واقعہ کافی دنوں تک نیاز صاحب کے دل و دماغ پر چھایا رہا۔ لیکن جیسے ہی انہیں خیال آیا کہ اب یا کم اُن کی ادبی سرگرمیاں ہی اُن کو تسکین دے سکتی ہیں تو وہ اسے بھول جانے کی کوشش کرنے لگے۔ اور اپنے مشغلۂ نوشت و خواند میں اُسی ذوق و شوق سے لگ گئے۔ اُن کے یہاں جو تہواری آتی تھی اسے نیاز صاحب کی بیٹی کا علم نہیں تھا، اس نے آتے ہی بے ساختہ طور پر شوکت کا تذکرہ شروع کیا تو نیاز صاحب نے اسے بات کرنا موقوف کر دیا۔

"کب تک چلے گی یہ بات ختم کرو اس تذکرے کو۔

نومبر ۱۹۶۰ء میں مومن صاحب کان پور منتقل ہو گئے تھے۔ وہاں نیاز صاحب کئی بار تشریف لے گئے اور کسی نہ کسی کام سے آتے تھے انہیں

(بقیہ صفحہ ۳۹۵ پر دیکھئے)

بدیع الزماں خاور

ستم

مری تمنا ہے مدتوں سے
کہ موسم گل کے چند لمحے
گزاروں لاہور کے چمن میں

مری تمنا ہے مدتوں سے
کہ محفل میر کے ترانے
سناؤں وارث کی انجمن میں

مری تمنا ہے مدتوں سے
کہ اک مسافر کی حیثیت سے
میں جاؤں اقبال کے وطن میں

مگر یہ میری حسیں تمنا
جو میرے سینے میں پل رہی ہے
جو میرے دل میں مچل رہی ہے
نہیں ہے محفوظ اس ستم سے
جو سرحدیں مجھ پہ ڈھا رہی ہیں

شاہین الہ آبادی

غزل

ایسے بھی ہوئی رات بسر وقت سے پہلے
خم جیسے ہو مفلس کی کمر وقت سے پہلے

اس صبح کے بھولے کا بھی کچھ نام تو رکھ دو
آجاتا ہے جو لوٹ کے گھر وقت سے پہلے

کرتی ہے ہمیں مصلحتاً آج فروزاں
قندیل سر راہگزر وقت سے پہلے

کیا بات ہے، کیوں اہل نظر اب نہیں دیتے
داد نگہ آئینہ گر وقت سے پہلے

وہ خواب جو ہیں ضامن بیداری انساں
ڈر ہے نہ کہیں جائیں بکھر وقت سے پہلے

اے رخت سفر باندھنے والو یہ ضروری
لو جائزہ عزم سفر وقت سے پہلے

حالات ہوں کیسے بھی منائیں گے نہ ہم لوگ
اے باد سحر، جشن سحر وقت سے پہلے

جز مرگ بھی شاہین ہے علاج غم ہستی
کھل جائیں جو اسرار نظر وقت سے پہلے

عظیم اقبال

نظر نظر کی بات

اور میاں فخر الدین مولوی بن گئے۔
ان کو مولوی بننے [illegible] کچھ زیادہ محنت نہیں کرنی پڑی۔ عالم فاضل کی سند [illegible] گرلز اسکول میں انھیں ملازمت مل گئی [illegible] طالبات کی تربیت میں [illegible] اسکول کی لیڈی [illegible] برس [illegible]۔ [illegible] مولوی فخر الدین [illegible] محنت اور [illegible] کی تربیت [illegible] جاتی ہے۔

مولوی فخر الدین [illegible] سال [illegible] کہ [illegible] مولوی صاحب [illegible] زندگی [illegible] کے وقت [illegible] مولوی صاحب [illegible]۔

[illegible] مولوی صاحب [illegible] دلچسپ واقعات [illegible]

دیکھتے دیکھتے آہستہ آہستہ [illegible] لیکن ایک بات [illegible] میاں فخر الدین اب ڈیڑھ سال کے تھے [illegible] گرم گرم سی کوئی [illegible] ان کے چہرے پر [illegible] میاں فخر الدین بڑے خوش تھے [illegible] اور وہ ..... مولوی صاحب [illegible] اور بہت سی باتیں [illegible] جب وہ آگے [illegible] ملاقات کا سارا نقشہ اس کی آنکھوں کے سامنے اب بھی [illegible]۔

مولوی فخر الدین اس وقت [illegible] کی بات ہے [illegible] میاں فخر الدین [illegible] زندگی [illegible] میاں فخر الدین [illegible] مال و دولت [illegible] کے بعد [illegible] میاں فخر الدین نے [illegible]۔ [illegible]

[illegible] ہو گئے [illegible]!!

شادی کے [illegible] سال کے بعد [illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible] میاں

نور الدین [illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible] نور الدین [illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible] —

[illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible] نور الدین [illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible] کے [illegible]

[illegible]

[illegible]

میاں فخر الدین [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] نور الدین [illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible] کے

[illegible] اسکول کے مدرس تھے۔

[illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible] مولوی صاحب [illegible]

[illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible]

[illegible] کیا گیا۔

[illegible] مولوی صاحب [illegible] کہ [illegible] ...

مولوی صاحب [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] فخر الدین [illegible]

ان کا —

مولوی صاحب کے [illegible]

[illegible]

[illegible]

مولوی صاحب کے ایک شاگرد [illegible]

[illegible]

[illegible] عبداللہ [illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible]

[illegible] مولوی صاحب [illegible]

[illegible] لگا۔

پہلے [illegible] مولوی صاحب [illegible]

[illegible]

[illegible] انسپکٹر عبداللہ [illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] مولوی صاحب [illegible]

[illegible]

[illegible] انسپکٹر عبداللہ [illegible] مولوی صاحب [illegible]

[illegible] مولوی صاحب [illegible]

[illegible] ہے۔

انسپکٹر عبداللہ [illegible] فخر الدین [illegible]

اور انہوں نے اس صورت کے زخموں سے خلیم کھولا۔ مولوی صاحب نے سب کو سمجھا دی۔ چلتے چلاتے رات کا وقت ہو گیا۔ مغرب کی نماز انہوں نے انسپکٹر عبداللہ ہی کے یہاں ادا کی۔ رات کا کھانا بھی بیگم صاحبہ [illegible] ہی اچھا بنا چکی تھی۔

"مولوی صاحب کبھی کبھی آیا کیجئے۔ یہ سب آپ ہی کے بچے ہیں۔ ذرا بچوں کی پڑھائی کا خیال رکھئے۔" انسپکٹر عبداللہ نے کہا۔ پھر انہیں کچھ یاد آیا [illegible] اور مولوی فخرالدین کے جسم پر [illegible] انسپکٹر عبداللہ [illegible] طرف کھینچ چکے تھے۔ اس نے اپنے نوکر کو آواز دی۔

"بھولا [illegible] سکن سے [illegible] برس پہلے سبز رنگ کے [illegible] کوٹ کے [illegible] نکال دیا۔"

بھولا کوٹ لے آیا۔

انسپکٹر عبداللہ نے مولوی فخرالدین کو دیتے ہوئے کہا۔

"مولوی صاحب یہ میں نے صرف تین سال استعمال کیا ہے۔ ذرا سا [illegible] کرا لیجئے گا تو کم سے کم سات آٹھ برس تک آپ کے کام آئے گا۔"

مولوی فخرالدین نے ساری زندگی میں اتنی شرمندگی اور بیچارگی کبھی محسوس نہیں کی تھی۔ [illegible] آخر اس عبداللہ کے بچے نے کہا ہے۔ [illegible] —— یہ اترن کا کوٹ مجھے دیا ہے کیوں۔ کیوں۔۔! مولوی فخرالدین چلے [illegible] کوٹ [illegible] اترن کا کوٹ۔ یہ عبداللہ [illegible] کا [illegible] نکلا —— بدتمیز کہیں کا۔

مشکل سے وہ خود کو بچا سکے۔

[illegible] کوٹ سے [illegible] مولوی صاحب [illegible] وہ [illegible] کہہ سکے۔

پھر وہ چلے [illegible] جلد قدم اٹھاتے ہوئے [illegible] کی طرف بڑھنے لگے۔

انسپکٹر عبداللہ نے کوٹ اپنے [illegible] رکھا [illegible] چند کہے۔ ۔۔ What a fool

Ill educated, Ill mannered

[illegible]

[illegible]

- انسپکٹر عبداللہ کا جواب سن کر [illegible] کے تمام [illegible] سے باہر نکالا۔

"اوہ تم ہو —— تمہیں سردی نہیں لگتی کیا ——"

"مگر ہم لوگوں کے لئے سردی گرمی سب برابر ہے سرکار —— یہ چادر کافی ہے حضور ——"

"نہیں نہیں۔ سردی بڑی زوروں کی ہے۔ کہیں بات [illegible] تو پھر [illegible] لگ جائے گی۔ لو یہ کوٹ پہن لو۔"

"مہربانی سرکار۔ بھگوان آپ کو اور [illegible]۔ آپ بڑا صاحب سے بھی بڑا صاحب بن جائیں۔ انسپکٹر صاحب کی جے۔"

انسپکٹر عبداللہ کے چہرے پر ایک فاتحانہ مسکراہٹ رینگ گئی۔ پچھلی قدموں سے [illegible] کر [illegible] سیڑھی چڑھنے لگے۔ [illegible] کا ذہن ہلکا ہو چکا تھا۔

نثار پرویز

"مجھے پہچانتے ہو؟"

مجھے پہچانتے ہو؟ کون ہوں کیا نام ہے میرا
میں پھولوں کی ہنسی ہوں نرم کلیوں کا تبسم ہوں
میں کوئل کی صداؤں اور پپیہے کے ترانوں میں
کنھیا کی مدھر مرلی سے میرا پیار جھلکا ہے
میں رادھا کا تقدس اور سیتا کی نشانی ہوں
میں مریم کی مقدس آنکھ سے ٹپکا ہوا آنسو
میں گوتم کے مہکتے خواب کی تعبیر ہوں جیسے
بھجن میرا کا، تلسی کی کتھا، نانک کا نغمہ ہوں
میں مندر اور مسجد میں، کلیسا، گوردواروں میں
سمندر کے کنارے، بھور کی شیتل ہواؤں میں
یہ محنت کش مچھیرے بھی تو میرے گیت گاتے ہیں
لپٹ جاتے ہیں ننھی کشتیوں کے بادبانوں سے
میں راتوں کی سجاوٹ اور صبحوں کے نظاروں میں
مہکتی، جگمگاتی راکھیوں کی مسکراہٹ میں
میں ہوں گڑیوں کے کھیلوں اور بچوں کے کھلونوں میں
میں بہنوں کا غرور و ناز اور ماں کی دعائیں ہوں
مری تصویر روشن ہے عرق آگیں جبینوں سے
مہکتی ندیوں، کھیتوں نے کھویا نور ہے، یا خون ہے
یہ میں نے مخملیں تاج و اجنتا کی سجائی ہیں
مجازؔ و جعفریؔ، اعجازؔ و اخترؔ کا ترانہ ہوں
سمن، بچن، نرالا اور کرشن کی میں کویتا ہوں
میں بہزاد کی امانت اور باپو کی نشانی ہوں

محبت میرا مذہب، زندگی پیغام ہے میرا
بہاروں کا فسانہ، چاند تاروں کا ترنم ہوں
مرا ہی ذکر ہے حسن و وفا کی داستانوں میں
میری آواز جب گونجی بنی غزل رادھا کا دھڑکا ہے
میں لچھمن کی محبت رام کی زندہ کہانی ہوں۔
میں صبح کی ہوائے دامنِ تقدیس کی خوشبو
عرب کے کملی والے کی حسیں تنویر ہوں جیسے
کبیر و سور داس و چشتی و خسرو کا دوہا ہوں
گرنتھ و بائبل میں، وید میں قرآں کے پاروں میں
سنہری دھوپ میں اور شام کی ٹھنڈی فضاؤں میں
مری آواز کی لہروں پہ یہ کشتی چلاتے ہیں
مری آواز ٹکراتی ہے نیلے آسمانوں سے
میں دیوالی کے دیپوں اور ہولی کی بہاروں میں
جھنکتی پائلوں میں، چوڑیوں کی کھنکھناہٹ میں
میں سو جاتا ہوں اکثر ریت کے سندر گھروندوں میں
چمکتی مانگ کا سیندور ہوں ٹیکے کا نگیں ہوں
مری آواز نغمہ بن کے آتی ہے مشینوں سے
گھنے کنجوں سے اور کٹتی ہوئی فصلوں کے گیتوں سے
ادب کی، علم کی، تہذیب کی شمعیں جلائی ہیں
فراق و فیض اور مخدوم و ساحر کا فسانہ ہوں
فضا میں گونجتا ٹیگور کا شاداب نغمہ ہوں
تلک اور گوکھلے کی جانفشانی کی کہانی ہوں

مجھے یہ وقت کے شعلے بھلا کیسے جلائیں گے
یہ اپنی آگ میں اک روز خود ہی ڈوب جائیں گے

زبان اور ادب کے مسائل ۔

آل احمد سرور

نظم کی زبان

زبان کا تصور سماج کے بغیر نہیں کیا جاسکتا۔ فرد کی اپنی کوئی زبان نہیں ہوتی۔ وہ سماج سے ایک زبان سیکھتا ہے، تحریک کی ہیئت کے بعد مجموعی زبان کی بنیاد بول چال پر ہو۔ زبان سیکھ لی جائے تو یہ ایک عادت بن جاتی ہے۔ زبان میں طبقوں کا فرق بھی جھلکتا ہے، اس میں برابر تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔ بقول ماریو پائی کے جس میں زبان کی تبدیلی نہیں ہوتی وہ مردہ ہوتی ہے۔ یہ تبدیلی صوت میں بھی ہوتی ہے، صرف میں بھی، نحو میں بھی، معنی کے رشتوں میں بھی۔

ہم زبان کے اس تصور کو ذہن میں رکھیں تو ادبی زبان کو اتنا مقدس نہیں سمجھا جاسکتا۔ اس کی بعض خوبیوں کی خاطر بول چال کی زبان سے اس کی بہت زیادہ دوری گوارا کی جاسکے گی۔ ظاہر ہے کہ ادبی زبان معیاری زبان ہے یہ الفاظ کی بہترین ترتیب کا دوسرا نام ہے یہاں لفظ سائنسی زبان کی طرح صرف علامات کی حیثیت نہیں، بول چال کی [illegible]

کا اظہار تخلیقی ہے، یہ محض نوید تاثر دیتے ہیں، یہ رنگ کے دریچے کھولتے ہیں، فضا کے بے نام پہلو منظر میں احساس و ملال کا اسیر کرتے ہیں۔ مگر رفتہ رفتہ ان میں وہ کہی بات آجاتی ہے جو ان صاف شفاف چاولوں میں ہوتی ہے جن کا حیات بخش جوہر کھینچ لیا گیا ہو۔ مگر ادبی زبان بول چال کی زبان سے منہ موڑتی ہے تو وہ کتنی ہی خوبصورت کیوں نہ دکھائی دے اس کی مثال ان کاغذی پھولوں کی سی ہے جو دیکھنے کو تو بھلے معلوم ہوتے ہیں، مگر خوشبو نہیں دیتے۔ زندگی کے گرد تاثر کی کھیل بھی بنتی ہیں۔

ایلیٹ نے شاعری کی تین آوازوں کا ذکر کیا ہے۔ پہلی شاعر کی وہ آواز ہے جب وہ اپنے آپ سے باتیں کرتا ہے۔ دوسری جب وہ ایک مجمع کو خطاب کرتا ہے۔ اور تیسری جب وہ کسی فرضی یا اصلی کردار کی زبان میں بولتا ہے۔ شاعر جب اپنے آپ سے باتیں کرتا ہے تو اگرچہ اس وقت بھی وہ سماجی زبان استعمال کرتا ہے مگر ایک طرح سے اس وقت وہ دنیا سے کچھ بے تعلق سا ہو جاتا ہے۔ میرے نزدیک غزل کی زبان اس پہلی آواز کی نمائندگی کرتی ہے۔ ہماری غزل چونکہ صرف دل کی واردات نہیں رہی، اس لیے اس کی زبان بھی صرف شاعر کی خود کلامی تک محدود نہیں رہی بلکہ اس میں دوسری دونوں آوازوں کی لے بھی شامل ہو گئی ہے۔ یا کچھ بھی ہو، مگر غزل میں اصل پہلی آواز کی ترجمانی ہے۔ میں نے دوسری اور تیسری آوازوں کی جھلک ہی نمایاں نہیں کی۔ نظم کی زبان غزل کی زبان سے اس لیے مختلف ہونی چاہیے کہ نظم کا میدان بہت وسیع ہے اس میں نثر کی تعمیری صلاحیت سے کہیں کام لیا جاسکتا ہے، اس میں شاعر کے یہاں صراحت کی ضرورت ہوتی ہے۔

> ہمارے زمانے میں جو زبان کی تو وہ ہیئت موجود ہے کہ وہ ہماری تہذیب بساط کے آئینہ دار ہو سکے۔
>
> ہمارے اس دور کا تقاضا ہے شاعر کو شاعر کی ثقافت، تخیلات اور عظمت ہی میں یقین اور اعتماد پیدا کرنا ہوگا۔

اس میں شاعر کی دوسری اور تیسری آوازوں کی بھی گنجائش ہے اور پہلی آواز میں بھی، اس طرح یہ تینوں مختلف آوازیں مل کر ایک نغمگیت بن جاتی ہیں جو مسرت اور بصیرت کا [illegible] ہے۔

ایلیٹ ہی نے ایک جگہ کہا ہے کہ جس شاعری میں شاعری ہوتی ہے وہ براہ راست زندگی کی طرف جاتا ہے جو شاعر تقلیدی اور خوش بیانی کے شعر کا ہوتا ہے وہ ادب کی طرف۔ [illegible] سکتا ہے

کر سکتا ہے کہ اس کا شاعر روزمرہ زبان استعمال کرتا ہے اور دوسری قسم کا تقابل اُردو شاعری کی زبان پر یہ ہے کہ کتابی ہے اور اس کا بڑی حد تک حصہ غزل پر مشتمل ہے۔

کتابی زبان کی ایک مثال سے واضح کیا جا سکتا ہے۔ ورڈس ورتھ نے اٹھارہویں صدی کی انگریزی شاعری کی زبان کو مصنوعی کہا اس نے [illegible] دیہاتی زندگی کی بول چال [illegible] کی زبان کو بول چال کی زبان سے قریب لانا چاہا۔ خود اپنی نظموں میں اس نے تجربے بھی کئے جن میں سے کچھ کامیاب ہیں۔ کچھ ناکام [illegible] اصلاح کی مگر اس میں شک نہیں کہ ورڈس ورتھ نے رنگ پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اور اس کے اثر سے انگریزی شاعری کو نہ صرف نئی توانائی نئی زندگی ملی بلکہ نیا اسلوب ملا۔

غزل کی زبان کا اثر ایک اور وجہ سے بھی گہرا ہے۔ اُردو کے ہر شاعر کا احساس چند بندھے ٹکے موضوعات ہی کا اظہار کر سکتا ہے۔ رومانی عشق، ہجر، [illegible] دوستی، رسمی اخلاق، محدود تصوف، [illegible] کی عقل پر فوقیت، [illegible] احساس، شہری مزاج، مخصوص مذہبی رنگ۔ یہاں میں صرف فن [illegible] گفتگو نہیں کر رہا ہوں جن معنوں میں [illegible] اُردو شاعری کی زبان پر تنقید کی تھی۔ اور [illegible] شاعری کی کمی کا ذکر کیا ہے۔ بلکہ میں تو یہ [illegible] کے محدود ہونے کی بات کر رہا ہوں [illegible] احساس نہیں ہے۔ اور جو تبدیلی [illegible] زیادہ کرتا ہے [illegible] تک محدود [illegible] اور اس کے محدود ہو جانے [illegible] غزل کی زبان [illegible] خیالات، اس کی سماجی اور اخلاقی [illegible] انکار نہیں، مگر [illegible] صرف نشتر [illegible] صرف نشتر پر زیادہ فخر کرنے سے کام نہیں چلے گا۔

نظم کی زبان کی بنیاد بے شک بول چال کی زبان پر ہونی چاہیئے۔ [illegible] کی ایک شاخ ہے اس لئے بول چال کی زبان کی بے پروائی اور نظمی اسکے نشیب و فراز [illegible] کی بھی [illegible] ہے [illegible] ترتیب یا حیدر کی [illegible] اس طرح [illegible] جذبے سے بھرپور [illegible] سب [illegible] اس کی مخصوص اصطلاحیں [illegible] اس کا سوتا [illegible] اس کی [illegible] نکل جائے۔ یہ بھی ایک نہیں ہونی چاہیئے کہ اس میں صرف [illegible] ہی ہو سکے [illegible] بلکہ [illegible] نکل آئے اور اس طرح [illegible] کا اہتمام ہو سکے۔ اس زبان کو فارسی، عربی یا سنسکرت کی قواعد سے بھی تمام تر آزاد ہونا پڑے گا۔

شاعروں کو اپنی بات کہنے اور منوانے کے لئے اشاروں، کنایوں، [illegible] حیرت ناک جلووں کے بجائے مسلسل اظہار، تیری [illegible] انجام کو [illegible] کے ملک [illegible] مقصد کو اپنانا پڑے گا۔ اور اس نے نظم کو ایک [illegible] مثنوی، مسدس [illegible] پابندیوں ہی سے مربوط بندوں سے آگے بڑھ کر بے قافیہ یا آزاد نظم کا راستہ بھی دینا پڑے گا۔

یہاں ردیف اور قافیہ کو ترک کر دینے کا سوال نہیں ہے نہ پابند شاعری کو ادب بدر کرنے کی تجویز ہے میں تو سلطنت الشعراء کی طرح یہ بھی کہنا کہ ہرگز پسند نہیں کروں گا کہ غزل کی گردن بے تکلف مار دینا چاہیئے۔ یہاں صرف زبان اور فن کے تقاضوں کا سوال ہے اگر ہمارے اصناف سخن سے قافیے، ردیف اور بحر وغیرہ کی یہ آمریت کم ہو جائے جس کے شکنجے میں [illegible] نکل جاتا ہے۔ اور جہاں کی ہر چیزوں کی [illegible] رہتے ہیں [illegible] ہو کر نہ پڑے [illegible] خیالات پر [illegible] باندھے پڑیں گے نہ اس کو [illegible] قافیہ [illegible] کی [illegible] وجہ سے کچھ سے کچھ ہو جائے گا۔ بلکہ اسے اپنی پوری تاثیر اور تیزی سے ادا کرنے کا [illegible] بے قافیہ اور آزاد نظم ہی کی کوشش اور کامیاب ہوتی اگر اس کی بنیاد بول چال کی زبان پر قائم ہوتی مگر نہ صرف اس کی بنیاد بول چال کی زبان پر نہیں رکھی گئی بلکہ اس کے موضوعات بھی اکثر ایسے چنے گئے جو عام زندگی کے موضوعات نہیں تھے۔ یہ کچھ مریض اور [illegible] ذہنوں کی بے راہ روی کا مجموعہ بن کے رہ گئے۔

میں یہ نہیں کہتا کہ اُردو شاعری کی زبان بدیسی ہے لیکن یہ ضرور کہتا ہوں کہ اُردو شاعری کی زبان مجموعی طور پر ہمارے دیس کی [illegible] یعنی شمالی ہند کے شہروں کے متوسط طبقے کے فکر و ذہن کی نمائندگی کرتی ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرح [illegible]

شاعری محض ہونے کی وجہ سے کہ عام فہم ہے ہماری طرح سے ہماری شاعری نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ماننا ہوگا کہ ہماری زبان میں اس کی ہندی کی اہمیت اور جگہ ہے کہ وہ ہماری تہذیبی لباس کی آئینہ داری کر سکے۔ ہاں اس کے لئے ہمارے شاعروں کو شاعری کی لطافت نظافت وہ عظمت میں یقین اور اعتماد پیدا کرنا ہوگا۔ ہمیں الفاظ کی صحت اور غلطی کے معیار کو بدلنا ہوگا اگر اس کے یہ معنی نہیں کہ ہمارے معیار کی پیروی ہی نہ ہو۔ ہاں ہمیں خالص اردو ہونگی ———— ہمیں فارسی تراکیب کی بیساکھی کا اتنا سہارا لینے کی ضرورت نہ ہوگی ———— کیونکہ بیساکھیاں ایک حد تک اپنے پیروں میں طاقت کی کمی کا بھی ثبوت ہیں۔ ہمیں بحروں قافیوں ردیفوں تو تمام اصناف سخن کی تنگ بندی وغیرہ سے بھی خاص طور پر واقف ہونا پڑے گا۔ ہمیں نظم کو اس قابل بنانا پڑے گا کہ وہ ایک طرف دھرتی پر چل پانے ہونے کسان کے ذہن کی ترجمانی کر سکے۔ اور دوسری طرف ان خلاؤں [illegible] کے ذہن کی عکاسی بھی، جو زمین کے حسن کشش [illegible] سے آزاد ہو کر [illegible] ہیں۔ اس کے لئے ہمارا [illegible] زبان کا محدود سرمایہ کافی نہ ہوگا بلکہ بول چال کی زبان کی بنیاد کے ساتھ جدید علمی زبان سے کہیں کہیں مدد لینی پڑے گی خوبصورت بندشوں کی [illegible] کے گورکھ دھندے سے اور زیادہ [illegible] اٹھانا پڑے گا۔

جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جدید نظم اگر ہم زیادہ [illegible] کی عکاسی کرنے لگے تو یہ اور بھی مشکل ہو جائے گی، وہ غلطی پر ہیں۔ یہ مشکل ہماری [illegible] کے لئے ہے۔ اس ذہن کے لئے نہیں جو ایک طرف اپنے تہذیبی سرمایہ سے واقف ہے دوسری طرف جدید علمی دنیا کے کارناموں سے بھی۔ جو [illegible] شکل اور شعور [illegible] ہے تو وہ ایک [illegible] کی تفریح یا اس کی الجھنوں اور خیالی لہروں کی قسم بندی بن کر رہ جاتی ہے۔ یہ وہ منزل ہے جہاں شاعر [illegible] کا حصہ توڑ دیتا ہے اور اپنی ذات کو کائنات سمجھنے لگتا ہے۔ اردو شاعری کو نئے بھرے کائنات کے اس حصے میں داخل ہونا ہے جس میں سات [illegible] شامل ہیں اور جس میں انسان آج [illegible] ابدی کے [illegible] زبان میں ایک نیا جوش پیدا کرتا ہے تاکہ [illegible] سرزمین پر اپنی جگہ بناتی ہے اور اسی اپنی [illegible] تیرے ذہن کی تشکیل [illegible] ہے بلکہ تیرے کو بھی [illegible] دے سیاست، مذہب، جنس کی [illegible] تک پہنچتا ہے۔ اور انسانیت پر وہ اعتقاد اور اپنے فن پر وہ اعتماد پیدا کرنا ہے جو [illegible] بھی نجات بھی۔ غالب اور اقبال سے ہم بہت آگے نکل چکے۔ میر، نظیر، حالی سے ابھی بہت آگے نکلے ہیں [illegible] ہماری شاعری کے اس حصے میں جو کے اور ہماری تہذیب اور تاریخ کے کتنے ہی [illegible] ہیں۔ اس خوبصورت احساس تو ہے مگر یہ بھی عام نہیں ہوا۔ اس لئے ہمیں اپنے گزشتہ [illegible] کو اب میدان میں [illegible] چاہیے۔ کیونکہ ہمیں کچھ چراغ تو جلانے ہیں ———— مگر [illegible] کے چلتے بھی ہیں [illegible] آتی جا رہی ہے [illegible] جس طرح [illegible] کی ترجمانی کرتی رہی ہے [illegible] تہذیب کے ہر قسم کی بھی ترجمانی کر سکے گی۔ اس [illegible] کی طرف میلان شروع ہو گیا ہے، اب ہمارا فرض یہ ہے کہ اسے اور آگے بڑھائیں، حتیٰ کہ یہ ہمارا نمائندہ انداز بن جائے

(ہماری زبان)

(بقیہ نیاز فتحپوری چند یادیں صفحہ ۴۶)

کا [illegible] میں آرام وہ جگہ بھی [illegible] کے لئے مل سکتی تھی لیکن وہ ہمیشہ ماموں صاحب کے یہاں قیام کرتے تھے۔ میں نے محسوس کیا کہ وہ تنگ زینے سے چڑھ کر اوپر جانے میں تکلیف اٹھاتے ہیں، لیکن وہیں جا کر دونوں وقت کھانا کھاتے تھے۔ وہ بچوں سے زیادہ [illegible] دلچسپی لیتے تھے۔ اور مجھ پر شفقت فرماتے تھے۔ وہ میرے ماموں زاد بھائی ظفر [illegible] صدیقی سے کافی خوش رہتے تھے۔ وہ جب تک لندن نہیں چلے گئے بہار شریف [illegible] حاصل رہا، اس کے نام انہوں نے اکثر اپنے مخصوص انداز میں خط لکھے ہیں جو قابل ذکر ہیں۔ پھر وہ اچانک پاکستان چلے گئے، ان کا [illegible] کا خطاب [illegible] خاموشی سے پاکستان چلے جانا ایک ایسی بات نہیں تھی جسے ہر شخص نے محسوس کیا اور خود نیاز صاحب کو بھی اعتراف کرنا پڑا۔ حکومت ہند نے میری جتنی قدر افزائی کی اس کا [illegible] جان [illegible]" بہر حال نیاز صاحب [illegible] کر کے ایک تلخ یاد بھی چھوڑ گئے۔ لیکن ان کی ادبی [illegible] ہیں۔

[illegible]

غزل

پردۂ شعر میں ہم سوزِ نہاں کہتے ہیں
بات جو بھی ہو بعنوانِ بیاں کہتے ہیں

خیر نغموں کا تو کیا ذکر کہ اب اہلِ چمن
میری خاموشیِ لب کو بھی فغاں کہتے ہیں

تشنگی عام ہوئی جاتی ہے جس کے باعث
لوگ آخر اُسے کیوں پیرِ مغاں کہتے ہیں

اپنے حالات بھی ہیں قابلِ اظہار مگر
ہم جو کہتے ہیں تو روداد جہاں کہتے ہیں

اہلِ گلشن کو کسی سے نہیں شکوہ، لیکن
اُن سے نالاں ہیں خزاں کو جو خزاں کہتے ہیں

وقفِ پیکار ہے حالات سے انسان مگر
ہم سے عاجز ہیں اسے امن و اماں کہتے ہیں

وہ جو چلتے ہیں تو کیا کچھ نہیں کہتے، لیکن
جس کا امکان ہے وہ بات کہاں کہتے ہیں

آدمی ڈوب گیا اپنے لہو میں رازی
اور ہم قصۂ رخسارِ بتاں کہتے ہیں

امیر چند بہار

غزل

بدلیں گے رُخ اپنا کب یہ ماہ یہ سال آخر
کب تک ہمیں ہنسائے یوں غم سے نڈھال آخر

کیا حد سے گزرنا ہے اے مستِ کمال آخر
ہر چیز کو دنیا میں لازم ہے زوال آخر

وہ سطوتِ قیصر ہو یا حشمتِ اسکندر
مل جاتا ہے مٹی میں سب جاہ و جلال آخر

میں تجھکو بتاتا ہوں کیا عشق میں ہوتا ہے
ارمانِ طلب اوّل، اندوہ و ملال آخر

محرومی و ناکامی، دل سوزی و جاں کاہی
ہوتا ہے محبت کا اکثر یہ مآل آخر

موہوم سا اک جذبہ دل میں جو رہا پنہاں
آتا ہے مرے لب پر بن کر وہ سوال آخر

زیبِ ورقِ دل ہے یہ قولِ بہار اپنا
تکمیلِ ریاض اوّل، تحصیلِ کمال آخر

تحریر:- ہمایوں کبیر

ترجمہ:- مبین قادری

انسان اور روٹی

چھ ماہ پہلے ایک شب مساعی نہر ال گئی اور سورج کی تمازت
بادلوں کی تاب نہ لا کر نہ جانے کہاں غائب ہو گئی۔ جیسے تیل کے
ختم ہونے پر چراغ کی جوت گم ہو جاتی ہے۔ یا پھر جیسے کوئی ظالم اپ
لہلہاتے پودے بیچ کر غضبناک سرخ آنکھوں سے دیکھے اور جسم
کرجیسے ہو جائے، رو نا ہنکار سے اور آنسو پی جائے۔

ہمارے خشک کنارے پر ایک چھوٹا سا گاؤں ہے جس کی گرد
سے اٹی ہوئی گلیوں میں کالے گورے بھورے ننگ دھڑنگ بچے
کھیل رہے ہیں۔ یہ بچے کھیل رہے ہیں اس سے کم ہی نا مٹے پر
پلے ہیں کہ اصغر میاں بھی بٹ رہے ہیں جن کی امنگ کوشش ہے
کہ وہ جلد سے جلد تیار ہو جائیں تاکہ شہر جا کر نوکری اور کسی نہ کسی
طرح ایک سے شمال ہی جا کے کھانے پینے کا کچھ بندوبست کریں
جلدی ہی جو کھیلے ہیں اور دنیا سے دور پر لیٹا کرتے ہیں اور ابھی
انہی سموسوں کی کوئی مثال ابھی نہیں ہے۔ مثل اگر ان کی بھوک کا ہے۔
روٹی کا اس کا خواہش کا جو صدا جلے کر ماں باپ سے شکایت کرنا ہے میں
اور کھوکھلا ہے اور اس سے جسم کو اس کی اصلی طرح دکھا دیتی ہے۔

ہمارے مشرقی ساحل پر واقع اس گاؤں میں کسی کو بھی کوئی مشکل
آسان نہیں ہے۔ سب کے سب ایک حالت زمین کے بیٹے جو سالہا
سال سے کھیتی باڑی کرتے چلے آ رہے ہیں پیٹ کم پالتے تھے اور شہر کے
بیوپاری ان کی محنت کا پھل یہاں زیادہ لے رہے ہیں۔ کس قدر برے
دن ہیں لوگ کچھ سمجھ نہیں سکتے کہ پھر بھی ان کے ہوتے ہیں جو ان میں نہیں
آتا۔ مگر ان لوگوں کو کھو دیا گیا ہے۔ بھوک اور فاقے دیا گیا ہے
مطلب یہ کہ ان لوگوں کو بھی پیٹ بھر ملتا رہا ہے تو وہ بارش کے بادلوں
کو دیکھتے ہیں۔ بیمار ادھر کا ادھر ہے لیکن ابھی تک آسمان سے

بلند بھی نہیں ہوئی۔ کھیتوں کے موٹے پر پڑی سی جم گئی تھی کہ ان
کے حلق سوکھنے لگے تھے۔ بیلوں کی تو حالت کھٹ کر رہ گئی تھی۔ کبھی
جہاں ہریالی تھی سبزہ تھا، ٹہرا ہوا پانی تھا، اب وہاں ریت اور بھورے میل تھے۔ اب
وہاں دھول اڑتی تھی۔ اصغر میاں جب اپنے بچوں میں گھر کے
بھرے ہوئے دیکھتے تو ایک لمحے کے لئے ان کے دل کی دھڑکن
بند سی ہو جاتی۔ لیکن وہ خود کو تسلیاں دے لیتے تھے وہ امید بھرے
دل سے سوچنے لگتے تھے۔ بارش ضرور ہو گی۔ کالے کالے بادل ضرور
چھائیں گے۔ پورے گاؤں میں اصغر میاں ہی ایسے آدمی تھے جو کسی حد
تک معقول، صابر، نیک اور رحم دل تھے اور ان کی اسی قناعت پسندی
اور رحم دلی کی وجہ سے گاؤں کے بوڑھے جوان اور بچے سب ہی
ان کا احترام کرتے تھے۔

خشک سالی کا پہلا سال تو کسی نہ کسی طرح گزر ہی گیا۔ اصغر میاں
کی یہ خوش نصیبی ہی تو تھی کہ ان کا کھیت دریا کے ساحل سے ملا ہوا
تھا۔ لیکن اب دریا بھی خشک ہو چکا تھا۔ اصغر میاں نے متفکر نگاہوں سے
آسمان کی طرف دیکھا۔ جہاں کالے کالے بادل تو کجا سفید روئی کے
گالے بھی نہ تھے جو کبھی کبھی آسمان پر نظر آیا کرتے تھے۔ اس وقت تو جہاں تک
جہاں تک نگاہوں کی پہنچ تھی نیلا ہی نیلا آسمان تھا۔ معلوم ہوتا تھا آسمان
کورا ہو گیا ہے۔ یہ پانی کیوں نہیں برساتا؟ اصغر میاں نے دل ہی دل
میں سوچا۔ گویا ان کی یہ آواز آسمان کی لامحدود وسعتوں میں گم ہو کر رہ گئی۔
اصغر میاں نے اپنا کھیتی اٹھائی اور کھیت کو پُرغم نگاہوں سے دیکھا۔ لیکن
وہاں سوکھے کالے مٹی کے ڈھیلوں اور تھوڑے سے خشک مینڈھوں کے سوا
کچھ نہ تھا۔ ان کی آنکھیں بے اختیار رو دینا چاہتی تھیں۔ جگر کے ٹکڑوں جیسے آنسو
کہاں تھے؟ وہ تو ان کالے کالے کھیتوں نے اپنے اندر جذب کر لئے تھے۔

ہمزبانوں کی اس حالت کو کچھ شبہ کی نظر سے [illegible] دیکھ رہے
لوگوں کے۔ کل کی بات ہے جب ہمزبان [illegible] گھر کے سامنے
سے گذر رہے تھے تو انہیں اس کے بچوں کے رونے کی آواز آئی۔ ایک
بچہ رو رو کر کہہ رہا تھا ... مجھے بھوک لگی ہے روٹی دو ... ماں مجھے
روٹی دو۔ لیکن ماں نے روٹی دینے کے بجائے غصے میں [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] جیسے زہروں سے بھرے
ہیں۔ جیسے [illegible] سے ہماری [illegible] ہیں۔
لیکن [illegible] جب دوسرے سال [illegible] برسیں
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] بد جلد سے
[illegible] لیکن جب [illegible]
[illegible] اگر [illegible]
[illegible] سے ہی چیا جائے۔

ہمزبان [illegible] کے صفت تھے
[illegible] کی وجہ سے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] اور ... پھر انسان ہی
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] ہمزبانوں سے
[illegible]
[illegible]
[illegible]

کہہ کر [illegible] لیکن ہمزبان نے [illegible]
سے [illegible] کر دیا۔ جب [illegible]
[illegible]
سب [illegible] ہمزبان نے [illegible]
[illegible] سے [illegible] تھے۔

(اناطولی [illegible] انگریزی سے) ○○

آئندہ شمارہ اگست ۶۶ء

چند لکھنے والے ●

کرشن موہن	ڈاکٹر [illegible]	مہندر ناتھ	سلام مچھلی شہری
یوسف ناظم	احمد جمال پاشا	اظہر افسر	مظفر حنفی
متین سروش	اکرام جاوید	ناز [illegible]	آغا وحید مرزا
[illegible]	ندا فاضلی	محسن زیدی	[illegible]

اور بہت سے دوسرے قلم کار

بقیہ صفحہ ۶۱ — اگر [illegible] صرف تین دن [illegible]
[illegible]
[illegible] اور اسی طرح [illegible]
[illegible]
[illegible] ہو۔
[illegible]
[illegible]
[illegible]
یعنی آپ کا [illegible] ثابت ہو گی۔

غزلیں

شاہد کبیر

ہم کہاں جُبّہ و دستار سے پہچانتے ہیں
آدمی کو کسی معیار سے پہچانتے ہیں
کیا عجب جو انھیں میرا ٹھکانہ نہ ملا
لوگ گھر کو در و دیوار سے پہچانتے ہیں
مرکزِ علم و تجارت ہو کہ گہوارۂ فن
شہر کو کوچہ و بازار سے پہچانتے ہیں
کسی کوچے میں ملے یا کسی میخانے میں
زندگی ہم تجھے کس پیار سے پہچانتے ہیں
مجھ کو شاہد وہی اک شوخ نہ پہچان سکا
لوگ جس کو مرے اشعار سے پہچانتے ہیں

نعیم صدیقی چنوری

مسیح سے نہ کسی چارہ گر سے ملتا ہے
سکونِ قلب تمہاری نظر سے ملتا ہے
حیات کیا ہے گھڑی دو گھڑی کا وقفہ ہے
سبق حیات کا رقصِ شرر سے ملتا ہے
خدا دراز نسیمِ سحر کی عمر کرے
پتا تمہارا نسیمِ سحر سے ملتا ہے
تمہاری بزم میں چرچے ہیں خیر کے لیکن
تمہاری بزم کا دستور شر سے ملتا ہے
نعیم واقعہ یہ ہے کہ امن دنیا کو
انھیں کے سایۂ دیوار و در سے ملتا ہے

قیس رامپوری

کبھی جفا ہے، کبھی پیکرِ وفا ہے کوئی
مری حیات بھی شاید تری ادا ہے کوئی
ترا ہر ایک ستم ابتدا سہی، لیکن
اِس ابتدا کی بھی اے دوست انتہا ہے کوئی
تری تلاش، تری جستجو میں یہ تو ہوا!
ہمیں ہمی کے فسانے سنا رہا ہے کوئی
نہ ہو سکے تو نہ ہو تم سے درد کا درماں
خوشی تو یہ ہے کہ ہاں درد آشنا ہے کوئی
تمہارے عشق میں دیر و حرم سے بچا کر
فرازِ دار سے آگے نکل گیا ہے کوئی
دیارِ وصل میں آکر پتہ چلا اے قیس
غریبِ شہر کو ہنس کر نہ دیکھتا ہے کوئی

مس ہیلن کیلر

اگر مجھے صرف تین دن کیلئے آنکھیں مل جائیں

مجھے اکثر خیال آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بڑی رحمت ہوتی اگر ہر انسان کسی بلوغت کو پہنچنے کے بعد صرف چند دن کیلئے اندھا اور بہرا ہو جایا کرتا۔ اگر ایسا ہوتا تو اندھیرے اور تاریکی کے بعد اسے روشنی کا صحیح ادراک ہو سکتا اور بہرے رہنے کے بعد اسے آوازوں کے ارتعاش اور زیر و بم کا صحیح لطف حاصل ہو سکتا۔

میں اکثر دیکھنے والوں کی قوتِ مشاہدہ کی جانچ کرتی رہتی ہوں۔ حال ہی میں میں نے اپنی ایک سہیلی سے پوچھا۔

"تم نے جنگل سے گزرتے وقت کیا کیا دیکھا؟"

اور میری سہیلی نے مسکرا کر کہا

"کوئی خاص چیز نہیں۔"

میں سوچتی ہوں بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک انسان ایک گھنٹہ تک کسی جنگل میں گھومے اور کوئی قابل ذکر چیز نہ دیکھے؟ — میں — جو کہ مکمل اندھی ہوں صرف چھونے سے ہی سینکڑوں دلچسپ چیزوں کا احساس کر سکتی ہوں۔ درختوں کی نازک نازک پتیاں اور ان کا حسن محسوس کر سکتی ہوں، کھلنے والی کلیوں کا جذبۂ نمو جب قدرت انگڑائی لے کر بیدار ہو رہی ہو۔

کبھی کبھی میں کسی ننھے سے پودے کی شاخوں سے لپٹے ہوئے پتوں کو مس کرتی ہوں اور میرے اندر زندگی کے پھلنے پھولنے اور آگے بڑھنے کا احساس پیدا ہوتا ہے۔

میں آپ کو کیسے بتاؤں کہ بعض اوقات ان چیزوں کو چھونے میں میں کیا محسوس کرتی ہوں۔ دیکھنے کا خیال ہی بڑی فرحت کا باعث ہوتا ہے۔ جو چیزیں صرف مس سے ایسی مسرت بخشتی ہیں اگر انہیں میں دیکھ سکوں تو ——— میں نے تصور کیا

تصور میں اکثر سوچا ہے کہ اگر مجھے صرف تین دن کیلئے آنکھیں مل جائیں تو میں وہ تین دن کیا کچھ دیکھنے میں گزاروں۔

میں ان تین دنوں کو تین حصوں میں تقسیم کروں۔ پہلا دن میں انسانوں کو دیکھنے میں گزاروں۔ وہ انسان جو میرے ارد گرد بستے ہیں اور جن کی محبت میں رہ کر زندگی کتنی پیاری اور کتنی حسین معلوم ہوتی ہے۔ میرے تصور میں یہ نہیں آ سکتا کہ صرف آنکھوں کے پیالوں میں جھانک کر کسی دوست کی روح میں جھانکا جائے تو کیا محسوس ہوتا ہے۔ تین دن اگر میں صرف تین دن کے لئے بینائی حاصل کر سکتی۔

میرا پہلا دن بہت مصروف دن ہوگا میں اپنے تمام دوستوں، عزیزوں اور رشتہ داروں کے چہروں کو غور سے دیکھتی۔ ان کے خدوخال میں جھانکنے کی کوشش کرتی اور ان کے چھپے ہوئے احساسات کو سمجھنے کی کوشش کرتی۔ میں کسی ننھے معصوم بچے کے چہرے پر نگاہیں مرکوز کر دیتی اور دیکھتی کہ معصومیت، تجسس اور زندگی کے اولین مراحل نے اسے کتنا حسین بنا دیا ہے۔ میں ان کتابوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر کتنی خوش ہوتی جن کا تذکرہ ابھی تک صرف دوسرے مجھے پڑھ کر سناتے رہے تھے اور جنہوں نے مجھے انسانیت کے گہرے درد سے آشنا کیا ہے۔

اس سہ پہر میں بڑے بڑے کھیتوں اور جنگلوں میں نکل جاتی اور جی بھر کر قدرت کے لامتناہی حسن کا نظارہ کرتی اور پھر غروبِ آفتاب کے پر عظمت منظر کا انتظار کرتی۔ شاید اس پہلی رات مجھے بے تابی کی وجہ سے نیند نہ آتی۔

دوسرے دن طلوعِ فجر کے ساتھ میں اٹھ جاتی اور اپنی

آنکھوں سے معذوری کی تلافی میں عظیم ہستیوں بھی مصنفات کی
ساری تصویروں کی کتابیں کے طالب کا مشاہدہ کرتی اور پھر جا کر
سڑک سے ہوتے ہوئے گھر لوٹ آتی ... دلکش منظر ...
... زمین کا ... میں زندگی کی ہر
... دیتی ہیں۔

دوسرا دن میں دنیا اور کائنات کے اسرار جاننے میں گزارتی
دنیا جو گذر چکی ہے اور دنیا جو موجود ہے۔ اس لئے میں سیدھی گھر
عجائب گھر جاتی۔ عجائب گھر میں مجھے صدیوں پرانے انسانوں کے
ڈھانچے، ان کے مکانات، ان کے کھانے پینے کے برتن دکھائی دیتے
اور میں انسان کی عظمت کا اندازہ لگاتی۔

میری دوسری منزل فنون لطیفہ کا عجائب گھر ہوتا جہاں تک
میں صرف ہاتھوں کے لمس سے تصویروں کا حسن اور مجسموں کا حسن
محسوس کر پاتی ہوں۔ اب مجھے کاش کہ انہیں دیکھنے کی مہلت ملتی۔
میں خواتین مصر کو دیکھتی اہرام کی عظمتوں کو محسوس کرتی۔
مصوری ایک ایسا فن ہے جو مجھے بہت پسند ہے۔ ... سے مجھے بہت
لگاؤ ہے ... نا بینا ہونے
کے ... میرے سامنے مصوروں کے شاہکار ہوتے اور
میں ... عجیب بالیدگی محسوس کرتی۔ اس
... کو سمجھنے کیلئے نگاہوں
کی تربیت اور تہذیب بہت ضروری ہے۔

دوسرے دن کی شام میں کسی تھیٹر یا فلم دیکھنے میں گزار دیتی۔
کتنا لطف آتا جب میں خود اپنی آنکھوں سے ... دیکھتی۔
ہاں موسیقی کو میں اب بھی کچھ زیادہ نہیں کھو پاتی ہوں۔ صرف
ہاتھوں سے چھو کر سازوں کے ارتعاش کے احساس میں مجھے
کچھ لطف آتا ہے۔ یا موسیقی کی لہریں جب زمین سے گزرتی ہیں
تو میں ایک عالم کی کیفیت محسوس کرتی ہوں۔

تیسرے دن بھی میں طلوع صبح کا استقبال کرتی اور ایک بار
پھر مجھے ... کا سا لطف حاصل ہوتا۔ اس تیسرے دن میں پھر
زندگی کے ہنگاموں ... بسر کرتی۔

... شہر کے ... کے ... آتے
جاتے ہوئے انسانوں کو قریب سے دیکھتی ... زندگی کی ... و
... مجھے ایک نیا سبق بخشتیں۔

موسم بہار ... سے ظاہر ہو ... مجھ میں خود اعتمادی پیدا کرتیں۔
اور مجھے فخر محسوس ہوتا۔ افسردہ چہروں کو دیکھ کر میرا دل تڑپ
اٹھتا۔ شاید عورتوں کے رنگ برنگ ریشمیں لباسوں کو دیکھ کر
میری نگاہیں کبھی نہ تھکتیں اور کون جانے خود میں بھی انتخاب کرنے
کے بعد کوئی رنگین اور شوخ رنگ کا لباس پہنتی۔ اس کے بعد میں
شہر کے مختلف حصوں میں جاتی۔ جہاں کہیں بنگلے ہیں کہیں
ہیں خوبصورت لان ہیں صاف ستھرے کھیلتے ہوئے بچے ہیں اور کہیں
گلیاں گندی پڑی ہیں۔ گندگی ہے افلاس ہے حسرت ... کی بیٹھکیں
میرے مشاہدے کو وسیع اور مجھے انسانی زندگی سے اور قریب کرتیں۔

اب میرے تیسرے دن کا اختتام قریب ہوتا۔ شاید میں جاگ
کر ... داخل ہو جاتی اور کوئی کامیڈی فلم دیکھتی اور سوچتی
کہ زندگی بھی ایک ایسی ہی فلم ہے۔

پھر نصف رات کو ایک لمبی اندھیرے کی رات مجھ پر مسلط ہو جاتی۔
اور میں ... سے اندھیروں کی گود میں آ گرتی۔ حقیقت یہ ہے کہ ان
چند دنوں میں وہ سب کچھ جو دیکھنا چاہتی تھی نہ دیکھ سکی اور اس کا
شدید احساس مجھے اس وقت ہوتا جب میرے چاروں طرف پھر اندھیرے
کی دنیا ہوتی۔

شاید یہ تین دن کا پروگرام جو میں نے اپنے لئے سوچا ہے
آپ کے لئے موزوں نہ ہو اگر آپ تین دن کیلئے اندھے ہو جائیں۔
بہرحال یہ مجھے یقین ہے کہ اگر آپ کو ایسا حادثہ پیش آ جائے یعنی آپ
صرف تین دن کیلئے اندھے رہنے کے بعد اپنی بینائی حاصل کریں
تو ہر ہر اس کائنات کی شے میں آپ کی دلچسپی کہیں زیادہ بڑھ جائیگی۔
آپ کی نگاہیں ایک ایک شے کو ... زندگی سے آپ کی محبت
بڑھ جائے گی اور آپ کے ذہنی افق پر ایک نئی صبح طلوع ہوگی۔

میں جو کہ اندھی ہوں آپ جیسے آنکھوں والوں سے یہ
کہنا چاہتی ہوں کہ خدارا اپنی آنکھوں سے کائنات کی ایک ایک چیز
کو دیکھئے۔ جیسے خدا نہ کرے کل ہی آپ اندھے ہونے والے ہوں۔
اور یہی بات دوسرے حواس خمسہ کے بارے میں بھی کہی جا سکتی ہے
پرندوں کی چہچہاہٹ، سازوں کی نغمگی، آواز کا ترنم، جھینگروں کا ترنم
... ہواؤں کی سنسناہٹ کو اس طرح غور سے سنئے جیسے
آپ کل ہی بہرے ہونے والے ہوں۔ ہر شے کو اس طرح والہانہ طور
پر چھو کر لمس لطیف حاصل کیجئے جیسے یہ لمس کی قوت کل ... ہے

(بقیہ صفحہ ۸۸ پر دیکھئے)

قطعہ
تحریر از عشرتؔ قدوسی کاظمی
۱۹۶۶ء

تاریخ ہائے الم انگیز

بروفات حسرت آیات مولانا نیاز
۱۹۶۶

نقادِ عظیم اردو
۱۳۸۶

آج بے شک رہنمائے معتبر جاتا رہا (۱۹۶۶)	یہ قلق ہے جانِ اربابِ ہنر جاتا رہا (۱۳۸۶)
آہ! یارو! کس قدر مغموم ہے اردو ادب (۱۹۶۶)	رو رہا ہے دل ادیبِ نامور جاتا رہا (۱۳۸۶)
آہ! سچے دل سے تھا جو آج شیدائے غزل (۱۹۶۶)	ہائے صادق گیسو آرائے ہنر جاتا رہا (۱۳۸۶)
دیکھئے تو رو رہا ہے خون کے آنسو نگار (۱۹۶۶)	باکمالِ فن مدیرِ نامور جاتا رہا (۱۳۸۶)
ہے کہاں نقادِ فن؟ ہائے وہ بنائے سخن (۱۹۶۶)	ہے الم! اردو کا وہ بھی چارہ گر جاتا رہا (۱۳۸۶)
آہ! تھا ادیب جو عقدہ کشائے مشکلات (۱۹۶۶)	رو رہے ہیں آج ہم! وہ دیدہ ور جاتا رہا (۱۳۸۶)
وا دریغا! کون ہے جو آج ہے گوہر شناس (۱۹۶۶)	صد الم! اب ماہرِ لعل و گہر جاتا رہا (۱۳۸۶)
یہ بھی سچ ہے ایسا اِک تھا نہیں منزل شناس (۱۹۶۶)	حیف و حسرت! آج حق بیں راہبر جاتا رہا (۱۳۸۶)
اہلِ باطن مردِ میداں جو کہ تھا یاروں کا یار (۱۳۸۶)	کیا بتائیں ہائے اب وہ نکتہ گر جاتا رہا (۱۹۶۶)
آہ! وہ کہ دور میں دلدادۂ تحقیق تھا (۱۳۹۶)	آہ! صادق آہ! مخلص حق نگر جاتا رہا (۱۹۶۶)
جس کی ہستی پر تھے نازاں آج ہم اہلِ ادب (۱۳۸۶)	آہ! وہ بھی اہلِ دل صاحب نظر جاتا رہا (۱۹۶۶)
آہ! بے شک نازشِ فن بھی وہی اک تھا عزیز (۱۳۸۶)	حیف! صد افسوس! ہمدرد معتبر جاتا رہا (۱۹۶۶)

ہائے ہائے ہوش جاتے ہیں قسمت کو عشرتؔ (۱۳۸۶)
آج صد افسوس مردِ باخبر جاتا رہا (۱۹۶۶ء)

مکتوبات

ل۔ احمد —— ۲۷، کوٹو لین اسٹریٹ کلکتہ ۱

شاعر کا پرچہ موصول ہوا۔
نیاز صاحب پر پہلا مضمون پڑھا اور محظوظ ہوا۔ آپ نے نیاز فتح پوری کے متعلق بہت کچھ کہہ دیا۔ نیاز صاحب کی شخصیت پر ایک جامع تبصرہ کر دیا —— مرحبا!
خدا کرے شاعر کی صحت ترقی پذیر ہو۔

علی عباس عابدی ایم۔ اے —— کیمبرج کالج۔ بھوپال (ایم پی)

پروفیسر [illegible] کا شاعر ملا۔ شمارہ کافی پسند آیا۔ اداریہ [illegible] ایک الگ اہمیت یا دوسرے لفظوں میں انفرادیت رکھتا ہے۔ نیاز مرحوم کے متعلق آپ کے [illegible] مضمون نے بہت سا [illegible] کا استعمال [illegible] کے انتقال کے بعد ہندوستان [illegible] میں شائع ہوئے۔ لیکن [illegible] شخصیت کے کسی خاص پہلو کو مد نظر رکھ کر لکھے گئے تھے۔ لیکن آپ نے تو [illegible] آپ کے لطیف اشارے [illegible] کے ان اشاروں نے [illegible] کی شخصیت کا بھرپور عکس اس مضمون میں ملتا ہے۔
[illegible] کے علاوہ [illegible] کی غزلیں بھی پسند آئیں۔ [illegible] ایک [illegible] کی کہانی [illegible]
[illegible] اچھا ہے۔ [illegible]
[illegible] کہ آپ ہر شمارے میں شاعر [illegible] سے درخواست کر [illegible]۔ لیکن کم [illegible] ذکر [illegible] صاحب [illegible] سے زیادہ مشہور ہیں۔ شاعر [illegible] اپنے معیار کے مطابق [illegible] کے شاعر [illegible] ہوں۔ [illegible] کرتا ہوں [illegible] کہ [illegible] کے لئے [illegible] کرتے ہیں۔ [illegible] شاعر [illegible]
[illegible] ہے۔ اس لئے [illegible] آپ [illegible]
[illegible] نہیں۔

رفعت نواز —— گلی نمبر ۳۔ اورنگ آباد (مہاراشٹر)

"شاعر" [illegible] کے فنی نظریات' پر ڈاکٹر اکرم [illegible] کا مضمون لکھا ہے۔ [illegible]
[illegible] ثابت ہو سکتا ہے۔ [illegible] ایک اچھا مضمون ہے۔ [illegible]
[illegible] ہے۔ [illegible] مکمل مضمون [illegible] مطمئن ہو گئے۔ اس مضمون
[illegible] (شبابؔ)

شاعر ممبئی

جوش و بہشت منظر کا مرثیہ)۔ اس کے علاوہ ان تاثرات میں ادب کی [illegible] شخصیتوں کی یاد کو اس طرح [illegible] ہے کہ ایک مستند متن کی صورت ہے۔

شکیب جلالی کی غزل اور آغا بابر کے افسانے بھی پسند آئے۔ یوسف ناظم کا طنزیہ دلچسپ ہے۔

ہر بار وہ اقبال مجید پوری شمارے کے افسانوں پر اپنا [illegible] کا اظہار کیا ہے۔ میں ان کا مشکور ہوں۔ مگر وہ مضمون [illegible] صاحب کا تھا
مضمون مقصد جیسا کہ اقبال صاحب نے اپنے خط میں لکھا ہے) براہ کرم آئندہ شمارے میں اس کی تصحیح کر دیجئے۔

نثار پرویز۔ لیکچرر ——— ایچ ایل او۔ ایم۔ بی بنیڈر۔ جیما کمی مادگر۔ کیمپس دولت نگر گلبرگہ

جون کے شمارے میں آپ کا اداریہ بہت غور طلب ہے۔ [illegible] کے بارے میں آپ کا اندازہ نہایت معقول و منصفانہ ہے۔ اس ادارے کو کیا نام دیا جائے۔ عظیم ادیب، نقاد اور افسانہ نگار حضرت نیاز فتح پوری کے انتقال سے اردو ادب کو کتنا صدمہ پہنچا ہے۔ آپ نے اپنے [illegible] بہت پُر اثر انداز میں تحریر کیا ہے۔ پڑھنے کے بعد ایک عجیب تاثر دل و دماغ پر یک چھایا رہا۔ ایسی کتنی ہی خوبیوں کا حامل شخصیت بہت ہی نایاب ہوتا ہے۔ ہم بہت سے نظریاتی اختلافات کے باوجود ان کی ہستیوں کو فراموش نہیں کر سکتے۔ بہرحال مولانا نیاز اب ہم میں نہیں رہے۔ انھوں نے اردو ادب کی نشوونما میں جو نمایاں حصہ لیا ہمیشہ یاد گار رہے گا۔ اب جیسا کہ خود انھوں نے آپ سے دورانِ ملاقات میں اعتراف کیا تھا کہ "آپ ہندوستان میں بہت ہی [illegible] سے اردو کیلئے کام کر رہے ہیں" اس سے میں بہت متاثر ہوا ہوں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ آپ ہندوستان میں جس لگن سے اردو کی خدمت کرتے آ رہے ہیں وہ سب کے بس کی بات نہیں۔

مولانا نیاز کا آخری شعر جس پر آپ کی آنکھیں بھی نم ہو گئیں

"وداع و وصل جداگانہ لذتے دارد ہزار بار برو صد ہزار بار بیا"

انتہائی دردناک ہے۔ وداع و وصل کی اس الگ منزل سے گزرنے والا ہی محسوس کر سکتا کہ ان چند الفاظ میں کتنا درد اور کتنی حسرت چھپی ہوئی ہیں۔ بہرحال مقالوں میں ڈاکٹر اسلم فرخی اور محمود واجد کا مقالہ قابلِ تعریف ہے۔ یوسف ناظم نے "عاشقی صبر طلب ..." کو کافی دلچسپ انداز میں پیش کیا ہے۔ ضیا احسن کا انٹرویو بھی پسند آیا۔ میری ناچیز رائے میں اگر آپ کبھی کبھی ایسے انٹرویو شائع کرتے رہیں تو ہمیں اہل شخصیتوں کے بارے میں مختلف نظریاتی معلومات حاصل ہو سکتی ہے۔ شکیب نے اپنے افسانے "ایک شام" میں آج کی مجبور طبقوں اور ان کی [illegible] کو بہت کامیابی سے پیش کیا ہے۔ مرزا کی کہانی "سنگیتا" نے بھی [illegible] کے اعتبار سے ایک نہایت مؤثر کہانی ہے جو دل کو بہت کچھ کہتی ہے۔

حصۂ غزل میں آپ کی غزل نیز حلیم، حزیں، منظور، مظہر اور تبسم، نشتر نیاز، شاہد صدیقی اور اقبال مجید پوری کی غزلیں بہت پسند آئیں۔ ہر غزل میں چند اشعار تو بہت اچھے ہیں۔ نظموں میں اسد اکبر آبادی کی نظم "مزم" نزدیک ایک عجیب سی محسوس ہوتی ہے۔ ظہیر صدیقی کی نظم "شے بہ سلسلہ ماں سال" بھی قابلِ تعریف ہے۔ [illegible] اور مبارک ہو آپ کو ان کی نظمیں بتاتی ہیں کہ [illegible] قسم کی شگفتگی ہوتی ہے۔ حنیف کیفی کا سانیٹ ایک خوبصورت اور پُرشکوہ تخلیق ہے۔ مجموعی طور سے آپ کا یہ شمارہ مختلف رنگوں کی ایک حسین و جمیل امتزاج [illegible]

انجمن آرا انجم ——— امیر نشان۔ علیگڑھ

شعر کا تازہ شمارہ نظر نواز ہوا۔ آپ نے نیری کہانی شائع کر کے جو شکرگزار ہونے کا موقع دیا ہے۔ شاعر کا حصۂ نظم و غزل خوب ہے۔ [illegible] کی غزل کا یہ شعر کافی پسند آیا۔

رکھ دی ہیں کس نے پہنا کر [illegible]   ملتے ہی پھول بن گئے ہیں

مگر اس شعر کے متعلق کیا خیال ہے

وہ مٹی چپکے ہوں کہ جن بینے سے   کہ شوق وصل بن گئے ہیں
میں خیال میں پہلا مصرعہ شاید غلط شائع ہوا ہے۔ اس غزل کی بحر ہے: مفعول مفاعلن فعولن۔ یا مفعولن فاعلن فعولن۔ مگر موجودہ صورت میں مصرعے کسی بحر میں نہیں آتا۔

انوار انصاری ایم اے — کاشانۂ ادب بک سیلرز بہاری باغ روڈ مرزاپور (بہار)

جو کوئی شاعر اپنا انداز بیان اس طرح کہ دل کو ایک گونہ تسکین ہوئی کہ آپ نے نئے زمانے کے ساتھ چلنے کی ٹھان لی۔ مجھے سخت تعجب ہوا کہ ایک شاعر کی محبت جو ابھی کر چکا ہے جو ہو سکتا۔ ان پڑھنے پڑھانے والوں کی گرانی میں جب جیسا مشکل ہوتا ہے شاعر کے لئے نہ رہا ایک نظریہ مسکن تھا جس کے کوالی سے وہ نصف صدی تک منسلک رہا۔ شاعر کی محبت میں اعتماد اور مجبوری تھا۔ وہ خود داری قائم کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا رہا۔
ویسے تو آپ کے ہر لفظ سے میں تو یہی بات کی طرف اشارہ ہوتا ہے مگر اس بار آپ نے ہندی اور انگریزی میں اردو کا کیس پیش کرنے کے لئے ایک اچھا مشورہ دیا ہے۔ مولانا نیاز فتحپوری کی موت سے ادب میں ایک خلاء پیدا ہو گیا ہے۔ نیاز صاحب کے متعلق بہت سی باتیں معلوم ہوئیں مگر آپ نے بھی مقالے اشارے میں بہت کچھ لکھا ہے۔
ڈاکٹر اکرم مرزا اور یعقوب راہی کے مقالے پسند آئے۔ بلکہ یہ مقالے بہت اچھا معلوم ہوا۔ علیم اختر اور آپ کی غزلیں لاجواب ہیں۔ یہ سب چھپنے اور لکھوائے۔

اظہر افسر ———— آل انڈیا ریڈیو حیدرآباد (آندھرا پردیش)

